ب- تحریری - (۱) امتحان شروع ہونے سے پہلے نتیجہ نکلنے کی تاریخ مقرر ہو چکی تھی (۲) فوج میں بھرتی ہونے سے پہلے کلایو ایسٹ انڈیا کمپنی میں ایک محرر رہ چکا تھا (۳) میں نے اپنے والد صاحب کو پہلے ہی لکھ دیا

تھا۔ کہ شاید میں بارات میں شامل نہ ہو سکوں (۴) رنجیت سنگھ کے بالغ ہونے سے پہلے اس کا والد فوت ہو چکا تھا (۵) چور بھاگ گئے تھے پیشتر اس کے کہ پولیس وہاں پہنچی (۶) سورج کے غروب ہونے سے پہلے اس کا کام تمام کر دیا گیا تھا (۷) آگ بجھانے کا انجن پہنچنے سے پہلے مکان جل کر خاک ہو چکا تھا (۸) جب برسات شروع ہوئی تمام مرمت ختم ہو چکی تھی (۹) سکول میں داخل ہونے سے پہلے تم کتنی کتابیں پڑھ چکے تھے؟ (۱۰) میرے سٹیشن پر پہنچنے سے پہلے گاڑی چلی گئی تھی (۱۱) پیشتر اس کے کہ لیکچر شروع ہوا لوگ ہزاروں کی تعداد میں ہال میں جمع ہو گئے تھے (۱۲) کمک کے پہنچنے سے پہلے فوج کو شکست ہو چکی تھی (۱۳) فلورنس نے اپنے مرنے سے پہلے تمام ہسپتالوں کی حالت میں بہت اصلاح کر دی تھی۔ (۱۴) اس آسامی کا چارج لینے سے پہلے وہ کئی جگہ کام کر چکا تھا (۱۵) انقلاب فرانس شروع ہونے سے پہلے فرانس کے عوام کافی نقصانات اٹھا چکے تھے (۱۶) جب سیوا جی نے وفات پائی مرہٹہ طاقت بہت عروج حاصل کر چکی تھی (۱۷) جناب ہیڈ ماسٹر صاحب کے میدان میں پہنچنے سے پہلے میچ ختم ہو گیا تھا (۱۸) رہا ہونے سے پہلے مجرم دو ماہ حوالات میں رہ چکا تھا (۱۹) یہ خبر آپ کے بتلانے سے پہلے ہی اخبارات میں شائع ہو چکی تھی (۲۰) ابھی ہم دور نہ گئے تھے۔ کہ ہمیں چند مسافر ملے +

Vocabulary.

1. By heart. 3. Patient. 4. Crops, sow. 5. Proceedings, meeting. 6. Meals. 7. Meeting, assemble. 9. Each other. 10. Receive. 11. Leave. 12. Hand over. 13. Nests. 14. Dismiss.

B. 1. Announcement, fix. 2. Join, army, clerk. 3. Marriage party, join. 4. Come of age. 5. Make good one's escape. 6. Murder. 7. Fire engine, to be

reduced to ashes. 8. Set in, repairs. 9. Join 10. Leave. 11. Thousands, assemble. 12 Reinforcement, defeat. 13. Florence, condition. reform 14. Post. take over. 15. Revolution, masses, suffer 16. To reach zenith. 18. Release, lock-up 19. Publish. 20 Travellers.

Chapter XI

PAST PERFECT CONTINUOUS TENSE.

(زمانہ ماضی تمام و نا تمام)

An action mentioned *to have been completed* and *also to be going on up to the time when some other action took place* in the Past time, is said to be in the Past Perfect Continuous Tense ; as

مسٹر برج موھن امریکہ جانے سے پہلے بنارسی داس سکول میں پڑھتا رھا تھا	Mr. Brij Mohan *had been reading* in the B. D. High School before he left for America.

Note. Like the Past Perfect Tense, *Past Perfect Continuous Tense is used only when two actions take place in the Past Tense.* One which had been continued before the other action commenced is translated by the Past Perfect Continuous Tense, while the other by the Past Indefinite Tense ; as,

اُس کے میرے پاس آنے سے پہلے میں اپنا سبق یاد کرتا رھا تھا	I *had been learning* my lesson before he *came* to me.

Formation : Put '*had been*' before the Present Participle of the Principal Verb. This tense has no Passive Voice.

EXERCISE 12.

(۱) حضور جارج پنجم بادشاہ بننے سے پہلے ایک بحری افسر کے فرائض سرانجام
دیتے رہے تھے (۲) مریض کے مرنے سے پہلے ایک قابل ڈاکٹر دو ماہ سے
اس کا علاج کرتا رہا تھا (۳) ٹریننگ کالج میں داخل ہونے سے پہلے میں تین
سال تک پڑھاتا رہا تھا (۴) برخاست کئے جانے سے پہلے وہ کئی سال سے
اپنا کام نہایت غفلت سے کرتا رہا تھا (۵) بارش کے شروع ہونے سے تین
دن پہلے بڑے زور کی آندھی چلتی رہی تھی (۶) جب ہم وہاں پہنچے۔ وہ
کئی گھنٹہ سے ہماری انتظار کرتے رہے تھے (۷) تمہارے آنے سے پہلے بچہ
بہت روتا رہا تھا (۸) کانفرنس کے منعقد ہونے سے ایک ماہ پہلے انتظامات
ہوتے رہے تھے (۹) صحت یاب ہونے سے پہلے میں یہ دوائی دو ماہ سے
کھاتا رہا تھا (۱۰) پکڑا جانے سے پہلے یہ شخص ایک سال سے دوسروں کی
چیزیں چراتا رہا تھا (۱۱) گاڑی کے آنے سے ایک گھنٹہ پہلے بابو ٹکٹ بانٹتا
رہا تھا (۱۲) کشتی آدھ گھنٹہ سے ہوتی رہی تھی جب کہ گاما نے اپنے حریف
پیٹرسن کو بچھاڑ دیا (۱۳) مجید تیس سال سے بڑی جانفشانی سے کام کرتا رہا
تھا۔ جب کہ اُس کو پنشن دی گئی (۱۴) کیشیو چار سال سے ہندوستان میں
قانون کا مطالعہ کر رہا تھا۔ پیشتر اس کے کہ وہ انگلستان کو روانہ ہوا۔ (۱۵)
لیکچرار ایک گھنٹہ سے بولتا رہا تھا جب کہ بارش شروع ہوئی (۱۶) میرا چھوٹا
بھائی دو سال سے پرائیویٹ پڑھتا رہا تھا۔ جب کہ اس کو سکول میں داخل
کر دیا گیا۔ (۱۷) ڈاکٹر صاحب کے آنے سے پہلے مریض درد سے چلاتا رہا تھا۔
(۱۸) آپ کے اطلاع دینے سے پہلے ہی میں اس آسامی کے لئے کوشش کرتا
رہا تھا (۱۹) شرح اموات بڑھتی رہی تھی پیشتر اس کے کہ صحت پر یہ لیکچر شروع
ہوئے (۲۰) اس دفتر میں ملازم ہونے سے پہلے وہ کئی سال سے بیکار پھرتا
رہا تھا۔

Vocabulary.

1. His Majesty, naval, duties, perform. 2. Able, treat. 3 Join. 4. Dismiss. negligently. 8. Conference, hold, preparations. 9. Recover, take, medicine. 10. Detect. 11 Booking clerk, issue. 12. Wrestling match, floor, rival, Patterson. 13. Diligently, to pension off. 14 Study, law. 16 Admit. 17. Cry, pain. 18 Inform, post. 19. Death rate, increase. 20. Unemployed.

EXERCISE 13.

(Miscellaneous Exercise on the four forms of the Past Tense).

(۱) بابر کے سپاہی راجپوتوں کی زبردست فوج کو مقابلہ پر دیکھ کر مایوس
ہو گئے۔ بابر نے جو کہ بڑا موقعہ شناس تھا ایک پُرجوش تقریر کی۔ اور انہیں
لڑائی کے لئے آمادہ کر دیا (۲) کل ایک گھر میں اچانک آگ لگ گئی۔ اور
تمام مکان جل کر خاک ہو گیا (۳) تین نوجوان ایک جنگل میں سفر کر رہے تھے
انہیں اچانک ایک خزانہ ملا۔ تھے سب کے سب لالچی۔ کوئی بھی کچھ حاصل نہ کر
سکا۔ (۴) لڑکا زار زار رو رہا تھا۔ سبب پوچھنے پر معلوم ہوا کہ اس کی ماں مرگئی ہے
(۵) پیشتر اس کے کہ تمہارے بھائی کو موقوف کیا گیا۔ اس کے افسروں نے اس کو
فرائض کی غفلت کی بابت کئی بار تنبیہہ کر دی تھی (۶) کمپنی کو آئے دن کے خرچ سے
بچانے کے لئے لارڈ کارنوالس نے بنگال کے بندوبست اراضی کو مستقل کر دیا (۷) ملزم
حضور وائسرائے کی خدمت میں ایک رحم کی درخواست روانہ کر رہا تھا (۸) فیل
ہو جانے کے بعد بھی اس نے ہمت نہ ہاری۔ اور مستقل مزاجی سے اپنا کام کرتا رہا۔
اور آخر کار کامیاب ہو گیا (۹) پیشتر اس کے کہ وہ اس جہان سے رخصت ہوا
وہ اپنی محنت اور قابلیت کی وجہ سے ایک اعلا عہدہ پر پہنچ گیا تھا (۱۰) ہری
کے امتحان میں نقل کرنے پر اس کو اس کے ساتھیوں کی موجودگی میں سزا

دی گئی (۱۱) پولیس کے حادثہ کی جگہ پہنچنے سے پہلے ڈاکو بھاگ گئے تھے۔
(۱۲) جب میں وہاں پہنچا لڑکا تین گھنٹہ سے اپنا سبق یاد کرتا رہا تھا (۱۳)
میرے امتحان کے کمرے میں پہنچنے سے پہلے پرچے تقسیم ہو چکے تھے۔
لیکن مجھے داخل کر ہی لیا گیا (۱۴) پہلے پہل اس کو ایک محرر کی جگہ ملی لیکن
وہ جلدی ہی ترقی کر کے ایک افسر بن گیا۔ (۱۵) ایک شہر میں ایک غریب
لکڑہارا رہتا تھا۔ وہ جنگل میں جایا کرتا تھا۔ اور اپنے گدھے پر لکڑیوں کا گٹھا
لاتا تھا۔ اس طرح وہ لکڑیاں بیچ کر اپنا گذارہ کرتا تھا۔

(ب) بابا نانک پنجاب کے ایک چھوٹے سے گاؤں تلونڈی میں پیدا ہوئے
ان کے والد صاحب کا نام کالو تھا۔ وہ ایک معمولی سی دوکان کرتے تھے
اور اس کے علاوہ گاؤں کا حساب کتاب بھی رکھتے تھے۔ جب نانک بڑے
ہوئے۔ ان کے والد صاحب نے ان کو بیوپار میں لگانا چاہا۔ اس واسطے
انہیں حساب کتاب اور فارسی پڑھائی۔ لیکن نانک کو بچپن سے ہی
دنیاوی کاروبار سے رغبت نہ تھی۔ جو بھی روپیہ پیسہ ان کے ہاتھ آتا تھا۔
خیرات میں صرف کر دیتے تھے۔ جوں جوں وہ بڑے ہوتے گئے۔ ان کی
دلچسپی نیک کاموں کی طرف بڑھتی گئی۔ آخرکار انہوں نے دنیا سے کنارہ
کشی کر کے فقیری اختیار کر لی۔ اور لوگوں کو وحدانیت۔ صداقت اور فراخدلی
کا پرچار کرنے لگے۔

Vocabulary.

1. Huge army, despair, against, tactful, stirring speech, prepared. 2. Catch fire, all of a sudden, to be reduced to ashes. 3. Treasure, greedy 4 Bitterly. 5. Warn, negligence. 6. Recurring expenditure, land settlement, permanent. 7. His Excellency, the Viceroy, appeal for mercy. 8. Lose heart, persevered, in the end. 9. Die, office. 10. Copy, in the presence of

11. Accident, to make good one's escape. 13. Examination Hall, distribute. 14. Before long, rise. 15. Wood-cutter, bundle, to earn one's living.

B. To run a shop, besides, to keep accounts, grow up, to put in business, accounts. Persian, worldly things, attraction, to give away, charity, to take interest, good deeds, renounce, fakir, oneness of God, truthfulness, broad mindedness, preach.

Chapter XI.

FUTURE INDEFINITE TENSE.

(زمانہ مستقبل مطلق)

An action *simply mentioned to take place in the future* is said to be in the Future Indefinite Tense ; as,

میں سکول جاؤنگا	I shall go to school.
لڑکے فٹ بال کھیلنے جائینگے	Boys *will go* to play football.

Formation : In the Active Voice this tense is formed by adding '*shall*' or "*will*' before *the first form* of the *Principal Verb* ; as,

جانا (to go) سے '*will go*', or '*shall go*'.

The Passive Voice is formed by putting '*will be*' or '*shall be*' before the *Past Participle* of the Principal Verb ; as,

میں پیار کیا جاؤنگا	I *shall be loved.*
وہ پیار کیا جائیگا	He *will be loved.*

Note 1 As regards the use of '*shall*' and '*will*' refer to rules given under 'Use of Shall and Will', (Page 68.)

Note 2. (*a*) Future Indefinite Tense may sometimes be substituted by either Present Indefinite Tense or by Present Continuous Tense without change of sense ; as,

میں کل گھر جاؤنگا -	I *shall go* home tomorrow. or I *am going* home tomorrow. or I *go* home tomorrow.
وہ دس ماہ حال کو انگلستان جائیگا -	He *will sail* (or sails) for England on the 10th instant.

(*b* It may sometimes be used for Present Indefinite Tense or Imperative Mood ; as,

میں ابھی بتاتا ہوں کہ میں کہاں گیا تھا	I shall just tell you where I went.
مہربانی کرکے میرا خط لکھ دیجئے	Write a letter for me, please *or* You will, please, write a letter for me.

EXERCISE 14.

ا - زبانی - (۱) وہ اپنے بھائی کو چھوڑنے کے لئے جائے گا (۲) رام کشن شادی میں شامل نہیں ہوگا (۳) تمہارے والد صاحب تمہیں دہلی جانے کی اجازت نہیں دیں گے (۴) میں اپنا کوٹ اُتار دُونگا (۵) ہری امسال اپنے بھائی کو انگلستان بھیجے گا (۶) سکول کا معائنہ کس تاریخ کو ہوگا ؟ (۷) آج شام کو منڈی میں ایک پبلک جلسہ ہوگا (۸) اس جلسہ کے صدر کون ہونگے ؟ (۹) سکول چار یوم کے لئے بوجہ دُسہرہ بند رہیگا (۱۰) میں اس کام کو ایک گھنٹہ میں ختم کر دُونگا (۱۱) تمہاری عرضی پر غور نہیں کیا جائے گا۔ (۱۲) میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں اس روپیہ کو احتیاط سے صرف کرونگا (۱۳)

صبر کرو۔ وقت آنے پر سب کچھ تمہیں معلوم ہو جائیگا (۱۴) میں تمہارے لئے بائیسکل نہیں خریدونگا (۱۵) تمام چور جلدی ہی گرفتار کر لئے جائیں گے (۱۶) سورج کی گرمی سے برف پگھل جائے گی (۱۷) کیا ملزم کو پھانسی دے دی جائیگی؟ (۱۸) کیا تمہیں گاڑی مل جائے گی؟ (۱۹) جب تمہیں روپیہ کی ضرورت پڑیگی۔ تو میں تمہیں بذریعہ منی آرڈر بھیج دوں گا (۲۰) بچہ کو اس کے والدین کے پاس بھیج دیا جائے گا (۲۱) کیا آپ براہِ مہربانی دو دن کے لئے مجھے اپنی کتاب دینگے؟ (۲۲) اس بچہ کی کون دیکھ بھال کرے گا؟ (۲۳) اگر تم جھوٹ بولو گے۔ تو تمہارے ساتھ سختی کا برتاؤ کیا جائے گا (۲۴) تمہیں تمہاری قسمت پر چھوڑ دیا جائیگا (۲۵) جہاز وکٹوریا اگلے سوموار کو بمبئی سے روانہ ہوگا۔

(ب) **تحریری**۔ (۱) ابھی گاڑی آئے گی اور تمام پلیٹ فارم پر شور مچ جائیگا (۲) میں تمہیں گھر کے آدمیوں کی راضی خوشی کی خبر وقتاً فوقتاً دے دیا کروں گا۔ (۳) اگر مجھے اس آسامی پر مقرر کر دیا گیا۔ تو میں افسران بالا کو خوش کرنے کی از حد کوشش کرونگا (۴) اس کا نوکر اس کے لئے کس وقت کھانا تیار کرے گا؟ (۵) کیا وہ آپ کے حکم کی تعمیل نہیں کرے گا؟ نہیں ضرور کرے گا (۶) ہمارے سکول کی فٹ بال ٹیم گورنمنٹ ہائی سکول کی ٹیم سے پرسوں شام کے چھ بجے میچ کھیلے گی (۷) کیا اُس کی فیس غریبی کی بنا پر معاف کر دی جائے گی؟ (۸) نئے ٹیکسوں کے برخلاف اظہار ناراضگی کرنے کے لئے باشندگان انبالہ چھاؤنی کا ایک غیر معمولی جلسہ ہوگا (۹) یہ ہونہار لڑکا ضرور اپنے خاندان کا نام روشن کرے گا (۱۰) بچہ کے بالغ ہونے پر اس کے والد کی تمام جائداد اس کو سونپ دی جائیگی۔ (۱۱) میں کل صبح سات بجے حاضر ہونگا (۱۲) رابندر ناتھ ٹیگور کلکتہ میل سے چل کر یہاں پہنچیں گے اور شہر کے تمام بڑے بڑے آدمی ان کے استقبال کے لئے جائیں گے (۱۴) میں صرف چند منٹ ہی بولوں گا۔ اور زیادہ دیر تک آپ کی سمع خراشی نہ کرونگا (۱۵) میں تمہیں تنخواہ کے علاوہ پانچ روپیہ ماہوار اور دونگا۔

(۱۶) اب اس کو ہرگز امریکہ میں قدم نہ رکھنے دیا جائے گا۔ (۱۷) اس
مقدمہ کی سماعت دوبارہ پندرہ ماہ حال کو ہوگی (۱۸) اگلے ماہ یہاں پر
ایک مویشیوں کی نمائش ہوگی۔ (۱۹) اگر کوئی نقصان ہوگیا۔ تو میں تمہیں
ذمہ وار ٹھہراؤں گا۔ (۲۰) کمیٹی کے تمام ممبر اس تجویز کے حق میں رائے
دیں گے ٭

Vocabulary.

A. 1. See off. 2. Join. 3. Allow. 4. Put off. 6. Annual Inspection. 7. Meeting. 8. President. 9. On account of. 11. Consider. 13. In due course. 15. Arrest. 16. Melt. 17. Hang, criminal. 18. Catch. 19. Require, remit, Money Order. 21. Lend. 22. Look after. 23. Deal with. 24. To leave to one's fate. 25. Set sail.

B. 1. Bustle. 2. Members of the family, now and then, welfare. 3 Appoint, post, try one's best. 4. Cook, meals. 5. Carry out. 7. On the score of, poverty, exempt. 8. Protest, extraordinary. 9. Promising boy, to bring a fair name. 10 To make over, property. 13 Gentry, receive. 14. To tax one's patience. 15. In addition to, pay. 16. To set foot on soil. 17. Hearing, case, to come off. 18. Exhibition. 19. To lose, hold one responsible. 20. Vote, proposal.

Chapter XII.

FUTURE IMPERFECT (CONTINUOUS) TENSE (زمانہ مستقبل نا تمام)

Future Imperfect (or Continuous) tense shows

an action *going on in the future* ; as,

دھوبی یہاں ہر روز آتا رہیگا	The washerman *will be coming* here daily.
میں یہاں شام تک کام کرتا رہونگا -	I *shall be working* here till evening.

Formation : This tense is formed by putting '*will be*' or '*shall be*' before the *Present Participle* of the Principal Verb ; as,

لڑکے شام تک یہاں کھیلتے رہینگے -	Boys *will be playing* here till evening.

Note. Future Imperfect Tense has no Passive Voice.

EXERCISE 15.

ا- زبانی - (۱) میں کل سفر کر رہا ہوں گا (۲) یہ پنکھا یہیں لٹکا رہے گا - (۳) میں ہمیشہ اپنا فرض پورا کرتا رہوں گا (۴) آج شام کو تم کیا کر رہے ہونگے ؟ (۵) لڑکے تمہاری غیر حاضری میں شور مچاتے رہیں گے (۶) کیا تم لڑکوں کی کاپیاں نہیں دیکھ رہے ہونگے ؟ (۷) اس وقت ہیڈ ماسٹر صاحب سبق نہیں پڑھا رہے ہونگے (۸) یہ لڑکا آپ کے حکم کی تعمیل کرتا رہے گا - (۹) کیا آپ مجھے روپیہ ماہواری بھیجتے رہیں گے ؟ (۱۰) وہ اپنے قصور کے لئے افسوس نہیں کر رہا ہوگا (۱۱) میں تمہاری خبر گیری کرتا رہوں گا (۱۲) کیا آپ ہر روز میرے پاس آتے رہیں گے ؟ (۱۳) آپ کے بھائی صاحب کب تک یہاں ٹھیرے رہیں گے ؟ (۱۴) کل سویرے ہم لاہور جانے کے لئے اسباب باندھ رہے ہونگے (۱۵) آج کل لاہور کے کالج موسم گرما کی تعطیلات کے لئے بند ہو رہے ہونگے +

(ب) تحریری ۔ (۱) شیام سُندر اس ڈرامہ میں ہیرو کا پارٹ کر رہا ہوگا (۲)
ان دنوں ملک کے لیڈر ایک کانفرنس منعقد کر رہے ہونگے (۳) جب تم آؤ گے
میں کھانا کھا رہا ہوں گا (۴) آپ کے واپس آنے تک میں آپ کا یہیں انتظار
کرتا رہوں گا (۵) اس وقت ریل گاڑی تقریباً بیس میل فی گھنٹہ کی رفتار
سے جا رہی ہوگی (۶) دس ماہ حال کو ہندوستان کے وائسرائے انگلستان
واپس جانے کے لئے جہاز میں سوار ہو رہے ہونگے (۷) تمہارا خط آنے
تک میں اس معاملہ کو راز میں ہی رکھتا رہوں گا (۸) ایسا کرنے سے تم خود
اپنے پاؤں پر کلہاڑی مار رہے ہونگے (۹) پولیس مجرموں کا پتہ لگانے کے
لئے سر توڑ کوشش کر رہی ہوگی (۱۰) لڑکے مقابلہ میں ایک دوسرے سے بڑھ
جانے کے لئے ان دنوں خوب کوشش کر رہے ہونگے (۱۱) مکڑی جالا تن
رہی ہوگی (۱۲) لڑکے اس گیت کو مل کر گا رہے ہونگے (۱۳) سپاہ اخیر
دم تک لڑتی رہے گی (۱۴) اگر آپ میری مدد کرینگے ۔ تو میں آپ کی عمر درازی
کے لئے دُعا کرتا رہوں گا ۔ (۱۵) وہ اپنے قصور کے لئے معافی مانگ رہا ہوگا +

Vocabulary.

A. 1. Travel. 2. Hang. 3. Perform. 5 Make a noise. 6. Examine. 8. Carry out, orders. 10. Rәpent, fault. 11. Look after. 13. Stay. 14. Pack up. 15. Summer Vacation, close.

B. 1. Play, hero, 2. Hold, conference. 5. At a speed of. 6. Instant, embark. 7. Keep a secret. 8. To cut ground from under one's feet, or to dig one's own grave. 9. To trace, culprits 10. Excel, competition. 14. Pray, long life. 15. Apologise, fault.

Chapter XIII.

FUTURE PERFECT AND FUTURE PERFECT CONTINUOUS.

(زمانہ مستقبل تمام و زمانہ مستقبل تمام و نا تمام)

Future Perfect Tense (زمانہ مستقبل تمام)

An action *mentioned to have been completed before another action takes place in the Future* is said to be in the Future Perfect Tense; as

جب ہم واپس آئینگے تم کام ختم کر چکوگے	You *will have finished* your work when we return.
میں یہ کام چار بجے ختم کر چکونگا -	I *shall have finished* this work at four.

Formation :—This tense is formed by adding '*will have*' or '*shall have*' before the '*Past Participle*' of the verb; as,

کمک پہنچنے سے پہلے ہم قلعہ فتح کر چکینگے-	We *shall have conquered* the fort before reinforcements arrive.

The **Passive Voice** is formed by adding '*will have been*' or '*shall have been*' before the '*Past Participle*' of the verb; as,

جب تک اور فوج آئیگی قلع فتح ہو چکیگا -	The fort *will have been conquered* before more army comes in.

Future Perfect Continuous.

(زمانہ مستقبل تمام و نا تمام)

An action partly *finished* and partly *going on* at a certain time (or after the completion of

another work) in the future tense is said to be in the Future Perfect Continuous Tense; as,

شام کو تمہیں یہ کام کرتے پانچ گھنٹہ ہو جائینگے	You *will have been* doing this work for five hours this evening.
جب ہم گھر پہونچینگے لڑکوں کو ورزش کرتے ایک گھنٹہ ہو چکیگا -	The boys *will have been taking* exercise for an hour when we reach home.

In order to form this tense add '*will have been*' or '*shall have been*' before the '*Present Participle*' of the verb.

Note. This tense is generally avoided in ordinary language, and is replaced by Future Perfect Tense.

کل مجھے اس سکول میں کام کرتے تین سال ہو چکینگے -

may be translated in the following ways :—

I *shall have been working* in this school for three years tomorrow. (Future Perfect Continuous).

I *shall have worked* in this school for three years tomorrow. (Future Perfect Tense).

EXERCISE 16.

(۱) میرے سکول پہنچنے سے پہلے ماسٹر صاحب حاضری لے چکے ہونگے (۲) کیا تم میرے واپس آنے تک اس کام کو ختم کر چکے ہونگے ؟ (۳) پندرہ مارچ سن اُنیس سو چونتیس کو میری عمر بیس سال کی ہو چکے گی (۴) آج شام کو چار بجے تک اس مقدمہ کا فیصلہ سنایا جا چکے گا (۵) تمہارے سٹیشن پر پہنچنے سے پہلے گاڑی چھوٹ چکے گی (۶) باورچی دس بجے تک کھانا تیار کر چکے گا (۷) آگ بجھانے کا انجن پہنچنے سے پہلے مکان جل کر خاک ہو چکے گا (۸) اگلے مہینے مجھے اس شہر میں رہتے دس سال ہو چکیں گے (۹) اب تک تو تمہارا بھائی

ایک اعلیٰ وکیل بن گیا ہوگا (۱۰) جب تک تم ڈاک خانہ پہنچو گے ڈاک چلی
گئی ہوگی (۱۱) میں آٹھ بجے شام تک گھر واپس آچکا ہوں گا (۱۲) سولن چھوڑنے
سے بہت پہلے وہ صحت یاب ہوچکا ہوگا (۱۳) سالانہ امتحان شروع ہونے سے
پہلے وہ سکول میں داخل ہوچکا ہوگا (۱۴) آپ کے واپس آنے تک میں
اپنے امتحان کی تیاری کرتا رہا ہوں گا (۱۵) کل سویرے تک بارش متواتر
۴۸ گھنٹہ سے برستی رہی ہوگی (۱۶) ہیڈ ماسٹر صاحب کے سکول میں پہنچنے تک
اس جماعت کے لڑکے کھیلتے رہے ہونگے (۱۷) میرے والد صاحب کے واپس
آنے تک ہم اس مکان میں چھ سال سے رہتے رہے ہوں گے۔ (۱۸)
بارش ہونے تک زمیندار زمین کو ایک مہینے سے تیار کرتے رہے ہونگے۔
(۱۹) تمہارے واپس آنے تک میں اس کام کو تین گھنٹہ سے کرتا رہا ہونگا۔
(۲۰) سکول میں داخل ہونے سے پہلے وہ چار سال تک پرائیویٹ پڑھتا
رہا ہوگا +

Vocabulary.

1, Roll call. 3 Complete, age. 4. Judgment, announce. 5. Steam off. 6. Cook, prepare 7. Ashes. 8 Next. 9. By this time, lawyer. 10. Mail, leave. 11. 8 p. m. 12. Recover. 15. Continuously. 16. Cultivators, till.

Chapter XIV.

AUXILIARY VERBS. (امدادی فعل)

'To be' and 'To have'

(i)' **To be**', The various forms of the verb '*to be*' are :—

Am, *is*, *are*, *was*, *were*, *be*, *been*, and *being*.

The verb '*to be*' is used both as a Principal Verb and as an Auxiliary Verb.

وہ خط لکھہ رہا ہے	He *is* writing a letter. (Auxiliary Verb).
وہ میرا دوست ہے	He *is* my friend. (Principal Verb)

As an Auxiliary, the verb '*to be*' is used to from Passive Voice of verbs in all the tenses and Continuous Tenses in the Active Voice.

رام کو سزا دی جا رہی ہے	Rama *is being* punished.
صبح سے بارش ہو رہی ہے	It has *been* raining since morning.

(ii) To have. '*To have*' is used both as a Principal and as an Auxiliary Verb ; as,

میرے پاس ایک دلچسپ کتاب ہے -	I *have* an interesting book. (Principal).
میں چائے پی رہا ہوں -	I am *having* tea. (Principal)
تم یہ شرارت کرکے کیا لوگے -	What will you *have* by doing this mischief ? (Principal).
میں نے اپنا کام ختم کر لیا ہے -	I *have* finished my work. (Auxiliary.)
پولیس نے اسے گرفتار کر لیا ہے -	The Policc *has* arrested him. (Auxiliary).

The verb '*to have*' is used with the infinitive to express '*necessity*' or '*compulsion*' ; as,

اسکو ہر روز تھانے جانا پڑتا ہے -	He *has* to go to the Police Station every day.
ہمیں اتوار کو بھی سکول جانا پڑتا ہے-	We *have* to attend the school even on Sundays.

EXERCISE 17.

(۱) گھوڑا بہت مفید جانور ہے (۲) میری گھڑی کار آمد نہیں ہے (۳) بہت سے لوگ تفریح طبع کے لئے باہر جا رہے ہیں (۴) ہماری گائے دودھ نہیں دیتی (۵) میں آج کل ملازم ہوں (۶) تمہیں فی الحال ایک معمولی کلرک کی آسامی پر تعینات کیا جا رہا ہے (۷) وہ شہری زندگی کا عادی ہے (۸) آج بوندا باندی ہو رہی ہے (۹) آج میری طبیعت علیل ہے (۱۰) یہ آدمی دھوکے باز ہے (۱۱) میں سکول جانے والا ہوں (۱۲) وہ روپیہ کے پیچھے پڑا ہوا ہے (۱۳) پریذیڈنٹ اس تجویز کے خلاف تھا (۱۴) چلے جاؤ۔ مجھے تمہاری ضرورت نہیں (۱۵) وہ کل بیمار تھا۔ آج اور بھی زیادہ بیمار ہے۔ (۱۶) تمہاری بُری عادات سے میں تنگ آ گیا ہوں (۱۷) کیا تم حال میں بمبئی گئے ہو؟ (۱۸) چور ابھی تک گرفتار نہیں ہوا ہے۔ (۱۹) میں تمہارا مُدعا سمجھنے میں قاصر ہوں (۲۰) پریذیڈنٹ کون تھا؟ (۲۱) اُسے تو ذرا بھی عقل نہیں ہے (۲۲) میں نے ایک میل کی دوڑ میں حصّہ لیا ہے (۲۳) مجھے تمام کام اکیلے کرنا پڑتا ہے (۲۴) بچارے شام لال کو روزی کے لئے بڑھاپے میں نوکری کرنی پڑی (۲۵) اُسے کئی سال سے بڑی معقول تنخواہ مل رہی ہے (۲۶) مجھے ساڑھے چھ بجے دفتر جانا پڑتا ہے (۲۷) سب لڑکوں نے سفید پگڑی پہنی ہوئی ہے (۲۸) مجھے کافی کام کرنا ہے (۲۹) اُستاد کی غیر حاضری میں لڑکے آرام سے وقت گذارتے ہیں (۳۰) تھوڑے ہی آدمیوں کی اس معاملے میں شنوائی ہے +

Vocabulary.

2. Serviceable. 3. Recreation. 4. In milk. 5. In service. 6. For the present, appoint. 7. Used to, urban. 8. Drizzle. 9. Indisposed or out of sorts.

10. Cheat. 12. After money. 13. Motion. 14. Be off. 15. Worse 16. Tired of. 17. Lately. 18. At large. 19. At a loss, motive. 21. A grain of sense. 23. Single handed. 24. Enter, to earn one's living. 25. Decent salary. 27. Have on 28. In hand. 29. To have an easy time, absence. 30. To have a voice.

Auxiliary Verbs.

Do.

'Do' is used both as a Principal and as an Auxiliary Verb.

1. As a Principal Verb it is Transitive and Intransitive both ; as,

میں اپنا کام باقاعدہ کرتا ہوں -	I *do* my work regularly. (Transitive)
کر بھلا ہو بھلا -	*Do* well and have well. (Intransitive)

2. As an Auxiliary Verb, 'do' is used

(a) In Interrogative Sentences ; as,

کیا وہ تمہیں نہیں جانتا ؟	*Does* he not know you ?
کیا تم اپنے اُستادوں کا حکم مانتے ہو ؟	*Do* you obey your teachers ?
کیا تم نے اپنا کام وقت پر ختم کیا ؟	*Did* you finish your work in time ?

(b) In Negative Sentences ; as,

ہم اتوار کو سکول نہیں جاتے -	We *do* not go to school on Sundays.
وہ نہیں جانتا کہ میں کہاں رہتا ہوں -	He *does* not know where I live.

وہ مجھے ملنے نہیں آیا - He did not come to see me.

Note.—In Interrogative and Negative sentences formed with the help of '*do*' as auxiliary. the Principal Verb is always in the Infinitive without *to* It would be wrong to say, 'He does not *works*' and 'He did not *went* there.' We should say, 'He does not *work*' and 'He did not *go* there.'

(c) To emphasize a statement ; as,

وہ ضرور اپنے بھائی سے رشک کرتا ھے -	He *does* envy his brother.
وہ ضرور یہاں ہر روز آتے ھیں -	They *do* come here daily.
تم نے ضرور ایسا کہا-	You *did* say so.

3. '*Do*' is also used as a substitute for other verbs except 'Be' ; as.

کیا تم بطور ایک طالب علم کے اپنے فرض کو جانتے ہو؟	Do you know your duty as a student ?
ھاں- میں جانتا ھوں -	Yes, I *do.* (know)
کیا اس نے تمہاری مدد کی ؟	Did he help you ?
ھاں - کی	Yes, he *did.* (helped)

EXERCISE 18.

This only will do for today.

(۱) کیا آپ گرمیوں میں پہاڑ پر چلے جاتے ہیں ؟ (۲) بس آج اتنا ہی کافی ہے- (۳) بات کا بتنگڑ مت بناؤ (۴) کیا تم اپنا کام ہر روز ختم کر لیتے ہو ؟ ہاں کر لیتا ہوں (۵) مَیں دودھ پینا نہیں چاہتا- (۶) اس وقت مجھے چائے ضرور چاہئے (۷) دوسروں کے ساتھ ایسا سلوک کرو- جیسا کہ تم چاہتے ہو کہ دوسرے تمہارے ساتھ کریں (۸) اِدھر اُدھر پھر کر اپنا قیمتی وقت مت ضائع کرو (۹) کیا تم فٹ بال نہیں کھیلتے ؟ نہیں- ضرور کھیلتا ہوں (۱۰) آپ کو ماہوار کیا تنخواہ ملتی ہے ؟ (۱۱) کیا اُس نے تمہیں گالیاں دیں ؟ ہاں ضرور دیں (۱۲) کل ضرور

آنا اور مجھے ملنا۔ (۱۳) اس نے کوشش ضرور کی۔ لیکن کامیاب نہ ہوا (۱۴) میرا
بھائی اتنا ہی کماتا ہے جتنا کہ میں (۱۵) تم اتنا اچھا نہیں لکھتے جتنا کہ تمہارا
چھوٹا بھائی (۱۶) کیا تمہیں یہ مکان پسند ہے؟ افسوس ہے مجھے پسند نہیں (۱۷)
اس بارش نے کافی نقصان پہنچایا ہے (۱۸) آپ کا مزاج کیسا ہے؟ (۱۹) اس
غریب کی مدد کرنے کی پوری کوشش کرو (۲۰) کیا وہ بطور وکیل کامیاب ہو رہا ہے؟
(۲۱) مجھ پر ایک عنایت کرو (۲۲) میرا اس کام سے کچھ واسطہ نہیں (۲۳) یہ کمرہ
ریڈنگ روم کا کام دے سکتا ہے (۲۵) یہ کتاب تمہارے کس کام آئے گی؟ (۲۵)
اس نے میرے ساتھ کوئی زیادتی نہیں کی +

Vocabulary.

2. Will do. 3. Do not make a mountain of a mole-hill. 5. Take. 6. Require, tea. 7. Do as you wish to be done by. 8. Valuable, loiter about. 10. Salary. 11. Abuse or call names. 13. Succeed. 14. Earn. 16. Sorry. 17. Harm. 18. How do you do ? 19. Do one's best 20. To do well, lawyer. 21. Favour. 22. To have nothing to do. 25. To do wrong.

Auxiliary Verbs.

May and Can.

(i) **May.** 'May' has '*might*' in the Past Tense. 'May' is used to denote,

(1) *Possibility* ; as,

وہ شائد آج شام کو آجاوے — He *may* come this evening.

شاید اسکو گاڑی نہ مل سکے — He *may* not catch the train.

(2) *Permission* ; as,

کیا میں آپکی کتاب لے سکتا ہوں؟ — *May* I have your book, please ?

You *may* go tomorrow. — تم کل جا سکتے ہو۔

(3) *Wish* ; as,

May you beget a son. — پرماتما کرے تمہارے ہاں لڑکا پیدا ہو۔

May you succeed. — پرماتما کرے تم کامیاب ہو جاؤ

(4) '*May*' is used after conjunctions of purpose '*that*', '*in order that*' and '*so that*', as,

We eat that we *may* live. — ہم اسلئے کھاتے ہیں کہ زندہ رہ سکیں۔

Work so that you *may* pass. — کام کرو تاکہ پاس ہو جاؤ۔

(ii) **Can.** 'Can' which has '*could*' in the past tense, is a transitive verb and expresses,

(1) *Power* or *Ability* and means (to be able to) ; as,

I *can* do this sum. — میں یہ سوال حل کر سکتا ہوں

Can you swim ? — کیا تم تیر سکتے ہو۔

(2) '*Permission*' ; as,

You *can* go now. — تم اب جا سکتے ہو۔

EXERCISE 19.

(۱) آسمان تو ابر آلودہ ہے۔ ممکن ہے بارش ہو جائے (۲) دل لگا کر کام کرو۔
تاکہ کامیاب ہو جاؤ (۳) ممکن ہے تمہیں بلایا ہو (۴) اونٹ کئی دن تک بغیر
پانی کے زندہ رہ سکتا ہے (۵) میں تمہاری ان عادات کو برداشت کرتا رہا۔ کہ
شاید تم راہِ راست پر آجاؤ (۶) پرماتما تمہاری عمر دراز کرے (۷) کیا تم ثابت کر
سکتے ہو۔ کہ یہ آدمی معصوم ہے ؟ (۸) اس شخص کا اعتبار نہ کریں۔ ممکن ہے۔
عین وقت پر بھانڈا پھوڑ دے (۹) میں یہ سوال تمہاری مدد کے بغیر کر سکتا ہوں۔

(۱۰) تم جہاں چاہو۔ جا سکتے ہو۔ مجھے پروا نہیں (۱۱) میری دعا ہے۔ کہ تمہارا
اقبال بلند رہے (۱۲) کیا میں اس تصویر کو ایک نظر دیکھ سکتا ہوں۔ ہاں بخوشی
دیکھ سکتے ہو (۱۳) کوئی دنیاوی طاقت مجھے اس کام سے باز نہیں رکھ سکتی۔
(۱۴) شاید وہ کامیاب ہو جائے (۱۵) میری دعا ہے۔ کہ وہ کامیاب ہو جائے
(۱۶) اگر آپ چاہیں۔ تو میرے ہاں ٹھہر سکتے ہو (۱۷) کیا میں اندر آ سکتا ہوں؟
(اگر آپ اجازت دیں) (۱۸) تم جاؤ یا نہ جاؤ۔ مجھے اعتراض نہیں (۱۹) کیا
تم ثابت کر سکتے ہو۔ کہ زمین گول ہے؟ (۲۰) اگر تم یہ کہو۔ تو میں یقین کر
سکتا ہوں (۲۱) کیا وہ تمہاری اس معاملے میں مدد نہیں کر سکتا؟ (۲۲) وہ بوجہ
مصروفیت شاید دفتر نہ جا سکے۔ (۲۳) کیا یہ شخص بالکل لکھ پڑھ نہیں سکتا؟
نہیں لکھ پڑھ سکتا ہے (۲۴) کیا تم ایک گھنٹہ کے لئے مجھے اپنی بائیسکل نہیں
دے سکتے؟ ہاں نہیں دے سکتا (۲۵) کیا یہ ممکن ہو سکتا ہے؟

Vocabulary.

1. Cloudy. 2. Heart and soul. 3 Invite. 4. Camel. 5. Tolerate, mend. 8. Trust, disclose, secret, at the eleventh hour. 11. Prosper. 12. To have a look. 13. Earthly, keep back. 16. Put up. 18. Objection. 20. Believe. 24. Lend. 25. Possible

Auxiliary Verbs.

Must, ought and should.

A. **Must.** 'Must' has no change of form for Tense, Person or Number. It takes after it a verb in the Infinitive Mood without '*to*'; as,

I *must* go there. مجھے وہاں جانا چاھئے

You *must* work hard to pass. پاس ھونے کے لئے تمہیں محنت کرنی چاھئے

'Must' expresses,

(i) *Necessity* ; as,

اپنی روزی کے لئے ھر ایک کو محنت کرنی چاھئے - Every body *must* work for his living.

(ii) *Determination* ; as,

میں آج شام تک ضرور اس کام کو ختم کرونگا - I *must* finish this work by this evening.

Note.—Special attention should be paid to this use of '*Must*' It is in the Future Tense and so it is wrong to translate.

میں آج ضرور گھر جاؤنگا - I *will must* go home to-day.

We should rather translate it 'I must go home to-day.'

(iii) *Certainty* or *belief* in some fact ; as

وہ ضرور پاگل ھے - He *must* be mad.

(3) **Ought.** 'Ought' is used to denote

(i) '*Obligation*' or *duty* ; as,

اچھے لڑکوں کو ھمیشہ سچ بولنا چاھئے - Good boys *ought* to speak the truth.

ھمیں سب سے محبت کرنی چاھئے - We *ought* to love every body.

(ii) It has no form in the Past Tense. To indicate past time it is used with Past Infinitive ; as,

تمھیں یہ کام کرنا چاھئے تھا - You *ought to have done* this work.

(C) **Should.** It is dealt with under 'Use of Shall and Will'. (Page 68.)

EXERCISE 20.

(۱) ہر ایک آدمی کو اپنا فرض پورا کرنا چاہئے (۲) تمہیں وقت پر سکول

پہنچنا چاہئے (۳) کچھ بھی ہو۔اب میں ضرور جاؤں گا (۴) جو پیدا ہوا ہے۔
ضرور مرے گا (۵) وہ ضرور اندھا ہوگا (۶) رام کشن کل ضرور یہاں پہنچ گیا
ہوگا (۷) ہم کو اپنے ہم جماعتوں سے محبت کرنی چاہئے (۸) ہر ایک سکاؤٹ
کو ہر روز ایک نیک کام کرنا چاہئے (۹) تمہیں آدھ گھنٹہ ہوئے چلے جانا
چاہئے تھا (۱۰) تمہیں اپنے والد صاحب کی جائداد کو اس طرح برباد نہیں
کرنا چاہئے (۱۱) اگر مجھے یہ جگہ مل گئی۔ تو میں آپ کا مشکور ہونگا (۱۲)
اگر بارش ہوگئی۔ تو ٹھنڈ ہو جاوے گی (۱۳) خیال رکھو۔ ایسا نہ ہو کہ بیمار
پڑ جاؤ (۱۴) خوب ہنسو۔ اور کھیلو۔ ایسا نہ ہو۔ کہ تم کمزور ہو جاؤ (۱۵)
اگر تم اس سال بی۔ اے کا امتحان دینا چاہتے ہو۔ تو تمہیں ابھی سے تیاری
شروع کر دینی چاہئے (۱۶) دوستوں کو معمولی باتوں پر ایک دوسرے سے
نہ بگڑنا چاہئے (۱۷) دیکھنا اس کی باتوں میں نہ آنا۔ کہیں بعد میں پچھتانا
پڑے (۱۸) جھوٹ سے پرہیز کرنا اور سچ بولنا چاہئے (۱۹) میں اس
کو ٹھیک چار بجے ملنے کے لئے ضرور جاؤں گا۔ (۲۰) اگر مجھے رخصت مل
گئی۔ تو میں ضرور بارات میں شامل ہوں گا (۲۱) تمہیں تو اس وقت
انبالہ شہر پہنچ جانا چاہئے تھا (۲۲) اگر کسی نے اس کی مدد نہ کی۔ تو اس
بیچارے کا برا حال ہوگا۔ (۲۳) اگر آپ میرے گھر تشریف لاؤ۔ تو میں
بہت خوش ہوں گا (۲۴) تمہیں کسی کی رعایت نہیں کرنی چاہئے (۲۵) میں
وہاں جا سکتا ہوں۔ لیکن کوئی فائدہ نہیں (۲۶) آگے دیکھ کر چلو۔ ایسا نہ ہو
کہ کسی گاڑی سے ٹکر کھا جاؤ۔

Vocabulary.

1. Duties. 3. Come what may. 5. Blind
7. Class fellows 8. Scout, kind turn. 10.

Property, waste. 11. Grateful. 12. Cool. 13. Lest. 14. Laugh. 15. To take examination. 16. Fall out, trifles. 17. To be taken in, repent. 18. Refrain. 19. Exact. 20. Leave. 22. Poor fellow, to have a hard time. 24. Partial. 25. Use. 26. Run against.

Auxiliary Verbs.

Use of 'Shall' & 'Will,' 'Should' & 'Would',

'Shall' and 'will' are both used to show that something will happen in time to come. There is, however, some difference in their meaning according as they are used with pronouns of different persons.

In Statements :—

(i) '*Shall*' in the *First Person* and *will* in the *Second* and *Third* persons simply *foretell* a future action :—

میں گھر جاؤنگا -	I *shall* go home.
تم کھیلنے جاؤگے -	You *will* go to play.
وہ آج سکول نہیں آئیگا -	He *will* not come to school today.

(ii) '*Shall*' in the Second and Third Persons expresses :—

(a) *Command* or *threat* ; as.

تم کو لکھنا پڑیگا - یا (میں حکم دیتا ہوں) تم لکھوگے -	You *shall* write.
اگر تم شرارت کروگے تو تم کو سزا ملیگی -	You *shall* be punished if you do mischief.
اسکو اپنی غلطی کا خمیازہ بھگتنا پڑیگا -	He *shall* suffer for his mistake.

(b) *Promise*; as,

جو لڑکا امتحان میں اول نکلیگا اُسکو انعام ملیگا - The boy who stands first in the examination *shall* get a prize.

اگر اب تم کام کروگے تو کل تمھیں چھٹی ملیگی - If you work now, you *shall* have a holiday tomorrow.

(iii) '*Will*' in the First person shows '*wish*' '*Promise*', '*intention*' or '*determination*' on the part of the speaker; as,

(میں وعدہ کرتا ھوں) میں تمھاری مدد کرونگا - I *will* help you.

میں اس سال بی-اے کا امتحان دونگا - یا I *will* take the B. A. examination this year.

میرا اس سال بی-اے کا امتحان دینے کا ارادہ ھے -

میں خواھشات کو غالب نہ آنے دونگا - I *will* not yield to temptations.

Use of Shall in Interrogative Sentences.

'*Shall*' in the *First Person* expresses the '*wish*' or '*permission*' of the person spoken to, in the *Second Person* '*Simple futurity*,' and in the *Third Person* '*Command*' or '*desire*' of the Person addressed; as,

(اگر آپ چاھیں) کیا میں آپکو شام کو مل سکتا ھو - *Shall* I see you in the evening ?

(اگر آپ اجازت دیں) کیا میں ایسا کر سکتا ھوں ؟ *Shall* I do this ?

کیا تم گھر جاؤگے ؟ *Shall* you go home ?

کیا وہ (آپکی خواھش یا حکم کے *Shall* he go with us ?

مطابق) ہمارے ساتھہ جائیگا۔

Use of Will in Interrogative Sentences :—

'*Will*' should ***never*** be used in the First Person; in the *Second Person* it expresses the '*wish*' of the person addressed, and in the *Third Person* it denotes '*Simple futurity*'; as,

کیا اُن کو چٹھی لکھنے کی تمہاری خواهش هے - *Will* you write to him ?

کیا وہ وھاں جائیگا ؟ *Will* he go there ?

Should & **Would** are also governed by the same rules as past tense of '*shall*' and '*will*'.

Note, however, that they have their special use.

Should expresses,

(i) *Obligation* or ***duty***; as,

تمہیں بزرگوں کا حکم ماننا چاهئے۔ You *should* obey your elders.

(ii) *Possibility* or *Supposition* in the Subjunctive Mood; as,

اگر بارش هوئی تو هم سیر کو جائینگے - If it *should* rain, we shall go out for a walk.

(iii) *Purpose* (In this sense it is used only when the Adverbial Clause is introduced by '*lest*.'); as,

احتیاط رکھو - ایسا نہ هو کہ گر پڑو - Take care *lest* you *should* fall.

Would is used to express,

(i) *Condition*; as,

Had I gone there I *would have* got the job.

اگر میں وہاں گیا ہوتا۔
تو مجھے نوکری مل جاتی -

(ii) *Wish* ; as,

Would that I were a nightingale !

کاش کہ میں بلبل ہوتا۔

(iii) '*Habit*'; as,

He *would* go about the streets like a mad man.

وہ سودائی کی طرح
گلیوں میں پھرتا رہتا تھا

He *would* sometimes go to inspect the construction of the building.

بعض اوقات وہ عمارت کی
تعمیر کو دیکھنے جاتا تھا۔

EXERCISE 21

(۱) میں آج رات کو تمہیں ملنے آؤں گا (۲) کیا وہ میری مدد کرے گا ؟ (۳) کیا تم آگرہ جاؤ گے ؟ (۴) جب مجھے فرصت ہوگی ۔ تو اس چٹھی کا جواب لکھوں گا (۵) مجھے مجبوراً یہ جگہ چھوڑنی پڑے گی (۶) اس کو سزا دی جائے گی [illegible] وقت آئے گا ۔ کہ تمہیں اپنے کئے پر افسوس کرنا پڑے گا۔ (۸) کیا میں یہ کام آپ کے لئے کردوں [illegible] اگر آپ جتنی جلدی ہو سکے سامان روانہ کریں گے ۔ تو میں آپ کا بہت مشکور ہوں گا (۱۰) امید ہے کہ ہمیں گاڑی میں اچھی جگہ مل جائے گی [illegible] ہیڈ ماسٹر صاحب نے حکم دیا۔ کہ کل سکول بادشاہ کے جنم دن کی وجہ سے بند رہے گا ۔ (۱۲) لڑکے نے کہا کہ کل سکول بوجہ شورا شوری بند رہے گا (۱۳) میں ڈوب جاؤنگا۔ اور کوئی مجھے نہ بچائیگا۔ (۱۴) اگر مجھے نہ بلایا گیا تو میں ہرگز نہ جاؤنگا۔ (۱۵) تمہیں یہ کتاب ایک ہفتہ کے اندر واپس کرنی پڑیگی۔ نہیں تو تمہیں جرمانہ ہوگا (۱۶) چاہے کچھ بھی ہو میں اس غریب لڑکے کی مدد کرونگا (۱۷) جو آدمی چور کا پتہ لگائے گا اُسے پانسو روپیہ انعام ملے گا (۱۸) اگر آپ میری چیزیں نہ دو گے۔ تو مجھے مجبوراً عدالتی چارہ جوئی

کرنی پڑیگی - (۱۹) اگر بارش برس رہی ہوگی - تو میں باہر نہیں جاؤنگا - (۲۰) سکول میں رہتے ہوئے تمہیں سکول کے قواعد کی پابندی کرنی پڑیگی -

Vocabulary.

1. Tonight. 4. Leisure. 7. Repent or to be sorry for. 9. As early as you can, obliged. 10. Seat. 11. On account of, birthday. 13. Drown. 14. Invite. 16. Come what may. 17. Clue. 18. To seek relief in court. 20. Obey, laws.

Chapter XV.

CAUSATIVE VERBS.

Causative Verbs are those which mean to '*cause*' or '*make*.' In causative construction the subject does not directly act but it rather gets the action done through some one else ; as,

میں نے نوکر سے کمرہ صاف کروایا- — I caused the servant to clean my room.

Important Causative Verbs are '*cause*' '*make*' '*get*' and '*have*.'

میں نے دھوبی سے کپڑے دھلوائے

This sentence can be translated in the following *four* ways :—

(i) I *caused* the washerman to wash my clothes.

(ii) I *made* the washerman wash my clothes.

(iii) I *got* my clothes washed by the washerman.

(iv) I *had* my clothes washed by the washerman.

وزیر نے بادشاہ کو مروا ڈالا -	**The minister *got* the King killed, or The minister had the King killed.**

Note 1.—'To' of the infinitive is dropped after '*make*' as in sentence (ii) above. But in the Passive Voice 'to' of the infinitive is retained; as.

The washerman was made by me *to wash* the clothes.

Note 2.—Let it be remembered that only '*get*' and '*have*' are used when the '*means*' through which the action is done, is not known. In the sentence above the *person* who killed the king is not known.

EXERCISE 22

(ا) زبانی۔ (۱) اس فارم پر اپنے والد صاحب سے دستخط کرا لاؤ (۲) دھوبی سے کپڑے دھلوا لو (۳) میں نے یہ کوٹ پچھلے سال بنوایا تھا (۴) گاؤں کے ان پڑھ آدمی منشی جی سے چٹھی لکھواتے ہیں (۵) براہِ مہربانی اپنے والد صاحب سے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام چٹھی لکھوا دو (۶) میں نے محمد یار بڑھئی سے ایک عمدہ میز بنوائی (۷) تمہیں یہ کام تو میں چند منٹوں میں کروا دوں گا (۸) میں نے شام سے اس کا قصور منوا لیا (۹) میرے لڑکے نے اپنے استاد صاحب سے اپنی قلم بنوائی (۱۰) اس نے مجھ سے اپنے گم شدہ بچے کی تلاش کرائی (۱۱) اُسے بنچ پر کھڑا کر دو (۱۲) میں نے اُس یتیم کو فیروزپور کے یتیم خانہ میں بھجوا دیا (۱۳) سکول چھوڑنے سے پہلے اس نے نوکروں سے تمام دروازے بند کروا دئے۔ (۱۴) اس نے مجھ سے اپنی پنسل بنوائی (۱۵) اس نے اپنا تمام سامان نیلام کروا دیا ہے۔

(ب) تحریری۔ (۱) گاڑی سے اترتے ہی میں نے اپنا سامان قلیوں سے

اٹھوایا [illegible] مجھے اس دستاویز کی دس کاپیاں ابھی ٹائپ کروا دو (۳) تم نے
بال کس حجام سے کٹوائے ہیں ؟ (۴) میں اپنے لڑکے کو ڈی ۔ اے ۔ وی کالج
میں داخل کراؤنگا (۵) اکبر نے اپنے لائق وزیر ٹوڈرمل کی مدد سے تمام زمین
کی پیمائش کروائی (۶) تم نے مرحوم کا تمام سامان اُس کے رشتہ داروں کے
پاس بھجوا دیا تھا (۷) کرشن نے اپنا جواب مضمون ہیڈ ماسٹر صاحب سے دُرست
کروایا (۸) کیا تم نے یہ کوٹ آرڈر دے کر بنوایا ہے ۔ یا سلا سلایا مول لیا ہے؟
(۹) میں نے رام لال سُنار سے پانچ ہزار روپیہ کے زیورات بنوائے ہیں (۱۰)
میں نے اس کا ڈاکٹری معائنہ شہر کے ایک مشہور ڈاکٹر سے کروایا ۔ کیونکہ اُس
کی صحت خراب رہتی تھی (۱۱) مجسٹریٹ صاحب نے چند ہی منٹوں میں ہجوم کو منتشر
کروا دیا تھا [illegible] پیشتر اس کے کہ بادشاہ تخت نشین ہوا ۔ اُس نے اپنے تمام
دشمنوں کا خاتمہ کروا دیا تھا (۱۳) اُس نے رُخصت جانے سے پہلے اپنی درخواست
منظور نہیں کروائی تھی [illegible] شاہ جہان نے اپنی پیاری بیوی ممتاز محل کی
یادگار میں ایک شاندار مقبرہ بنوایا ۔ (۱۵) اگر لوگ سب اپنے
مکانوں کے سامنے پکا فرش لگوائیں ۔ تو اس سے شہر کی صفائی پر بہت
اچھا اثر پڑے ٭

Vocabulary.

A. 1. Form, sign. 2. Washerman 4. Illiterate. 5. A letter of recommendation. 8. Confess, fault. 9 Mend. 10. Lost, search. 12. Orphan, orphanage. 13. Close. 14. Mend. 15. Goods, auction.

B. 1. To get down, luggage, carry. 2. Document. 3 Barber, cut. 4 Admit. 5. Able minister, land, measure. 6. Deceased, relatives. 7. Essay, correct. 8. By order, ready made. 9. Goldsmith,

ornaments, worth. 10. Examine, medically, 11. Magistrate, crowd, disperse. 12. Ascend, throne, 13. Proceed, grant. 14. In memory of, magnificent, mausoleum 15. Pucca floor, effect, sanitation.

Chapter XVI

Use of 'It' (Introductory)

'It' is used

(i) as a temporary Subject before the verb 'To be'. The real subject comes after it; as,

یہ سوال حل کرنا آسان ہے -	*It* is easy to do this sum.
	(*To do this sum* is easy.)
جھوٹ بولنا گناہ ہے -	*It* is a sin to tell a lie)
	(*To tell a lie* is a sin.

(ii) to emphasize a noun or pronoun which follows ; as,

موھن ھی ہے جس نے سلیٹ توڑی ہے -	*It* is Mohan who has broken the slate.
کون ہے - میں ھوں -	Who is *it* ? *It* is I.

(ii) to introduce sentences expressing 'time', 'weather' or natural phenomenon; as,

اب آٹھہ بجے ھیں -	It is eight o' clock.
آج مطلع صاف ہے -	It is fine today.
اب موسم بہار ہے -	It is spring.
بارش ھو رھی ہے -	It is raining.
اولے پڑ رہے ھیں -	It is hailing.

EXERCISE 23.

(۱) آج سنیچر وار ہے (۲) اب کیا بجا ہے؟ (۳) اب دس بجنے میں پانچ منٹ
باقی ہیں (۴) جنوری کے مہینہ میں برف پڑتی ہے (۵) اس امتحان میں کامیاب
ہونا آسان نہیں (۶) دھوپ میں ننگے سر جانا خطرناک ہے (۷) جھوٹ بولنا
اچھے لڑکوں کا شیوہ نہیں (۸) اس کمرے میں ذرا ٹھنڈک ہے (۹) دینا لینے
سے بہتر ہے (۱۰) شور کون مچا رہا ہے؟ موہن ہے (۱۱) کیا آج بادل ہو رہے
ہیں؟ (۱۲) جُون کے مہینے میں سخت گرمی پڑتی ہے (۱۳) آج زور کی
ہوا چل رہی ہے (۱۴) سردیوں میں چھ بجے ہی اندھیرا ہو جاتا ہے (۱۵)
میرا کوٹ بنانے میں کتنا کپڑا لگے گا؟ (۱۶) سٹیشن تک پہنچنے میں کتنا وقت
لگتا ہے؟ (۱۷) دو ماہ ہوئے۔ تمہارا بھائی یہاں آیا تھا (۱۸) اب سکول جانے
کا وقت ہے (۱۹) تم ہو جس نے مجھے دھوکا دیا ہے (۲۰) آپ کی بڑی مہربانی
ہے کہ آپ یہاں تشریف لائے (۲۱) کل رات بڑے زور کی بارش ہوئی۔
(۲۲) افسوس ہے کہ اس کی والدہ گذر گئی ہے (۲۳) وظیفہ حاصل کرنا خالہ
جی کا گھر نہیں (۲۴) دوسروں کی مدد کرنا ہمارا فرض ہے (۲۵) بہت دیر ہو
گئی ہے۔ اب گاڑی کا ملنا مشکل ہے (۲۶) صبح سویرے اٹھنا بڑی اچھی
عادت ہے (۲۷) ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ کہیں اولے پڑے ہیں۔
(۲۸) کیا یہ امر مسلمہ نہیں ہے۔ کہ سچ کی ہمیشہ فتح ہوتی ہے (۲۹) بڑی
حیرانی کی بات ہے۔ کہ تم فیل ہو گئے ہو۔ (۳۰) مجھے سوجھا کہ یہ آدمی
پاگل ہے۔

Vocabulary.

2. O'clock. 4. To snow. 6. Dangerous, bare-headed, sunshine. 7. It is not like good boys. 8. Cool. 11. Cloudy. 13. Hard, blow. 14. To get dark. 16. How long. 19. Deceive 20. It is very

kind of you. 21. Hard. 22. It is a pity. 23. Child's play. 25. Catch 27. Appear, hail. 28. Is it not a fact, triumph. 29. Strange, to get plucked. 30. It struck me.

Chapter XVII

Use of 'There'. (Introductory.)

'There' is used to introduce sentences without any reference to place. It is, then, called Introductory ; as,

ہماری جماعت میں چالیس لڑکے ہیں -	*There* are forty boys in our class.
اس میں کچھہ غلطی ہے -	*There* is some mistake in this.
اس کتاب میں تصویریں ہیں	*There* are pictures in this book.

EXERCISE 24.

(۱) ہمارے سکول میں اٹھائیس کمرے ہیں (۲) تمہاری جماعت میں کتنے لڑکے ہیں؟ (۳) اس کتاب میں خوبصورت تصویریں اور دلچسپ کہانیاں ہیں۔ (۴) اس کے پاس ہونے میں ذرا بھی شک نہ تھا (۵) ہماری جماعت میں ذرا بھی شور نہیں ہے (۶) دریا کے پار جانے کے لئے ایک لکڑی کا پل تھا۔ (۷) سڑک کے دونوں طرف سایہ دار درخت تھے (۸) اس ہال میں اور زیادہ گنجائش نہیں ہے (۹) غرقاب چٹانوں سے جہازوں کو بچانے کے لئے روشنی کے مینار ہیں (۱۰) کہاوت ہے۔ کہ ایک اور ایک گیارہ ہوتے ہیں۔

(۱۱) اس جنگل میں ایک شیر رہتا تھا (۱۲) اس شہر میں دو ہائی سکول ہیں (۱۳) اس میں کلام نہیں کہ وہ بہت سادہ ہے (۱۴) ہندوستان میں سینکڑوں مذاہب ہیں (۱۵) کیا یہاں کوئی نہیں۔ جو تمہاری مدد کر سکے (۱۶) ایک شہر میں ایک بخیل رہتا تھا (۱۷) آسمان میں بادل کا نام و نشان نہ تھا (۱۸) دال میں کچھ کالا کالا ہے (۱۹) ٹیکسوں کے بڑھنے کے خلاف بہت شور مچ رہا ہے۔ (۲۰) ہندوستان کے شمال میں کوہ ہمالیہ ہے (۲۱) کشمیر میں دلکش نظارے ہیں (۲۲) انسان کی زندگی میں بہت سے نشیب و فراز ہیں (۲۳) کہنے اور کرنے میں بہت فرق ہے (۲۴) کوئی ایسا نہ تھا جو نہ رویا ہو (۲۵) ہنوز دلی دور است ٭

Vocabulary.

4. Least doubt. 5. Least noise. 6. To go across, wooden bridge. 7. Shady. 8. Room. 9. Hidden, Lighthouses. 10. There goes the saying, Union is strength. 13. There is no denying the fact, simple. 14. Religions. 16. Miser. 18. There is something wrong at the bottom. 19. Cry, increase, taxes. 20. The Himalayas. 21. Wonderful scenery. 22. Ups and downs. 23. A world of difference. 24. There was none but wept. 25. There is many a slip between the cup and the lip.

Chapter XVIII

AGREEMENT OF THE VERB WITH THE SUBJECT.

I. The verb agrees with the Subject in number and person; as,

وہ گھر جاتا ہے۔ He *goes* home.

وہ گھر جاتے ھیں - They *go* home.

Note 1.—It must be remembered that '*s*' added to nouns changes them into plural, but '*s*' added to verbs makes them singular ; as,

لڑکا A Boy. (*Singular*) لڑکے Boys (*Plural*)
while- جاتے ھیں go (*Plural*), جاتا ھے - goes (*Singular*).

Note 2.—Sometimes when a noun in the plural number comes in between a Singular Subject and the Verb or when a Singular noun comes in between a Plural Subject and the Verb, great care must be taken to make the Verb agree with the Subject, as,

چابیوں کا گچھا میز پر ھے - A *bunch* of keys *is* on the table.

درخت کے پتے سبز ھیں - The *leaves* of the tree *are* green.

II. (i) Two or more Singular Subjects connected by *and* usually take a Verb in the Plural ; as,

ھری اور رام یہاں ھیں - Hari and Rama *are* here.
وہ اور اسکا دوست آگئے ھیں - He and his friend *have* arrived.

(ii) If two singular nouns refer to the same person or thing, the verb must be singular ; as,

میرا دوست اور ھمدرد آگیا ھے - My friend and benefactor *has* come.

پنڈت موتی لال کی وفات سے ھندوستان نے ایک سیاست دان A statesman and patriot has been

اور محب وطن کھو دیا ہے - | lost to India by the death of P. Moti Lal.

Note.—The article is used only once when referring to one person, but if two persons are meant the article should be used separately for both the nouns.

(iii) If two Subjects together express one idea the verb may be in the singular ; as,

گھوڑا گاڑی دروازے پر ہیں - | The horse and carriage *is* at the door.

(iv) If Singular Subjects are preceded by '*each*' or '*every*' the Verb is usually singular ; as,

ھر ایک لڑکا اور ھر ایک لڑکی تیار ہے - | Each boy and each girl is ready.

III (i) Two or more singular Subjects connected by '*or* or '*nor*' '*either*.. ...*or*', *neither*... ...*nor*' take a Verb in the Singular ; as,

کوئی جگہ بغیر تلاش کے نہ چھوڑی- | No nook or corner *was* left unexplored.

نہ وہ اور نہ میں وھاں تھا - | Neither he nor I *was* there.

یا رام یا اسکے بھائی نے کتاب چورائی ہے - | Either Rama or his brother *has stolen* the book.

(ii) When the subjects joined by '*or*' or '*nor*' are of different numbers the Verb must be plural and the Plural Subject must immediately precede the Verb ; as,

نہ وہ اور نہ اسکے دوست یہاں رھتے ھیں - | Neither he nor his friends *live* here.

یا تو لڑکوں نے یا اُستاد نے غلطی کی ھے -	Either the teacher or the boys *have made* the mistake.

(iii) If the Subjects joined by '***or***' or '***nor***' belong to different persons, the Verb agrees in number with the one nearest to it ; as,

یا تو اس نے یا میں نے غلطی کی ھے -	Either he or I *am* mistaken.
نہ تمہارا اور نہ اُسکا قصور ھے -	Neither you nor he *is* to blame.

Note.—The order in which Pronouns of different persons must be used in the same sentence is *second third* and *first*, *i.e.*, you, he and I.

میں تم اور وہ اکٹھے کام کرتے ھیں	You, he and I work together.

IV. A Collective noun, as a rule, takes a Singular Verb ; as,

اسمبلی نے بل پاس کر دیا ھے -	The Assembly *has* passed the Bill.
کونسل نے اپنا پریزیڈنٹ چن لیا ھے -	The Council *has* chosen its President.

It takes a *Plural Verb* when the members are thought of *separately* ; as,

اسمبلی کے ممبروں میں اس بل کے متعلق اختلاف رائے تھی -	The Assembly *were* divided in their opinion on the Bill.

V. Nouns which are plural in form but

singular in meaning take Singular verbs ; as,

ریاضی مشکل مضمون ھے -

Mathematics *is* a difficult subject.

خبر اتنی اچھی ھے کہ
سچ نہیں ھو سکتی -

The news *is* too good to be true.

VI. Words joined to singular Subjects by '*with*,' '*together with*' '*not*' etc. do not effect the number of the Verb ; as,

رام انعام کا مستحق
ھے نہ کہ تم -

Rama, and not you, *deserves* the prize.

جہاز معہ ملاحوں کے
آ رھا ھے -

The ship together with the crew *is* coming.

VII. When the Subject of a verb is a Relative Pronoun, the verb must be made to agree with the antecedent ; as,

میں جو کہ تمہارا دوست
ھوں تمہاری مدد کرونگا -

I, who *am* your friend, shall help you.

EXERCISE 25.

(ا) زبانی - (۱) لڑکا یہاں نہیں آنا چاہتا (۲) اس بچے کے کپڑے
نہایت صاف ہیں (۳) درخت کے تمام پتے جھڑ گئے ہیں (۴) میں
اور میرا بھائی یہاں رہتے ہیں (۵) ان سپاہیوں میں سے ہر ایک مارا
گیا (۶) کشتی بمعہ ملاحوں کے ڈوب گئی (۷) نہ تو تم اور نہ تمہارا بھائی
باقاعدہ کام کرتے ہیں (۸) نہ تو تم اور نہ تمہاری کتابیں صاف ہیں (۹)
فوج کو شکست ہو گئی ہے (۱۰) اس معاملے میں ججوں کی رائے مختلف تھی
(۱۱) تم جو یہاں رہتے ہو - اس جگہ کی بابت زیادہ جانتے ہو (۱۲) اس
نے فزکس میں ڈگری حاصل کی ہے +

(ب) تحریری ۔ (۱) چالیس میل کافی فاصلہ ہے (۲) ہندوستان کا شاعر اور فلاسفر رابندرناتھ ٹیگور ہے (۳) چاول اور مچھلی بہت سے لوگوں کی خوراک ہے (۴) دھاتیں اور کوئلہ بھی بنگال میں پائے جاتے ہیں۔ (۵) عوام کو مطلع کیا گیا ہے ۔ کہ کل جلسہ میں شریک ہوں (۶) اس بورڈنگ ہوس میں ہر ایک لڑکا علیحدہ علیحدہ کمرے میں رہتا ہے (۷) کپتان معہ اپنے ہمراہیوں کے لڑائی میں مارا گیا تھا (۸) اس قالین کے لئے پچاس روپیہ بہت زیادہ ہیں (۹) گلیور کے سفرنامے بڑی دلچسپ کتاب ہے (۱۰) آدمی کی خوشی یا مصیبت بہت حد تک اس کے اپنے ہاتھ میں ہے (۱۱) ان تمام لڑکوں میں سے کل کوئی غیر حاضر نہ تھا (۱۲) ایک مندر اور ایک شراب کی دوکان ساتھ ساتھ واقع ہیں (۱۳) گھر معہ تمام سامان کے جل کر خاک ہو گیا (۱۴) وہاں سوائے رونے پیٹنے کے اور کچھ سنائی نہ دیا (۱۵) مصر کے مخروطی مینار تین ہزار برس سے زیادہ دیر سے کھڑے ہیں (۱۶) اِن فقروں کا ترجمہ نہایت خوبی سے کیا گیا ہے (۱۷) یہ نظم ان نظموں میں سے ایک ہے جو کہ ہر جگہ بڑی دلچسپی سے پڑھی جاتی ہیں (۱۸) تمہاری دلائل میں سے ایک بھی ایسی نہیں۔ جس پر غور کیا جا سکے ۔ (۱۹) ہمارے سکول کے تمام لڑکے شام کو بلاناغہ کھیل میں حصہ لیتے ہیں (۲۰) سیاست نوجوانوں کے لئے نہیں ہے۔

Vocabulary.

A. 2. Neat. 3. Fall. 6. Sailors, sink. 7. Regularly. 9. Defeat. 10. Jury, divided, opinion.

B. 2. Poet, philosopher. 5. Public, inform, attend. 7. Comrades. 8. Carpet. 9. Gulliver's Travels. 10. To a great extent. 12. Side by side. 13. Goods, to be burnt to ashes. 14. Wailing and

weeping. 15. Pyramids, Egypt. 16. Well translated. 17. Interest. 18. Arguments, consider 19. Without fail. 20. Politics.

Chapter XIX.

SINGULARS AND PLURALS OF NOUNS.

Nouns are either in the Singular Number (واحد) or in the Plural Number (جمع)

Proper, Abstract and Material Nouns are always in the singular number. They can be used as common nouns and in that case they may have either number.

Note 1.—Some nouns have no Singular forms. They always take a plural verb ; as,

میری قینچی بہت قیمتی ہے - My scissors are costly.

Other nouns of this kind are :—

Tongs, spectacles, trousers, breeches drawers, measles, annals, thanks, tidings, assets, wages, proceeds, alms, riches.

Note 2.—Mathematics, physics, news, gallows and innings are plural in form but are followed by Singular verbs; as,

ریاضی مشکل مضمون ہے- Mathematics is a difficult subject.

Note 3.—People, cattle, gentry and poultry are singular in form but take plural verbs after them ; as,

ہندوستان کے لوگ قدامت پسند ہیں The people of India are conservative.

Note 4.—The following nouns have the same form both in the singular and in the plural and take a verb according to the sense.

(i) Deer, sheep, fish and pice.

(ii) Dozen, score, gross, hundred, thousand etc. (when used after numerals.)

Examples :—

یہ بھیڑ بکاؤ ہے -	This sheep is for sale.
بھیڑوں سے اُون حاصل ہوتی ہے-	Sheep provide us with wool.
میں نے تین درجن سیب خریدے -	I bought three dozen [redacted] apples
اس موٹرکار کی قیمت پانچ ہزار روپیہ ہے-	The price of this car is five thousand rupees.

Note.—5. The following nouns are generally used only in the singular from :—

Alphabet, information, offspring, poetry, scenery and furniture.

یہ سامان زیادہ قیمتی اور پائدار نہیں ہے -	This furniture is not very costly and durable.

Note.—6. Note carefully the use of the following :—

میرے بال کالے ہیں -	My hair is black.
میرے سر میں چار بال سفید ہیں -	I have four grey hairs on my head.

(ii) 'Vegetables' is generally used in the plural ; as,

میں نے چار آنے کی سبزی خریدی -	I bought four annas' worth of vegetables.

(iii) 'Fruit' is used generally in the singular,

even when it means many and of different kinds ; as,

پھل کھانا کھانے کے بعد کھائے جاتے ھیں -	Fruit is taken after meals.

(iv) 'People' when used in plural or preceded by an Indefinite Article means 'nations' and takes a plural verb ; as,

ایشیاء میں مختلف قومیں آباد ھیں -	Different peoples inhabit Asia.

EXERCISE 26.

(۱) ہماری جماعت میں طبیعات نہیں پڑھائی جاتی (۲) یہ خبر دُور دراز تک پھیل گئی ہے (۳) سولی (پھانسی کی ٹکٹکی) بنائی جا رہی ہے (۴) چمٹا لوہے کا بنا ہوا ہوتا ہے (۵) عینک ایک نہایت ہی کارآمد چیز ہے (۶) اس کا پاجامہ پھٹا ہوا ہے (۷) کھسرا چیچک کی نسبت کم خطرناک بیماری ہے (۸) راجستھان کا اتہاس بہت دلچسپ اور ولولہ انگیز ہے (۹) وہ میرے شکریہ کا مستحق ہے (۱۰) یہ افسوس ناک خبر ہے (۱۱) اس کا اثاثہ پچاس ہزار کے لگ بھگ ہے (۱۲) مزدوروں کی اُجرت گھٹا دی گئی ہے (۱۳) اپنی جائداد کے تمام محاصل کو میں بنک میں جمع کرا دونگا (۱۴) غریبوں کو خیرات دی جا رہی ہے (۱۵) دولت ہی ہمیشہ خوشی کا ذریعہ نہیں - (۱۶) مویشی چراگاہوں میں چر رہے ہیں (۱۷) شہر کے تمام شرفا کو مدعو کیا گیا ہے (۱۸) یہ ہرن کل پکڑا گیا تھا (۱۹) ہرن جنگلوں میں رہتے ہیں (۲۰) مچھلی بنگالیوں کی دل پسند خوراک ہے (۲۱) مچھلیاں پانی میں رہتی ہیں (۲۲) اس سمندر میں ہر قسم کی مچھلیاں پائی جاتی ہیں (۲۳) اس فقیر کو دو پیسے دے دو - (۲۴) مجھے چار درجن آم خریدنے ہیں -

(۲۵) میں نے اس سال درجنوں کتابیں پڑھی ہیں (۲۶) چار کوڑی چپلیں لاؤ۔ (۲۷) دو گرس دیاسلائیوں کی کیا قیمت ہے؟ (۲۸) اس نے سات سو نمبر حاصل کئے ہیں (۲۹) صبح سینکڑوں لوگ سیر کو جاتے ہیں (۳۰) اس نے دس ہزار روپیہ کمایا ہے (۳۱) اس معاملے کے متعلق تمام واقفیت ابھی نہیں مل سکتی (۳۲) کالیداس کی نظمیں بہت پسند کی جاتی ہیں (۳۳) کشمیر کے نظارے بہت دلکش ہیں (۳۴) یہ شخص سبزی بیچتا ہے (۳۵) میرے دوست نے میرے پاس پھل بھیجے ہیں ‎+

Vocabulary.

2. Far and wide. 3. Build. 5. Useful. 6. Torn. 7. Dangerous, small pox. 8. Stirring. 9. Due to. 10. Sad 12. Labourers, cut, 13. Deposit, property. 15. Means, happiness 16. Pastures. 17. Invite. 20. Favourite. 23. Beggar. 27. Cost. 28. Obtain. 30. Earn. 31. Matter, available. 33. attractive. 34. To deal in.

Chapter XX.

THE POSSESSIVE CASE (اضافت)

The **Possessive Case** expresses ***possession***, ***authorship***, ***origin***, ***kind*** and ***duration*** ; as

کرشن کی کتاب	Krishan's book
ملٹن کی تصانیف	Milton's works.
لڑکے کی محبت	Son's love.
ٹیگور کی تقریر	Tagore's speech.
ہفتہ کی چھٹی	A week's leave.

Formation of the Possessive Case.

(*i*) When the noun is in the singular number the Possessive Case is formed by the addition of apostrophe and *s* ('s) to the noun ; as,

اُستاد کی کتابیں	A teacher's books.
پرندے کے پر	A bird's wings.

(*ii*) When the noun is in the plural number and ends in '*s*' or '*es*' the Possessive Case is formed by the addition of (') after '*s*' or '*es*' ; as,

پرندوں کے گھونسلے	Birds' nests.
لڑکیوں کی کتابیں	Girls' books.

(*iii*) When the noun is in the plural number but does not end in '*s*' the possessive is formed by the addition of ('*s*) ; as,

آدمیوں کی عادت	Men's habits.
عورتوں کا لباس	Women's clothes.

(*iv*) Compound nouns or group of nouns taken as a single noun take ('*s*) at the end of the groups ; as,

اسکی ساس کی جائیداد	His mother-in-law's property.
میسرز تھاکر داس آنند اینڈ سنز کی کتابیں	Messrs. Thakar Das Anand and Sons' publications.

(*v*) When two or more nouns indicate joint possession, apostrophe (') is added to the last ; as,

شام اور اُسکے بھائی کی دوکان	Sham and his brother's shop.

But when they indicate separate possession,

(*'s*) is added to each; as,

شام اور اسکے بھائی کی دوکانیں -	Sham's and his brother's shops.

(*vi*) In order to avoid the awkward repetition of the same sound, the Possessive is generally formed by adding (') at the end ; as,

نیکی کی خاطر	For goodness' sake.
مہربانی کی خاطر	For kindness' sake.

Rules for the use of the Possessive or Genitive case

The Possessive or Genitive case is used for :

(*i*) Names of living things ; as

کتے کی ٹانگ	A dog's leg.
رام کی کرسی	Rama's chair.

(*ii*) Names of personified objects ; as,

قسمت کا دھنی	Fortune's favourite.
قدرت کے قانون	Nature's laws.

(*iii*) Nouns denoting time, distance and weight ; as,

تین دن کی رخصت	Three days' leave
ایک گز کی لمبائی	A yard's length.
پانچ سیر کا بٹہ	A five seers' weight.

Note.—Apostrophe and *s* (*'s*) is never used with nouns denoting objects without life except those showing time, distance and weight.

(*iv*) Phrases permitted by common usage; as,

تہوڑے سے فاصلہ پر	At a stone's throw.
تمام اصول میرے اچھی طرح یاد ھیں -	I have got all the rules *at my fingers' ends.*

EXERCISE 27.

ا - زبانی - (۱) میرے لئے ایک پانی کا گلاس لاؤ (۲) اس ہولڈر کے نب کی قیمت تین روپے ہے (۳) اس پرندے کے پر کاٹ دئے گئے ہیں (۴) میرے گھوڑے کی ٹانگ ٹوٹ گئی ہے (۵) یہ لڑکا اپنے والد صاحب کی نصیحت پر عمل کرتا ہے (۶) رام۔ شام اور کرشن کی کتابیں کھوئی گئی ہیں (۷) براہِ مہربانی مجھے تین روز کی رخصت مرحمت فرماویں۔ (۸) میں نے چار میل کا فاصلہ ایک گھنٹہ میں طے کیا (۹) اس کمرے کی لمبائی پندرہ فٹ ہے (۱۰) رام کی موت کی خبر غلط ہے (۱۱) یہ تصویر میرے والد صاحب کی ہے (۱۲) اس تصویر کے مالک میرے والد صاحب ہیں (۱۳) اس شہر کے لوگ عموماً تجارت پیشہ ہیں (۱۴) ہری اور اندر کا کمرہ میرے کمرے کے نزدیک ہے (۱۵) ہری اور اندر کے کمرے نزدیک نزدیک ہیں +

ب - تحریری - (۱) اس مکان کی قیمت دو ہزار روپیہ ہے (۲) میں نے آج چھ روز کی اتفاقیہ رخصت کے لئے درخواست بھیجی ہے (۳) وید پرکاش کا خط تمام لڑکوں کے خط سے بہتر ہے (۴) جیومیٹری کے تمام مسائل میرے اچھی طرح یاد ہیں (۵) یہ بیچارہ بوڑھا آدمی قریب المرگ ہے۔ اس کو مت ستاؤ (۶) میں نے عزیز بخش کا گھر نیلامی میں خرید لیا ہے (۷) ملکہ وکٹوریہ کا لڑکا ایڈورڈ ہفتم تھا۔ (۸) سینٹ تھامس کا ہسپتال دُنیا کے مشہور ہسپتالوں میں سے ایک ہے (۹) پنجاب کے گورنر صاحب کی کوٹھی بہت شاندار ہے۔ (۱۰) وہ اپنے خسر کی بیماری کی خبر سُن کر فوراً چل پڑا۔ (۱۱) یہ تو دس سیر کا بٹہ ہے۔ مجھے پانچ سیر کا چاہئے (۱۲) تمہارے بھائی کا گھر میرے گھر کے قریب ہی واقع ہے (۱۳) قدرت کے قانون نہایت مکمل ہیں (۱۴) میرا کام تو ختم ہو گیا۔ مگر تمہارا ابھی نامکمل ہے۔ (۱۵) بعض حالات میں ایک دن کی

X
naseem

دیری بھی کام بگاڑ دیتی ہے (۱۶) ایسے آدمیوں کو تو پرے ہی رکھنا بہتر ہے
(۱۷) سورج کی کرنیں ایک دوسرے کے متوازی ہوتی ہیں (۱۸) بچے جی بھر کر
کھیلے (۱۹) کئی دن کے سفر کے بعد ہم ایک شہر میں پہنچے (۲۰) آدمیوں کا
لباس عورتوں کے لباس سے مختلف ہوتا ہے +

Vocabulary.

A. 2. Cost. 3. Wings. 5. To act upon, advice. 8 To cover, distance. 13. Traders.

B. 2. Casual. 3. Handwriting. 4. Propositions, at one's fingers' ends. 5. On the point of. 6. Auction. 9. His Excellency the Governor, grand. 10. Father-in-law, set out. 11. Weight. 12. At a stone's throw 13. Laws, perfect 14. Incomplete. 15. Circumstances, delay, spoil. 16. At an arm's length. 17 Parallel. 18. To one's heart's content. 20. Clothes.

Chapter XXI.

PERSONAL PRONOUNS.

Personal Pronouns are used for persons. They are of the following *three* Persons :—

(*i*) Pronouns of the **First Person** ; (متکلم) ; as, *I*, *my*, *me* etc

(*ii*) Pronouns of the **Second Person** ; (مخاطب) ; as, *you your*, *thou* etc.

(*iii*) Pronouns of the **Third Person** (غائب) ; as *he*, *her*, *they* etc.

A **Personal Pronoun** is used in place of a noun, therefore it must be of the same *number*

person and *gender* as the noun for which it stands. The following table regarding the different forms of Personal Pronouns for different *persons*, *numbers*, *genders* and *cases* should be carefully studied.

Person.	Case.	Singular Masculine and Feminine.	Plural Masculine and Feminine.
First.	Nominative	I	We.
	Possessive	My or mine	Our or ours
	Objective.	Me	Us.
Second.	Nominative	Thou	You
	Possessive	Thy or Thine	Your or yours
	Objective	Thee	You
Third	Nominative	Mas. Fem. Neuter. He She It.	They
	Possessive	His Her Its. or Hers	Their or theirs
	Objective	Him Her It	Them

Note 1.—Order in which Personal Pronouns are used in a sentence is II, III and I; as,

میں نے آپ نے اور کرشن نے اپنا کام ختم کر لیا ہے۔ — You, Krishan and I have finished our work.

Note 2.—*His* is used both as an Adjective, and as a Pronoun; as,

یہ اس کا گھر ہے۔ — This is *his* house. (Possessive Adjective.)

یہ گھر اس کا ہے۔ — This house is *his*. (Possessive Pronoun.)

But *mine, yours, theirs* and *ours* are Posses-

sive Pronouns ; as,

یہ گھر میرا ھے ۔	This house is ***mine.***
وہ کتاب تمہاری ھے ۔	That book is ***yours.***

Note 3.—Yours, hers, theirs and ours should never be written with an apostrophe (').

Note 4.—*Thou*, *thy* and *thee* are not used in modern English except in Poetry or with reference to God ; as,

اے پرماتما ۔ تو ھر جگہ موجود ھے ۔	O God : thou art omnipresent.

A Reflexive Pronoun is formed by adding *self* or *selves* to a Personal Pronoun. It is used to give emphasis to a pronoun or as the object of a verb ; as,

میں خود اس تمام کام کا ذمہ وار ھوں ۔	I ***myself*** am responsible for all this work.
اُس نے چوٹ کھا لی ۔	He hurt ***himself.***

EXERCISE 28.

(۱) میں-تم اور شام ہر روز سیر کو جاتے ہیں (۲) تم میری نسبت بہتر کھلاڑی
ہو (۳) رام مجھ سے بڑا ہے (۴) ہمیں اتنے ہی آم ملے جتنے تمہیں (۵)
کیا تم اتنا اچھا گا سکتے ہو جتنا وہ (۶) میرا اور وید کا یہاں انتظار کرو (۷)
سوائے اُس کے اور کوئی یہاں نہ تھا (۸) میرا بھائی چوٹ کھا بیٹھا (۹)
لڑکے کمرے میں چھپ گئے (۱۰) اپنے آپ کو دھوکا مت دو (۱۱) آؤ۔
میں اور تم اکٹھے چلیں (۱۲) میں نے خود اس کو یہاں آتے دیکھا (۱۳) تم
نے خود ہی ایسا کہا تھا (۱۴) شہر خود بہت چھوٹا ہے (۱۵) یہ کمرہ ہمارا ہے

وہ تمہارا۔ (۱۶) یہ کتاب اس (لڑکی) کی ہے۔ وہ اس (لڑکے) کی۔ (۱۷)
یہ ہمارا سکول ہے۔ یہ سکول ہمارا ہے (۱۸) اے پرماتما! تو بڑا
مہربان ہے (۱۹) آپ کا کمرہ میرے کمرے سے بڑا ہے (۲۰) تم اور
کرشن دونو دوست ہو ۔

Vocabulary.

3. Old. 6. Wait. 8 Hurt 10. Deceive. 18. Kind

Chapter XXII

RELATIVE PRONOUNS.

A Relative Pronoun *refers back* to some other noun or Pronoun. It also *joins* the dependent clause of a sentence. The noun or pronoun for which a Relative Pronoun is used is called the **Antecedent** ; as,

وہ کتاب جو میں نے کل خریدی تھی گم ہو گئی ھے ۔	The *book* (Antecedent) *which* I purchased yesterday has been lost.

Case	Singular & Plural Masculine, and Feminine	Singular & Plural Neuter
Nominative	who	which
Possessive	whose	whose or of which
Objective	whom	which

The Relative Pronouns are :—

1. **Who**, refers to *persons*, ; as,

وہ لڑکا جو ہمیں ملا تھا دسویں جماعت میں پڑھتا ہے ۔

The boy *who* met us reads in the tenth class.

2. **Which**,—refers to *animals* or *things* as,

وہ کتاب جو تم نے کل مجھے دی تھی بڑی دلچسپ ہے ۔

The book *which* you gave me yesterday is very interesting.

3. **That**,—refers to *persons*, *animals* or *things ;* as,

یہی گھر ہے جہاں پر میں رہتا ہوں ۔

This is the house *that* I live in.

یہ شیر ہے جو کہ افریقہ سے لایا گیا ہے ۔

This is the lion *that* has been brought from Africa.

جو لڑکا باقاعدہ کام کرتا رہتا ہے وہ امتحان میں کامیاب ہو جاتا ہے ۔

The boy *that* works regulary succeeds in the examination.

It is preferable to use the Relative Pronoun '*that*' instead of '*who*' or '*which*' in the following cases :—

(*i*) After an Adjective in the Superlative Degree ; as,

پنڈت موتی لال جیسا اعلےٰ مدبر کبھی ہندوستان میں

Pandit Moti Lal was the best statesman *that*

پیدا نہیں ہوا ۔	was ever born in India.

(*ii*) After the words '*only*' '*any*' '*same*' '*all*' etc. as,

یہ وہی کتاب ہے جو میں نے تمہیں دی تھی ۔	This is the same book ***that*** I gave you.
ہر ایک چیز جو چمکتی ہے سونا نہیں ہوتی ۔	All ***that*** glitters is not gold.
صرف شرارت ہی ہے جس سے میں نفرت کرتا ہوں	The only thing ***that*** I hate is mischief.
جو لڑکا دیر سے آتا ہے سزا پاتا ہے ۔	Any boy ***that*** comes late is punished.

(*iii*) When the Relative Pronoun refers jointly to '***persons***' '***animals***' or '***things***'; as,

واپس آکر گلیور نے ان آدمیوں ۔ جانوروں اور ملکوں کے حالات سنائے جو کہ اس نے دیکھے تھے ۔	On his return Gulliver described those men, animals and countries ***that*** he had seen.

(4) **What** (= that which). It refers to only 'things' in the Nominative and Objective case. Its antecedent is not expressed; as,

جو کچھہ میں کہتا ہوں وہی میں کرتا ہوں	I always do *what* (that which) I say.
جو کچھہ میں کہتا ہوں توجہ سے سنو ۔	Listen carefully to *what* (that which) I say,

(5) **As**,—It is used as a Relative Pronoun

after the words '*such*' and '*same*'. It refers to ***persons*** or ***things***; as,

میں نے موھن جیسا نیک لڑکا کبھي نہیں دیکھا	I have never seen such a good boy *as* Mohan.
میں وھی رعایت چاھتا ھوں جومیں پچھلے سال لے رھا تھا -	I want the same concession *as* I enjoyed last year.

Note.—1. The Relative Pronoun is seldom omitted. It can only be omitted when it is in the objective case.

وہ کتاب جو میں نے اس سے عارئیاً لی تھی میں نے اُس کو واپس کر دی ھے -	I have returned to him the book (which) I borrowed from him.

2. The Relative Pronoun must be placed as near its antecedent as possible or the meaning my be obscure or nonsense; as,

میں اپنے وطن جاتے ھوئے جو کہ انبالہ ضلع میں ھے لاھور اترا -	I dropped at Lahore on my way home *which* is in Ambala District.

Compound Relative Pronouns :—

'*Ever*', '*so*' or *soever* added to *who*, *which* and *what* make them Compound Relative Pronouns, as,

جو کچھہ میں نے کہا تھا لفظ بہ لفظ درست نکلا	*Whatever* I said was literally true.
جو کوئی ایسا کریگا سزا پائیگا -	*Whosoever* does it will be punished.

EXERCISE 29.

(۱) یہ وہی آدمی ہے ۔جس نے تمہاری مدد کی تھی (۲) جو وقت ضائع ہو جاتا ہے ۔ وہ پھر حاصل نہیں ہو سکتا (۳) جو خط تم نے لکھا تھا وہ میرے پاس نہیں پہنچا (۴) تمہیں ایسے لڑکے کی صحبت سے بچنا چاہیئے۔ جو جھوٹ بولتا ہو (۵) وہ نوکر جو تم نے میرے پاس بھیجا تھا بھاگ گیا ہے۔ (۶) جو آدمی ایماندار ہوتا ہے اس کا سب اعتبار کرتے ہیں (۷) جو کام تم نے کرنا ہے ۔وہ بہت ہی آسان ہے (۸) ہم ان اشخاص سے ملے ۔جن کے مکانات جل گئے تھے (۹) اس کا جواب ایسا تھا جس کو میں برداشت نہ کر سکا ۔ (۱۰) جن کو دیوتا محبت کرتے ہیں وہ جوانی میں مر جاتے ہیں (۱۱) جو کوئی یہاں آئے گا وہ تمہیں ملے گا (۱۲) جو کچھ وہ کرتا ہے اچھی طرح کرتا ہے (۱۳) مجھے وہ چاقو دو ۔جو تم نے خریدا تھا (۱۴) پرماتما ان کی مدد کرتا ہے ۔جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں (۱۵) جو شخص سب کے ساتھ محبت کرتا ہے ۔اُس کی سب عزت کرتے ہیں (۱۶) جو طالب علم اپنا کام باقاعدہ کرتا ہے ۔ وہ ضرور امتحان میں کامیاب ہو جاتا ہے (۱۷) ان کے نام ہمیشہ زندہ رہتے ہیں ۔جو کسی نیک کام کے لئے اپنی جان دے دیتے ہیں (۱۸) فلورنس پہلی عورت تھی ۔جس نے اپنی تمام عمر ہسپتالوں اور مریضوں کی حالت بہتر بنانے کے لئے وقف کر دی (۱۹) ایک چیز جس کی سب سے زیادہ قدر کرنی چاہیئے ۔ وہ انسان کا چال چلن ہے۔ (۲۰) یہ ایسا آدمی ہے جو اپنی مطلب براری کے لئے ہر جائز و ناجائز کام کر لیتا ہے (۲۱) اکبر پہلا مغل بادشاہ تھا جس نے اپنی حکمت عملی سے ہندوؤں کی ہمدردی حاصل کی ۔ (۲۲) وہ آدمی جس کے دل میں بنی نوع انسان کے لئے محبت نہ ہو ۔انسان کہلانے کا مستحق نہیں (۲۳) جس آدمی کو اپنے لفظ کا پاس نہیں ۔اس سے اور کیا اُمید ہو سکتی ہے ؟ (۲۴)

جو شخص چور کا پتہ لگائے گا ۔اس کو انعام دیا جائیگا - (۲۵) جس جگہ میں رہتا ہوں۔ وہ شہر کے عین وسط میں واقع ہے

Vocabulary.

2. Lose , regain. 4. Avoid, company. 6. Honest, trust. 8. Burn. 9. Tolerate. 10. Young. 12. Well. 15. Honour. 16. Regularly. 17. Sacrifice, noble cause. 18. Patient, improve, dedicate. 19. To prize, above all. 20. Fair or foul, to gain one's ends, resort to. 21. Policy, win, sympathy. 22. Humanity, deserve. 23. To stand by one's word, expect of. 24. To reward. 25. In the heart of.

Chapter XXIII.

INTERROGATIVE AND INDEFINITE PRONOUNS.

(*i*) Interrogative Pronouns.

Who, *whose*, *whom*, *which*, and *what* are, **Interrogative Pronouns.** *Who whose*, and *whom* are used for *persons* only, *which* for *things* or for *persons* when it shows *selection*, and *what* for *things* ; as,

وہ کون ہے -	*Who* is he ?
تم کس کو ملنا چاہتے ہو۔	*Whom* do you want to see ?
یہ کتاب کس کی ہے -	*Whose* book is this ?
تمہارا کون سا گھر ہے -	*Which* is your house ?
تمہارے جماعتیوں میں سے کس نے یہ شرارت کی ہے -	*Which* of your class-fellows has done this mischief ?

اُس تمام گفتگو سے تمہارا کیا مطلب ھے ۔	*What* do you mean by all this talk ?
تمہارے والد صاحب کا کیا پیشہ ھے -	*What* is your father ?

(In this particular sense, *what* stands for a *person*).

(*ii*) Indefinite Pronouns.

One, *none it*, *they*, *some*, *few*, *many*, *any*, and *anybody* are **Indefinite Pronouns** because they refer to *persons* or *things* in a *general* way ; as,

کہتے هیں کہ وہ دھوکے باز شخص ھے -	*They* say, he is a cheat.
هر ایک کو اپنی صحت کی احتیاط رکھنی چاهئے	*One* should be careful of *one's* health.

Note: A great care is required in the use of the Indefinite Pronoun '*one*'. Students having commenced a sentence with this pronoun change it into '*he*' '*his*' or '*him*' as they proceed with the sentence. They should take care to repeat '*one*' and refer to it by means of *one's*.

One should remember that it is *his* duty to help *his* fellow beings even at the cost of *his* own pleasure. (Wrong).

The correct form of the above sentence is,—

One should remember that it is *one's* duty to help *one's* fellow beings even at the cost of *one's* own pleasures.

EXERCISE 30.

(اَ) (۱) تمہیں کونسی کتاب کی ضرورت ہے ؟ (۲) یہ میز کس نے توڑی ہے ؟ (۳) تم یہاں کس کی انتظار کر رہے ہو ؟ (۴) ریلوے سٹیشن کو کونسا راستہ جاتا ہے ؟ (۵) یہ مکان کس کا ہے ؟ (۶) اس غیر وقت آنے کا تمہارا کیا کام ہے ؟ (۷) ان میں سے تم کونسا کمرہ کرایہ پر لینا چاہتے ہو ؟ (۸) دروازہ پر کون دستک دے رہا ہے ؟ (۹) یہ دھرم شالہ کس نے بنوائی ہے ؟ (۱۰) کل سے اب تک تم کیا کرتے رہے ہو ؟ (۱۱) تم کس بات کا ذکر کرتے ہو ؟ (۱۲) تمہیں یہ کتاب کس نے دی ؟ (۱۳) تم کیا چاہتے ہو ؟ (۱۴) تمہاری کتابیں کونسی ہیں ؟ (۱۵) ان میں سے کونسا لڑکا زیادہ ہوشیار ہے ؟ (۱۶) تم کس کو ملنا چاہتے ہو ؟ (۱۷) کون سی چیز زیادہ اچھی ہے ۔ عزت یا دولت ؟ (۱۸) کل کس کے گھر کی تلاشی ہوئی ؟ (۱۹) ان چیزوں میں سے کون سی زیادہ قیمتی ہے ؟ (۲۰) تمہارا کیا نام ہے ؟ (۲۱) تمہارا کیا پیشہ ہے ؟

(آ) (۱) کسی کو اپنی دولت کا غرور نہیں کرنا چاہیے (۲) کہتے ہیں کہ اس کا بہت نقصان ہؤا ہے (۳) کسی نے میری کتاب چرا لی (۴) ان میں سے بہت سے سپاہی مارے گئے (۵) بعض پیدائشی گونگے ہوتے ہیں (۶) ہم میں سے کوئی نہ کوئی تمہیں وہاں ملیگا (۷) سب کا کام کسی کا کام نہیں ہوتا مگر ہر ایک کو معلوم ہونا چاہیے کہ اس کا کیا فرض ہے (۸) کسی کو پتہ نہیں کل کیا ہونا ہے (۹) بعض کہتے ہیں کہ کامیابی قسمت پر منحصر ہے (۱۰) تمہارے کسی دوست نے تمہاری مصیبت میں تمہارا ہاتھ نہ بٹایا ۔ (۱۱) سب کو بارہ بجے مدعو کیا گیا ہے (۱۲) ہر ایک آدمی نے جو وہاں موجود تھا کچھ نہ کچھ چندہ دیا ۔ (۱۳) کوئی آدمی مرنا نہیں چاہتا ۔ حالانکہ سب جانتے ہیں ۔ کہ موت سے کوئی بچ نہیں سکتا (۱۴) بہتوں کو اس بیوپار سے فائدہ ہؤا ہے ۔ اور بہت برباد ہو گئے ہیں +

Vocabulary.

(*i*) 3. Wait. 4. Lead. 6. Unusual hour. 7. Rent. 8. Knock at. 11. To talk of. 15. Cleverer. 17. Riches, honour. 18. Search. 19. Costly. 20. Who are you ? 21. What are you ?

(*ii*) 1. To be proud of, riches. 2. To lose heavily. 5. Born singers. 7. Every body's business is nobody's business. 8. Duty. 10. Depend upon, luck 11. Help. 12. Invite. 13. To subscribe. 14. Escape. 15. To gain, ruin.

Chapter XXIV

COMPARISON OF ADJECTIVES.

There are *three* degrees of Comparison :—

(*i*) *Positive* (تفصیل نفسی) ; as, *Easy* (آسان) *bad* (خراب)

(*ii*) *Comparative* (تفصیل بعض) as *easier* (زیادہ آسان) *worse,* (زیادہ خراب)

(*iii*) *Superlative* (تفصیل کل); as, *Eastest* (سب سے آسان), *worst* (سب سے خراب)

Note I.—*It should be carefully remembered that only Adjectives of Quality and those of Quantity are compared.*

Note II.—Comparative and Superlative Degrees of Adjectives are generally formed by the addition of either '*er*' and '*est*' or '*more*' and '*most*' to the Positive Degree.

Note III.—The table on the opposite page shows that the Comparative and Superlative Degrees of some Adjectives are formed irregularly.

Adjectives are formed irregulary :—

Positive	تفصیل نفسی	Comparative	تفصیل بعض	Superlative	تفصیل کل
لفظ	معنی	لفظ	معنی	لفظ	معنی
Good, well	اچھا	Better	زیادہ اچھا یا بہتر	Best	سب سے زیادہ اچھا یا بہتر
Bad, evil, ill	برا	Worse	زیادہ برا	Worst	سب سے زیادہ برا
Little	چھوٹا یا کم	Less	زیادہ چھوٹا یا کم	Least	سب سے چھوٹا یا کم
Far	دور	Farther	زیادہ دور	Farthest	سب سے زیادہ دور
Fore	اگلا	Former	زیادہ اگلا یا پہلا	Foremost or first	سب سے زیادہ اگلا یا پہلا
1. Much (quantity) 2. Many (number)	بہت (مقدار / تعداد)	More	بہت زیادہ	most	سب سے زیادہ
Old	بڈھا یا پرانا	Older or Elder	زیادہ بڈھا یا پرانا	Oldest or Eldest	سب سے زیادہ بڈھا یا پرانا
Late	دیر کا یا پچھلا	Later (time)	زیادہ دیر کا	Latest (time)	سب سے زیادہ دیر کا (بلحاظ وقت)
		Latter (order)	(بلحاظ ترتیب) زیادہ پچھلا (بلحاظ ترتیب)	Last (order)	سب سے زیادہ پچھلا (بلحاظ ترتیب)
Near	نزدیک یا قریب	Nearer	زیادہ نزدیک یا قریب	Nearest	سب سے زیادہ نزدیک یا قریب
Nigh	نزدیک یا قریب	Nigher	زیادہ نزدیک یا قریب	Nighest or next	سب سے زیادہ نزدیک یا قریب

The Positive Degree of an Adjective is used to ***simply describe*** a noun ; as,
Rama is a ***good*** boy. رام اچھا لڑکا ھے -

The Comparative Degree denotes a higher degree of quality. It is used ***to compare two things*** ; as,

موھن شام سے اچھا ھے - یا بہتر ھے - Mohan is ***better*** than Sham.

The Superlative Degree denotes the highest degree of the quality. It is used to ***compare more than two*** things ; as,

موھن سب سے اچھا لڑکا ھے - Mohan is the ***best*** boy.

The following directions regarding the use of Adjectives should be carefully followed :—

(*i*) '*The*' must be used before an Adjective in the Superlative Degree, provided it is not followed by a Possessive Adjective ; as,

من موھن اپنی جماعت میں سب سے چالاک لڑکا ھے - Man Mohan is ***the cleverest*** boy in the class.

من موھن میرا سب سے اچھا دوست ھے - Man Mohan is ***my*** best friend.

(*ii*) An Adjective in the Superlative Degree is generally followed by '*of*' ; as,

سونا تمام دھاتوں سے زیادہ قیمتی ھے - Gold is the most costly *of* all metals.

(*iii*) An Adjective in the Comparative Degree is generally followed by '***than***'; as,

رام اپنے بھائی سے زیادہ خوبصورت ھے -	Rama is more beautiful ***than*** his brother.

(*iv*) The following Adjectives when used to compare two things take '***to***' instead of ***than*** after them :—***Inferior superior***, ***prior***, ***major***, ***minor***, ***junior***, ***senior***.

اُسکا بڑا بھائی اُس سے لیاقت میں کم ھے -	His elder brother is inferior ***to*** him in ability.
یہ کپڑا اس سے بڑھیا ھے -	This cloth is superior ***to*** that.
مسلمانوں کے ھند میں آنے سے پہلے یہاں پر چھوٹی چھوٹی بہت سی راجپوت ریاستیں تھیں	There were many petty Rajput kingdoms in India prior ***to*** the coming of the Mohammedans.

(*v*) Double Comparative or double Superlative Degree should never be used ;

وہ مجھہ سے زیادہ لمبا ھے -	It is wrong to translate this sentence as, He is ***more taller*** than I.

The correct sentence is : He is taller than I. Similarly it is wrong to use ***most tallest*** in place of '***tallest***.'

(*vi*) Adjectives such as ***perfect***, ***universal***, ***eternal***, ***complete***, ***unique*** and ***round*** cannot be compared because they do not admit of different degrees.

EXERCISE 31.

(۱) کرشن اور گوپال میں سے اوّل الذکر زیادہ ہوشیار ہے (۲) مجھے ذرا اس سے بڑھیا کپڑا چاہئے (۳) اس کی حالت پہلے سے زیادہ خراب ہے۔ (۴) ان دونوں بھائیوں میں سے کون سے زیادہ ذہین ہے؟ (۵) عمر میں کون بڑا ہے تم یا وہ؟ (۶) اس کمرے میں چالیس سے زیادہ لڑکے نہیں بیٹھ سکتے (۷) یہ کتاب دوسری کتابوں سے زیادہ دلچسپ ہے (۸) یہ میرا سب سے بڑا لڑکا ہے (۹) میرا بھائی اس سے اگلے گھر میں رہتا ہے (۱۰) سکول سے رام لال کا گھر تمہارے گھر سے زیادہ دُور ہے (۱۱) کوہ ہمالیہ دُنیا میں بلند ترین سلسلہ کوہ ہے (۱۲) دریائے گنگا دریائے جمنا سے بڑا ہے (۱۳) باغ میں یہ سب سے پرانا درخت معلوم ہوتا ہے (۱۴) گوپال جماعت میں سب سے چھوٹا ہے (۱۵) گلاب سب سے خوبصورت پھُول ہے (۱۶) رنگون سلطنتِ برطانیہ کے سب سے خوبصورت شہروں میں سے ایک ہے (۱۷) تاج محل دنیا کی شاندار عمارتوں میں سے ایک ہے (۱۸) یہ کپڑا اس کپڑے سے ذرا گھٹیا ہے (۱۹) یہ سب سے خوبصورت نظارہ ہے جو میں نے کبھی دیکھا ہے (۲۰) ہندوستان کے چند ہی شہر اتنے بڑے ہیں جتنا دہلی (۲۱) قلم تلوار کی نسبت زیادہ طاقتور ہے (۲۲) وہ اتنا معصوم ہے جتنا کہ بچہ (۲۳) ریل گاڑی سے سفر کرنے کی نسبت موٹر میں سفر کرنا زیادہ خطرناک ہے (۲۴) ملکہ وکٹوریہ کے تخت نشین ہونے سے پہلے انگلستان کی سیاسی حالت بہت خراب تھی۔ (۲۵) تم ملازمت میں مجھ سے ایک سال زیادہ دیر کے ہو۔

Vocabulary.

1. Former. 2. Superior. 4. Intelligent. 11. The Himalaya, range. 13. Old. 15. Rose. 16. The British Empire. 17. Grand. 18. Inferior. 19. Scene. 21. Mighty. 22. Innocent. 23. Dangerous. 24. Prior, accession, political. 25. Senior.

Chapter XXV.

Correct use of some Adjectives.

(1) Some and any.

اُس نے مجھے تھوڑا سا دودھ دیا - He gave me *some* milk. (Used in affirmative sentences).

اُس نے مجھے کوئی کتاب نہیں دی - He did not give me *any* book. (Used in negative sentences).

Note.—It is a common mistake among students to translate the sentence اُس نے مجھے کوئی کتاب نہیں دی like this; He gave me *no any* book. It is wrong to do so.

(2) Much and Many.

اُس کنویں میں بہت پانی ہے - There is *much* water in that well. (مقدار)

کمرے میں بہت سے لڑکے ہیں - There are many boys in the room. (تعداد)

Note.—' *Many a* ' is always followed by a noun in the singular number; as, یہاں بہت سے آدمی موجود ہیں Many a *man* is present here.

(3) Each other and One another.

عزیز اور احمد ایک دوسرے کو محبت کرتے ہیں -	Aziz and Ahmed love *each other.* (Used in case of two persons or things).
اس جماعت کے لڑکے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں -	The boys of this class love *one another.* (Used in case of more than two persons or things).

(4) Little, A little, and The little.

اس کو اس مضمون کی کچھہ واقفیت نہیں -	He has *little* knowledge of this subject. ('Little' has a negative meaning).
مجھے تھوڑی سی نقدی کی ضرورت ہے -	I want *a little* money. (A little has a positive meaning. کچھہ)
جو تھوڑا سا روپیہ میرے پاس ہے وہ سب میں تمکو دے سکتا ہوں -	I can give you the little money I have. ('*The little*' means '*not much.*' He has not much money but he can give whatever he has.)

(5) Few, A few, and The few.

اس کا کوئی دوست نہیں -	He has *few* friends. ('*Few*' has a negative sense).
میں نے اپنے چند دوستوں کو کھانے پر بلایا ہے -	I have invited *a few* friends to dinner. '*A few*' has a positive sense.)

جو چند دوست میرے یہاں ہیں وہ سب میری مدد کرنا پسند نہیں کرتے -	*The few* friends I have here do not like to help me.

(6) All and Whole.

آج تمام لڑکے حاضر ہیں -	*All* the boys are present to-day.
تمام جماعت شور مچا رہی ہے -	The *whole* class is making a noise.

Note.—' All ' is generally followed by '*the*' but 'whole' is preceded by '*the*'

تمام ہندوستان نے اُسکی موت پر ماتم کیا -	*All* India mourned his death. *or* *The* whole of India mourned his death.

Note —'Whole' is never used before a Proper Noun unless preceded by '*the*' and followed by '*of*' '*All*' is used before a Proper Noun.

EXERCISE 32.

(۱) کیا کمرے میں کوئی لڑکا ہے؟ (۲) براہِ مہربانی مجھے تھوڑا سا پانی دو۔
(۳) دونوں بھائی آپس میں لڑ پڑے اور ہمیشہ کے لئے ایک دوسرے سے
جدا ہو گئے (۴) آج دریا میں بہت پانی ہے (۵) بہت سے لوگ صبح ہوا خوری
کے لئے دریا کی طرف جاتے ہیں (۶) تمہاری کامیابی کی کچھ امید نہیں (۷)
جو تھوڑی نقدی اس کے پاس تھی بدقسمتی سے وہ چور لے گئے (۸) ہمیں
دُنیا میں ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہئے (۹) جب چند سال کے بعد میں
اس کو ملا۔ میں اس کو ہرگز نہ پہچان سکا (۱۰) مصیبت کے موقعہ پر تھوڑی سی

مدد بھی بہت کام کر دیتی ہے (۱۱) شائد ہی کوئی آدمی اپنی موجودہ حالت سے
خوش ہو (۱۲) تمام لڑکوں کو معلوم ہے کہ کون قصوروار ہے (۱۳) تمام کتابوں کی
جلد بندی کرا دینی چاہیئے (۱۴) اس کے واپس آنے پر تمام شہر نے اظہار مسرّت
کیا (۱۵) یہ لڑکا صرف تھوڑی سی محنت سے پاس ہو سکتا ہے (۱۶) تھوڑے سے
ہی آدمی ہیں۔ جو ہمیشہ سچ بولتے ہیں (۱۷) چند دن کے آرام سے تمہاری
صحت سدھر جائیگی (۱۸) جدا ہوتے وقت جو چند الفاظ اس نے کہے وہ نہایت
ہی پُر تاثیر تھے۔ (۱۹) موہن اور سوہن ایک دوسرے سے حسد کرتے ہیں (۲۰)
مجھے اس معاملہ میں ذرا بھی دلچسپی نہیں (۲۱) کیا تمہارے پاس کل کوئی خط نہیں
آیا؟ (۲۲) تمام مزدوروں نے ہڑتال کر دی ہے (۲۳) تمہارے جواب
مضمون میں بہت سی غلطیاں ہیں (۲۴) استاد صاحب نے تمام جماعت کو
کھڑا ہونے کا حکم دیا۔ (۲۵) حکم پاتے ہی تمام لڑکے اٹھ کھڑے ہوئے ‌+

Vocabulary.

3. To fall out, to part, for good. 6. Little hope, success. 7. Cash, unfortunately. 9. Recognise, at all 10. Trouble. 11. Present situation. 12. In fault 13. To bind 14. To express joy, return. 16. To speak the truth. 17. Improve, rest. 18. Separation, impressive. 19. Jealous. 20. Interest. 22. To strike work. 23. Essay.

Chapter XXVI.

THE ARTICLE.

There are three articles '*a*', '*an*' and '*the*'; 'a' and, 'an' are called the **Indefinite Articles** and 'the' is called the Definite Article.

As a general rule an article is used

before a common noun in the singular number ; as,

یہ میز ہے -	This is *a* table.
اس کسان کے پاس بیل ہے -	This farmer has *an* ox.
جو کتاب میں نے کل خریدی تھی بڑی دلچسپ ہے -	*The* book that I bought yesterday is very interesting.

Use of 'A' or 'An'.

(*i*) *'A'* is used before a word beginning with a consonant sound ; as,

(*a*) لڑکا *A* boy. عورت *A* woman.
کتاب *A* book.

(*b*) یونیورسٹی *A* university. مغربی آدمی
A European. کارآمد چیز a useful thing
ایک روپیہ کا نوٹ *A* one-rupee note.

(The words University, European, and useful begin with a consonant sound that of '*yu*,' while 'one' begins with the consonant sound of '*w*'.)

(*ii*) '*An*' is used before a word beginning with a vowel sound or a silent '*h*' ; as
گدھا *A*n ass, گھنٹہ *An* hour, ایماندار آدمی
An honest man etc.

(*iii*) '*An*' is often used before words beginning with '*h*' not accented on the first syllable ; as,

تواریخی شخصیت An historical personage.

(The use of '*a*' before all words beginning

with '*h*' is common in modern English.)

Use of 'The.'

'*The*' is used,—

(*i*) In speaking of a *particular* person or thing or one which has *already* been *mentioned* or is *known* to the speaker; as,

جو لڑکا کل یہاں آیا تھا وہ بڑا شرارتی ھے - *The* boy who came here yesterday is very naughty.

آو میدان چلیں Let us go to *the* playground.

(*ii*) When a *Singular noun* is meant to represent *a whole class*; as,

کتا ایک وفادار جانور ھے - *The* dog is a faithful animal.

اونٹ صحرا کا جہاز کہلاتا ھے- *The* camel is called the ship of the desert.

(*iii*) Before an *adjective* when the noun is understood; as,

ھمیں غریبوں کی مدد کرنی چاھئے - We should help *the* poor.

(*iv*) Before common nouns which denote things *unique* of their kind; as,

سمندر *The* sea, آسمان *The* sky, سورج *The* sun etc.

(*v*) Before names of *groups of islands*, *mountain ranges*, *gulfs*, *rivers*, *seas* and *oceans*; as,

جزائر غرب الهند *The* West Indies; کوہ ایلپس

The Alps. خلیج فارس *The* Persian Gulf. دریائے سندھ *The* Indus ; بحیرہ عرب *The* Arabian Sea ; بحر ھند *The* Indian Ocean.

(*vi*) Before names of ***nations ;*** as,

انگریز لوگ *The* English, مسلمان *The* Mohammadans, ھندو *The* Hindus.

(*vii*) Before the names of ***sacred books*** ; as,

رامائن The Ramayana ; قرآن The Quran بایبل *The* Bible.

(*viii*) Before the names of ***ships***, ***newspapers*** and ***aeroplanes*** ; as

ملتان جہاز کل ھی آیا ھے - *The* s.s. Multan arrived only yesterday.

تریبیون پنجاب میں بہت پڑھا جاتا ھے - *The* Tribune is widely read in the Punjab.

ھم ھوائی جہاز موتھ میں اڑے ۔ We had a flight in *the* Moth.

(*ix*) With ***superlative*** degree of Adjectives ; as,

وہ سب سے اعلےٰ لڑکا ھے ۔ He is ***the best*** boy.

یہ سب سے دلچسپ اور مفید کتاب ھے ۔ This is ***the*** most interesting and useful book.

(*x*) Before ***comparatives*** used as ***adverbs ;*** as,

جتنی زیادہ محنت کروگے اُتنے ھی زیادہ نمبر حاصل کروگے ۔ ***The*** more you work ***the*** more marks you will get.

(*xi*) Before *descriptive* names ; as

پنجاب *The* Punjab. دکن *The* Deccan ;

اضلاع متحدہ امریکہ *The* United States of America.

(*xii*) Before nouns to give special *emphasis* ; as,

تم جیسے لڑکوں کے لئے یہی سزا ہے - This is *the* punishment for a boy like you.

(*xiii*) In certain fixed phrases ; as,

By the arm ; on the head ; on the right ; on the increase ; to the last; in the bargain.

Omission of Article.

The article is omitted :—

(*i*) Before a common noun in the singular number used in a general sense ; as,

انجمن اقوام باہمی کا مدعا ہے - کہ لوگ بھائیوں کی طرح رہیں- The League of Nations aims at the Brotherhood of Man.

(*ii*) Before Proper, Material, and Abstract nouns except when used as common nouns ; as,

کالیداس ہندوستان کا شیکسپیر ہے - Kalidas is *the* Shakespeare of India.

نیکی اپنا عوض آپ ہے - Virtue is its own reward.

سونا سیسہ سے بھاری ہے - Gold is heavier than lead.

(*iii*) Before a common noun in the plural number except when it is particularised ; as,

اچھے لڑکے سکول میں ہمیشہ وقت پر آتے ہیں -	Good boys always come to school in time.
اس کمرے کی دیواروں پر تصویریں ہیں -	There are pictures on the walls of this room.
غریب والدین کے بچے اعلیٰ تعلیم سے محروم رہ جاتے ہیں -	The children of poor parents are deprived of higher education.

(*iv*) Before the names of diseases, arts and sciences, days and month ; as,

ہیضہ خطرناک بیماری ہے -	Cholera is a dangerous disease.
جیومیٹری حساب سے آسان ہے -	Geometry is easier than Arithmetic.
آج اتوار ہے -	To-day is Sunday.
امتحان مارچ میں ہوتا ہے	The examination is held in March.

(*v*) In certain phrases consisting of,

(*a*) a preposition followed by its object ; as

سر سے پاؤں تک from top to bottom

بذریعہ گاڑی by train ; شام کے وقت at sunset ; رات کو by night.

(*b*) a transitive verb and its object ; as,

محاصرہ کرنا To lay siege to ; بذریعہ جہاز

روانہ ہونا To set sail ; پیغام بھیجنا

To send word ; آگ لگنا To catch fire ; لنگر اُٹھانا To raise anchor.

Repetition of Articles

I. When two or more connected nouns refer to the *same* person or thing, the Article is used before the first only ; but when they refer to *different* persons or things the Article is used before each ; as.

سیکریٹری اور خزانچی آ گیا ہے۔ — *The* Secretary and Treasurer has come.

(The same person is the Secretary and the Treasurer).

سیکریٹری اور خزانچی آ گئے ہیں۔ — *The* Secretary and *the* Treasurer have come.

(Two persons, one is the Secretary and the other, the Treasurer.)

II. In expressing a *comparison*, if two nouns refer to the *same* person or thing, the Article is used before the first noun only, but if the two nouns refer to *different* persons or things, the Article must be used with each noun ; as,

وہ اتنا اچھا قانونی مشیر نہیں جتنا کہ وہ جج ہے۔ — He is a better judge than counsel.

وہ اتنا اچھا جج ہے کہ کوئی اور قانونی مشیر اتنا اچھا نہیں بن سکتا۔ — He is a better judge than a counsel.

III. When two or more Adjectives qualifying nouns are joined by *and*, the Article is used before the first Adjective only ; as.

میں نے ایک انگریزی اُردو کی ڈکشنری خریدی ہے۔ — I have purchased an English and Urdu Dictionary.

EXERCISE 33

۱ - زبانی - (۱) گھوڑا سفید جانور ہے (۲) میں ایک گھنٹہ تک واپس آؤنگا۔ (۳) سندھ پنجاب کا سب سے بڑا دریا ہے (۴) کوہ ہمالیہ سے ہندوستان کو بہت فائدے ہیں (۵) بحر اوقیانوس تجارت کا بڑا مرکز ہے (۶) گاڑی آدھ گھنٹہ پہلے آگئی (۷) موہن اپنی جماعت میں سب سے ہوشیار لڑکا ہے (۸) کالیداس کو ہندوستان کا شیکسپیئر کہتے ہیں (۹) جزائر شرق الہند مصالحوں کا گھر ہے (۱۰) گرمیوں میں سورج جلدی نکلتا ہے اور دیر سے چھپتا ہے (۱۱) راجپوت ایک بہادر اور جنگجو قوم ہے۔ (۱۲) ہندوستان کے لوگ اور خاص کر ہندو بڑے قدامت پسند ہیں (۱۳) سونا سب سے قیمتی دھات ہے۔ لیکن لوہا سب سے کارآمد (۱۴) کیا یہ تاریخی ناول ہے؟ (۱۵) ایک نیک اور ایماندار لڑکے کو سب پیار کرتے ہیں (۱۶) وہ سکول کا سیکرٹری اور ہیڈ ماسٹر ہے +

تحریری - (۱) انسان فانی ہے اور دنیا کی اُمیدیں ناپائدار ہیں (۲) پنجاب کو ہندوستان کی اناج منڈی کہتے ہیں (۳) رامائن اور مہابھارت ہندوؤں کی دو بڑی تاریخی اور مذہبی کتابیں ہیں (۴) ناروے اور سویڈن کے ساحل خلیجی رو کے زیر اثر سارا سال کھلے رہتے ہیں (۵) دکن کے دریا تیز رفتار ہیں۔ اور آبشاریں بناتے ہیں (۶) ہندوستان کی کثیر آبادی گنگا اور سندھ کے میدان میں پائی جاتی ہے۔ کیونکہ یہ دریا تجارتی شاہراہ کا کام دیتے ہیں۔ (۷) کراچی سے بمبئی بذریعہ جہاز و بذریعہ خشکی پہنچ سکتے ہیں (۸) ٹیگور ہندوستان کا ایک اعلےٰ شاعر اور ڈرامہ نویس ہے (۹) تم غلطی پر ہو۔ اور تمہارا بھائی ٹھیک ہے (۱۰) اس ڈرامہ میں ہیرو کا پارٹ کون ادا کرتے ہیں؟ (۱۱) میں نے تم کو کہلا بھیجا تھا۔ کہ جلد آؤ۔ کیونکہ امتحان نزدیک ہے۔ (۱۲) اسے تصویروں کی بڑی جانچ ہے۔ بعض لوگوں کو گانے کی بڑی پہچان

ہوتی ہے (۱۳) چاند گرہن کے وقت زمین کا سایہ چاند پر گول پڑتا ہے۔ یہ ثابت کرتا ہے۔ کہ زمین گول ہے (۱۴) ہم ۱۴ ر جولائی کو سیر و سیاحت کے لئے راجپوتانہ جہاز سے انگلستان جائیں گے (۱۵) ٹربیون اور پرتاپ لاہور سے شائع ہوتے ہیں (۱۶) ایک سیاہ اور سفید گائے اس کھیت میں چر رہی ہے (۱۷) پنڈت موتی لال نہرو ایک بڑے سیاست دان اور محب وطن تھے (۱۸) جولائی کے مہینے میں آسمان پر بادل چھائے رہتے تھے (۱۹) امرت سر تم کس ہوٹل میں ٹھہرے تھے؟ (۲۰) شیر جنگل کا بادشاہ ہے +

Vocabulary.

A. 3. The Indus. 4. Advantages ·5· The Atlantic Ocean. 6. Earlier. 8· Shakespeare. 9. The East Indies, spices. 11. Martial. 12. Especially, conservative. 13. Costly, useful. 14. Historical novel. 15· Honest 16. Secretary.

B. 1. Mortal, transitory. 2. Granary. 3. Religious. 4. Coast, effect, Gulf stream. 5. Rapid, cataracts· 6. Major portion of the population, plain, highway of commerce 7. By land, by sea. 8. Poet, dramatist. 9 In the wrong, on the right. 10. To play the hero· 11. To send word, at hand. 12 To have an eye for, an ear for. 13. Lunar eclipse, shadow, to prove. 14. On a trip. 15. Publish. 17. Statesman, patriot. 18. To be overcast with clouds. 19. Put up, hotel.

Chapter XXVII

CONDITIONAL SENTENCES.

A conditional Sentence always consists of two parts : one expresses, '*condition*' and the

other shows '*consequence*'. Study the following sentences :—

اگر محنت کروگے تو پاس ہو جاؤگے -	If you work hard, you will pass.
اگر تم محنت کرتے تو پاس ہو جاتے -	If you had worked hard, you would have succee-

ded or Had you worked hard, you would have succeeded.

Note 1.—In a sentence in the vernacular, if the condition and the consequence both, refer to Future Tense, the conditional part is translated by Present Indefinite Tense and the part showing consequence, by Future Indefinite Tense ; as,

اگر تم امتحان میں کامیاب ہو جاؤگے تو میں تمہیں انعام دونگا -	If you pass the examination, I shall give you a prize.

Note 2.—If the *condition* and the *consequence* both refer to Past Tense, the conditional part is translated by Past Perfect and the part relating to conseqnence by '*Would have*', followed by the *Past Participle* of the Principal verb ; as,

اگر محنت کرتے تو پاس ہو جاتے -	If you had worked hard you would have passed.

or

Had you worked hard, you would have passed.

Note 3.—The following are also Conditional sentences. Study them carefully.

اگر تم مصیبت میں پڑ جاؤ تو ہمیشہ خدا پر بھروسہ رکھو -	If you should be in trouble, always trust in God .

Should you be in trouble always trust in God.

اگر میں خوب محنت کروں، تو وظیفہ حاصل کر لوں -

If I were to work hard, I should surely win a scholarship.

or

Were I to work hard, I should surely win a scholarship.

Note 4.—In conditional sentences the ward تو is never translated by 'then' but a comma (,) must be placed to separate the condition and the consequence as in sentences above.

EXERCISE 34

(۱) اگر کل چھٹی ہو گی - تو میں لاہور جاؤنگا (۲) اگر تم آتے تو میں بھی تمہارے
ساتھ چلتا (۳) اگر وہ آج شام تک واپس آجائے - تو اُسے کہہ دینا - کہ میرا
انتظار کرے (۴) اگر تم وقت پر کام کر لیتے - تو اب نقصان نہ اٹھاتے (۵)
اگر چور پکڑا گیا - تو اس کو قید کر دیا جائے گا (۶) اگر پرماتما کی عبادت کرو گے - تو
وہ ضرور تمہاری مدد کرے گا (۷) اگر تمہیں کوئی شخص نصیحت کرے تو تمہیں اس
کی نصیحت پر عمل کرنا چاہئے (۸) جونہی مطلع صاف ہو گا - ہم کھیلنے جائینگے -
(۹) اگر میں تمہاری جگہ ہوتا - تو ہرگز گوپال کو جانے نہ دیتا (۱۰) اگر پولیس دل
سے تحقیقات کرتی - تو ضرور چور گرفتار ہو جاتے (۱۱) اگر میرے ساتھ رہو گے - تو
تمہیں بہت فائدہ ہوگا (۱۲) اگر تم وقت پر مجھے اطلاع دیتے تو میں ضرور تمہیں
ملنے کے لئے آتا (۱۳) اگر تم فیل ہو جاؤ - تو ہمت نہ ہارنا (۱۴) اگر آگے ایک

بھی قدم بڑھاؤ گے۔ تو مار دئے جاؤ گے (۱۵) اگر میں پیدل جاتا۔ تو مجھے گاڑی نہ مل سکتی (۱۶) اگر تم اپنے آپ کو ایماندار ثابت کرتے۔ تو ضرور ترقی پاتے (۱۷) اگر دوسروں کو خوش کرو گے تو خدا تمہیں خوش رکھے گا (۱۸) اگر غنیم قلعہ پر حملہ کریگا۔ تو فوج اخیر دم تک مقابلہ کرے گی (۱۹) اگر میں ایک میل کی دوڑ میں حصہ لوں تو ضرور اوّل رہ جاؤں (۲۰) اگر آپ دو دن کے لئے اپنی کتاب عاریتاً دے دیتے۔ تو میں آج ضرور واپس کر دیتا (۲۱) اگر مدد تھوڑی دیر تک اور نہ پہنچتی۔ تو قلعہ فتح ہو گیا ہوتا (۲۲) اگر میں بلبل ہوتا۔ تو پرماتما کے گن گاتا (۲۳) اگر میں امیر ہوتا۔ تو اس غریب لڑکے کی مدد کرتا (۲۴) اگر تم اپنے اخراجات کو کم کرو گے۔ تو تمہیں کبھی تکلیف نہ ہو گی (۲۵) اگر بارش نہ ہوتی تو قحط پڑ جاتا۔

Vocabulary.

2. Accompany 4. To come to grief. 5. Arrest, imprison. 6. Worship. 7. To act upon. 8. Clear 9. Allow. 10. To investigate, whole-heartedly. 11. Gain. 12. Inform, in time. 13. To lose heart. 15. On foot, catch. 16. To prove, rise. 18. Enemy, invade, resist, to the last. 19. To take part in, race. 20 Lend. 21. Reinforcement, to take. 22 Nightingale, to sing the praises of 24. Curtail, expenses. 25. Fail, famine.

Chapter XXVIII

THE ADVERB (معلق فعل)

An Adverb is a word which *modifies* the meaning of a verb, an adjective, or another adverb ; as,

تمہیں آہستہ پڑھنا چاہئے - You should read *slowly*.

وہ بہت اعلیٰ مصنف ہے - He is a *very* good writer.

تم اتنا تیز کیوں بولتے ھو - Why do you speak *so* fast?

Adverbs are of *three* kinds :—

1. Simple Adverbs; as,

Before, *immediately*, *when*, *then*, *above twice*, *little*, *quite*, *too*, *therefore*, *hence*, *yes*, *no*, etc.

2. Interrogative Adverbs; as,

When, *where*, *why*, *how*, etc.

3 Conjunctive or Relative Adverbs.

They not only *modify* some word but also *join* different clauses. Like Relative Pronouns they refer to some *antecedent* expressed or understood ; as,

یہ وہ جگہ ھے جہاں وہ رھتا ھے - This is the place *where* he lives.

میں نہیں کہ سکتا کہ وہ کب واپس آئیگا - I cannot say *when* he will come back.

Position of Adverbs.

(i) An adverb must be placed *as near as possible* to the word which it modifies. A change in the position of the adverb brings about a change in the meaning of the sentence; as,

صرف اُس نے سکول کی لائبریری سے دو کتابیں عارتیاً لیں - *Only* he borrowed two books from the school library.

اُس نے دو کتابیں سکول کی He *only* borrowed

two books from the school library. — لائبریری سے صرف عاریتاً لیں

He borrowed *only* two books from the school library. — اس نے صرف دو کتابیں سکول کی لائبریری سے عارتیاً لیں -

He borrowed two books from the school library *only*. — اُس نے صرف سکول کی لائیبریری سے دو کتابیں علوتیاً لیں -

(ii) If an adverb modifies the meaning of an **Intransitive** verb, it generally comes after it ; as,

He walked *slowly*. — وہ آھستہ چلتا تھا - یا چلا -

(iii) Adverbs of *time* such as, *ever often*, *seldom*, *always*, *never*, *sometimes* etc., are placed before the verbs they modify; as,

I shall *ever* pray for your long life. — میں ھمیشہ تمھاری عمر درازی کیلئے دعا کرتا رھونگا -

I *often* go to see him. — میں اکثر اُسکو ملنے جاتا ھو -

(iv) When an adverb modifies a Transitive verb it is placed after the object; as,

He discharged his duties *satisfactorily*. — اُس نے اپنے فرائض تسلی بخش طور پر ادا کئے -

(v) When an adverb modifies a verb, made up of an Auxiliary and a Principal verb, it is generally placed between the Auxiliary and the Principal verb; as,

I am *quite* satisfied with your work. — میں تمھارے کم سے بالکل خوش ھوں -

وہ مجھے اکثر سڑک پر ملا ھے - He has *often* met me on the road.

(vi) If an adverb modifies an Adjective or an Adverb, it is placed *before* it ; as,

مجید بہت غریب ھے - Majid is *very* poor.

آج موسم نہایت خوشگوار ھے It is *exceedingly* pleasant to day,

(vii) An adverb should be placed in the beginning of a sentence in the following cases :—

(a) When it modifies the whole sentence ; as,

خوش قسمتی سے وہ نہ مرا - *Happily*, he did not die.

(b) When it introduces an Exclamatory sentence ; as,

کیسا خوبصورت پرندہ ھے - *How* beautiful this bird is!

Use of some important Adverbs.

(i) **Hard and Hardly.**

Hard (سخت) as,

میں اپنے افسران کو خوش کرنے کے لئے سخت محنت کر رھا ھوں - I always work *hard* in order to please my officers.

آج صبح ایسی سخت بارش ھوئی کہ میں تین گھنٹہ تک اپنے گھر سے باھر نہ جا سکا - It rained so *hard* this morning that I could not go out of my house for three hours.

Hardly (نفی کے معنے دیتا ھے); as,

وہ اتنا کمزور ھے کہ وہ چل بھی نہیں سکتا - He is so weak that he can ***hardly*** walk.

(ii) **At present and Presently.**

At present (اسوقت); as,

میں اسوقت تمہیں روپیہ اُدھار نہیں دے سکتا - I cannot lend you money *at present*.

Presently (جلدی - تھوڑی دیر میں) ; as,

جلدی ھی راز کھل جائیگا - The secret will be out *presently*.

(iii) **Continually and Continuously**.

Continually means متراتر ; as,

رنجیت سنگھ کے فتح کرنے سے پہلے سکھوں کی بارہ مثلین آپس میں متواتر جنگ و جدل کرتی رھیں -

The twelve Sikh Misls *continually* fought one another before Ranjit Singh conquered them.

Continuously means (مسلسل); as,

وہ تین ھفتے سے لگاتار بیمار ھے- He has been *continuously* ill for three weeks.

(iv) **Too**. Too, when used before an adjective generally expresses *excess beyond a certain supposed limit.* (کسی مناسب حد سے زیادہ); as,

یہ سوال ان لڑکوں کی قابلیت سے زیادہ ھے - This sum is *too* difficult for these boys.

وہ اسقدر کمزور ھے کہ چل نہیں سکتا - He is *too* weak to walk.

(v) **But** means (صرف); as,

یہاں میرا صرف ایک سچا دوست ھے - I have *but* one true friend here.

(vi) **Very** and **Much**.

(1) 'Very' is used before a Present Participle and 'Much' before a Past Participle ; as,

آپکی کامیابی کے متعلق خبر پانا نہایت دل خوش کن ھے - It is *very* pleasing to know about your success.

وہ اُس کے رویہ سے بہت ناراض ھوا - He was *much* annoyed at his behaviour.

But it should be noted that modern usage 'very pleased' is also correct.

2. 'Very' is used before adjectives and adverbs in the Positive Degree, 'much' in the Comparative Degree ; as

میں آپ سے ملکر بہت خوش ھوں- I am *very* glad to see you.

وہ نہایت نرمی سے گفتگو کرتی ھے - She talks *very* gently.

یہ مسلہ اُس سے بہت آسان ھے - This proposition is *much* easier than that.

وہ تم سے بہت تیز چلتا ھے - He walks *much* more quickly than you do.

ADVERBIAL PHRASES

The use of the following important Adverbial phrases should be thoroughly learnt.

English Sentences.	*Vernacular Sentences.*
1. I did not *at all* mean to offend him.	١ - میرا اس کو ناراض کرنے کا مطلق منشا نہ تھا۔
2. I read the sentence ***again and again*** in order to understand it.	٢ - فقرے کے سمجھنے کے لئے میں نے اس کو بار بار پڑھا۔
3. The thief is still *at large*	٣ - چور ابھی تک گرفتار نہیں ہوا ہے۔
4. He related the story of his life *at length.*	۴ - اس نے اپنی زندگی کے حالات مفصل سنائے۔
At length he confessed his fault.	آخر کار وہ اپنا قصور مان گیا۔
5. You will come to know all about the matter *by and by*.	۵ - تمہیں جلدی ہی اس معاملے کا سب کچھ پتہ لگ جائیگا۔
6. The teacher was taking us in History. *By the by* he told us to reach the playground at six p. m.	۶ - استاد صاحب ہمیں تاریخ پڑھا رہے تھے۔ اس دوران میں انہوں نے ہمیں چھ بجے شام کو میدانِ کھیل میں پہنچنے کے لئے کہا۔

7. The Taj is known *far and near* for its beauty.	۷ - روضہ تاج محل اپنی خوبصورتی کے لئے دُور دُور تک مشہور ہے -
8. Kings lead their armies *far and wide* for conquest.	۸ - بادشاہ فتوحات کرنے کے لئے اپنی فوجیں دُور دور تک لے جاتے ہیں -
9. Sham is diligent, honest and well behaved. *In short*, he has all the qualities of a good student.	۹ - شام محنتی ایماندار اور نیک چلن ہے - مختصراً اس میں ایک اچھے طالب علم کے تمام اوصاف موجود ہیں -
10. This work will certainly pay you *in the long run*.	۱۰ - اس کام سے آخرکار تمہیں ضرور فائدہ رہے گا -
11. My brother helps me *now and then* with money.	۱۱ - میرا بھائی وقتاً فوقتاً روپیہ سے میری مدد کرتا ہے -
12. He has been working in this office *off and on* for ten years.	۱۲ - وہ وقتاً فوقتاً دس سال سے اس دفتر میں ملازم رہا ہے -
13. I have told you *once and again* that your conduct is objectionable.	۱۳ - میں نے تمہیں بار بار کہا ہے - کہ تمہارا روّیہ قابل اعتراض ہے -
14. I tell you *once for all* that you must carry out my orders.	۱۴ - میں ہمیشہ کے لئے تمہیں کہے دیتا ہوں - کہ تمہیں میرے حکم کی تعمیل کرنی ہوگی -
15. He is *out and out* a gentleman.	۱۵ - وہ پرلے درجے کا شریف آدمی ہے -

16. *Over and above* making money he has earned reputation as a writer.	(۱۶) روپیہ کمانے کے علاوہ اس نے بطور ایک مُصنّف شہرت حاصل کر لی ہے۔
17. As I went out, it began to rain, and I was soon wet *through and through.*	(۱۷) جوں ہی میں باہر گیا - بارش ہونے لگی اور میں جلدی ہی بالکل بھیگ گیا۔
18. The lion was walking *to and fro* in the cage.	(۱۸) شیر پنجرے میں آگے پیچھے پھر رہا تھا۔
19. You must help this boy *at any rate.*	(۱۹) کچھ بھی ہو تمہیں اس لڑکے کی مدد کرنی پڑے گی۔
20. He has progressed by *leaps and bounds.*	(۲۰) اس نے دن دُونی اور رات چوگنی ترقی کی ہے۔
21. It is very difficult to work for more than six hours *at a stretch.*	(۲۱) ایک دم چھ گھنٹے سے زیادہ کام کرنا بہت مشکل ہے۔
22. He has left this place *for good.*	(۲۲) وہ ہمیشہ کے لئے یہاں سے چلا گیا ہے۔
23. It is *all the same* for me whether you go or stay.	(۲۳) تم جاؤ - یا رہو - میرے لئے ایک ہی بات ہے۔
24. *All of a sudden* the train arrived and there was a great noise on the platform.	(۲۴) یکایک گاڑی آ گئی اور پلیٹ فارم پر بڑا شور مچ گیا۔

EXERCISE 35.

(د) (۱) صبح کے وقت باہر جانا کیسا خوشگوار ہے (۲) سوالات کے جواب کاغذ کے صرف ایک طرف لکھو (۳) مجھے کیا پتہ تھا۔ کہ وہ میرے ساتھ دھوکا کریگا (۴) میں ہمیشہ صبح سیر کے لئے جاتا ہوں (۵) بعض اوقات انسان ایسی غلطی کر بیٹھتا ہے کہ اس کو اس کے لئے بہت افسوس کرنا پڑتا ہے (۶) وہ آج صبح بہت دیر سے اٹھا۔ (۷) میں نے اپنی زندگی کے باقی ماندہ دن چین سے گذارے (۸) میں ہمیشہ اپنا کام تن دہی سے کرتا رہا ہوں (۹) یقیناً یہ بڑا نیک کام ہے (۱۰) وہ ایسا کمینہ کام کرنا ہرگز گوارا نہ کرے گا +

(ب) (۱) اس نے اپنا مدعا حاصل کرنے کی سخت کوشش کی اور آخر کار کامیاب ہوگیا (۲) چلنا پھرنا تو درکنار وہ بیٹھ بھی نہیں سکتا (۳) مجھے ابھی تمہاری خدمات کی ضرورت نہیں (۴) وہ تھوڑی دیر میں مجھے ملنے کے لئے آئیگا (۵) میں تمہیں تمہارے وعدہ کی متواتر یاد دہانی کراتا رہتا ہوں (۶) آج حد سے زیادہ گرمی ہے (۷) پچھلے سال میں متواتر تین مہینے بیماری کی چھٹی پر رہا (۸) یہ بات اتنی عیاں ہے کہ ثبوت کی ضرورت نہیں (۹) تمہارے والد صاحب کی موت کی خبر سن کر مجھے بہت رنج ہوا۔ (۱۰) میرا چھوٹا بھائی اپنی عمر کے لحاظ سے بہت عقلمند ہے (۱۱) بڑی حیرانی کی بات ہے کہ تم فیل ہو گئے (۱۲) یہ سوال پہلے سوال سے بہت آسان ہے +

(ج) (۱) چلتے چلتے آخر کار ہم ایک جنگل میں پہنچے (۲) ایک کام کو بار بار کرنے سے آدمی ماہر ہو جاتا ہے (۳) تمام حالات مفصل بیان کرنے کے لئے میرے پاس وقت نہیں (۴) آخر کار تمہیں میری بات کا قائل ہونا پڑیگا (۵) آج سویرے میں مطلق کام نہ کر سکا (۶) براہ مہربانی وقتاً فوقتاً اپنی

خیریت کی خبر بھیجتے رہا کریں (۷) آؤ اس کا ہمیشہ کے لئے فیصلہ کرلیں۔ تاکہ
پھر جھگڑا نہ ہو (۸) دراصل یہ کتاب سب کتابوں سے بڑھ کر اچھی ہے (۹)
ملزم ابھی تک گرفتار نہیں ہوئے ہیں (۱۰) کلکتہ کی تجارت نے دن دونی اور
رات چوگنی ترقی کی (۱۱) امتحان کے دنوں میں مجھے ایک دم آٹھ آٹھ گھنٹے
کام کرنا پڑتا تھا (۱۲) وہ ہمیشہ کے لئے اپنے وطن کو چھوڑ رہا ہے (۱۳)
اعلےٰ طالب علم ہونے کے علاوہ وہ بہت ہر دلعزیز ہے (۱۴) پرانے زمانے
میں ہندوستان کی ململ دور دور تک مشہور تھی (۱۵) کچھ بھی ہو میں تمہاری
مدد کروں گا (۱۶) جاؤ یا نہ جاؤ۔ میرے لئے یکساں ہے +

Vocabulary.

A. 1. Pleasant. 3. To prove false. 5. To commit a blunder, repent. 7. Peacefully. 8. Diligently. 10. Tolerate, mean

B. 1. To achieve one's object. 2. Not to speak of. 3. To stand in need of. . 5. Remind. 7. Sick leave. 8. Evident. 9. Grieved. 10. For one's age. 11. Surprising.

C. 2. Expert. 3. Describe. 4. To be convinced of. 7. Dispute. 9. Accused. 13. Popular. 14. Muslin

---

Chapter XXIX.

THE PREPOSITION.

A **Preposition** is a word which is placed before a noun or a pronoun to show its relation to some other word in a sentence ; as,

کتاب میز پر پڑی ہے - A book is lying *on* the table

اُس نے چور کی گردن پکڑی - He caught the thief *by* the neck.

میں نے پینسل سے چٹھی لکھی - I wrote a letter *with* a pencil.

Prepositions are of four kinds :—

(i) **Simple Prepositions** , as,

In, *at*, *up*, *from*, *below*, *with*, *for*, *down*, etc.

(ii) **Compound Prepositions** ; as,

Into, *upon*, *within*, *before*, *beneath*, *between* etc.

(iii) **Participial Prepositions** ; as,

Regarding, *considering*, *concerning*, *pending* etc.

(iv) **Phrase Prepositions** ; as,

On account of, *in spite of*, *by means of*, *owing to*, etc.

USE OF SOME IMPORTANT PREPOSITIONS.

(1) **At, In. At** is used to show a *small extent* of *space* or *time* ; **in**, *a more extended space* or *time* : as,

وہ راجپورہ ریاست پٹیالہ میں رہتا ہے - He lives *at* Rajpura *in* Patiala State.

جلسہ شام کو چھہ بجے ہوگا - The meeting will be held *at* six *in* the evening.

In is generally used before names of *countries*

or large towns while, **at** is used before names of small *towns* or *villages ;* as,

وہ برما میں رہتا ہے -	He lives *in* Burma.
میں شاہ آباد ضلع کرنال میں رہتا ہوں -	I live *at* Shahabad in Karnal District.

(2) **In, Into. In** shows *rest* in the interior of anything ; **into** shows *motion* towards the interior of anything ; as,

لڑکے کمرے میں بیٹھے ہیں	Boys are sitting *in* the room.
دریاے سندھ بحیرہ عرب میں گرتا ہے -	The Indus flows *into* the Arabian Sea.

(3) **By, With. By** shows the *agent* or the *doer*, **with**, the *instrument* ; as,

شکاری نے بندوق سے شیر کو مار ڈالا -	The lion was killed *by* the hunter, *with* a gun.
شہریوں نے کدالہ و کلہاڑیوں سے پل کو گرا دیا -	The bridge was destroyed *by* the citizens *with* spade and axe.

(4) **Between, Among. Between** is used with *two* persons or things, while **among** is used with *more than two* persons or things ; as,

آم ان دونوں لڑکوں میں بانٹ دو -	Divide these mangoes *between* these two boys.
اُس نے آپکی تمام جائداد اپنے چار لڑکوں میں تقسیم کردی	He divided his whole property *among* his four sons.

(5) **From, For, Since.** **From** is used to denote *point of time* and can be preceded *by* a verb in any tense. **For** shows *period of time* and **since** shows *point of time.* Both **for** and **since** must be preceded by a verb in the *Perfect Tense* ; as,

تعطیلات کل سے شروع ھونگی - The holidays will begin *from* tomorrow.

وہ یہاں چھہ سال سے کام کر رھا ھے - He has been working here *for* six years.

میں صبح سے اپنا سبق یاد کر رھا ھوں - I have been learning my lesson *since* morning.

(6) **Beside, Besides. Beside** means *by the side of* and **besides** means *in addition to* ; as,

اُس کا گھر دریا کے کنارے پر واقع ھے - His house is situated *beside* the river.

تنخواہ کے علاوا اُسکو بائسکل کا الاونس بھی ملتا ھے - He gets cycle allowance *besides* his pay.

(7) **In, After. In** refers to a future space of time, **after** to a past space of time ; as,

وہ ایک دو دن تک یہاں آویگا - He will come here *in* a day or so.

وہ دو ماہ کے بعد گھر آیا - He came home *after* two months.

(8) **In, within. In** shows *at the end of a period of time* and **within**, *before the end of a*

period of time ; as,

I shall finish this work *in* a week. — میں اس کام کو ایک ہفتہ میں ختم کر دونگا -

I shall finish this work *within* a week. — میں اس کام کو ایک ہفتہ کے اندر ختم کر دونگا .

EXERCISE 36.

(۱) تقریباً تمام دریا سمندر میں جاگرتے ہیں (۲) وہ چار ماہ سے بعارضہ بخار مُبتلا ہے (۳) سکول کی گھڑی میں ابھی چار بجے ہیں (۴) ہم صبح چار بجے سیر کے لئے روانہ ہوئے (۵) شام لال جماعت میں میرے ساتھ بیٹھتا ہے (۶) تمہارے بھائی کے علاوہ کئی طلبا سکول کے احاطہ میں موجود تھے (۷) میدان کی غیر حاضری کے لئے جرمانہ کیا جائیگا (۸) میرا دوست کئی سال سے بمبئی رہتا ہے (۹) یہ جائداد چاروں بھائیوں میں برابر برابر تقسیم کردی جائیگی (۱۰) گورونانک دیوجی ننکانہ صاحب میں پیدا ہوئے تھے (۱۱) یہ کتابیں اس جماعت کے طلباء میں تقسیم کردو (۱۲) آج کے لئے سکول بند ہے (۱۳) تمہارے آنے کی خبر مجھے شام کے چار بجے موصول ہوئی (۱۴) سپاہی سر سے پاؤں تک ہتھیار لگائے ہوئے تھا (۱۵) ہم کھانے کے لئے میز پر بیٹھ گئے (۱۶) جماعت کے کمرے میں استاد صاحب کُرسی پر بیٹھتے ہیں (۱۷) میں انبالہ شہر پیدل گیا اور موٹر کار سے واپس آیا۔ (۱۸) میں نے چور کا بازو پکڑ لیا (۱۹) میں یہ کتاب ایک ہفتہ کے اندر اندر واپس کردونگا (۲۰) اُس نے تمام واقعات شروع سے سنائے (۲۱) بے ایمانی کے ذریعے سے جیتنے کی کوشش مت کرو (۲۲) میں پندرہ تاریخ سے ستائیس تاریخ تک شملہ ٹھہرا۔ (۲۳) اس نے دیا سلائی سے پتوں کو آگ لگادی (۲۴) ان دونو

بھائیوں میں کچھ بھی فرق نہیں (۲۵) امتحان ۱۲ تاریخ کو شروع ہوا۔ اور بیس تاریخ
تک جاری رہا (۲۶) اپنے اخراجات کو اپنی آمدنی کے اندر اندر رکھنا عقلمندی ہے
(۲۷) گوپال کی خدمات کا خیال رکھتے ہوئے اس کے لڑکے کو یہ آسامی دیدی گئی۔
(۲۸) اس شخص کے چال چلن کی بابت ہر ایک کی رائے بہت اچھی ہے (۲۹) انسپکٹر
صاحب کی اجازت آنے تک تم جماعت میں بیٹھ سکتے ہو (۳۰) میں ۱۹۲۶ء سے
اسی مکان میں رہ رہا ہوں۔

Vocabulary.

1. Almost. 4. Set out. 6. Compound. 9. Equally, distribute. 13 To receive. 14 From head to foot. 15. To sit at table. 18. By the arm. 20. Events, relate. 21. Unfair means. 23. To set on fire. 24. Difference. 25. To continue. 26. Expenses, means. 27. Considering, post. 28. Concerning, opinion 29. Pending permission.

Chapter XXX.

PREPOSITIONAL PHRASES.

Phrase.	*English.*	*Vernacular.*
At home in ;	He is *at home in* English.	وہ انگریزی میں طاق ہے۔
At the risk of	He tried to get gold *at the risk of* his life.	اس نے اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر سونا حاصل کرنے کی کوشش کی۔

He tried to escape his

Phrase.	*English.*	*Vernacular.*
At the bottom of ;	He is *at the bottom* of this mischief.	وہ اس شرارت کی تہ میں ہے -
At the instance of ;	I made this application *at the instance of* my officer.	میں نے اپنے افسر کے ایما پر یہ درخواست دی
At the head of;	The band was going *at the head of* the procession.	جلوس کے آگے آگے بینڈ جا رہا تھا -
At the eleventh hour ;	The doctor was called in *at the eleventh hour.*	ڈاکٹر کو آخری وقت پر بلایا گیا -
At the top of;	He is *at the top of* his class.	وہ اپنی جماعت میں سب سے اوّل ہے -
	I cried *at the top of* my voice, but in vain.	میں نہایت زور سے چلّایا - لیکن بے سود -
At the mercy of ;	He is *at the mercy of* the judge.	وہ جج کے رحم پر ہے -
At the conclusion of;	*At the conclusion of* the feast the guests thanked the host.	دعوت کے اختتام پر مہمانوں نے میزبان کا شکریہ ادا کیا -

Phrase.	*English.*	*Vernacular.*
At sea in;	He is *at sea in* Mathematics.	وہ ریاضی میں صفر ہے۔
By dint of;	He got the scholarship *by dint of* hard work.	محنت کر کے اس نے وظیفہ حاصل کیا۔
By virtue of;	He has become rich *by virtue of* his honest dealings	وہ اپنی ایمانداری کے برتاؤ کی بدولت امیر بن گیا ہے۔
By means of;	You can win others to your side *by means of* love.	تم دوسروں کو محبت سے اپنا بنا سکتے ہو۔
By way of;	He gave me some money *by way of* help.	اس نے مجھے کچھ روپیہ بطور امداد دیا۔
Because of ;	He suffered *because of* his dishonesty.	اس نے اپنی خیانت کی وجہ سے نقصان اٹھایا۔
For the sake of:	He went there *for the sake of* making money.	وہ روپیہ کمانے کی خاطر وہاں گیا۔

Phrase.	*English.*	*Vernacular.*
For want of;	He had to give up his studies *for want of* means.	اس کو روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے تعلیم چھوڑنی پڑی۔
For the purpose of;	He collected money *for the purpose of* helping the poor.	اس نے غریبوں کی امداد کے لئے روپیہ اکٹھا کیا۔
In the absence of;	The class was making a noise *in the absence of* the teacher.	استاد کی غیر حاضری میں جماعت شور مچا رہی تھی۔
In accord with;	The president was *in accord with* the members.	پریذیڈنٹ ممبروں کے ہم رائے تھا۔
In accordance with;	I did everything *in accordance with* your instructions.	میں نے ہر ایک بات آپ کی ہدایات کے مطابق کی۔
In case of;	*In case of* illness you may not come.	بیماری کی صورت میں آپ نہ آنا۔
In consequence of ;	*In consequence of* his illness he cou d not continue his studies.	اس کی بیماری کا نتیجہ یہ ہؤا۔ کہ وہ اپنی تعلیم جاری نہ رکھ سکا۔

Phrase.	*English.*	*Vernacular.*
In the course of;	*In the course of* his speech he referred to his war services.	اپنی تقریر کے دوران میں اس نے اپنی جنگی خدمات کا ذکر کیا۔
In defiance of;	They arranged a procession *in defiance of* the orders of the magistrate.	مجسٹریٹ کے حکم کی پروا نہ کرتے ہوئے انہوں نے جلوس نکالا۔
In defence of;	Have you anything to say *in defence of* your conduct.	کیا تمہیں اپنے روّیہ کی صفائی میں کچھ کہنا ہے؟
In the event of;	*In the event of* his passing the examination, he will go to England.	امتحان پاس کرنے کی صورت میں وہ ولایت جائیگا۔
In the face of;	He never despaired *in the face of* dangers.	وہ خطرات کے مقابلے میں کبھی مایوس نہیں ہوا۔
In the heart of;	I live *in the heart of* the city.	میں شہر کے مرکز میں رہتا ہوں۔

Phrase.	*English.*	*Vernacular.*
In honour of;	The school was closed ***in honour** of* the Annual Inspection.	سالانہ معائنہ کے اعزاز میں سکول بند کیا گیا۔
In lieu of;	He was given one month's pay ***in lieu of*** notice.	نوٹس کے عوض میں اس کو ایک ماہ کی تنخواہ دی گئی۔
In the guise of;	The absconder was arrested ***in the guise of*** a beggar.	مفرور کو ایک فقیر کے بھیس میں گرفتار کیا گیا۔
In token of;	He gave me a ring ***in token of*** his love for me.	اس نے اپنی محبت کی نشانی کے طور پر مجھے ایک انگوٹھی دی۔
In favour of;	I am not ***in favour of*** this sort of life.	میں اس قسم کی زندگی کے حق میں نہیں ہوں۔
In the interest of;	Such an action is not ***in the interest of*** the country.	ایسا کام ملک کے مفاد میں نہیں ہے۔
In the light of;	Please consider my case ***in the light of*** these facts.	مہربانی کر کے ان واقعات کی روشنی میں میرے معاملے پر غور کریں۔

Phrase.	*English.*	*Vernacular.*
In view of;	*In view of* your ill-health I do not advise you to go there.	تمہاری خرابی صحت کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں تمہیں وہاں جانے کی رائے نہیں دیتا۔
In common with;	The father and the son have many good qualities *in common with* each other.	کئی اچھے اوصاف باپ اور بیٹے دونوں میں ملتے ہیں۔
In connection with;	I have to go to Lahore *in connection with* school business.	مجھے سکول کے کام کے تعلق میں لاہور جانا ہے۔
In the nick of time;	He arrived *in the nick of time.*	وہ عین وقت پر پہنچا۔
In (or on) behalf of;	The Headmaster thanked the speaker *in* (*or on*) *behalf of* his staff and students.	ہیڈ ماسٹر صاحب نے استادوں و طلباء کی طرف سے لیکچرار کا شکریہ ادا کیا۔
In quest of;	Birds leave their nests early in the morning *in quest of* food.	پرندے صبح سویرے خوراک کی تلاش میں اپنے گھونسلے چھوڑ دیتے ہیں۔

Phrase.	*English.*	*Vernacular.*
In stead of;	He went to his house ***in stead of*** going to the play-ground.	میدان جانے کی بجائے وہ اپنے گھر چلا گیا۔
On the ground of;	He resigned ***on the ground of*** ill-health.	اس نے خرابیِ صحت کی بنا پر استعفےٰ دیدیا۔
On the score of;	He was exempted from fees ***on the score of*** poverty.	غریبی کی بنا پر اس کی فیس معاف کردی گئی۔
On the point of;	He is ***on the point of*** death.	وہ قریب المرگ ہے۔
On account of;	He was punished ***on account of*** doing mischief.	اس کو شرارت کرنے کی وجہ سے سزا دی گئی۔
On the brink of;	This man is ***on the brink of*** destruction.	یہ آدمی تباہ ہونے کو ہے۔
On the part of;	It is really disgraceful ***on the part of*** a son to disobey his father.	ایک لڑکے کے لئے اپنے والد صاحب کا حکم نہ ماننا واقعی شرمناک بات ہے۔
With a view to;	I have come here ***with a view to*** help you.	میں یہاں پر تمہاری مدد کرنے کے خیال سے آیا ہوں۔

Phrase.	*English.*	*Vernacular.*
With reference to;	*With reference to* your application dated 12th instant, I inform you that there is no vacancy in my office at present.	بحوالہ آپ کی درخواست مورخہ ۱۲ ماہ حال میں تمہیں مطلع کرتا ہوں کہ اس وقت میرے دفتر میں کوئی آسامی خالی نہیں ہے۔
Owing to;	He failed *owing to* his carelessness.	وہ اپنی لاپرواہی کی وجہ سے فیل ہُوا۔
In proportion to;	Your success will be *in proportion to* your efforts.	تمہاری کامیابی تمہاری کوششوں کے مطابق ہوگی۔
In preference to;	I wish to appoint you *in preference to* your elder brother.	تمہارے بڑے بھائی کی نسبت میں تمہیں مقرر کرنے کو ترجیح دیتا ہوں۔

EXERCISE 37.

(۱) لڑکے نے اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر بڑھیا کی جان بچائی (۲) بعض لڑکے زبان میں ماہر ہوتے ہیں۔ لیکن ریاضی میں صفر (۳) وہ اپنی ایمانداری کی وجہ سے ایک اعلےٰ عہدہ پر پہنچ گیا (۴) فیل ہوجانے کی صورت

میں اس کی فیس کی رعایت چھین لی جائے گی (۵) میں یہ رقم تمہاری مدد کے لئے
تمہارے پاس روانہ کر رہا ہوں (۶) وہ اپنی فضول خرچی کی وجہ سے فقیر ہو گیا ہے
(۷) اپنے دوست کی طرف سے میں تمہارا روپیہ ادا کر دوں گا (۸) ہمارے سکول
میں بسنت کے تہوار کی تقریب میں کھیلیں ہوتی ہیں (۹) میں اپنے رویّہ کی
صفائی میں کچھ نہیں کہنا چاہتا (۱۰) روزی کمانے کی غرض سے اس بیچارے
نے اپنے وطن کو خیر باد کہہ دیا (۱۱) چور ایک سیڑھی کے ذریعے مکان کی چھت
پر چڑھ گئے (۱۲) بار ہا ناکامیاب ہونے کے باوجود بھی اُس نے ہمت
نہ ہاری (۱۳) مرحوم کی کسی وصیّت کی عدم موجودگی یہ روپیہ یتیموں کی مدد کے
لئے خرچ کیا جائے (۱۴) اگر میں شام کی گاڑی سے نہ آیا۔ تو اگلی صبح ضرور
آؤں گا (۱۵) غلام اپنے آقا کے رحم پر ہوتے ہیں (۱۶) والدین بچے
کی تلاش میں اِدھر اُدھر پھرنے لگے (۱۷) اس کا گھر میونسپل کمیٹی کے دفتر
کے عین سامنے واقع ہے (۱۸) ہمارا اسکول شہر کے عین بیچ میں واقع ہے
(۱۹) لڑکا بہ آواز بلند چلاّیا۔ کہ میری مدد کرو (۲۰) تمہیں اپنے والد صاحب
کے حکم کے خلاف دہلی نہیں جانا چاہیئے۔

Vocabulary.

2. Language, mathematics. 3. Honesty, rise rank. 4. Concession, withdraw. 6. Penniless, extravagance. 8. Sports. 9. Conduct. 10. Poor fellow, home, living. 11. Ladder. 12. Repeated failure, persevere. 13. Will, deceased, orphan. 15. Slaves 16. Here and there. 17. Municipal Office. 20. Orders.

Chapter XXXI

Some Important Verbs followed by different Prepositions and other Idioms with them.

Break.

English.	Veracnular.
The cow *broke away from* the servant.	گائے نوکر سے چھڑا کر بھاگ گئی ۔
His health *broke down* on account of overwork.	زبادتی کام کی وجہ سے اس کی صحت بالکل خراب ہوگئی
I have engaged Mr· Mahmud for *breaking in* my horse.	میں نے مسٹر محمود کو اپنا گھوڑا اسدہانے کے لئے نوکر رکھ لیا ہے
Thieves *broke in* (or *into*) my house last night.	کل رات میرے گھر میں چوروں نے نقب لگائی ۔
In August last Cholera *broke out* in Ambala.	پچھلے اگست میں انبالہ چھاؤنی میں ہیضہ پھیل گیا ۔
In 1914, a war *broke out* between Germany and England all of a sudden.	۱۹۱۴ء میں جرمنی اور انگلستان کے درمیان دفعتاً لڑائی چھڑ گئی ۔
She at last *broke through* her shyness.	آخر کار اس کی شرم کھل گئی ۔

People's Bank

English.	Vernacular.
We generally *break up* for Summer Vacation in August.	ہم عموماً اگست کے مہینے میں گرمیوں کی تعطیلات کے لئے جدا ہوتے ہیں۔
He *broke the news* of the failure of the Peoples' Bank to his son as gently as he could.	اس نے پیپل بنک کے دیوالیہ ہو جانے کی خبر اپنے لڑکے کو نہایت نرمی سے دی۔
These losses will *break his heart.*	ان نقصانات سے اس کو سخت صدمہ ہوگا۔
On my way home I *broke journey* at Lahore.	گھر جاتے ہوئے میں لاہور اترا۔
On account of the presence of the Headmaster there was all silence in the meeting, but at last Ram Narain, the monitor, *broke the ice.*	ہیڈ ماسٹر صاحب کی موجودگی سے جلسہ میں بالکل خاموشی تھی۔ لیکن آخرکار رام نرائن مانیٹر نے سلسلۂ گفتگو شروع کیا۔
He is sure to *break his mind* to me.	وہ یقیناً اپنے خیالات کا انکشاف مجھ پر کردے گا۔
We should not *break with our friends* on trifles.	معمولی باتوں پر ہمیں اپنے دوستوں سے قطع تعلق نہیں کرنا چاہئے۔

Call

I *called at* your house but you were not in.	میں تمہیں تمہارے گھر ملنے کے لئے گیا۔ لیکن تم وہاں موجود نہ تھے۔

English.	Vernacular.
I might *call on* (or *upon*) you this evening in connection with this matter.	اس معاملے کے متعلق شاید میں تمہیں آج شام کو ملنے کے لئے آؤں۔
The Headmaster *called upon* Majid to read his essay.	ہیڈ ماسٹر صاحب نے مجید کو حکم دیا۔ کہ وہ اپنا مضمون پڑھے۔
Please *call for* me when you go out for a walk.	جب آپ سیر کے لئے جائیں۔ براہ مہربانی مجھے بلا لینا۔
This crime *calls for* punishment.	اس جرم کے لئے سزا کی ضرورت ہے۔
His letter *calls for* a reply.	اس کے خط کے جواب کی ضرورت ہے۔
The critical situation *called forth* all his energies.	موقعہ کی نزاکت سے اسے تمام طاقتیں کام میں لانی پڑیں۔
When the condition of the patient became serious, the doctor was *called in.*	جب مریض کی حالت تشویشناک ہو گئی۔ تو ڈاکٹر کو بلایا گیا۔
I tried to *call up* events of my school days but in vain.	میں نے اپنے سکول کے دنوں کے حالات یاد کرنے کی کوشش کی لیکن بے سود۔
The president *called a meeting* of the committee.	پریذیڈنٹ نے کمیٹی کی میٹنگ بلائی۔
It is mean *to call others names.*	دوسروں کو گالیاں دینا کمینہ حرکت ہے۔

English.	Vernacular.
All of us will be *called to account* for our sins by God.	اپنے گناہوں کے لئے ہم سب کو خدا کے سامنے جوابدہ ہونا پڑیگا۔
What *calling* do you follow ?	تمہارا کیا پیشہ ہے ؟
Carry.	
A wolf *carried away* a sheep.	بھیڑیا ایک بھیڑ اٹھا کر بھاگ گیا۔
This year plague *carried off* thousands of our village fellows.	اس سال پلیگ نے ہمارے گاؤں کے ہزاروں آدمیوں کو تباہ کر دیا۔
Boys *carried on* their work quietly in my absence.	لڑکے میری غیرحاضری میں خاموشی سے اپنا کام کرتے رہے۔
This servant *carries out* the orders of his master faithfully.	یہ نوکر اپنے آقا کے حکم کی وفاداری سے تعمیل کرتا ہے۔
Patience and perseverence *carried* him *through* all the difficulties.	صبر و استقلال کی وجہ سے وہ تمام مشکلات سے نکل گیا۔
Money *carries the day.*	روپیہ کی فتح ہوتی ہے۔
In spite of many failures he persevered and at last he *carried his point.*	کئی ناکامیوں کے باوجود اس نے ہمت نہ ہاری۔ اور آخرکار اپنے مدعا میں کامیاب ہوگیا۔

English.	Vernacular.
Come.	
It *came about* as I had expected.	جیسا میں نے خیال کیا تھا ویسا ہی ہوا۔
I never *came across* such a bad man.	مجھے ایسے بُرے آدمی سے ملنے کا کبھی اتفاق نہیں ہوا۔
I shall soon tell you how he *came by* a treasure.	میں تمہیں ابھی بتلاؤنگا۔ کہ اس کو خزانہ کیسے ملا۔
Prices of grains have *come down*.	اناج کا بھاؤ گر گیا ہے
Why are you *coming down upon* me for nothing ?	تم مجھے کیوں بے فائدہ ملامت کر رہے ہو؟
He *comes of* a respectable family.	وہ ایک معزز خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔
The fight *came off* yesterday.	وہ لڑائی کل ہوئی تھی۔
The examination results *come out* in May.	امتحان کے نتائج مئی میں نکلتے ہیں۔
My brother had a severe attack of typhoid but he is *coming round* now.	میرے بھائی کو سخت تپ محرقہ ہوا تھا۔ لیکن اب وہ صحتیاب ہو رہا ہے۔
It was after about half an hour that he *came to himself*.	اس کو تقریباً آدھ گھنٹہ کے بعد ہوش آئی۔

English.	Vernacular.
At last he *came to the conclusion* that he should not go.	آخرکار وہ اس نتیجہ پر پہنچا کہ اُسے نہیں جانا چاہیئے۔
You will surely *come to grief* if you do not leave your evil habits.	اگر تم نے اپنی بُری عادات نہ چھوڑیں تو تمہیں ضرور افسوس کرنا پڑیگا۔
All the work has *come to a standstill.*	تمام کام بند ہو گیا ہے۔
Through his efforts many new things have *come to light.*	اس کی کوششوں کی وجہ سے بہت سی باتیں روشنی میں آئی ہیں۔
Your letter *came to hand* yesterday.	تمہاری چٹھی کل پہنچی۔
At last they *came to blows.*	آخرکار وہ لڑنے لگے۔
My brother has *come of age.*	میرا بھائی بالغ ہو گیا ہے
The Summer Session of the Assembly has *come to an end*.	اسمبلی کا موسم گرما کا اجلاس ختم ہو گیا ہے۔

Draw.

English.	Vernacular.
I cannot *draw back* from what I have promised.	جو کچھ میں نے وعدہ کیا ہے۔ میں اس سے پیچھے نہیں ہٹ سکتا۔

English.	Vernacular.
Our examination is *drawing near.*	ہمارا امتحان نزدیک آ رہا ہے۔
I *draw on* the Punjab National Bank at the time of necessity.	میں ضرورت کے وقت پنجاب نیشنل بنک سے روپیہ منگاتا ہوں۔
Please *draw out* a plan of this building.	براہ مہربانی اس عمارت کا نقشہ تیار کر دیں۔
I have *drawn up* this petition.	میں نے اس عرضی کا مضمون لکھا ہے۔
We played a *drawn match* with the A. S. High School team.	ہم نے اے۔ ایس ہائی سکول کی ٹیم کے ساتھ برابر کا میچ کھیلا۔

Fall

All the king's courtiers have *fallen away* from him.	بادشاہ کے تمام درباریوں نے اس کو چھوڑ دیا ہے۔
Whenever I make a promise, I never *fall back*.	جب کبھی میں وعدہ کر لیتا ہوں۔ میں اس سے نہیں پھرتا۔
He has saved enough money to *fall back upon* in old age.	بڑھاپے میں گذارے کے لئے اس نے کافی روپیہ جمع کر لیا ہے۔
It was at Hardwar that I *fell in with* Ram Krishan for the first time.	مجھے مسٹر رام کرشن سے پہلی مرتبہ ہردوار ملنے کا اتفاق ہوا۔

English	Vernacular
My elder brother *falls in with* my views regarding female education.	تعلیم نسواں کے متعلق میرے بڑے بھائی کے خیالات میرے خیالات سے ملتے ہیں۔
He *fell out* with his friend over a trifle.	وہ معمولی بات پر اپنے دوست سے جھگڑا کر بیٹھا۔
They at once *fell in love with* each other.	ان کی ایک دوسرے سے فوراً محبت ہو گئی۔
While passing through a forest he *fell a prey* to a wolf.	جنگل سے گذرتے ہوئے وہ بھیڑیئے کا شکار ہو گیا۔
All his plans *fell to the ground* for want of money.	روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے اس کے تمام منصوبے خاک میں مل گئے۔
Many English words have *fallen out of use* now and new ones have taken their place.	اب انگریزی زبان کے بہت سے الفاظ متروک ہو گئے ہیں اور نئے الفاظ نے ان کی جگہ لے لی ہے۔
The provisions *fell short* and the besieged had to surrender.	سامانِ رسد کم ہو گیا۔ اور محصورین کو ہتھیار ڈالنے پڑے۔
My advice *fell flat* on him.	میری نصیحت نے اس پر کچھ اثر نہ کیا۔

Get

English	Vernacular
I am *getting along* well in my business.	میرا کاروبار اچھا چل رہا ہے۔

English.	Vernacular.
He was not tall enough *to get at* that book on the topmost shelf.	وہ اتنا لمبا نہیں تھا کہ اس کا ہاتھ اس کتاب تک جو کہ سب سے اوپر کے خانے میں رکھی تھی پہنچ سکے۔
How are you *getting on* with your studies ?	تمہاری تعلیم کا کیا حال ہے؟
A rumour has *got abroad* that the examination is going to be postponed.	افواہ پھیل گئی ہے کہ امتحان ملتوی کیا جا رہا ہے۔
We *got down* the hill with great difficulty.	ہم پہاڑی سے بہت مشکل سے اترے۔
How to *get in* (or *into*) the Government service is a problem.	یہ ایک مشکل سوال ہے کہ سرکاری ملازمت میں کس طرح داخل ہوں۔
He is sure to *get over* his difficulties.	یقیناً وہ اپنی مشکلات پر غالب آ جائے گا۔
Get out of the room.	کمرے سے باہر نکل جاؤ۔
He will *get through* the examination easily.	وہ آسانی سے امتحان میں پاس ہو جائیگا۔
It is easy to *get into* debt but it is difficult to *get out of* it.	قرضہ میں پھنس جانا آسان ہے لیکن اس سے نکلنا مشکل ہے۔
I am in the habit of *getting up* early in the morning.	مجھے سویرے اٹھنے کی عادت ہے۔

English.	Vernacular.
Have you ***got up*** your lesson ?	کیا تم نے اپنا سبق یاد کر لیا ہے ؟
He has ***got up*** a false case against me.	اس نے میرے خلاف جھوٹا مقدمہ کھڑا کر دیا ہے ۔
It is difficult to ***get rid of*** this bad man.	اس خراب آدمی سے چھٹکارا پانا بہت مشکل ہے ۔
The police soon ***got wind of*** the matter and arrested him.	پولیس کو جلدی اس معاملے کی خبر لگ گئی ۔ اور اُس نے اُس کو گرفتار کر لیا ۔
Give	
The Inspector ***gave away*** prizes to the boys of our school.	جناب انسپکٹر صاحب نے ہمارے سکول کے لڑکوں کو انعامات تقسیم کئے ۔
He is not a man to ***give in***.	وہ دب جانے والا آدمی نہیں ہے ۔
He has ***given up*** all his bad habits.	اُس نے اپنی تمام بری عادات چھوڑ دی ہیں ۔
All the people ***gave*** themselves ***up to*** rejoicings on the occasion of the festival.	تہوار کے موقعہ پر تمام لوگ رنگ رلیاں منانے میں لگ گئے ۔
I never ***give way*** to temptations.	میں لالچ کو غالب نہیں آنے دیتا ۔

English.	Vernacular.
Carts have ***given place to*** tongas and motor cars.	چھکڑوں کی جگہ موٹروں اور ٹانگوں نے لے لی ہے۔
Your irresponsible talk has ***given rise to*** all kinds of doubts.	تمہاری غیر ذمہ وارانہ گفتگو نے کئی قسم کے شکوک پیدا کر دئے ہیں۔
I *gave vent to* my feelings without hinderance.	میں نے بغیر کسی کی روکاوٹ کے اپنے خیالات کا اظہار کر دیا ہے۔
She ***has given birth to*** a son.	اس عورت کے لڑکا پیدا ہوا ہے۔
He never *gave ear to* my advice.	اس نے میری بات پر دھیان نہیں دیا۔
He ***gave up the ghost.***	وہ مر گیا۔
Go.	
He ***went about*** in order to secure votes for himself.	وہ اپنے لئے رائیں حاصل کرنے کے لئے جگہ جگہ گیا۔
I intend to *go abroad* to improve my health.	اپنی صحت کو اچھا کرنے کی غرض سے میرا غیر ممالک میں جانے کا ارادہ ہے۔
A news has *gone abroad* that ~~Mahatma Gandhi~~ [M.A. Jinnah] is reaching this place by the Bombay Express.	M.A. Jinnah خبر پھیل گئی۔ کہ [redacted] آج بمبئی ایکسپریس سے یہاں پہنچ رہے ہیں۔
Mr. Sohan was a sort of *go-between* for my friend and his opponent.	مسٹر سوہن میرے دوست اور اس کے مخالف کے درمیان ثالث تھا۔

English	Vernacular.
If this house is sold, I shall surely *go in for it.*	اگر یہ گھر فروخت ہوا تو میں اس کو ضرور خریدونگا۔
The gun did not *go off.*	بندوق نہ چلی۔
The candle has *gone out.*	موم بتی بجھ گئی ہے۔
I can *go through* this book in an hour.	میں اس کتاب کو ایک سرے سے دوسرے سرے تک ایک گھنٹہ میں پڑھ سکتا ہوں۔
He has *gone to dogs* on account of heavy losses.	اپنے کاروبار میں بھاری نقصانات کی وجہ سے وہ تباہ ہوگیا ہے۔
The weak must *go to the wall.*	کمزور ہمیشہ دھکے کھاتے ہیں۔
If you take this course, it will *go hard* with you.	اگر تم یہ راستہ اختیار کروگے۔ تو تمہارے لئے باعث تکلیف ہوگا۔
It *goes without saying* that he is a man of strong character.	یہ ایک مانی ہوئی بات ہے کہ وہ ایک اعلےٰ چال چلن کا آدمی ہے۔
I am ready *to go bail for* you.	میں تمہارا ضامن بننے کو تیار ہوں۔
How do prices go ?	بھاؤ کیا ہے؟
Poverty and honesty seldom *go hand in hand.*	غریبی اور ایمانداری شاید ہی ساتھ ساتھ پائی جاتی ہیں۔

Keep.

I do not *keep back* any information from my officers.	میں کوئی بات اپنے افسران سے پوشیدہ نہیں رکھتا۔

English.	Vernacular.
Nations cannot *be kept down* by force of arms.	قومیں بزورِ ہتھیار مطیع نہیں رکھی جا سکتیں۔
If you only *keep from* bad company you will surely improve.	اگر تم صرف بُری صحبت سے پرہیز کرو۔ تو تم ضرور ترقی کر جاؤ۔
Evil persons must always be *kept off*.	بُرے آدمیوں کو ہمیشہ پرے رکھنا چاہئے۔
An umbrella *keeps off* rain.	چھتری بارش کو روکتی ہے۔
Our school is *keeping up* its good traditions.	ہمارا سکول اپنی اچھی روایات کو قائم رکھ رہا ہے۔
My watch *keeps* correct *time*.	میری گھڑی ٹھیک وقت دیتی ہے۔
Some people like *to keep to themselves*.	بہت سے آدمی دوسروں سے الگ رہنا پسند کرتے ہیں۔
I shall not *keep you in the dark* about that matter.	اس معاملے کے متعلق میں آپ کو تاریکی میں نہیں رکھونگا۔
Manmohan cannot *keep pace with* the class in Mathematics.	منموہن ریاضی میں اپنی جماعت کے ساتھ نہیں چل سکتا۔

Look.

What are you *looking about*?	تم کیا تلاش کر رہے ہو؟

Please *look after* this child.	مہربانی کرکے اس بچے کی خبرگیری کریں۔
How plcasant it is to *look back upon* our school days !	اپنے سکول کے ایام کو یاد کرنا کتنا خوشگوار کام ہے۔
We should not *look down upon* (or *on*) the poor.	ہمیں غریبوں کو حقارت کی نظر سے نہیں دیکھنا چاہیے۔
I shall *look for* you to-morrow morning.	میں کل صبح تمہارا انتظار کرونگا۔
While coming from the station I shall *look in* upon him.	سٹیشن سے آتا ہوا میں اسے ملونگا۔
I shall *look into* your case in a day or so.	میں ایک دو دن میں تمہارے معاملے کی پڑتال کرونگا۔
I *look upon* him as my friend.	میں اس کو اپنا دوست تصور کرتا ہوں۔
He is *looking out for* employment.	وہ نوکری کی تلاش میں ہے۔
Please *look over* these papers.	مہربانی کرکے ان کاغذات کو سرسری طور پر دیکھ لیں۔
Every one *looks up to* God for help in times of difffculty.	مشکلات کے وقت ہر ایک شخص ایشور سے مدد کا خواستگار ہوتا ہے۔

English.	Vernacular
He is *on the look-out* for an opportunity.	وہ موقع کی تلاش میں ہے۔
It is not my *look-out*.	یہ میرا کام نہیں۔
Look sharp; we are already late.	جلدی کرو ہمیں پہلے ہی کافی دیر ہو گئی ہے۔
Look up the meaning of this word in the dictionary.	اس لفظ کے معنے ڈکشنری میں دیکھو۔

Make

English.	Vernacular
Plotters *made away with* the young prince.	سازش کنندوں نے نوجوان شہزادہ کو خفیہ طور پر قتل کر دیا۔
Having finished my business, I *made for* the Railway Station.	اپنا کام ختم کرکے میں ریلوے سٹیشن کی طرف چل دیا۔
I found that the servant had *made off with* my clothes.	میں نے دیکھا کہ نوکر میرے کپڑے اٹھا کر بھاگ گیا ہے۔
I could not *make out* the meaning of this writing.	میں اس تحریر کا مطلب نہیں سمجھ سکا۔
When he came of age, his father's property was *made over* to him.	جب وہ بالغ ہوا۔ تو اس کے والد کی جائداد اس کے حوالے کر دی گئی۔

English.	Vernacular.
I shall try to *make up* my deficiency during the summer vacation.	میں گرمیوں کی تعطیلات میں اپنی کمزوری پوری کرنے کی کوشش کرونگا۔
You shall have to *make up for* these damages.	تمہیں یہ نقصانات پورے کرنے پڑینگے
It is good that he has *made up with* his brother.	اچھا ہؤا کہ اس نے اپنے بھائی کے ساتھ صُلح کر لی ہے۔
If I only come in, I shall *make room* for myself.	اگر میں صرف اندر داخل ہو جاؤں تو میں اپنے لئے جگہ کر لوں گا۔
This promising boy will surely *make his way into* the world.	یہ ہونہار لڑکا دنیا میں یقیناً ترقی کریگا۔
Do not *make friends with* selfish people.	خودغرض آدمیوں کو دوست نہ بناؤ۔
He *made amends* for his wrong doings.	اس نے اپنے بُرے افعال کی تلافی کی۔
He finds it difficult to *make both ends meet* with this salary.	اس تنخواہ میں اس کا گذارہ مشکل سے ہوتا ہے۔
He has *made his mark* as a speaker.	اس نے تقریر کرنے میں شہرت حاصل کر لی ہے۔

English.	Vernacular.
It is his habit *to make much ado about nothing.*	بات کا بتنگڑ بنانا اس کی عادت ہے
When I referred to his heavy loss he *made light of* it.	جب میں نے اس کے بھاری نقصان کا ذکر کیا تو اس نے اس کو کوئی اہمیت نہیں دی۔
Make hay while the sun shines.	موقعہ کو ہاتھ سے نہ جانے دو۔
Farmers *make merry* after the harvest.	فصلیں کٹنے کے بعد کسان خوشیاں مناتے ہیں۔

Put

English.	Vernacular.
In your youth *put by* something for old age.	جوانی میں بڑھاپے کے لئے کچھ جمع کرلو۔
He *put* down the revolt at once.	اس نے فوراً بغاوت کو دبا دیا۔
All the arguments *put forth* by him could not convince me of his innocence.	تمام دلائل جو اس نے پیش کیں مجھ کو اس کی بیگناہی کا قائل نہ کر سکیں۔
Never *put off* till tomorrow what you can do today.	آج کا کام کل پر مت چھوڑو۔
He tried to *put* me *off* by lame excuses.	مجھے جھوٹے بہانوں سے اس نے ٹالنے کی کوشش کی۔

English.	Vernacular.
Putting on his clothes, he went to school.	وہ کپڑے پہن کر سکول چلا گیا۔
Put out the lamp, please.	مہربانی کر کے لیمپ بجھا دیں۔
I am ***putting up*** at a hotel nowadays.	آج کل میں ایک ہوٹل میں ٹھہرا ہوا ہوں۔
I have *put up* a petition.	میں نے ایک عرضی دی ہے۔
Put up this notice on the Notice Board.	یہ نوٹس نوٹس بورڈ پر چسپاں کر دو۔
Put up his application tomorrow.	اس کی عرضی کل پیش کرو۔
I could not *put up with* his ill-treatment.	میں اس کے بُرے سلوک کو برداشت نہ کر سکا۔
All the captives were *put to the sword.*	تمام قیدیوں کو تہ تیغ کر دیا گیا۔
Put your shoulder to the wheel.	ہر ایک کام کو اپنی سعی سے کرو۔
He asked me to *put down in black and white* all that I wanted to say.	اس نے مجھ سے کہا کہ جو کچھ تمہیں کہنا ہے لکھ کر دو۔
This explanation will *put an end to* all your doubts.	یہ جواب تمہارے تمام شکوک کا خاتمہ کر دیگا۔

English.	Vernacular.
The prince was *put to death* by his uncle.	شہزادے کو اس کے چچا نے مار ڈالا۔
The proposal was *put to vote*.	تجویز پر رائیں لی گئیں۔
The Marhattas *put* their enemies *to flight.*	مرہٹوں نے اپنے دشمنوں کو بھگا دیا۔

Run.

English.	Vernacular.
The servant ***ran away with*** a box containing ornaments.	نوکر زیورات کا ایک ڈبہ اٹھا کر بھاگ گیا۔
Had you followed my advice, you would not have *run into* such a danger.	اگر تم میری نصیحت پر عمل کرتے۔ تو تم ایسے خطرے میں نہ پڑتے۔
The motor car ***ran*** *against* a tree.	موٹر کار ایک درخت سے ٹکرا گئی۔
You seem to be ***run down.***	تمہاری صحت گری ہوئی معلوم ہوتی ہے۔
A tonga ***ran over*** a child.	تانگہ ایک بچے کے اوپر سے گذر گیا۔
A rich man of this place *runs this school.*	اس شہر کا ایک امیر آدمی اس سکول کو چلاتا ہے۔
A drop of oil ***runs on*** paper.	تیل کا ایک قطرہ کاغذ پر پھیل جاتا ہے۔

English.	Vernacular.
I cannot *run the risk* of going there.	میں وہاں جانے کے خطرے میں نہیں پڑ سکتا۔
He has *run mad.*	وہ پاگل ہو گیا ہے۔
This bill has forty days *to run.*	اس بل کی میعاد چالیس دن کی ہے۔
Our provisions have *run short.*	ہمارا ساماں رسد ختم ہو گیا ہے۔

Set.

He has *set apart* ten thousand rupees for his daughter.	اس نے اپنی لڑکی کے لئے دس ہزار روپیہ مخصوص کر دیا ہے۔
His claims have been *set aside.*	اس کے حقوق رد کر دئے گئے ہیں۔
Rains have *set in* early this year.	اس سال برسات جلدی شروع ہو گئی ہے۔
We *set off* early in the morning.	ہم صبح سویرے چل پڑے۔
He intends to *set out* on pilgrimage in a day or so.	اس کا ایک دو دن میں یاترا کو جانے کا ارادہ ہے۔
A stone was *set up* there to mark the victory.	فتح کی یادگار میں وہاں ایک پتھر نصب کیا گیا۔

English.	Vernacular
A change to the hills will *set him up*.	پہاڑوں کی تبدیلی آب وہوا اُس کی صحت کو بحال کردے گی۔
No one knows who set the house on fire. or,	کسی کو پتہ نہیں۔ کہ کس نے مکان کو آگ لگائی۔
No one knows who *set fire to* the house.	
He *set sail* in a small ship	وہ ایک چھوٹے سے جہاز میں روانہ ہوا۔
I shall soon *set* this matter *right*.	میں اس معاملے کو جلدی ہی ٹھیک کردونگا۔

Take.

The son *takes after* his father in many things.	لڑکا اپنے باپ سے بہت سی باتوں میں مشابہ ہے۔
I *take down* notes as the teacher speaks.	جب استاد صاحب بولتے رہتے ہیں۔ میں نوٹ لیتا رہتا ہوں۔
I *took* him *for* your brother.	میں نے اس کو تمہارا بھائی سمجھا۔
Mr. Ram Lal has *taken over* charge of library books.	مسٹر رام لال نے لائبریری کی کتابوں کا چارج لے لیا ہے۔
He *took to* gambling and was ruined.	وہ جوا کھیلنے لگ گیا۔ اور تباہ ہوگیا۔

English.	Vernacular.
Taking his good services *into account* I excused him.	اس کی اعلےٰ خدمات کا خیال کرتے ہوئے میں نے اس کو معاف کر دیا۔
You will be *taken to task* for your carelessness.	تمہیں تمہاری لاپرواہی کے لئے سرزنش کی جائے گی۔
You should *take advantage of* this golden chance	تمہیں اس سنہری موقعہ سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔
Alexander *took* the army of Porus *by surprise* and defeated it.	سکندر نے پورس کی فوج پر اچانک حملہ کر دیا اور اس کو شکست دی۔
I have often *taken part* in such debates.	میں نے اکثر ایسے مباحثوں میں حصّہ لیا ہے۔
As soon as there was the alarm, the thieves *took to their heels.*	جونہی شور مچا چور بھاگ گئے۔
He was *taken aback* to hear this sad news.	یہ افسوسناک خبر سُن کر وہ حیران ہوگیا۔
The secret has *taken air.*	راز افشا ہوگیا ہے۔
He goes out *to take the air* every morning.	وہ ہر صبح ہوا خوری کے لئے باہر جاتا ہے۔

English.	Vernacular.
You should *take care* of your health.	تمہیں اپنی صحت کا خیال رکھنا چاہئے۔
Taking off his clothes, he jumped into the river.	وہ کپڑے اتار کر دریا میں کود پڑا۔
Ram Lal alway *takes the lead* in such matters.	رام لال اس قسم کے کام سب سے پہلے کرتا ہے۔
Do not *take* it *to heart.*	اس بات کا بُرا نہ ماننا۔

Chapter XXXII.

Words followed by Appropriate Prepositions.

1. Abound *with* or *in.* 2. Accompanied *by.* 3. Accord *to.* 4. Accord *with.* 5. Admit *to* or *into.* 6. Admit *of.* 7. Agree *to* (a proposal). 8. Agree *with* (a person). 9. Apply *to* (a person) *for* (something.) 10. Astonished *at.* 11. Apologise *to* (a person) *for* (something.) 12. Arrive *at.* 15. Attribute *to.* 16. Attend *to.* 17. Attend *on.* 18. Avail (oneself) *of.* 19. Approve *of.* 20. Ask *for.* 21. Avenge (oneself) *on* or *upon.*

22. Bark *at.* 23. Beg *of.* 24. Beg pardon *of.* 25. Believe *in.* 26. Belong *to.* 27. Bestow *upon.* 28. Beware *of.* 29. Blind *of.* 30. Blind *to.* 31. Blush *at.* 32. Boast *of.* 33. Borrow *of* or *from.* 34. Bent *on* or *upon.*

35. Care (Verb) *for*; Care (Noun) *of*. 36. Cause *for*. 37. Certain *of*. 38. Charge *with* 39. Comment *on* or *upon*. 40. Communicate *with*. 41. Communicate *to*. 42. Compare *with*. 43. Compare *to*. 44. Compete *with*, *for*. 45. Complain *to*, *against*. 46. Comply *with*. 47. Concur *with*, *in*. 48. Condole *with*. 49. Confer *upon*. 50. Confer *with* (a person) *about* (a thing). 51. Consist *of*. 52. Consist *in*. 53. Contrast (Noun) *to*. 54. Contrast (Verb) *with*. 55. Congratulate *on* or *upon*. 56. Convince *of*.

57. Deal *in*. 58. Deal *with* (person). 59. Deal *with*. 60. Depend *upon*. 61. Deprive *of*. 62. Despair *of*. 63. Die *of* 64. Differ *with* 65. Differ *from*. 66. Dispense *with*. 67. Dispose *of*.

68. Encroach *upon*. 69. Enter *upon*. 70. Entrust *with*. 71. Excel *in*. 72. Exempt *from*.

73. Feed *on*. 74. Feel *for*. 75. Fond *of*.

76. Glance *over*. 77. Grieve *for*.

78. Hear *of*. 79. Hide *from*. 80. Hope *for*. 81. Hopeful *of*.

82. Ignorant *of*. 83. Impose *upon* or *on*. 84. Impress *on* or *upon*. 85. Impressed *with*. 86. Indifferent *to*. 87. Indebted *to*. 88. Indulge *in*. 89. Inflict *on*. 90. Inform *of*. 91. Inquire *into*, *of*, *about*, 92. Insist *on*. 93. Interfere *with*, *in*. 94. Interest *in*. 95. Introduce *to*. 96. Invite *to* 97. Involve *in*.

98. Jealous *of*. 99. *knock at*.

100, Keep *from* 101. Jump *at*.

102. Laugh *at*. 103. Listen *to*. 104. Lead *to*. 105. Loyal *to*. 106. Long *for*.

107. Marry *to*. 108. Match *with*. 109. Match *for*. 110. Meddle *with*. 111. Mourn *for*.

112. Notorious *for*.

113. Obedient *to*. 114. Oblige *to*. 115. Object *to*.

116. Part *with*. 117. Part *from*. 118. Partake *of*. 119. Persist *in*. 120. Play *on* or *upon*. 121. Plot *against* 122. Popular *with*. 123. Pray *for*. 124. Prefer *to*. 125. Prevent *from*. 126. Preside *over* or *at*. 127. Proud *of*.

121. Quarrel *with*. *over* or *about*. 129. Qualify *for*.

130. Recover *from* 131 Refer *to* 132. Refrain *from*. 133. Rejoice *at*. 134. Relieve *of*. 135. Rely *on*. 136. Remind *of*. 137. Repent *of*. 138. Revolt *against*. 139. Reply *to* 140. Rob *of*.

141. Send *for*. 142. Satisfied *with*. 143. Short *of*. 144. Sick *of*. 145. Similar *to*. 146. Sentenced *to*. 147. Side *with*. 148. Sympathise *with*, *in*. 149. Talk *to*, *with* *about*. 150. Taste *for*. 151. Tried *of*. 152. Tired *with* 153. Trust *in*.

154. Versed *in*.

155. Wait *for*. 156. Wait *on* 157. Wait *on*. 158. Wanting *in*. 159. Weary *of*. 160. Warn *of*.

EXERCISE 38.

(۱) اس تالاب میں بہت سی مچھلیاں ہیں (۲) وہ اپنے دوستوں کے ساتھ سینما دیکھنے گیا (۳) اس کا پرتپاک استقبال کیا گیا (۴) ایک شریف آدمی کے قول و فعل میں مطابقت ہونی چاہیئے (۵) مجھے افسوس ہے کہ میں تمہیں اپنے سکول میں داخل نہیں کر سکتا (۶) اس پیرے کے تین طرح سے معنے ہو سکتے ہیں۔ (۷) اس نے میری تجویز سے اتفاق رائے نہ کیا (۸) اس معاملے میں میرا آپ سے اتفاق رائے نہیں ہے (۹) میں نے ہیڈ ماسٹر صاحب کی خدمت میں رخصت کے لئے درخواست دی ہے (۱۰) اس کی کامیابی پر مجھے تعجب ہوا۔ (۱۱) اپنی گستاخی کے لئے میں آپ سے معافی چاہتا ہوں (۱۲) اُس نے دسٹرکٹ جج کے حکم کے خلاف ہائیکورٹ میں اپیل کی ہے (۱۳) تم مجھ سے کیوں ناراض ہو؟ (۱۴) میں سٹیشن پر عین وقت پر پہنچا (۱۵) وہ اپنی ناکامیابی کو بیماری سے منسوب کرتا ہے (۱۶) تمہیں اپنے سبق کی طرف توجہ دینی چاہیئے (۱۷) اس کے پاس اس کی خدمت کے لئے صرف ایک نوکر ہے (۱۸) میں یقیناً اس موقعہ سے فائدہ اٹھاؤں گا (۱۹) میں تمہارے رویّہ کو پسند نہیں کرتا (۲۰) لڑکوں نے ہیڈ ماسٹر صاحب سے ایک دن کی رُخصت مانگی (۲۱) وہ شروع سے اپنے دشمنوں سے انتقام لینے کی کوشش کرتا رہا ہے۔

(۲۲) کُتے ہمیشہ اجنبی آدمیوں کو بھونکتے ہیں (۲۳) فقیر نے مجھ سے ایک پیسہ مانگا (۲۴) میں آپ سے اس تکلیف کے لئے معافی چاہتا ہوں (۲۵) میں اس کے بیان پر یقین نہیں کر سکتا (۲۶) یہ مکان میری ملکیت ہے۔ (۲۷) اچھی خدمات کے صِلے میں گورنمنٹ نے اس کو چار مُربّع زمین بخشی ہے (۲۸) ظاہری دوستوں سے ہوشیار رہو (۲۹) وہ کانا ہے (۳۰) وہ اپنی بیوقوفی کے نتائج سے بالکل بے پروا معلوم ہوتا ہے (۳۱) اپنی تعریف سُن کر شرمساری سے اس کے چہرے پر سُرخی آگئی (۳۲) اچھے طالب علم

اپنی لیاقت کی ڈینگ نہیں مارتے (۳۳) اس نے مجھ سے ایک ہزار روپیہ قرض لیا ہے (۳۴) وہ شرارت پر تلا ہوا ہے +

(۳۵) طالب علموں کو اپنی صحت کی خاص پروا کرنی چاہئے (۳۶) آپ کے لئے شکایت کی کوئی وجہ نہیں (۳۷) اس کو اپنی کامیابی پر یقین ہے (۳۸) اُس کے دشمنوں نے اس پر چوری کا الزام لگایا (۳۹) میں اس معاملہ پر رائے زنی نہیں کرنی چاہتا (۴۰) میں نے اس سے اس معاملہ میں خط وکتابت کرلی ہے (۴۱) اس نے اپنے والد صاحب کو اپنی کامیابی کی خبر بذریعہ تار بھیجی۔ (۴۲) اُس نے اپنے کوٹ کے کپڑے کا مقابلہ میرے کوٹ کے کپڑے سے کیا (۴۳) شیکسپیئر نے دنیا کو ایک سٹیج سے تشبیہہ دی ہے (۴۴) ہماری جماعت کے دس لڑکے انعام کے لئے باہم مقابلہ کرینگے (۴۵) استاد صاحب نے ہیڈ ماسٹر صاحب سے میری گستاخی کی شکایت کر دی (۴۶) مجھے افسوس ہے۔ کہ میں ان کی درخواست کو قبول نہیں کر سکتا (۴۷) میں اس معاملہ میں تم سے اتفاق رائے نہیں رکھ سکتا (۴۸) تمہیں اپنے دوست سے اس کے غم میں ہمدردی کرنی چاہئے۔ (۴۹) گورنمنٹ نے اس کو رائے بہادر کا خطاب عطا کیا ہے (۵۰) میں اس معاملے میں آپ سے گفتگو نہیں کرنا چاہتا (۵۱) ہماری جماعت میں ۵۹ لڑکے ہیں (۵۲) سچی خوبصورتی چال چلن کی پاکیزگی میں ہے (۵۳) میرے بڑے بھائی کا چال چلن میرے چال چلن کے بالکل متضاد ہے (۵۴) اکبر اور اورنگ زیب کے چال چلن میں فرق بتاؤ۔ (۵۵) تمہاری شاندار کامیابی پر میں تمہیں مبارکباد دیتا ہوں (۵۶) میں تمہاری ایمانداری کا قائل ہو گیا ہوں +

(۵۷) وہ کھانڈ کی تجارت کرتا ہے (۵۸) میں جانتا ہوں۔ کہ تمہارے جیسے لڑکوں کے ساتھ کس قسم کا سلوک کیا جائے (۵۹) اس نے اس معاملے پر وضاحت کے ساتھ بحث کی (۶۰) ہم سب اس پر انحصار رکھتے ہیں۔

(۶۱) کوئی شخص مجھ کو میرے حقوق سے محروم نہیں کر سکتا (۶۲) تمہیں اپنی کامیابی سے مایوس نہیں ہونا چاہئے (۶۳) ہندوستان میں ہزاروں آدمی ہر سال پلیگ سے مرتے ہیں (۶۴) میں آپ سے اس معاملے میں اختلاف رائے رکھتا ہوں (۶۵) پنجاب کی آب و ہوا جنوبی ہندوستان کی آب و ہوا سے مختلف ہے (۶۶) اس کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا (۶۷) اس نے اپنا سارا اسامان بیچ دیا ہے۔ (۶۸) دوسروں کی چیز پر دست اندازی مت کرو (۶۹) انگلستان نے حال ہی میں رُوس کے ساتھ ایک تجارتی معاہدہ کیا ہے (۷۰) میں اپنا تمام روپیہ آپ کے حوالے کرنا چاہتا ہوں (۷۱) میرا بھائی ریاضی میں اپنی جماعت کے سب لڑکوں سے بڑھ کر ہے۔ (۷۲) غریبی کی وجہ سے اس کو فیس سے مستثنٰی کر دیا گیا ہے (۷۳) بچے دودھ پر پلتے ہیں (۷۴) اچھے آدمی دوسروں کی تکلیف محسوس کرتے ہیں (۷۵) اس کو ناول پڑھنے کا شوق ہے (۷۶) مجھے تمہاری فائل دیکھ لینے دو (۷۷) وہ اپنے لڑکے کا بہت افسوس کرتی تھی۔

(۷۸) مدت سے آپ کی کوئی خبر نہیں ملی (۷۹) تم مجھ سے اصل واقعات کیوں چھپاتے ہو؟ (۸۰) میں تمہارے جلد واپس آنے کی اُمید کرتا ہوں (۸۱) اُسے اپنی کامیابی کی امید ہے (۸۲) اس کو ان واقعات کا ذرا علم نہیں (۸۳) اس پر بھاری ذمہ واریاں ڈال دی گئی ہیں (۸۴) میں محنت کی اہمیت کو تم پر نقش کرنا چاہتا ہوں (۸۵) اس کی اعلےٰ تقریر نے مجھ پر اثر کیا (۸۶) وہ اپنے فرائض سے لاپروا ہے (۸۷) میں آپ کی باوقت مدد کے لئے مشکور ہوں (۸۸) شراب خوری بہت بُری عادت ہے (۸۹) اس

کو سخت سزا دی گئی (۹۰) میں نے تم کو اپنی آمد سے مطلع کر دیا تھا۔ (۹۱) میں اس معاملہ کے متعلق تحقیقات کروں گا (۹۲) اس نے میرے جانے پر اصرار کیا (۹۳) ہمیں دوسروں کے معاملے میں ان کے ساتھ مداخلت کرنے کا کوئی حق نہیں (۹۴) مجھے اس کام میں دلچسپی ہے۔ (۹۵) کیا آپ مہربانی کر کے ان سے میرا تعارف کرا دیں گے؟ (۹۶) تمام دوستوں کو کھانے پر مدعو کیا گیا (۹۷) وہ بہت سی مشکلات میں پھنسا ہوا ہے (۹۸) ہمیں دوسروں سے حسد نہیں کرنا چاہئے (۹۹) بلی کود کر دیوار پر جا بیٹھی (۱۰۰) اپنے آپ کو بری صحبت سے باز رکھنا اچھا ہے (۱۰۱) دروازہ پر کون دستک دے رہا ہے؟

(۱۰۲) سامعین نے اس کا مضحکہ اڑایا (۱۰۳) جو کچھ میں کہتا ہوں اسے توجہ سے سنو (۱۰۴) یہ سڑک ریلوے سٹیشن کو جاتی ہے (۱۰۵) ہمیں اپنے وطن اور بادشاہ کا وفادار ہونا چاہئے (۱۰۶) ہمیں ہمیشہ اچھی چیزوں کی خواہش کرنی چاہئے (۱۰۷) میرے بھائی کی شادی مسٹر رام کشن کی لڑکی سے ہوئی (۱۰۸) فصاحت میں اس کا مقابلہ کرنا مشکل ہے (۱۰۹) میرا اس کا کیا مقابلہ؟ (۱۱۰) اس کے کام میں مداخلت مت کرو (۱۱۱) ہر ایک آدمی اس کو رو رہا ہے (۱۱۲) وہ اپنی شرارتوں کے لئے مشہور ہے (۱۱۳) کیشو اپنے استادوں کا فرمانبردار ہے (۱۱۴) اس مہربانی کے لئے آپ کا مشکور ہوں (۱۱۵) اس نے میرے وہاں جانے پر اعتراض کیا (۱۱۶) میں اپنی مشقت سے کمائے ہوئے روپے کو نہیں چھوڑ سکتا (۱۱۷) وہ روتے ہوئے ایک دوسرے سے جدا ہوئے (۱۱۸) افسوس ہے۔ کہ میں دعوت میں شریک نہیں ہو سکوں گا (۱۱۹) میری نصیحت کے باوجود اس نے اپنی بری عادات کو نہ چھوڑا (۱۲۰)

مجھے ہارمونیم بجانا آتا ہے (۱۲۱) امراء دربار نے بادشاہ کے خلاف سازش کی (۱۲۲) وہ لوگوں میں ہر دلعزیز ہے (۱۲۳) میں آپ کی عمر درازی کے لئے دعا کرتا ہوں۔ (۱۲۴) میں موت کو بے عزتی پر ترجیح دیتا ہوں (۱۲۵) اس نے مجھے لاہور جانے سے روکا (۱۲۶) جناب انسپکٹر صاحب نے ہمارے تقسیم انعامات کے جلسہ کی صدارت فرمائی (۱۲۷) وہ اپنی کامیابی پر غرور کرتا ہے۔

(۱۲۸) وہ اپنے بھائی سے جائداد کے متعلق جھگڑ رہا ہے (۱۲۹) وہ اپنے آپ کو ڈاکٹری کے لئے تیار کر رہا ہے (۱۳۰) میں نے اس سے اپنا تمام روپیہ وصول کر لیا ہے (۱۳۱) میں نے یہ معاملہ جناب مینجر صاحب کے پاس پیش کر دیا ہے (۱۳۲) تم کو ہمیشہ بُرے دوستوں سے پرہیز کرنا چاہیئے (۱۳۳) لوگ اپنی فتح پر خوشی منا رہے ہیں (۱۳۴) اس کو اس کی ڈیوٹی سے فارغ کر دیا گیا ہے (۱۳۵) ایسے آدمیوں پر اعتماد مت کرو (۱۳۶) میں آپ کو آپ کا وعدہ یاد دلانا چاہتا ہوں (۱۳۷) اس کو اپنی کرتوت پر پشیمان ہونا پڑیگا (۱۳۸) رعایا نے بادشاہ کے خلاف بغاوت کر دی (۱۳۹) میں نے اس کے خط کا جواب ابھی نہیں دیا (۱۴۰) راہزنوں نے اس مسافر کا سارا سامان لوٹ لیا ہے (۱۴۱) لڑکا سخت بیمار ہے۔ فوراً ڈاکٹر کو بلا لاؤ (۱۴۲) مجھے اس کے رویّہ سے تسلی ہے۔ (۱۴۳) اس کے پاس روپیہ گم ہو گیا ہے (۱۴۴) میں تم جیسے آدمیوں سے تنگ آیا ہوا ہوں (۱۴۵) یہ کتاب اس کتاب جیسی ہے (۱۴۶) ملزم کو دو سال قید سخت کی سزا دی گئی ہے (۱۴۷) ہمیشہ کمزور کی حمایت کرو (۱۴۸) دوسروں کے ساتھ ان کی تکالیف میں ہمدردی کرو (۱۴۹) میں نے اس معاملے کے متعلق ان سے بات چیت کر لی ہے (۱۵۰) مجھے تواریخ سے رغبت ہے (۱۵۱) میں اس کو خط لکھتے لکھتے تنگ آگیا ہوں (۱۵۲) میں لگاتار کام کرنے سے تھک گیا ہوں (۱۵۳) ہمیشہ پرماتما پر بھروسہ رکھو (۱۵۴) وہ ریاضی میں طاق ہے (۱۵۵) میں بڑی دیر سے

تمہارا انتظار کر رہا ہوں (۱۵۶) اس کی خدمت کے لئے کئی نوکر ہیں (۱۵۷) مینجنگ کمیٹی کے ممبر انسپکٹر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے (۱۵۸) اس کو تمیز نہیں ہے (۱۵۹) میں اس کام سے تنگ آ گیا ہوں (۱۶۰) میں نے آپ کو اس خطرے سے آگاہ کر دیا ہے +

Chapter XXXIII.

SOME CONJUNCTIONS AND THEIR USE

(1) **Since.** It means :

(i) *From and after the time when,* (جب سے) ; as

جب تم ملے تھے میں تب سے ھی بیمار ھوں -	I have been ill *since* you saw me last.

(ii) *Seeing that* (چونکہ) ; as,

چونکہ تم نے سچ بول دیا ھے اسلئے میں تمھیں معاف کر دیتا ھوں -	*Since* you have spoken the truth, I excuse you.

(2) **As.** 'As' is used to show :

(i) *Time* (وقت) ; as,

جب میں کمرے میں داخل ھوا لڑکے کھڑے ھو گئے -	*As* I entered the room the boys stood up.

(ii) *Reason* (سبب) ; as,

چونکہ وہ کمزور ھے اُسے آرام کرنا چاھئے -	*As* he is weak, he must take rest.

(iii) *Comparison* (مقابلہ) ; as,

اُس کا دل پتھر کی طرح سخت ہے -	His heart is as hard *as* stone.

(3) **As soon as, no sooner than.**

جونہی میں سکول پہنچا گھنٹی بج گئی-	*As soon as* I reached the school, the bell rang.

No sooner did I reach the school *than* the bell rang.

Note carefully the construction of the sentence having *no sooner......than.*

(4) **Lest.** It means *so that......not* (مبادا) ; as,

آھستہ آھستہ چلو مبادا کہ تم گر پڑو -	Walk slowly *lest* you should fall.

NOTE.—*Lest* is always followed by *should.*

(5) **If.** It means :—

(i) *On the condition that* (بشرطیکہ) ; as,

اگر تم دیر سے آئے تو میں تمہارا انتظار نہ کرونگا -	*If* you come late, I shall not wait for you.

(Note that the word تو is not translated).

(ii) *Admitting that* (آیا کہ) ; as,

میں معلوم کرنا چاھتا ھوں کہ آیا وہ راضی خوشی ہے -	I want to know *if* he is all right.

(iii) *Whether* ; as,

اُس نے مجھہ سے پوچھا آیا میں اُسکی مدد کرونگا	He asked me if I would help him.

(6) **While.** It is used to mean :

(i) *During the time* (جب) ; as,

Make hay *while* the sun shines. موقعہ سے فائدہ اُٹھاؤ -

(ii) *At the same time when* - (اُسی وقت جبکہ) ; as

All heard him attentively *while* he spoke. جب کہ وہ بول رہا تھا اُس وقت سب غور سے سنتے رہے -

(iii) *Whereas* (جب کہ) ; as,

You are enjoying *while* your brother is starving. تم مزے کر رہے ہو جب کہ تمہارا بھائی بھوکا مر رہا ہے-

EXERCISE 39.

(۱) چونکہ تم بہت کمزور ہو - اس لئے تمہیں آرام کرنا چاہئے (۲) جُونہی پریذیڈنٹ ہال میں داخل ہوًا - ہال تالیوں سے گُونج اٹھا (۳) میں پلیٹ فارم پر پہنچا ہی تھا کہ گاڑی نے سیٹی دی اور چل دی (۴) جُوں ہی اندھیرا ہوا تمام جگہ بجلی کی روشنی ہوگئی (۵) جونہی استاد صاحب کمرے میں داخل ہوئے. لڑکے بالکل خاموش ہوگئے (۶) امتحان کے نزدیک تمام لڑکے تو محنت کرتے ہیں اور تم اپنا وقت فضول ضائع کرتے ہو (۷) جب کہ تم جوان ہو- بڑھاپے کے لئے کچھ بچا سکتے ہو (۸) جب سے وہ یہاں آیا ہے. تب سے ہی بورڈنگ ہوس میں رہتا ہے (۹) چُونکہ انسپکٹر صاحب نے تمہاری سفارش کی ہے - اس لئے میں تمہیں یہ جگہ دے دیتا ہوں (۱۰) جونہی میں سکول میں پہنچا بارش ہونے لگی (۱۱) جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے (۱۲) جلدی کرو - ایسا نہ ہو کہ گاڑی نکل جائے (۱۳) وہ اتنا ہوشیار ہے جتنا کہ تمہارا بھائی (۱۴) اس معاملے کو بالکل راز میں رکھو - ایسا نہ ہو کہ بعد میں پچھتانا پڑے (۱۵) اگر تم دوبارہ یہ قصور نہ کرو - تو میں تمہیں معاف کر دُوں (۱۶) میں نہیں کہہ سکتا - کہ وُہ

آئے گا یا نہیں (۱۷) اگر میں اس لڑکے کی مدد نہ کرتا تو یہ ڈوب جاتا (۱۸)
بچہ رو رہا تھا۔ جب کہ دوسرے لڑکے اس کا مذاق اڑا رہے تھے (۱۹)
جب کام کا وقت ہو کام کرو (۲۰) جب تک کہ تم بچے ہو۔ تم ذمہ داری سے
آزاد ہو (۲۱) ابھی بارش ہو ہی رہی تھی۔ کہ وہ چل کھڑا ہوا (۲۲) کونین استعمال
کرو۔ ایسا نہ ہو کہ بیمار پڑ جاؤ (۲۳) اگر تمہیں اپنی جان پیاری ہے تو خاموش
کھڑے رہو (۲۴) جونہی میں نے اس کو دیکھا۔ میں نے فوراً اس کو پہچان لیا۔
(۲۵) تم یہاں سے فوراً چلے جاؤ۔ ایسا نہ ہو۔ کہ راز کھل جائے۔

Vocabulary.

1. To take rest. 2. Enter, to resound with cheers. 3. Whistle, steam off 4. Electric light. 6. Idle away. 7. Lay by, old age. 9. Recommend, post. 11. As you sow, so shall you reap. 12. Leave. 13 Intelligent. 14. Secret, repent. 15. Repeat, offence, excuse. 17. To be drowned. 18. To laugh at. 20. Free, responsibility. 22. Quinine, to fall ill. 23. To stand still. 24 Recognise. 25. Secret, to take air.

Chapter XXXIV.

SUBORDINATE CLAUSES.

Noun Clause.

A clause that ***does the work of a noun*** is called the **Noun Clause.**

A noun in a sentence can be :—

(i) *Subject to a verb,*

(ii) *Object to a verb,*

(iii) *Object to a preposition,*

(iv) *Complement to an incomplete verb,*

(v) *In apposition to a noun or pronoun.*

The **Noun Clause** also has the above *five* functions.

(i) **Subject to a Verb** ; as,

جو کچھہ وہ کہتا ھے وہ پہلے معلوم تھا -	What he says was known before.
جو کوئی جھوٹ بولیگا سزا پائیگا -	*Whoever tells a lie* shall be punished.

(ii) **Object to a Verb**; as,

مجھے معلوم نہیں کہ وہ سارا دن کہاں گزارتا ھے -	I do not know *where he passes the whole day.*

(iii) **Object to a preposition, a participle or an infinitive**; as,

جو کچھہ میں کہتا ھوں اُسے غور سے سنو -	Listen to *what I say.*
یہ خیال کرکے کہ وہ شائد سدھر جائیگا میں نے اُسکو بلا لیا -	Considering, *that he might improve,* I sent for him.
میں یہ جاننا چاھتا ھوں کہ شرارت کس نے کی ھے -	I want to know *who has done the mischief.*

(iv) **Complement to an incomplete Verb;** as,

ایسا معلوم ھوتا ھے کہ وہ	It seems that *he will*

not succeed.	کامیاب نہیں ہوگا -
My belief is that *he is innocent.*	میرا یقین ہے کہ وہ بے قصور ہے -

(v) **In apposition to a noun or a pronoun in the Nominative or Objective case**; as,

The fact, *that he has deceived me*, is known to every one.	یہ بات کہ اُس نے مجھے دھوکا دیا ہے ہر ایک کو پتہ ہے -
It is quite clear *that you have stolen the book.*	یہ صاف ظاہر ہے کہ تم نے کتاب چرائی ہے ۔
The teacher taught us the proposition *that the sum of the three angles of a triangle is equal to two right angles*	اُستاد نے ہمیں آج یہ مسئلہ پڑھایا کہ تکون کے تینوں زاویہ ملکر دو زاویہ قائموں کے برابر ہوتے ہیں -
He made it known *that the whole property will be put up to auction.*	اُس نے یہ مشتہر کر دیا کہ تمام جائداد نیلام کی جائیگی -

EXERCISE 40.

(۱) سمجھ میں نہیں آتا - کہ یہ واقعہ کیسے ہوُا (۲) اس بات کو سُن کر مجھے سخت رنج ہوُا - کہ وہ بیمار ہے (۳) ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آج بارش ہوگی - (۴) کیا تم اندازہ لگا سکتے ہو کہ وہ کیوں نہیں آیا (۵) ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں کہ بیمار جلدی شفایاب ہو جائیگا (۶) کوئی نہیں بتا سکتا کہ اس کی آئندہ زندگی میں کیا ہوگا (۷) یہ خوف کہ وہ ناکامیاب نہ ہو جائے اس کے ہر ایک

کام میں رکاوٹ ڈالتا ہے (۸) اب تو سوال یہ ہے کہ وہ امتحان پاس کرنے کے بعد کیا کرے گا (۹) مجھے بتلایا گیا تھا کہ امیدوار ایک نیک چلن آدمی ہے (۱۰) یہ کہ وہ میری بات پر کان دھرے گا مشکوک بات ہے (۱۱) تمہاری کامیابی یا ناکامیابی اس بات پر منحصر ہے کہ تم کیسا کام کرتے ہو (۱۲) افواہ ہے کہ امتحان انٹرنس کا نتیجہ بارہ تاریخ کو نکل جائے گا (۱۳) دوران گفتگو میں میں نے اُس سے پوچھا۔ کہ اُس نے کہیں پہلے بھی کام کیا ہے کہ نہیں (۱۴) کیا تم بتا سکتے ہو کہ تمہیں اس بات کا کیسے پتہ لگا (۱۵) یہ خبر کہ پیپل بنک کا دیوالہ نکل گیا ہے آن کی آن میں سارے شہر میں پھیل گئی (۱۶) ان لوگوں میں سب سے زیادہ نقص یہ ہے کہ وہ ہاتھ پاؤں ہلانا نہیں چاہتے (۱۷) یہ سوچ کر کہ شاید تم واپس نہ آؤ میں جلدی سو گیا (۱۸) کیا اُس کو پتہ ہے کہ اُس کو نوکری سے برخاست کر دیا گیا ہے (۱۹) جو کچھ اُس نے کہا ہر ایک آدمی اس پر مذاق کرنے لگا (۲۰) کس طرح صبر و استقلال سب مشکلات پر غالب آجاتے ہیں بہرام جی مالاباری کی زندگی سے پتہ لگتا ہے +

Vocabulary.

1. To happen. 2. To be grieved. 4. Guess. 5. Recover. 6. In store for, future. 7. To stand in one's way. 9. Candidate. 10. Doubtful, to give ear to. 11. Success, failure, to depend 12. Rumour, result. 13. In the course of. 15. In an instant. 16. To make an effort. 17. To go to bed. 18. To be dispensed with. 19. Mock at. 20. Patience, perseverence, overcome.

Adjective Clause.

An **Adjective clause** does the work of an Adjective and so it qualifies a noun or pronoun in another clause.

It is generally introduced by a Relative Pronoun or a Relative Adverb ; as

یہ لڑکا ہے جو امتحان میں اول نکلا ہے -	He is the boy *who has stood first in the examination.*
وہ گھر جس میں رام رہتا ہے کوتوالی کے نزدیک ہے -	The house *in which Rama lives* is near the Kotwali
جتنی تصویریں میں نے دیکھی ہیں ان میں یہ سب سے خوبصورت ہے ۔	This is the most beautiful picture *that I have seen.*
ایسی کتابیں جو ہمارے اخلاق پر برا اثر ڈالیں نہیں پڑھنی چاہئیں -	Such books *as have bad effect on our morals* should not be read.
کوئی آنکھ نہ تھی جو آنسوؤں سے تر نہ ہو -	There was no eye *but wept.* (=which did not weep).
یہ جگہ ہے جہاں کل میں نے اپنے بھائی کو چھوڑا تھا -	This is the place *where I left my brother yesterday.*

The verb after a Relative Pronoun agrees with the antecedent in number and person ; as,

ان کتابوں میں سے جو میز پر پڑی ہیں مجھے ایک ایک کتاب دے دو -	Please give me one of the *books* which *are* lying on the table.
یہ میں ہوں جس کا قصور ہے ۔	It is *I* who *am* to blame.

EXERCISE 41.

(۱) جو لوگ بہت زیادہ کھاتے ہیں جلدی مر جاتے ہیں (۲) وہ پانی جو پینے کے لئے استعمال کیا جائے ڈھک کر رکھنا چاہئے (۳) ان تمام لڑکوں کو جو کل سے دیر میں آئینگے سزا دی جائے گی (۴) کیا تمہیں وہ سڑک معلوم ہے جو ڈاک خانہ کو جاتی ہے ؟ (۵) جو کتاب تمہیں پسند ہو لے سکتے ہو (۶) ابّاجان جو کچھ روپیہ آپ نے پہلے روانہ کیا تھا میں نے اس کو خوب احتیاط سے صرف کیا (۷) جو تقریر اس نے کی وہ عام لوگوں کی سمجھ سے باہر تھی (۸) وہاں پر کوئی ایسا آدمی نہ تھا جس نے کچھ نہ کچھ چندہ نہ دیا ہو (۹) اُس بیان کی جس کا تم ذکر کر رہے ہو تردید ہو چکی ہے (۱۰) جو آدمی کل موٹر کے نیچے آگیا تھا وہ مر گیا ہے (۱۱) مجھے وہی کپڑا درکار ہے جو کہ میں نے چند دن ہوئے تم سے خریدا تھا (۱۲) جن آدمیوں کو پولیس نے جُوا کھیلتے ہوئے گرفتار کیا تھا ان کا چالان کر دیا گیا ہے (۱۳) یہ سب سے بڑی غلطی ہے جو کہ تم سے سرزد ہوئی (۱۴) کوئی بھی آدمی جس نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ شہر میں گذارا ہو ایسی جگہ رہنا پسند نہیں کرتا۔ جہاں تمام آسائش زندگی مہیا نہ ہوں۔ (۱۵) میں ان تمام اجلاسوں میں جو آئندہ ہوتے رہیں گے شریک ہوتا رہونگا۔

Vocabulary.

2. Covered. 4. Lead. 5. Choose. 6. Carefully. 7. Beyond comprehension, common. 8. Subscribe or contribute. 9. Statement, contradict. 10. To be run over. 11. Purchase. 12. Arrest, gambling, challan. 13. Blunder, commit. 14. Major portion, comforts of life, available. 15. Meetings, participate.

Adverbial Clause.

An **Adverbial Clause** does the work of an Adverb and so it shows :—

(i) *Time*, (ii) *Place*, (iii) *Purpose* (iv) *Cause or reason*, (v) *Condition*, (vi) *Comparison*, (vii) *Result*, (viii) *Supposition or concession*.

EXERCISE 42.

(۱) جب سے وہ شملہ سے واپس آیا ہے تب سے ہی بیمار ہے (۲)
اتنی سخت بارش ہوئی کہ تمام سڑکوں پر پانی پھر گیا (۳) جب تک کہ تم
اپنی عادتوں کو درست نہیں کرتے تم زندگی میں کامیاب نہیں ہو سکتے (۴)
مجھے میری کتابیں وہاں ہی ملیں جہاں پر میں انہیں چھوڑ گیا تھا (۵) چور
بہت تیز دوڑے کہ کہیں انہیں پولیس گرفتار نہ کر لے (۶) جونہی اُس
نے یہ خبر سُنی اُس کے چہرے پر خوشی کے آثار نمودار ہو گئے (۷) ہم اتنا تیز
دوڑے جتنا کہ ہم دوڑ سکتے تھے۔ مبادا کہ ہم گاڑی سے رہ جائیں (۸) اگر
وہ یہاں ہوتا تو مجھے ذرا بھی فکر نہ ہوتا (۹) جونہی اندھیرا ہؤا۔ ہم چل کھڑے
ہوئے (۱۰) جب سے وہ یہاں سے گیا ہے تب سے ہی بیمار ہے۔ کیونکہ
وہاں کی آب وہوا اُس کے موافق نہیں (۱۱) وہ اتنا میٹھا گاتا ہے جتنی کہ
ایک بُلبل (۱۲) چاہے بارش بھی کیوں نہ ہو میں وہاں ضرور جاؤں گا (۱۳) وہ
اتنا زور سے چلّایا کہ گھر کے تمام آدمی چونک اٹھے (۱۴) حالانکہ رنجیت سنگھ
پڑھا لکھا نہ تھا پھر بھی وہ انتظامِ سلطنت میں بڑا ماہر تھا (۱۵) اگر تم آ جاؤ۔ تو
بڑا لطف رہے گا (۱۶) مریض کی حالت پہلے سے بہتر ہے (۱۷) اس کو اتنی
سخت ضربیں آئیں کہ وہ جان بحق ہو گیا (۱۸) جتنی جلدی تم اس کام کو کر لو۔
اُتنا ہی اچھا ہو گا (۱۹) وہ غریب ہے لیکن پھر بھی ایماندار ہے (۲۰) کتّے کو مت
چھیڑو۔ کہیں کاٹ نہ لے ٭

Vocabulary.

2. To be flooded. 3. Mend, succeed. 5. Arrest. 6. His face beamed with joy. 7. Miss. 8. Anxious. 9. To set off. 10. Climate, suit. 11. Sweet, nightingale. 13. To be startled. 14 Illiterate, well versed, art of government. 15. To have a happy time. 17. Injuries, succumb to 20. Bite.

Chapter XXXV.

THE SEQUENEE OF TENSES.

The rule according to which the tense of the verb in a Subordinate Clause is governed by the tense of the verb in the Principal Clause, is called the Sequence of Tenses.

Following are the rules of the Sequence of Tenses :—

Rule I. If the verb in the Principal Clause is in the Present Tense (in any form of it), the verb in the Subordinate Clause may be in any tense according to the sense as,

وہ کہتا ہے - کہ موہن فٹ بال کھیل رہا ہے ۔ یا کھیلتا تھا
یا کھیل رہا ہوگا وغیرہ

He says { that Mohan *is playing* football.
that Mohan *played* football.
that Mohan *will be playing* football.

Rule II. If the verb in the Principal Clause is in the Future Tense, the verb in the Subordinate Clause may be in any Tense required by the

sense; as,

میں تمھیں بتاؤنگا - میں کہاں رهتا هوں ۔
یا رہ رها هوں ۔ یا رهتا تها - یا رهونگا وغیرہ

I shall tell you	where I *live.* where I am *living.* where I *lived.* where I *shall live* etc.

Rule III. If the verb in the Principal Clause is in the Past Tense (in any form of it) the verb in the Subordinate Clause must be in the Past Tense; as,

میں نے سنا کہ وہ جا رها هے - I heard that he *was going.*

میں خیال کرتا تها کہ بارش برسیگی - I thought that it *would rain.*

اُس کے باپ نے پوچها تم نے کیا گیا هے - His father asked him what he *had done.*

Exceptions to Rule III :—

1. If the Subordinate Clause expresses a *Universal Truth* or a *Habitual Fact*, the Present Indefinite Tense in the Subordinate Clause is retained; as,

اُستاد نے لڑکوں کو بتایا کہ زمین سورج کے گرد گهومتی هے ۔ The teacher told the boys that the earth *moves* round the Sun.

سب جانتے تهے کہ هندو اپنے مردوں کو جلاتے هیں ۔ Everybody knew that the Hindus *burn* their dead.

2. If the Subordinate Clause shows *comparison*, the verb in it may be in any tense according

to the sense; as,

اُس نے بہتر لکھا ۔ بہ نسبت اسکے کہ میں لکھتا ہوں ۔	He wrote better than I *write*.
اس نے بہتر لکھا ۔ بہ نسبت اسکے کہ میں نے لکھا ۔	He wrote better than I *wrote*.
اُس نے بہتر لکھا بہ نسبت اسکے کہ جو میں لکھونگا ۔	He wrote better than I *shall write*.

Rule IV. An Adverbial Clause introduced by '*lest*' always takes '*should*' as the auxiliary; as,

آگے دیکھو ایسا نہ ہو کہ گر پڑو ۔	Look ahead ***lest*** you *should* fall.
محنت کرو ایسا نہ ہو کہ فیل ہو جاؤ ۔	Work hard ***lest*** you *should* fail.

EXERCISE 43.

(۱) کیا تمہیں معلوم تھا کہ میں ایک گھنٹہ تک یہ کام ختم کر دوں گا ؟ (۲) کسی لڑکے نے مجھے بتلایا ۔ کہ تم نے کتاب چرائی ہے (۳) ذرا انتظار کرو ۔ تاکہ میں کپڑے پہن لوں (۴) مجھے ہرگز اُمید نہ تھی کہ شام فیل ہو جائیگا ۔ (۵) مجھے شک تھا کہ شاید تم وقت پر نہ پہنچ سکو (۶) جب اُسے پتہ لگا ۔ کہ وہ امتحان میں کامیاب ہو گیا ہے اُس کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی (۷) وہ اس قدر محنت کر رہا ہے کہ ضرور کامیاب ہو جائیگا (۸) تم جہاں چاہو بیٹھ سکتے ہو (۹) ہم کلکتہ چلے گئے تاکہ ور کوئی کاروبار تلاش کریں (۱۰) میری خواہش تھی کہ میں سارے سوال حل کر لوں (۱۱) مجھے معلوم نہ تھا ۔ کہ وہ کب آئیگا ۔ (۱۲) ٹیچر نے بتایا ۔ کہ صفائی پارسائی سے دوسرے درجہ پر ہے (۱۳) میں جانتا ہوں ۔ کہ تم کہاں رہتے ہو (۱۴) میں اس کی بابت زیادہ جانتا تھا بہ نسبت اس کے جو تم جانتے ہو (۱۵) مجھے ڈر تھا کہ کہیں وہ فیل نہ ہو جائے ۔

(۱۶) میں نے اس کو ایک گھڑی انعام دی تاکہ وہ دل سے محنت کرے (۱۷) کیا وہ جانتا تھا کہ میں اس پر اعتبار کرتا ہوں ؟ (۱۸) جیسے تم نے کہا میں نے ویسا ہی کیا (۱۹) جب میں گھر گیا میں نے دیکھا کہ بچے خوب خوشیاں منا رہے ہیں (۲۰) کمرے سے باہر جا کر میں نے دیکھا کہ لوگ گھبرائے ہوئے ادھر اُدھر دوڑے ہوئے پھر رہے ہیں (۲۱) تواریخ سے پتہ لگتا ہے کہ پرانے زمانے کے لوگ بہت سادہ زندگی بسر کرتے تھے (۲۲) اس تجویز پر خوب غور کر لو - ایسا نہ ہو کہ بعد میں پچھتانا پڑے (۲۳) یہ مسلمہ امر ہے کہ جو لوگ موقعہ کو ہاتھ سے کھو بیٹھتے ہیں دنیا میں کچھ کامیابی حاصل نہیں کر سکتے (۲۴) سیواجی کو معلوم تھا - کہ وہ کھلی لڑائی میں مسلمانوں کا مقابلہ نہیں کر سکے گا (۲۵) میں مکان کی چھت پر گیا تاکہ ارد گرد کے نظارے کو اچھی طرح دیکھ لوں (۲۶) جو کچھ آپ نے مجھے کہا تھا میں نے اُسی پر عمل کیا - (۲۷) جوں ہی ٹہنی ٹوٹی وہ گر پڑا (۲۸) میں سوچنے لگا - کہ آخر اس رویہ کا کیا نتیجہ ہو گا ؟ (۲۹) ڈاکٹر آیا - اور اُس نے دیکھا کہ مریض کی حالت بہت تشویشناک ہے (۳۰) مجھے پوری اُمید تھی کہ ہیڈ ماسٹر صاحب انسپکٹر صاحب کے ہاں میری ترقی کے لئے سفارش کر دینگے +

Vocabulary.

3. Put on. 5. In time, 6. His joy knew no bounds. 8. Wherever. 9. Business. 10 Sums. 12. Lecturer, cleanliness is next to godliness 15. Fear. 16. Prize, honestly. 17. Trust. 19. To make merry. 20 Here and there, in wild alarm. 21. History tells, to lead. 23. Fact, to let slip an opportunity, succeed. 24. Open battle, to stand against. 25. Surrounding scenery 26. Act upon 27. Branch. 28. Result in, conduct. 29. Patient, precarious or serious. 30. Recommend, increment.

Chapter XXXVI

DIRECT AND INDIRECT NARRATION.

(It must be remembered that there is no Indirect Narration in Vernaculars. Students commit many mistakes because they lose sight of this fact).

We can report the speech of another person in two ways—(a) by using the exact words of the speaker, (b) by giving the substance of his speech in our own words. The first is called the Direct Narration, and the second is called the Indirect Narration; as,

اُس نے کہا میں اب ایک چٹھی لکھہ رہا ھوں -

(a) He said, "I am now writing a letter." (Direct Narration)

(b) He said that he was writing a letter then. (Indirect Narration.)

تم نے مجھہ سے کہا میری کتاب تم نے چرائی ھے -

You said to me, "You have stolen my book." (Direct.)

You told me that I had stolen your book. (Indirect.)

Note that in the Direct Narration, (i) the Reporting Verb is separated form the Reported Speech by a comma (,) ; (ii) the Reported Speech is put within inverted commas (" ") and (iii) the first word of the Reported Speech begins with a capital letter.

In changing the Direct into Indirect Speech the following changes are made :—

(i) Inverted Commas are not used and the Reported Speech is ordinarily introduced by the Conjunction 'that'.

(ii) The *person of the pronouns* in the Reported Speech is changed.

(iii) The *tense* of the verbs in the Reported Speech is changed, and

(iv) An Adjective and an Adverb expressing *nearness* of *time* or *space* is changed.

I. Change of Pronouns :—

When the speech of one person is reported to another, three persons are connected ; (*a*) the speaker, (*b*) the person to whom something was said, and (*c*) the person who reported the speech of the original speaker. In changing the Direct into Indirect Speech, the person of the pronouns in the Reported Speech is changed according to the persons of the pronouns to which the pronouns in the Reported Speech refer ; as,

رام نے اپنی بہن کو کہا
تم نے میری سلیٹ توڑ دی-

Rama said to his sister, " You broke my slate." (Direct).

Rama told his sister that *she* (sister) had broken *his* (Rama's) slate.

تم نے مجھہ سے کہا
میں تمھارے ساتھہ
میدان جاؤنگا -

You said to me, " I shall go with you to the playground." (Direct.)

You told me that *you* (*Speaker*) would go with *me* (*The person spoken to*) to the playground.

Therefore, generally, pronouns of the First Person are changed in the person of the 'Speaker, and those of the Second Person into the person of the Spoken to ; the Third Person pronouns do not change at all.

II. Change of Tense :—

Refer to Rules given under **Sequence of Tenses**

III. Change in Verbs, Adjectives and Adverbs expressing nearness of time or space :—

Verbs, Adjectives and Adverbs expressing *nearness* of *time* or *space* are changed into those showing *remoteness*; as,

اس نے کہا میں پہلی دفعہ لاہور آیا ہوں ۔ He said, "This is my first visit to Lahore.

He said that *that* was his first visit to Lahore.

Note the following :—

In changing from Direct to Indirect Speech,

Now	is	changed into	then.
This	,,	,,	that.
These	,,	,,	those.
Here	,,	,,	there.
Ago	,,	,,	before.
Thus	,,	,,	so.
Today	,,	,,	that day.
Tomorrow	,,	,,	the next day.
Yesterday	,,	,,	the day before.
Last night	,,	,,	the night before.

But it should be carefully noted that no change is made in the adverbs expressing ***time*** or ***space*** if the report is made at the same time and place, when or where the original speech, which is being reported in the Indirect Form, was made.

EXERCISE 44.

These sentences should be translated both in the Direct and Indirect forms :—

(۱) اس نے کہا۔ آج میری طبیعت خراب ہے (۲) میں نے کہا ۔ میں نے امسال بی۔ اے کا امتحان پاس کر لیا ہے (۳) لڑکے نے کہا۔ ہم نے ابھی تک یہ کتاب ختم نہیں کی ہے (۴) ایک اجنبی نے مجھے کہا۔ میں تمہیں جانتا ہوں (۵) استاد نے لڑکے سے کہا۔ تم نے تمام سوال غلط کئے ہیں (۶) استاد نے لڑکوں کو بتایا ۔ کہ زمین جس پر ہم رہتے ہیں گول ہے (۷) تم نے اپنی بہن کو کہا۔ میں تمہیں میلہ دکھانے نہیں لے جاؤں گا (۸) لیکچرار نے لوگوں کو بتایا۔ کہ صحت نعمت ہے (۹) لڑکے نے کہا ۔ مجھے ایک قلم کی ضرورت ہے (۱۰) لڑکوں نے کہا۔ آج ہمارا انگریزی کا امتحان ہوگا۔ (۱۱) میرے دوست نے کہا ۔ کل رات میرے مکان میں چور گھس گئے (۱۲) ہیڈ ماسٹر صاحب نے حکم دیا۔ کل سکول پونے دس بجے کھلے گا اور چار بجے بند ہوگا (۱۳) موہن نے کہا ۔ میں نے یہ فلم دیکھی ہے (۱۴) اس نے مجھے بتایا۔ کہ میں نے تمہارا دو گھنٹہ انتظار کیا (۱۵) کسی عقلمند آدمی نے کہا ہے۔ وقت دولت ہے +

تحریری۔ (۱) بوڑھے آدمی نے اپنے لڑکوں کو بستر مرگ کے قریب بلایا ۔ اور کہا۔ لڑکو! اتفاق میں طاقت ہے۔ اگر تم مل کر رہو گے۔

تو تمہیں کوئی بھی نقصان نہ پہنچا سکے گا (۲) بادشاہ نے کہا۔ یہ لڑکی ہی
میری ایک اولاد ہے اور تم اس کے خاوند کی حیثیت سے میری سلطنت
کے وارث ہو (۳) کیکئی نے اپنے دل میں کہا۔ کہ اگر رام چندر جی راجہ
ہو گئے۔ تو ان کے عہد میں میرے بیٹے بھرت کو رام چندر جی کا غلام
بن کر رہنا پڑیگا (۴) میں نے اپنے دوست سے کہا۔ مجھے اپریشن کرانے
کے لئے ہسپتال جانا پڑا۔ وہاں میں تقریباً دو ہفتہ رہا۔ اور حال ہی میں
واپس آیا ہوں (۵) باپ نے لڑکے سے کہا۔ تمہارے استاد صاحب
بڑے نیک ہیں۔ اگر تمہاری نسبت ان کی رائے خراب ہو گئی ہے۔ تو یہ
تمہارا اپنا قصور ہے (۶) ڈاکٹر نے رائے دی۔ تم در اصل بہت کمزور
ہو گئے ہو۔ تمہیں آرام اور تبدیلی کی بہت ضرورت ہے (۷) بادشاہ
نے سکندر سے کہا۔ میں نہیں چاہتا۔ کہ تم ایک گھوڑے کے لئے اپنی
جان خطرے میں ڈالو۔ یہ گھوڑا سدھایا ہوا نہیں ہے (۸) لومڑی نے کہا
میاں کوّے! تمہاری آواز بڑی سُریلی ہے۔ دل چاہتا ہے۔ کہ تمہارا گانا سُنوں
(۹) سوہن نے کہا۔ میں قسمیہ کہتا ہوں۔ کہ میں نے ہرگز یہ کام نہیں کیا
اگر مجھ سے ایسا قصور ہو جاتا۔ تو میں تم سے صاف صاف کہہ دیتا (۱۰)
افسر نے نوجوان سے کہا۔ کل تم دفتر میں پونے دس بجے حاضر ہو جانا۔
اگر ضرورت ہوئی۔ تو تمہیں لگا لیا جائے گا +

Vocabulary.

A. 1. Indisposed 4. Stranger. 5. Sums. 8. Blessing. 9. Require. 10. To take examination. 12. Quarter to seven. 15. Time is money.

B. 1. Death-bed, harm. 2. Only child, in the capacity of, heir. 3. Slave. 4. To undergo an operation, lately. 5. Into one's bad books. 6. To be run down, to need badly, change. 7. To risk

one's life, broken. 8. Sweet. 9. To say on oath. 10. To engage.

Interrogative Sentences,

Study the following examples :—

اُستاد نے لڑکے سے پوچھا تم کل سکول کیوں نہیں آئے -

The teacher said to the boy, "Why did you not come to school yesterday ?" (Direct Form) or The teacher *asked* the boy why *he had* not *come* to school the *previous day*. (Indirect Form)

میں نے اپنے بھائی سے پوچھا - کیا تم آج لاھور جاؤگے ۔

I said to my brother, "Will you go to Lahore to-day ?" (Direct) or I asked my brother *if he would go* to Lahore *that day*. (Indirect.)

The foregoing examples lead us to the following conclusions for changing questions into Indirect form :—

(i) The Reporting Verb is changed into 'ask' or 'enquire.'

(ii) The question is changed into a statement first and the mark of Interrogation (?) is removed.

(iii) Conjunction 'that' is not used to introduce the Reported Speech.

(iv) If the question begins with an Interrogative word such as 'where' 'when' 'why' etc. no other word is used to introduce the Reported Speech but if it begins with an auxiliary verb such as 'am', 'is', 'do', 'did', etc., '*if*', or '*whether*' is used to introduce the Reported Speech.

(v) As for changes in tenses and pronouns general rules hold good.

EXERCISE 45.

Translate these sentences both ways :—

زبانی ۔(۱) میں نے رام سے پوچھا۔ تم کب آئے ہو (۲) اس نے مجھ سے کہا ۔ تم کہاں جا رہے ہو (۳) مسافر نے پوچھا ۔ کیا یہاں نزدیک کوئی سرائے ہے (۴) رام نے مجھ سے پوچھا ۔ کیا تم اس معاملہ میں میری مدد نہیں کر سکتے (۵) چور میری طرف بڑھے اور کہنے لگے ۔ تم کون ہو اور کہاں سے آئے ہو (۶) اس نے مجھ سے پوچھا ۔ کیا تم کبھی شملہ گئے ہو (۷) بچہ نے اپنے والد سے کہا ۔ اگر میں امتحان میں کامیاب ہو گیا ۔ تو کیا آپ مجھے بائیسکل خرید دینگے (۸) شہزادی نے بادشاہ سے کہا ۔ یہ انگوٹھی اس فقیر کے پاس کیسے آئی (۹) فرشتہ نے کہا ۔ تم کیا چاہتے ہو (۱۰) آقا نے نوکر سے کہا ۔ کیا تم نہیں جانتے ۔ کہ میں اس وقت بہت مصروف ہوں (۱۱) مسافر نے پولیس کے آدمی سے پوچھا ۔ سٹیشن یہاں سے کتنی دُور ہے (۱۲) سپاہی نے کہا ۔ کیا تم رات ہونے سے پہلے وہاں پہنچ سکتے ہو (۱۳) میرے دوست نے مجھ سے پوچھا ۔ کیا تمہارا سالانہ امتحان ۱۲ مارچ کو شروع ہو گا (۱۴) استاد نے کہا ۔ لڑکو کیا تم نے تمام کام

ختم کر لیا ہے (۱۵) استاد نے لڑکوں کو کہا - تم اِدھر اُدھر پھر کر کیوں اپنا وقت ضائع کر رہے ہو -

تحریری - (۱) مسافر نے پوچھا - گاڑی کتنے بجے آتی ہے اور کس وقت چل پڑتی ہے (۲) بوڑھے آدمی نے کہا - کیا تم نہیں جانتے - کہ ایمانداری بڑی اچھی چیز ہے (۳) سپاہی جلدی سے چور کی طرف بڑھا - اور کہنے لگا کیا تم نہیں جانتے - کہ رات کو کوئی آدمی بغیر روشنی کے اِدھر اُدھر نہیں جا سکتا (۴) رام نے اپنے دوست کو کہا - کیا تم آج شام کو میرے گھر تشریف لا کر دعوت میں شریک نہیں ہو سکتے (۵) استاد نے لڑکوں سے پوچھا - کیا تم بتا سکتے ہو - کہ بابر نے تھوڑی سی فوج کے ساتھ ابراہیم کی ایک بڑی سپاہ کو کیسے شکست دی - (۶) اس نے شہریوں سے دریافت کیا - کیا تم اپنے ملک کو آزاد کرانے کے لئے ایک معمولی سی بھی قربانی نہیں کر سکتے (۷) آقا نے نوکر سے کہا - تمہیں میری حکم عدولی کی جرأت کیسے ہوئی - کیا تم سزا کے مستحق نہیں ہو (۸) میں نے موہن سے پوچھا تمہیں یہ کام ختم کرنے میں کتنا عرصہ لگے گا - کیا تم میرے ساتھ آج شام کو سینما دیکھنے چلو گے (۹) والد نے بچے سے پوچھا - تم کو کیا ہوا - تمہاری ٹانگ میں سے خون کیوں نکل رہا ہے (۱۰) بلی نے مرغی سے کہا - تمہیں کیا تکلیف ہے کیا میں تمہاری کچھ خدمت کر سکتی ہوں - کیا تمہیں کسی چیز کی ضرورت ہے -

Vocabulary.

A. 3. Inn. 8. Ring. 9. Angel. 12. Nightfall. 13. Commence. 15. Waste.

B. Arrive, depart. 2. Honesty is the best policy. 3. To advance, 4. To partake of a feast. 5. Defeat.

6. Citizens, sacrifice. 7. Dare disobey, deserve 9. Bleed. 10. What is wrong with you ?

— —

Imperative Sentences.

In reporting 'Commands' and 'Requests' the Indirect Speech is introduced by verbs expressing *command*, *request* or *advice* and the verb of the Reported Speech is changed from the Imperative into the Infinitive Mood ; as,

اُس نے نوکر کو کہا۔ یہاں سے نکل جاؤ۔	He said to the servant, "Go away from here." (Direct)
	He *ordered* the servant *to go* away from there. (Indirect.)
فقیر نے امیر آدمی سے کہا۔ براہ مہربانی مجھے ایک پیسہ دو۔	The beggar said to the rich man, "Please give me a pice." (Direct).
	The beggar *requested* the rich man *to give* him a pice. (Indirect).
باپ نے بچے سے کہا۔ آگ سے مت کھیلو۔	The father said to the son, "Do not play with fire." (Direct.)
	The father *advised* the son not *to play* with fire. (Indirect).

Common verbs which denote command, request, or advice are :—*order*, *command*, *request*, *implore*, *beg*, *advise*, *forbid*, *exhort*, *ask*, *urge*, *desire*, *bid*, and *persuade*.

EXERCISE 46.

A-زبانی (۱) اس نے کہا۔ براہِ مہربانی بائیں طرف کو چلو (۲) بوڑھے آدمی نے کہا۔ غریب کو مت ستاؤ (۳) مالک نے نوکر سے کہا۔ جب تک میں نہ آؤں یہیں کھڑے رہو (۴) لیکچرار نے کہا۔ صاحبان چپ رہو اور میری بات سنو (۵) استاد نے کہا۔ لڑکو بیٹھ جاؤ اور اپنا سبق یاد کرو۔ (۶) ماں نے کہا۔ بچو! آپس میں مت لڑو (۷) آقا نے نوکر کو حکم دیا۔ بازار جاؤ۔ اور میرے لئے کچھ کھانا لاؤ (۸) فقیر نے کہا۔ خدا کے نام پر میری مدد کرو (۹) لڑکے نے ہیڈ ماسٹر صاحب سے کہا۔ مجھے معاف کرو (۱۰) کپتان نے کہا۔ بہادر سپاہیو۔ بڑھے چلو۔ اور ملک کو فتح کر لو (۱۱) والد نے اپنے لڑکے کو کہا۔ عزیز۔ دل لگا کر کام کرو اور صحبت بد سے بچو (۱۲) استاد نے لڑکوں کو کہا۔ کل ٹھیک سات بجے سکول میں حاضر ہو جاؤ +

(ب) تحریری - (۱) رام نے کہا۔ میاں اُٹھو۔ میرے ساتھ آؤ۔ اور اپنی دلی مراد حاصل کرو (۲) بادشاہ نے کہا۔ اے نوجوان۔ اگر تم میری لڑکی سے شادی کرنا چاہتے ہو۔ تو ایک ایسی کشتی لاؤ۔ جو پانی میں اور خشکی پر ہر دو جگہ چل سکے (۳) گھر کے مالک نے کہا۔ ٹھہرو۔ کوئی دروازے پر دستک دے رہا ہے۔ اس کو فوراً اندر لاؤ (۴) بادشاہ نے اپنے غلام سے کہا۔ جاؤ اور وزیر صاحب کو بُلا لاؤ (۵) باپ نے کہا۔ بیٹا صبح سویرے اٹھنے کی عادت ڈالو۔ ناشتہ کھا کر سکول جاؤ۔ اور شام کو سیدھے گھر واپس آؤ (۶) قاسم نے علی بابا سے کہا۔ سچ سچ بتاؤ۔ تمہیں یہ خزانہ کہاں سے ملا ہے۔ بولو اور دیر مت کرو۔ (۷) علی بابا نے اپنی بیوی سے کہا۔ جو تمہاری سمجھ میں آئے کرو۔ لیکن راز افشا نہ ہونے پائے (۸) ڈاکوؤں کے سردار نے کہا۔ دوستو۔ پرواہ مت کرو۔ آؤ۔ بیٹھ کر صلاح کر لیں۔ کہ اب ہمیں کیا کرنا چاہئے (۹) اس نے کہا۔ دوسروں کی مصیبت میں ہاتھ بٹاؤ۔ ان کے ساتھ ہمدردی سے پیش

آؤ۔ اور جہاں تک ہو سکے۔ ان کی مدد کرو (۱۰) استاد نے کہا۔ لڑکو۔ اپنا روزانہ کام
کا ٹائم ٹیبل بناؤ۔ اور اس پر پورے طور سے عمل کرو (۱۱) کمانڈر نے کہا۔ بہادر
سپاہیو۔ بڑھے چلو۔ موت سے مت ڈرو۔ کیونکہ بہادر آدمیوں کا یہ شیوہ نہیں
(۱۲) اس نے کہا۔ جہاں پناہ۔ جو کچھ یہ کہہ رہا ہے۔ اس پر اعتبار نہ کرو اور
اس کو فوراً تلوار کے گھاٹ اتار دو (۱۳) لڑکے نے ہیڈ ماسٹر صاحب سے
کہا۔ براہ مہربانی مجھے چار یوم کی رخصت مرحمت فرما دیں۔ کیونکہ میں نے
ایک ضروری کام پر گھر جانا ہے (۱۴) ڈاکٹر صاحب نے کہا۔ یہ پڑیاں
لو۔ تین تین گھنٹے کے بعد پی لینا۔ اور ہلکی غذا کھانا (۱۵) استاد نے کہا۔
لڑکو۔ دوسروں کی عزت کرنا سیکھو۔ اپنے ہمسایہ سے ایسی محبت کرو۔
جیسی تم اپنے آپ کو کرتے ہو +

Vocabulary.

A. 1. To keep to the left. 2 Grieve. 18. Evil company. 12. Exact.

B. 1. Accompany, ambition. 3. Knock at, show him in. 4. Send for. 5. Get into the habit of, breakfast, direct 6 Treasure. 7. To take air. 8. Talk over. 9. Stand by, sympathise, as far as possible. 10 Draw up 11. It is not like a brave man. 12. To put to the sword. 13. Urgent. 14. Dozes, every three hours, light meals.

Optative and Exclamatory Sentences.

A. **Optative Sentences** :—

An Optative Sentence expresses a *wish* or *a prayer* on the part of the speaker. In changing Optative Sentences from the Direct into the Indirect form change the Reporting Verb into '*wish*' or '*pray*' as the case may be, and express

کام میں رکاوٹ ڈالتا ہے (۸) اب تو سوال یہ ہے کہ وہ امتحان پاس کرنے
کے بعد کیا کرے گا (۹) مجھے بتلایا گیا تھا کہ امیدوار ایک نیک چلن آدمی ہے
(۱۰) یہ کہ وہ میری بات پر کان دھرے گا مشکوک بات ہے (۱۱) تمہاری کامیابی
یا ناکامیابی اس بات پر منحصر ہے کہ تم کیسا کام کرتے ہو (۱۲) افواہ ہے کہ امتحان
انٹرنس کا نتیجہ بارہ تاریخ کو نکل جائے گا (۱۳) دوران گفتگو میں میں نے اُس
سے پوچھا۔ کہ اُس نے کہیں پہلے بھی کام کیا ہے کہ نہیں (۱۴) کیا تم بتا سکتے
ہو کہ تمہیں اس بات کا کیسے پتہ لگا (۱۵) یہ خبر کہ پیپل بنک کا دیوالہ نکل گیا ہے
آن کی آن میں سارے شہر میں پھیل گئی (۱۶) ان لوگوں میں سب سے زیادہ
نقص یہ ہے کہ وہ ہاتھ پاؤں ہلانا نہیں چاہتے (۱۷) یہ سوچ کر کہ شاید تم واپس
نہ آؤ میں جلدی سو گیا (۱۸) کیا اُس کو پتہ ہے کہ اُس کو نوکری سے برخاست
کر دیا گیا ہے (۱۹) جو کچھ اُس نے کہا ہر ایک آدمی اس پر مذاق کرنے لگا (۲۰)
کس طرح صبر و استقلال سب مشکلات پر غالب آ جاتے ہیں بہرام جی مالا باری کی
زندگی سے پتہ لگتا ہے +

Vocabulary.

1. To happen. 2. To be grieved. 4. Guess. 5. Recover. 6. In store for, future. 7. To stand in one's way. 9. Candidate. 10. Doubtful, to give ear to. 11. Success, failure, to depend 12. Rumour, result. 13. In the course of. 15. In an instant. 16. To make an effort. 17. To go to bed. 18. To be dispensed with. 19. Mock at. 20. Patience, perseverence, overcome.

Adjective Clause.

An **Adjective clause** does the work of an Adjective and so it qualifies a noun or pronoun in another clause.

the meaning of the speaker in your own woads; as

اُس نے کہا پرماتما کرے
تم کامیاب ہو جاؤ -

He said, "May God grant you success!" (Direct form.)

He *prayed* that God might grant him success. (Indirect form.)

لالچی آدمی نے کہا
کاش میرے پاس اور
سونا ہوتا -

The greedy man said, "Would that I had more gold!" (Direct.)

The greedy man ***wished*** that he had more gold. (Indirect)

B. **Exclamatory Sentences :—**

Exclamatory Sentences express feelings of '*joy*', '*sorrow*'. '*surprise*', etc. In changing them from Direct into Indirect Speech the Reporting Verb is changed into '*exclaim*.' The Exclamatory Sentence must be changed into an Assertive Sentence and such words as '*alas*', '*hurrah*', etc.. should be omitted. Some new words are introduced to express the feelings of the speaker; as,

غریب آدمی نے کہا ہائے
میں برباد ہو گیا ہوں -

The poor man said, "Alas! I am ruined." (Direct.)

The poor man exclaimed in sorrow that he was ruined. (Indirect.)

EXERCISE 47.

ا - **زبانی** - (۱) اس نے کہا - پرماتما تمہیں محفوظ رکھے (۲) ماں نے بچے کو کہا - کاش کہ تم پیدا ہی نہ ہوئے ہوتے (۳) اس نے کہا - پرماتما اس کی روح کو آرام بخشے - (۴) غریب آدمی نے کہا - خدا کرے - تمہارے ہاں لڑکا پیدا ہو (۵) لڑکا رونے لگا اور کہنے لگا - ہائے میں فیل ہو گیا ہوں (۶) مجید نے کہا - آہا میں نے وظیفہ حاصل کیا ہے (۷) لڑکی نے کہا - کیسا خوشنما پھول ہے (۸) بچے نے کہا - یہ پرندہ کیسا میٹھا گاتا ہے (۹) اس نے کہا - بڑا افسوس ہے میرا آقا مر گیا ہے (۱۰) میں نے کہا - وہ کیسا بیوقوف ہے (۱۱) اس نے کہا - کاش میں شاعر ہوتا اور نظمیں لکھتا - (۱۲) میں نے کہا - اس پرندہ کی کیسی دلکش آواز ہے -

(ب) **تحریری** - (۱) اس نے اپنے نوکر سے کہا - تم کیسے بیوقوف ہو - کاش کہ تم پیدا ہی نہ ہوتے (۲) غریب لڑکے نے کہا - کاش کہ میں ایک امیر آدمی کا لڑکا ہوتا اور اعلےٰ تعلیم حاصل کرتا (۳) میں نے کہا - ایشور تمہیں جلدی صحت بخشے - اور تمہارا بال بھی بیکا نہ ہو (۴) بوڑھی عورت نے کہا - اے نیک بخت - پرماتما تمہیں تمہارے ارادوں میں کامیاب کرے (۵) اس نے کہا - خدا کرے - تمہیں کبھی آرام نصیب نہ ہو - کیونکہ تم نے ایک نیک کام میں روڑا اٹکایا ہے (۶) باپ نے اپنے فرمانبردار لڑکے سے خوش ہو کر کہا - میں دعا کرتا ہوں - کہ تم دن دونی اور رات چوگنی ترقی کرو (۷) باغ میں پہنچ کر میں نے کہا - کیسا خوبصورت نظارہ ہے - کیاریوں میں رنگ برنگے پھول کیسے خوشنما معلوم ہوتے ہیں (۸) بوڑھے باپ نے لڑکے سے کہا - کاش کہ تم میری تقلید کرتے اور اپنی زندگی کو بہتر بناتے (۹) مالک مکان کھڑا چلا رہا تھا - ہائے میں کیا کروں - میں لٹ گیا - ساری عمر کی کمائی آگ کی نذر ہو گئی (۱۰) لڑکا خوشی میں پھولا نہ سمایا - اور کہنے

لگا۔ ابّا جان! میں امتحان میں کامیاب ہو گیا ہوں اور اپنی جماعت میں اوّل رہا ہوں (۱۱) بابر نے اپنے سپاہیوں کی گرتی ہوئی ہمت کو دیکھ کر کہا۔ شاباش بہادرو - بڑھے چلو - میدان تمہارے ہاتھ ہے (۱۲) اُستاد نے کہا - کتنی کمینہ حرکت ہے - کہ ایک معزز گھرانے کا لڑکا اس طرح آوارہ پھرے (۱۳) بہادر لڑکے نے کہا - کاش کہ میری تلوار میرے ہاتھ میں ہوتی پرماتما یہ بزدل کتوں کی موت مریں (۱۴) بوڑھے آدمی نے کہا۔ کاش کہ میرے لڑکے اتفاق سے رہتے ۔ اور میرے اس بڑھاپے میں میرا سہارا بنتے (۱۵) لوگوں نے یک زبان کہا۔ کیسی خوشی کی بات ہے۔ کہ ہم آزاد ہو گئے ہیں۔ آؤ اس پرماتما کا شکریہ ادا کریں +

Vocabulary.

A. 2. Would that or I wish that. 3. Peace, soul. 4. Beget. 10. Dunce. 12. Attractive.

B. 2. Higher education. 3. Grant, speedy recovery, to come to harm. 4 Intentions. 5. Obstacle. 6. By leaps and bounds. 7. Scenery, flower beds, of different hues 8 To follow in one's footsteps. 9. Earnings. 10. To contain oneself with joy. 11. To carry the day. 12. Mean. 13. Cowards, miserable death. 15. As one man.

MISCELLANEOUS EXERCISE 48.

Translate the following into direct and indirect forms :—

(۱) پنولین نے اپنے سیکرٹری کو کہا ۔ رات کو میرے کمرے میں کم سے کم دفعہ ۲ آیا کرو - جب کبھی کوئی اچھی خبر دینی ہو - تو مجھے مت جگاؤ - اس کے لئے کوئی جلدی نہیں - لیکن جب کوئی خراب خبر لاؤ - تو مجھے فوراً جگاؤ۔

کیونکہ اس وقت ایک لمحہ بھی ضائع نہیں کرنا چاہیئے (۲) کولمبس نے کہا۔
جہاں پناہ۔ میں قسمیہ کہتا ہوں۔ کہ دنیا میں ان سے بہتر کوئی قوم نہیں۔ وہ
اپنے ہمسایوں سے ایسی ہی محبت کرتے ہیں۔ جیسی اپنے آپ کو۔ ان کی
بات چیت کتنی شریفانہ اور دلکش ہے۔ یہ سچ ہے کہ وہ ننگے رہتے ہیں۔
لیکن ان کے اطوار نہایت قابل تعریف ہیں (۳) اس چھوٹے آدمی نے
کہا۔ کیونکہ تم ایک نیک دل انسان ہو۔ اور جو کچھ تمہارے پاس تھا تم
نے اس میں سے مجھے حصہ دیا ہے۔ میں تمہیں خوش نصیب بناؤں گا۔
دیکھو۔ سامنے ایک پرانا درخت کھڑا ہے۔ اس کو کاٹ کر گرادو۔ اس کی
جڑ میں سے تمہیں ایک نایاب چیز ملے گی۔ میں پھر بھی وقتاً فوقتاً تمہاری
مدد کے لئے تیار رہونگا (۴) بادشاہ نے ایک خط لکھا۔ جس میں درج تھا
بھائی تم کو معلوم ہے۔ کہ محاصرہ چھ ہفتے تک جاری رہا۔ افسوس ہم کو
کسی نے باہر سے مدد نہ دی۔ اور نہ رسد پہنچائی۔ دشمن کی فوج جو آہنی
دیوار کی طرح ہمارے چاروں طرف تھی۔ اس کو چیر کر ہم نے نکلنا چاہا۔
اور جان پر کھیل گئے۔ مگر انجام وہ ہوا۔ جو تم نے سُنا (۵) کیکئی بولی۔
آپ کو یاد ہوگا۔ کہ ایک دفعہ لڑائی میں میں نے آپ کی مدد کی تھی۔ جس
کے صلے میں آپ نے مجھ کو دو بر دینے کا وعدہ کیا تھا۔ اب میں آپ
سے وہ دو بر لینا چاہتی ہوں۔ اول یہ کہ رام چندر جی کو چودہ برس کے لئے
جلاوطن کیا جائے۔ اور دوم میرے لڑکے بھرت کو اس کی جگہ راج دیا جائے۔
کیا آپ کو ان کے منظور کرنے میں کوئی اعتراض ہے؟ (۶) امیر آدمی نے
کہا۔ میاں موچی۔ میں تمہیں عموماً گاتے ہوئے سنتا ہوں۔ میرا خیال ہے۔
کہ تمہارا کاروبار خوب چل رہا ہے۔ جوتے گانٹھ کر تم ایک سال میں کیا
کچھ کماتے ہو؟ موچی نے جواب دیا۔ جناب سال کی بابت تو کچھ نہیں
کہہ سکتا۔ کیونکہ میں نے کبھی حساب نہیں لگایا۔ البتہ دن میں تقریباً

سات آٹھ آنے کما لیتا ہوں (۷) درویش نے کہا۔ میں نے تمہارا اونٹ
ہرگز نہیں دیکھا۔ البتہ راستے میں جو نشانات میں نے دیکھے ہیں۔ ان
سے میں یہ کہہ سکتا ہوں۔ کہ تمہارا اونٹ دائیں آنکھ سے کانا اور بائیں ٹانگ
سے لنگڑا ہے۔ اس کا ایک دانت ٹوٹا ہوا ہے۔ اور اس پر اناج لدا ہوا
ہے۔ ادھر اُدھر تلاش کرو۔ شاید مل جائے (۸) لیکچرار نے کہا۔ اے
نوجوانو! نوکری کے پیچھے کیوں مارے مارے پھرتے ہو۔ دستکاری سیکھو
اور اپنے ملک کی صنعت وحرفت کو فروغ دو۔ تمہارے بزرگ دستکاری
کی وجہ سے خوشحال تھے۔ تم اس سے کیوں نفرت کرتے ہو۔ یاد رکھو۔
کوئی قوم اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتی۔ جب تک وہ اپنی ضروریات
کے لئے دوسروں کی محتاج رہے ؛

Vocabulary.

1 Communicate, wake, hurry, moment. 2. My lord, swear, neighbours, polite, sweet, naked, manners, praiseworthy. 3 Good natured, you have shared it with me, bless, fell, rare, occasionally. 4. Siege continued, pity, provisions, to break through, to risk one's life, result. 5. In return, boons, first, exile, secondly, objection, grant. 6. To do well in one's business, mend, to reckon up. 7. Dervish, at all, marks, on the way, blind in the right eye, lame in missing, loaded with. 8. Hanker after, handicraft, develop, art and industry, forefathers, well off, bear in mind, look to, necessaries.

Chapter XXXVII

HOW TO MAKE A GOOD SENTENCE.

The following rules should be attended to in order to construct a good and correct sentence:—

(*i*) In an Assertive sentence the subject is

generally placed before the verb ; as,

موھن گھر جاتا ھے - *Mohan* goes home.

میں میچ دیکھنے گیا ۔ I went to see the match.

But in Interrogative sentences the subject is placed between the auxiliary and the principal verb ; as,

کیا موھن گھر جاتا ھے - *Does* Mohan *go* home ?

کیا میں میچ دیکھنے نہیں گیا - *Did* I not *go to* see the match ?

(*ii*) The object generally comes after the verb ; as,

مینے ایک گھڑی خریدی ۔ I bought a *watch*.

ھمارے سکول کے طلبا نے میچ جیت لیا - The boys of our school won the match.

(*iii*) Some transitive verbs have two objects,

(*a*) the **Indirect Object** which refers to a *person* and (*b*) the **Direct Object** which refers to *some thing*.

The Indirect Object comes first and the Direct Object comes after it, as,

میں نے کرشن کو ایک کتاب دی ۔ I gave *Krishan* (Indirect Object) a *book*. (Direct Object)

(*iv*) The Adjective phrase immediately follows the noun it qualifies ; as,

ایک نیک چلن لڑکا دنیا میں کامیاب ھوتا ھے- A boy *of good character* makes his way in the world.

مجھے گرائمر کی کتاب چاهئے - I want a book *on Grammar.*

(*v*) When an Adjective and a Pronoun are both used before a noun the Adjective generally comes first and the Pronoun afterwards ; as,

یہ تمام کتابیں میری ہیں- *All these* books are mine.

میرے تمام بھائی اُس سکول میں پڑھتے ہیں - *All my* brothers read in this school.

(*vi*) An adverb is generally placed near the word which it modifies ; as,

میرا چھوٹا بھائی بڑا سست لڑکا ہے • My younger brother is a *very* lazy boy.

وہ کبھی جھوٹ نہیں بولتا - He *never* tells a lie.

اُس نے صرف پانچ کتابیں پڑھی ہیں • He has read *only* five books.

گھوڑا تیز دوڑتا ہے - The horse runs *fast.*

Note.—If the adverb modifies the whole sentence it is placed in the beginning of the sentence ; as,

در اصل تم نے غلطی کی • *Really*, you made a mistake.

واقعی وہ انعام کا مستحق ہے- *Certainly*, he deserves the prize.

(*vii*) Adjectival clauses are placed as near as possible to the words which they qualify ; as,

وہ لڑکا جو یہاں آیا تھا میرا ہم جماعتی ہے - The boy *who came here* is my class-fellow.

جس جگہ میں رهتا تھا The place *where I lived* is

وہ یہاں سے ایک میل ہے - at a distance of one mile from here.

(*viii*) In a complex sentence containing an Adverbial Clause, the Adverbial Clause is generally placed before the Principal Clause for emphasis ; as,

اگر تم کامیاب ہو گئے تو میں تمہیں تار دونگا	*If you succeed* I shall send you a telegram. *or* I shall send you a telegram if you succeed.

The first one appeals more than the other, because it arouses the interest of the hearer ; he is anxious to know what is to follow.

(*ix*) Extensions of the Predicate generally come at the end of the sentence ; as,

سوھن گھر جاتا ھے -	Sohan goes *home.*
سکول ٹائیم کے بعد سوھن گھر جاتا ھے ۔	Sohan goes *home after the school time.*
سکول ٹائم کے بعد سوھن اپنے دوستوں کے ساتھہ گھر جاتا ہے -	Sohan goes *home with his friends after the school time.*

(*x*) Sometimes the normal order of words has to be changed for the sake of emphasis ; as,

روپیہ تو تمہیں مل ھی جائیگا	Money you shall have.
خوش نصیب وہ لوگ ھیں جن میں دوسروں کے لئے احساس ھے -	Blessed are those people who feel for others.

Note.—A faulty arrangement of words will make the meaning ambiguous, or obscure or it will change the whole sentence into nonsense ; as,

کل رات وہ گھر جو پہاڑی پر تھا جل گیا۔	The house caught fire last night that was *on* the hill.

The Adjective Clause '*that was on the hill*' refers to the '*house*' and not to the '*night*.'

Therefore, in order to give correct sense, it should stand thus. 'A house that was on the hill caught fire last night.'

EXERCISE 49.

(۱) میں نے اس کو ہر ایک بات اچھی طرح بتا دی (۲) کیا اس نے تمہیں میری تمام کتابیں دے دی ہیں؟ (۳) سُرخ پگڑی والا لڑکا میرا بھائی تھا (۴) یقیناً وہ امتحان میں اول نکلے گا اور وظیفہ حاصل کریگا (۵) بورڈنگ ہوس میں کئی گھنٹہ تک وہ میرا انتظار کرتا رہا۔ (۶) شرارت سے میں نفرت کرتا ہوں (۷) بازار سے گذرتے ہوئے ہم نے بہت سی شاندار عمارتیں دیکھیں (۸) ان تمام لڑکوں کے والدین اچھے امیر آدمی ہیں (۹) کھڑکی میں بیٹھے ہوئے میں نے بہت سی گاڑیاں دیکھیں (۱۰) یہ تمام لڑکے پندرہ سال سے اوپر ہیں (۱۱) میرے تمام رشتہ دار سرکاری ملازمت کرتے ہیں (۱۲) آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے اس نے بارہ پرندے دیکھے (۱۳) اس امیر آدمی نے اس بیوہ سے شادی کرنے کا کئی بار خیال کیا (۱۴) جس گھر میں رام لال رہتا ہے اس کا کرایہ دس روپیہ ماہوار ہے (۱۵) میں نے وہ محبت بھری چٹھی جو میرے دوست نے مجھ کو لکھی تھی غصہ میں پھاڑ ڈالی (۱۶) شکاری نے ایک ہرن جو کھیت میں چر رہا تھا بندوق سے

مارڈالا۔ (۱۷) لڑائی کے میدان میں سے گذرتے ہوئے اس نے سینکڑوں
لاشیں پڑی ہوئی دیکھیں (۱۸) میں سرائے سے جہاں میں کئی دن سے ٹھہرا
ہوا تھا ایک موٹر کار میں روانہ ہوا (۱۹) تجویز ہے کہ عورتوں کے لئے ایک
سو فٹ لمبا حمام تیار کرایا جائے (۲۰) وہ صرف اس وقت کام کرتے ہیں
جب آقا سر پر ہو (۲۱) ان تمام طلباء کی جو سکول کی ہاکی ٹیم کے ممبر ہیں۔
سکول ہال میں چار بجے ایک میٹنگ ہوگی (۲۲) ایک بچے کے لئے تقریباً
ایک تیس سالہ اُستانی کی ضرورت ہے (۲۳) گرمیوں کی تعطیلات میں میں
اپنے والد صاحب کے ساتھ ننکانہ صاحب گیا۔ جہاں گورو نانک دیو جی
پیدا ہوئے تھے (۲۴) اُس موقعہ پر جب کہ وہ بالکل مایوس ہو چکا تھا اُسے
چند مہربان حبشی ملے۔ (۲۵) جو لڑکے کل کتابیں لے کر نہیں آئیں گے۔
ان کو جماعت میں نہیں بیٹھنے دیا جائیگا۔

Vocabulary.

1. Clearly. 4. Surely, scholarship. 6. Mischief. 7. Grand buildings. 8. Well-to-do people. 9. Carriages. 11. Relatives. 14. Rent. 15. Loving. 16. Hunter, graze. 17 Corpses, battlefield. 18. Put up, set off. 19. It is proposed, bath. 22. Governess. 23. Summer Vacation. 24. Disappointed, negroes.

Chapter XXXVIII.

WORDS USUALLY CONFUSED.

1. Access and excess. 2. Affect and effect. 3. Artist and artisan. 4. Alter and altar. 5. Assent and ascent. 6. Battle and war. 7. Bail and bale. 8 Bear and bare. 9. Beside and besides. 10. Cannon and canon. 11. Check and cheque. 12. Cite, sight and site. 13. Casual

and causal. 14. Compliment and complement. 15. Continuous and continual. 16. Corporal and corporeal. 17. Corpse, corps and core. 18. Council and counsel. 19. Crime, vice and sin. 20. Disease and decease. 21. Discover and invent. 22. Sink and drown. 23. Emigrant and immigrant. 24. Eminent and imminent. 25. Envious and jealous. 26. Fare and fair 27. Farther and further. 28. Freedom and liberty. 29. Habit and custom. 30. Human and humane. 31. Industrious and industrial. 32. Journey and voyage. 33. Judicious and judicial. 34. Lose and loose. 35. Luxurious and luxuriant. 36. Lightning and lightening. 37. Momentary and momentous, 38. Official and officious. 39. Prescribe and proscribe. 40. Peace and piece. 41. Popular and populous. 42. Principle and principal. 43. Practical and practicable. 44. Respectable and respectful. 45. Rite and right. 46. Roof and ceiling. 47. Stationary and stationery. 48. Swim and float. 49. Vain and vein. 50. Weak and week.

EXERCISE 50.

(۱) جہانگیر کی رعایا کو اس سے کھلے طور پر رسائی تھی۔ ہر ایک بات میں زیادتی بری ہے (۲) اس نے پاگل ہونے کا بہانہ کیا۔ زیادہ کام نے میری صحت پر اثر کیا ہے (۳) وہ آدمی جو ایک خوبصورت تصویر بناتا ہے ماہرِ فن ہے۔ اس عمارت کو بنانے کے لئے بہت سے دستکار لگائے گئے (۴) لڑکوں نے ہیڈ ماسٹر صاحب سے پروگرام میں تبدیلی کے لئے درخواست کی۔ گھر کے تمام ممبران نے بیدی کے سامنے سر جھکایا (۵)

ہز ایکسیلینسی گورنر پنجاب نے اس بل کے لئے منظوری دے دی ہے۔ یہ چڑھائی مشکل نہیں ہے (۶) جنگ یورپ میں مارن کی لڑائی بہت مشہور ہے (۷) اس کو ضمانت پر رہا کر دیا گیا ہے۔ میں نے آج روئی کی ایک ہزار گانٹھیں خریدی ہیں (۸) میں یہ بے عزتی برداشت نہیں کر سکتا۔ جنگل میں اس کو ایک ریچھ مل گیا۔ گھاس میں ننگے پاؤں مت پھرو (۹) شام لال جماعت کے کمرے میں میرے ساتھ بیٹھتا ہے۔ تنخواہ کے علاوہ میں اپنے نوکر کو خوراک بھی دیتا ہوں (۱۰) سکھوں کی پہلی لڑائی میں سکھوں کی بہت سی توپیں ضائع ہوگئیں۔ ایشور سے ڈرنے والا آدمی شاذ و نادر ہی اپنے دھرم کے قواعد کو توڑتا ہے (۱۱) مجھے ایسا کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ میں نے بذریعہ چیک اس کا روپیہ ادا کر دیا ہے (۱۲) میں اس کے متعلق ہائی کورٹ کے کئی فیصلوں کا حوالہ دے سکتا ہوں۔ اس نے اپنے مکان کے لئے اچھی جگہ چُنی ہے۔ یہ نظارہ نہایت دلکش ہے (۱۳) میں نے دس دن کی اتفاقیہ چھٹی کی درخواست دی ہے۔ کسی ملک کی آب و ہوا اور پیداوار میں سبب اور نتیجہ کا تعلق ہوتا ہے (۱۴) براہِ مہربانی اپنے بھائی صاحب کو میری طرف سے آداب عرض کر دینا۔ وہ لفظ معلوم کرو۔ جو اس فعل کے معنوں کو مکمل کرتا ہے (۱۵) ایک مہینہ کے لگاتار بخار نے اس کو کمزور کر دیا ہے۔ گیہوں کی فصل کو تھوڑے وقفے کے بعد بارش کی ضرورت ہوتی ہے (۱۶) اس کو بدنی سزا دی گئی ہے۔ پرماتما کا وجود نہیں (۱۷) شہر کے باہر ایک لاش پڑی ہوئی ملی۔ ہندوستان نے ایک عمدہ فوج کا دستہ حال ہی میں یورپ بھیجا ہے۔ میں اس مہربانی کے لئے آپ کا تہ دل سے مشکور ہوں (۱۸) وہ لیجسلیٹو کونسل کا ممبر ہے۔ اس مقدمے میں لالہ دونی چند صاحب میرے وکیل ہیں (۱۹) لائسنس کے بغیر شراب بیچنا جرم ہے۔ سُستی اخلاقی گناہ ہے۔ پرماتما پر اعتقاد نہ رکھنا گناہ ہے (۲۰) پلیگ مہلک بیماری

ہے۔ اس کے باپ کی موت نے اس کو ایک بھاری صدمہ پہنچایا ہے (۲۱) کولمبس نے امریکہ دریافت کیا۔ جارج سٹیفن نے دُخانی انجن دریافت کیا۔ (۲۲) جہاز غرق ہو گیا اور تمام اشخاص ڈوب گئے (۲۳) افریقہ میں ہندوستانی آبادکاروں کی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ ہندوستان میں دوسرے ملکوں کے آبادکاروں کے حقوق ہندوستانیوں سے زیادہ اچھے ہیں (۲۴) اس نے تھوڑے ہی عرصہ میں یہ ممتاز عہدہ حاصل کر لیا۔ تمام یورپ کا امن فوری خطرہ میں ہے (۲۵) ہر ایک طالب علم پرکاش کی صفات سے رشک کرتا ہے۔ بعض آدمی دوسروں کی دولت پر حسد کرتے ہیں (۲۶) انبالہ سے لاہور کا کیا کرایہ ہے؟ مہمانوں کو پرتکلف کھانا دیا گیا۔ تم پچھلے امتحان میں کیسے رہے؟ یہاں ہر سال بیساکھی کا میلہ بڑی رونق سے لگتا ہے۔ سرد ملک کے باشندے عام طور پر گورے رنگ کے ہوتے ہیں (۲۷) سکول سے میرا گھر تمہارے گھر سے زیادہ دور ہے۔ آگے بڑھو۔ اور تمہیں سب کچھ معلوم ہو جائے گا (۲۸) تمام قیدیوں کو رہا کر دیا گیا ہے۔ آزادی ہمارا پیدائشی حق ہے (۲۹) اس لڑکے کی عادات بہت اچھی ہیں۔ ہندو اپنے بہت سے پرانے رواجوں کو ترک کر رہے ہیں (۳۰) انسانی فطرت کو سمجھنا بڑا مشکل ہے۔ اس نے میرے ساتھ نہایت ہی فیاضانہ سلوک کیا (۳۱) میرا بڑا بھائی ایک محنتی لڑکا ہے۔ اس شہر میں دستکاری کا ایک سکول ہے (۳۲) لاہور سے کلکتہ تک کے سفر میں تقریباً دو دن لگتے ہیں۔ ہندوستان سے انگلستان تک کے بحری سفر میں تقریباً دو ہفتے لگتے ہیں (۳۳) اس قسم کا خطرہ اپنے اوپر لینا کوئی دوراندیشی نہیں ہے۔ جناب ڈپٹی کمشنر صاحب نے میری شکایت پر منصفانہ تحقیقات کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ وارن ہیسٹنگز کے زمانے کی عدالتی اصلاحات بیان کرو (۳۴) اس نے اپنا سارا روپیہ ضائع

کر دیا ہے۔ یہ کوٹ ذرا ڈھیلا ہے (۳۵) دولت مند آدمی عموماً عیش و عشرت کی زندگی بسر کرتے ہیں۔ استوائی خطے میں نباتات بکثرت ہوتی ہے (۳۶) آسمان میں بجلی چمک رہی ہے۔ غریبوں کے بوجھ کو ہلکا کرنا انسانی فرض ہے (۳۷) بُرے کاموں کی خوشی عارضی ہوتی ہے۔ ہماری میٹنگ میں کئی نہایت ہی اہم معاملات پر بحث کی گئی (۳۸) سرکاری ڈاک میرے پاس لانے کی ضرورت نہیں۔ اس کی ہر کام میں پڑنے کی خصلت ہے (۳۹) اس سال کے لئے کون کون سی کتابیں مقرر کی گئی ہیں۔ پچھلے چھ مہینوں میں گورنمنٹ نے کئی کتابوں کا استعمال ممنوع قرار دیا ہے (۴۰) ہر ایک شخص امن چاہتا ہے۔ مجھے لکڑی کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا دو (۴۱) اس کے ہمدردانہ سلوک نے اس کو ہر دلعزیز بنا دیا ہے۔ کلکتہ ہندوستان کے تمام شہروں میں سب سے زیادہ گنجان آباد شہر ہے (۴۲) غریبوں کی مدد کرنا میرا اصول ہے۔ آج کل گورنمنٹ کالج لدھیانہ کے پرنسل کون ہیں؟ اس نے اصل زر و سود چھ مہینے کے اندر اندر ادا کر دیا (۴۳) اس نے اپنی تجویز کو عملی جامہ پہنایا۔ یہ ایسی تجویز ہے جس پر کہ عمل نہیں ہو سکتا (۴۴) وہ یہاں کے ایک معزز خاندان کا ممبر ہے۔ میں اس کے مؤدبانہ رویہ کی تعریف کرتا ہوں (۴۵) ہندوؤں کی مذہبی رسومات نہایت پیچیدہ ہیں۔ تمہیں یہ کام کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ یہ سوال ٹھیک نہیں ہے (۴۶) مکان کی چھت میں سے پانی ٹپک رہا ہے۔ مکان کی چھت کے اندرونی حصہ کو روغن کرایا گیا ہے (۴۷) پچھلے زمانے میں لوگ خیال کرتے تھے۔ کہ زمین ساکن ہے۔ اس دوکان پر کاغذ قلم دوات وغیرہ فروخت ہوتے ہیں (۴۸) لڑکے دریا میں تیر رہے ہیں۔ لکڑی پانی کی سطح پر تیرتی ہے (۴۹) وہ ایک خودنما لڑکا ہے۔ اس کی رگوں میں راجپوتی خون ہے (۵۰) وہ ایک کمزور لڑکا ہے۔ میں ایک ہفتہ کے اندر اندر واپس آ جاؤں گا +

Chapter XXXIX.

MISCELLANEOUS IDIOMS AND PHRASES.

To beat black and blue. — ۱۔ اس نے اپنے لڑکے کو اتنا مارا کہ نیل پڑ گئے۔

To be at daggers drawn. — ۲۔ میں اور موہن بہت مدت تک ایک دوسرے کے جانی دشمن رہے۔

Black sheep. — ۳۔ دنیا کی کوئی بھی قوم کھوٹے آدمیوں سے خالی نہیں۔

Right hand man. — ۴۔ وہ میرا دست راست ہے۔

In keeping with. — ۵۔ اس کے قول و فعل میں کبھی مطابقت نہیں ہوتی۔

At home in. — ۶۔ جب تک ایک استاد کسی مضمون پر پورے طور پر حاوی نہ ہو اسے اس مضمون کو پڑھانے کی کوشش نہیں کرنی چاہئے۔
میں اس کے پاس رہنے میں بے تکلفی محسوس کرتا ہوں۔

To burn the candle at both ends. — ۷۔ دونوں ہاتھوں سے روپیہ مت لٹاؤ۔ کیونکہ یہ عادت تمہیں تباہ کر دیگی۔

To play in the hands of. — ۸۔ بادشاہ اپنے مشیروں کے ہاتھ میں کٹھ پتلی بنا ہوا ہے۔

At sixes and sevens. — ۹۔ میری بات سن کر وہ شش و پنج میں پڑ گیا۔ میں گھر گیا اور دیکھا کہ ہر ایک چیز بے ترتیبی سے پڑی ہے۔

To cook accounts. — ۱۰۔ انکم ٹیکس سے بچنے کے لئے بعض آدمی فرضی حساب بنا لیتے ہیں۔

Under the eye of.	۱۱ - بورڈنگ ہوس میں طلبا سپرنٹنڈنٹ صاحب کی نگرانی میں رہتے ہیں
A fish out of water.	۱۲ - ان حالات میں میں اپنے آپ کو نہایت بے آرام پاتا ہوں۔
To be Greek.	۱۳ - جو کچھ اس نے کہا ہے اس کو بالکل نہ سمجھ سکا۔
In the teeth of opposition.	۱۴ - سارہ دابل باوجود سخت مخالفت کے پاس ہو گیا۔
To find fault with.	۱۵ - میری یہ عادت نہیں کہ خواہ مخواہ دوسروں کی عیب جوئی کروں۔
To be at one's wits end.	۱۶ - میں یہ جاننے کے لئے سخت پریشان ہوں۔ کہ کس طرح ان تکالیف سے چھٹکارا پاؤں۔
Of the first water.	۱۷ - وہ ایک اعلیٰ پایہ کا ڈرامہ نویس ہے۔
In black and white.	۱۸ - وہ اپنا بیان نہیں بدل سکتا۔ کیونکہ یہ تحریر میں ہے۔
To be on one's last legs.	۱۹ - جب یورپین قومیں ہندوستان میں آئیں۔ اس وقت سلطنت مغلیہ کا شیرازہ بکھر رہا تھا۔
To be led by the nose.	۲۰ - کمزور آدمی سے جو چاہو کرا لو۔
On the wane.	۲۱ - یہ خیال کرنا غلطی ہے کہ اس کا رسوخ عام لوگوں کے ساتھ کم ہو رہا ہے۔
To see eye to eye.	۲۲ - اس معاملہ میں میرا اور میرے بھائی کا اتفاق رائے نہیں ہے۔

Up to date.	۲۳ - مجھے اس کے کام کی آج دن تک کی اطلاع مل چکی ہے۔
To pay one in one's own coin, or, To serve with the same sauce.	۲۴ - اگر تم دوسروں کے ساتھ بدسلوکی سے پیش آؤ گے۔ تو وہ بھی تمہیں اس کا ترکی بہ ترکی جواب دینگے
To beat about the bush.	۲۵ - ادھر ادھر کی باتیں نہ کرو - جو کچھ کہنا ہے - صاف کہو -
To play false.	۲۶ - یہ معلوم کرکے کہ میرے دوست نے ہی مجھ سے دھوکا کیا ہے - مجھے سخت رنج ہوا -
Bids fair (is likely)	۲۷ - غالباً وہ کسی دن اپنی قوم کا برگزیدہ لیڈر بنے گا -
To poke one's nose.	۲۸ - بعض آدمیوں کا خاصہ ہے کہ وہ ہر معاملہ میں اپنا پاؤں اڑاتے ہیں -
To have a hand.	۲۹ - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس شرارت میں تمہارا بھی ہاتھ ہے -
Off hand.	۳۰ - چند ہی آدمی ایسے ہوتے ہیں جو بغیر تیاری اچھی تقریر کر سکیں -
To blow one's own trumpet.	۳۱ - تم ہمیشہ اپنی تعریف کے راگ الاپتے رہتے ہو -
To lose temper.	۳۲ - کمزور آدمی عموماً معمولی سی مخالفت پر آپے سے باہر ہو جاتے ہیں -
Out of date.	۳۳ - وہ کتاب متروک ہو چکی ہے -
To live from hand to mouth.	۳۴ - اس قلیل تنخواہ میں میں بمشکل تمام گذارہ کر رہا ہوں -

To carry fire and sword.	۳۵ - ہندوستان کے جن حصوں میں سے تیمور گذرا اس نے قتل وغارت برپا کیا۔
To carry all before one.	۳۶ - ہٹلر اپنے زور بازو سے تمام مشکلات پر غالب آرہا ہے۔
To put one on one's mettle.	۳۷ - مشکلات کو بڑائی مت سمجھو۔ وہ تمہیں اپنی پوری کوشش کرنے پر آمادہ کرتی ہیں۔
At a stone's throw.	۳۸ - سکول میرے گھر کے بالکل قریب ہے۔
To play ducks and drakes. To come to grief.	۳۹ - اگر روپیہ کو فضولیات میں ضائع کروگے۔ تو ایک دن پچھتانا پڑے گا۔
To carry the day.	۴۰ - اگر ہم استقلال سے کام لیں۔ تو ہم یقیناً فتحیاب ہونگے
To have an axe to grind.	۴۱ - جو کچھ بھی وہ کرتا ہے اس میں اس کی مطلب برآری ہوتی ہے۔
Like wild fire.	۴۲ - اس کی موت کی خبر آن کی آن میں تمام ملک میں پھیل گئی۔
To contain oneself with joy.	۴۳ - جب اس کو معلوم ہوا۔ کہ وہ امتحان میں اوّل نکلا ہے۔ وہ خوشی سے جامہ میں نہ سمایا۔
Heart and soul.	۴۴ - دل وجان سے کوشش کرو۔ کوئی مضائقہ نہیں کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔
To cut a sorry figure.	۴۵ - مباحثہ میں اس نے لوگوں پر اپنی نسبت اچھا خیال نہ پیدا کیا۔
His joy knew no bounds.	۴۶ - اپنی کامیابی کی خبر سن کر اس کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔

To be beside oneself with joy.	۴۷ - وہ خوشی کے مارے پھولا نہ سمایا -
To die in harness.	۴۸ - یورپ کے لوگ پسند کرتے ہیں کہ وہ آخیر دم تک کام کرتے رہیں -
To end in smoke.	۴۹ - کمانڈر کی غداری کی وجہ سے سپاہیوں کی تمام کوششیں ناکام رہیں -
To fall flat.	۵۰ - اس کی تقریر نے سامعین پر ذرا بھی اثر نہ کیا -
To take exception.	۵۱ - جب ترمیم پیش کی گئی - تو کسی ممبر نے اس پر اعتراض نہ کیا -
To get wind.	۵۲ - خفیہ پولیس کو کسی نہ کسی طرح معاملے کا پتہ لگ گیا -
Out of the question.	۵۳ - رام اس قدر بیمار ہے کہ بستر سے ہل بھی نہیں سکتا - سکول میں آنا تو ناممکن ہی ہے -
To meet one half way.	۵۴ - میں ہر وقت تم سے سمجھوتہ کرنے کے لئے تیار ہوں -
To go through fire and water.	۵۵ - میں آپ کی خاطر ہر ایک مشکل اپنے سر پر لینے کے لئے تیار ہوں -
Between you and me.	۵۶ - اس کو اپنے تک رکھنا - بیمار کے بچنے کی کوئی امید نہیں -
To have no legs to stand upon.	۵۷ - مذہب کے بغیر اخلاق کا کوئی سہارا نہیں -
To seal one's lips.	۵۸ - روپیہ کے لالچ نے اس کی زبان بند کر دی ہے -
To keep at bay.	۵۹ - ہندوستانی سپاہیوں نے جرمنی کی فوجوں کو آگے بڑھنے سے روکے رکھا -

To keep at an arm's length.	۶۰ - ایسے بے اصولے آدمی کو تو پرے ہی رکھنا بہتر ہے -
To keep body and soul together.	۶۱ - آج کل بہت سے ہندوستانی مشکل سے اپنی گذران کر سکتے ہیں -
Far and few between.	۶۲ - آجکل تو آپ بالکل عید کا چاند ہی ہو گئے ہیں -
To leave no stone unturned.	۶۳ - میں اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کرونگا -
For loaves and fishes.	۶۴ - وہ ایسا آدمی نہیں جو کسی دنیاوی نفع کے لئے ایسا کام کرے -
To move heaven and earth.	۶۵ - اپنی شکایات کو دُور کرانے کے لئے انہوں نے ہر ممکن کوشش کی -
To nip in the bud.	۶۶ - برائی کو ہمیشہ شروع میں ہی تلف کر دینا چاہئے -
A bone of contention.	۶۷ - ایک سنہری گھڑی دونوں بھائیوں کے درمیان جھگڑے کی جڑ ثابت ہوئی -
To play a double game.	۶۸ - ظاہر میں کچھ کرنا اور پوشیدہ میں کچھ اور بہت بُری بات ہے -
Ups and downs.	۶۹ - انسان کی زندگی میں بہت سے نشیب و فراز ہیں -
To poison the ears of.	۷۰ - اس نے میرے برخلاف میرے منیجر صاحب کے کان بھر دئے -

To be born with a silver spoon in one's mouth.	۷۱ - بعض خوش قسمت پیدا ہوتے ہیں۔
To pull on with.	۷۲ - وہ اپنے ماتحتوں کے ساتھ خوش اسلوبی سے گذارہ کر رہا ہے۔
To read between the lines. To smack of.	۷۳ - اگر تم اس چھٹی کو پوشیدہ مطلب سمجھتے ہو۔ تو تمہیں معلوم ہوگا۔ اس میں سے دھمکی کی بو آتی ہے۔
To rise to the occasion.	۷۴ - اگر یہاں کی پولیس نازک حالات کا مقابلہ کرنے کی ناقابلیت ظاہر نہ کرتی۔ تو یہاں ہندوؤں اور مسلمانوں میں ضرور بلوہ ہو جاتا۔
The long and short of.	۷۵ - اس کی تمام تقریر کا لب لباب یہ تھا کہ لوگ دیسی اشیاء کا استعمال کریں۔
By hook or by crook.	۷۶ - اس نے ہر جائز و ناجائز طریقہ سے اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کی۔
To burn mid-night oil.	۷۷ - جب امتحان قریب ہوتا ہے۔ لڑکے بڑی رات تک کام کرتے رہتے ہیں۔
Ins and outs.	۷۸ - میرا دوست میرے کاروبار کے تمام اُونچ نیچ سے واقف ہے۔
To the letter.	۷۹ - شاہ جہان نے اپنی مرحوم بیوی کی خواہش کو لفظ بلفظ پورا کیا۔
In the running.	۸۰ - اس کا بھائی لیجسلیٹو اسمبلی کے لئے امیدوار ہے

To strike work.	۸۱ - کپڑے کے کارخانہ کے تمام مزدوروں نے ہڑتال کر دی ہے ۔
On the spur of the moment.	۸۲ - وہ آناً فاناً کوئی نہ کوئی بہانہ گھڑ لیتا ہے ۔
To all intents and purposes.	۸۳ - فی الحقیقت وہ ایک مطلق العنان بادشاہ ہے ۔
To throw cold water.	۸۴ - جب میں کوئی نیا کام کرنے لگتا ہوں میرے دوست میرے ارادوں پر میرا حوصلہ پست کر دیتے ہیں ۔
Out of sorts.	۸۵ - آج میری طبیعت ناساز ہے ۔
To have too many irons in the fire.	۸۶ - اس کی ناکامیابی کی وجہ یہ ہے کہ وہ ایک ہی وقت میں بہت سے کاموں میں ہاتھ ڈال دیتا ہے ۔
Beyond question.	۸۷ - وہ ایک اعلے استاد تو نہیں لیکن اس کی سپاہیانہ صفات میں کوئی شک نہیں کر سکتا ۔
To laugh in one's sleeves.	۸۸ - جب استاد صاحب پڑھا رہے تھے بہت سے لڑکے دل ہی دل میں ہنس رہے تھے ۔
Beside the question.	۸۹ - تمہاری تمام دلائل کا اس معاملہ سے کچھ تعلق نہیں ۔
At one's fingers' ends.	۹۰ - جبر و مقابلہ کے فارمولے میرے ازبر ہیں
Hand and glove.	۹۱ - آج کل تو تمہارا بشیر کے ساتھ خوب میل جول ہے ۔
To leave in the lurch.	۹۲ - اقبال کے دنوں میں اس کے بہت سے دوست تھے جب وہ غریب ہو گیا ۔ تو وہ تمام اس کو مصیبت میں چھوڑ کر بھاگ نکلے ۔

To turn over a new leaf.	۹۳ - بہت سی تکالیف برداشت کرنے کے بعد - اب اس نے اپنی زندگی کا بہتر دور شروع کر دیا ہے -
To pick a quarrel.	۹۴ - وہ اپنے محلے میں سب کے ساتھ خواہ مخواہ جھگڑا مول لے لیتا ہے -
To be led astray.	۹۵ - اندھیرا ہو گیا اور میں راستہ بھول گیا -
A pick pocket.	۹۶ - وہ گٹھ کترا ہے -
A burning question.	۹۷ - ہندوستان کی آئندہ اصلاحات کے سوال پر آج کل خوب بحث ہو رہی ہے -
To put heads together.	۹۸ - تمام لیڈروں کو مل کر تدبیر سوچنی چاہئے کہ کس طرح آئے دن کے ہندو مسلم جھگڑوں کا خاتمہ ہو -
Crocodile tears.	۹۹ - وہ اپنے چچا کی موت پر مکر کے آنسو بہا رہا ہے -
To pass for.	۱۰۰ - اپنے فرقہ کے آدمیوں میں وہ ایک امیر آدمی سمجھا جاتا ہے -
Tooth and nail.	۱۰۱ - تجویز پاس نہ ہو سکی - کیونکہ کونسل کے ممبروں نے اس کی سخت مخالفت کی -
A storm in a teapot.	۱۰۲ - دونوں بھائیوں میں جھگڑا محض خفیف سی بات سے پیدا ہوا -
To pocket an insult.	۱۰۳ - اس کے لئے ایسی بے عزتی کو برداشت کرنا ناممکن تھا -
Null and void.	۱۰۴ - کیونکہ آپ نے معاہدہ کی شرائط کو میعاد کے اندر پورا نہیں کیا - اس لئے یہ رد ہو گیا ہے -
To be at one.	۱۰۵ - کیا تم اس معاملے میں مجھ سے اتفاق رائے رکھتے ہو؟

Uphill task.	۱۰۶- ہندوستان میں سے جہالت کو دور کرنا نہایت ہی مشکل کام ہے -
Hard of hearing.	۱۰۷- براہِ مہربانی ذرا زور سے بولیں- مجھے اُونچا سُنتا ہے
Out and out.	۱۰۸- وہ پرلے درجے کا ضدی آدمی ہے -
To be no match for.	۱۰۹- اس کا اور میرا کیا مقابلہ ؟
Pros and cons.	۱۱۰- کسی کام کو شروع کرنے سے پہلے اس کے حق میں اور اس کے برخلاف دلائل پر غور کر لو-
Every inch.	۱۱۱- رانا سانگا کی پور پور میں شجاعت بھری ہوئی تھی-
By fits and starts.	۱۱۲- اگر آپ لگاتار کام نہیں کرو گے- تو آپ کو کبھی کامیابی کی امید نہیں ہو سکتی-
Out of pocket.	۱۱۳- اس کی جیب خالی ہے-
Red-handed.	۱۱۴- اس کا جُرم ثابت کرنے کے لئے کسی شہادت کی ضرورت نہیں- کیونکہ وہ عین موقعہ پر پکڑا گیا ہے-
To see the light of the day.	۱۱۵- وہ پندرہ مارچ سنہ ۱۹۰۴ء کو پیدا ہوا-

Chapter XL.

COMMON ERRORS.

1. Errors in the use of Nouns

1. اُس کے بال سفید ہو گئے ہیں - His *hair* is white. (Not *hairs*.)

2. میرے بڑے بھائی نے کئی نظمیں بنائی ہیں - My elder brother has composed many *poems* (Not *poetries*.)

3. کشمیر کے نظارے بہت ہی دلکش ہیں - The *scenery* of Kashmir is very fine. (Not *sceneries*.)

4. میری حالت اپنے لڑکے کو کالج میں داخل کرنے کی اجازت نہیں دیتی - My *circumstances* do not allow me to get my son admitted into the College. (Not *circumstance*.)

5. ہمارا سکول گرمیوں کی چھٹیوں کے لئے عموماً اگست میں بند ہوتا ہے - Our school closes for summer *vacation* generally in August. (Not *vacations*)

6. میں نے اُسکو بہت نصیحتیں کیں - I gave him much advice. (Not *many advices*.)

7. میرے چچا صاحب آرائشی سامان بیچتے ھیں ۔ My uncle deals in *furniture.* (Not *furnitures.*)

8. اُس کھیت میں مویشی چر رہے ھیں - *Cattle* are grazing in that field. (Not *cattles.*)

9. میرا چھوٹا بھائی ریاضی میں ماھر ھے - My younger brother is at home in *Mathematics.* (Not *Mathematic.*)

10. یہ خبر سچی ھے - This *news* is true. (Not *new.*)

11. تم کھانا کب کھاتے ھو ؟ When do you take your *meals* ? (Not *meal.*)

12. مہربانی کرکے اُس کی رھائی کا حکم صادر فرماویں - Pass *orders* for his release, please. (Not *order.*)

13. مسٹر رام کرشن اپنے وعدہ کا پکا ھے - Mr. Rama Krishan is true to his *word.* (Not *words*)

14. میں ساڑھے نو بجے کی گاڑی سے جاؤنگا - I shall go by 9-30 *train* (Not 9-30 *o'clock train.* We can, however, say *by half past nine o'clock train.*)

15. میرے کنبہ کے تمام آدمی چلے گئے ھیں ۔ All *the members of my family* have gone. (Never say *family members.*)

16. میں پھل عام طور پر کھانا کھانے کے بعد کھاتا ہوں - I take *fruit* generally after meals. (Never say *fruits*)

17. آج کل سبزی بڑی سستی ہے - *Vegetables are* very cheap nowadays. (Not *vegetable.*)

18. اُس کمرے کی اونچائی کیا ہے ؟ What is the *height of this room*? (Not *this room's height*)

Note.—Apostrophe and s ('s) is not used with nouns in the Neuter Gender except with those showing '*time*', *distance*' or *weight*.

2. Errors in the use of Pronouns.

1. آدمی کو اپنا کام دیانتداری سے کرنا چاہئے - One should do *one's* duty honestly (Not *his.*)

2. ہماری جماعت کے تمام لڑکے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں - The boys of our class love *one another*. (Not *each other.*)

3. وہ دونوں بھائی ایک دوسرے سے لڑتے رہتے ہیں - Both the brothers quarrel with *each other*. (Not *one another.*)

4. وہ ایسا لڑکا ہے جو ہمیشہ کامیاب ہوتا ہے - He is such a boy *as* always succeeds. (Not *who.*)

5. میں تم اور وہ اکٹھے سیر کو جاتے ہیں - *You, he* and *I* go together for a walk. (Not *I, you* and *he.*)

Note.—The order in which pronouns of different persons are used is second, third and first.

8. آؤ میں اور تم اکٹھے چلیں - Let you and *me* go together. (Not *I*.)

7. کسی سے ذکر نہ کرنا اُس کے پاس ہونے کی اُمید نہیں - Between you and *me*, there is no chance of his success. (Not *I*.)

Note.—When a verb or a preposition governs two pronouns joined by 'and', both the pronouns must be in the Objective Case.

8. مجھے ہیڈ ماسٹر صاحب سے تمھاری رپورٹ کل موصول ہوئی - I received *the report about you* from the Headmaster yesterday. (Not *your report.*)

9. وہ مجھہ سے ہوشیار ہے - He is cleverer than *I*. (Not *me.*)

10. یہ میں هی هوں جس کا قصرر ہے ۔ It is I who *am* to blame. (Not *is.*)

11. پچھلے سال جتنی دلچسپ کتابیں نکلی ہیں - یہ اُن میں سے ایک ہے - This is one of the most interesting books that *have* been published during the last year. (Not *has.*)

Note.—The verb of a Relative Pronoun must agree with its antecedent.

3. Errors in the use of Adjectives.

1. راجپرتی فوج نے دشمن پر نہایت هی سخت حملہ کیا - The Rajput army made *a most fierce attack* on the enemy. (Not *fiercest.* The

superlative in '*est*' must never be used after the Indefinite Article.)

2. یہ کمرہ اُس کمرے سے زیادہ بڑا ہے - This room is *bigger* that that. (Not *more bigger*.)

3. یہ سڑک سب سڑکوں سے زیادہ بڑی ہے - This road is the *longest* of all. (Not *most longest*.)

4. یہ کپڑا اُس کپڑے سے بڑھیا ہے - This cloth is superior *to* that. (Not *than*.)

5. میں اُس سے کمزور ہوں - I am weaker than *he*. (Never say *him*)

6. مہندر جماعت کے باقی تمام لڑکوں سے ہوشیار ہے ۔ Mohinder is cleverer than all *other* boys of his class, (Never omit '*other*'.)

7. میرے پاس کوئی کتاب نہیں ہے - I have *no* book. (Not *no any*.)

8. میرے پاس صرف چند کتابیں فالتو ہیں - I have only *a few* books to spare. (Not '*few*,.)

9. تمام ہندوستان نے سی - آر - داس کی موت پر ماتم کیا - *The whole of* India mourned the death of Mr. C. R. Das. (Not *whole*. We might as well say, *All* India mourned the death of Mr. C. R. Das)

10. اُس گلاس میں تھوڑا سا پانی ہے - There is *a little* water in that glass. (Not *little*.)

11. میں یہ خبر سنکر بہت حیران ہوا - I was *much* astonished to hear this news. (Not *very.*)

12. موت بے عزتی پر ترجیح دینے کے لائق ہے - Death is preferable *to* dishonour. (Not *than*, and never *more preferable.*)

13. میرے سب سے بڑے لڑکے کی عمر چار سال ہے - The age of my *eldest* son is four years. (Not *oldest.*)

14. لنڈن کی آبادی ہندوستان کے کسی شہر کی آبادی سے زیادہ ہے - The population of London is greater than *that* of any town in India. (Never omit *that.*)

15. دونوں قلمیں کھوئی گئی ہیں - *Both the* pens have been lost. (Never say *the both.*)

16. اُس کے پاس کچھہ نقدی ہے - He has *some* money. (Not *any*. *Any* is used in a negative statement, while *some* in an affirmative one.)

4. Errors in the use of Articles.

1. دریائے گنگا کوہ ہمالیہ سے نکلتا ہے - اور خلیج بنگال میں گرتا ہے - *The* Ganges rises in *the* Himalayas and falls in *the* Bay of Bengal. (Never omit *the* before the names of *rivers*, *bays* and *chain of mountains.*)

2. ہم پنجاب کے باشندے ہیں - We are the inhabitants of *the* Punjab. (Never omit *the* before *descriptive names.*)

3. وہ ہماری ایسوسی ایشن کے سکریٹری اور خزانچی ہے - He is *the* Secretary and Treasurer of our Association. (Avoid repetition of article when reference is to *one* person.)

4. ہماری ایسوسی ایشن کے سکریٹری اور خزانچی صاحبان دونوں غیر حاضر ہیں - *The* Secretary and *the* Treasurer of our Association are both absent. (Article must be repeated when reference is to *two* persons.)

5. Errors in the use of Verbs.

1. رام اور پرکاش آج حاضر ہیں - Rama and Parkash *are* present to-day. (Not *is.*)

2. رام بھی قصوروار ہے اور کرشن بھی - Rama as well as Krishan *is* guilty. (Not *are.*)

3. اُس کو بھی انعام ملنا ہے اور مجھے بھی - He as well as I *is* to be rewarded. (Not *am.* The verb agrees with the first nominative.)

4. یا تو موھن قصوروار ہے یا بشیر - Either Mohan or Bashir *is* guilty.

5. نہ ھی موھن قصوروار ہے نہ میرا بھائی - Neither Mohan nor my brother *is* guilty.

6. نہ تمہارا قصور ھے نہ میرا - Neither you nor I *am* to blame.

7. نہ تمہارا قصور ھے نہ اُسکا - Neither you nor he *is* to blame.

Note.—If the Subjects are of different numbers and persons, the verb agrees with the nearer subject.

8. نہ تو ملازمین نہ مالک خود وھاں حاضر تھے - Neither the master nor his servants *were* present there. (Not *was.*)

Note.—When the Subjects joined by *or* or *nor* are of different numbers, the verb must be plural and the plural subject should be placed near the verb.

9. جونہی اُستاد صاحب کمرے میں داخل ھوئے تمام طلبا خاموش ھو گئے ۔ *No sooner* did the teacher enter the room *than* all the boys were silent. (*No sooner* is always followed by *than* and the subject must be put between the Auxiliary and the Principal Verb.)

10. وہ کل ھی یہاں سے گیا ھے - He *went* from here only yesterday. (Not *has gone.*)

11. میں جانتا تھا کہ موھن بیمار ھے ۔ I knew that Mohan *was* ill. (Not *is.*)

12. میں نے اُس سے پوچھا کیا تم میری مدد کروگے - I asked him if *he would* help me. (Not *will you help me.*)

13. میں نے اُس سے پوچھا کہ تم کہاں رہتے ہو - I asked him *where he lived.* (Not *that where do you live ?*)

14. میں اس سکول میں پچھلے سات سال سے کام کر رہا ہوں- I *have been working* in this school for the last seven years. (Not *am working.*)

15. وہ لڑکی صبح سے گا رہی ہے - She *has been* singing since morning. (Not *is singing.*)

16. تم دیر سے کیوں آئے ہو ؟ *Why have you come late ?* (Not *why you have come late ?*)

17. میں تمہاری مدد نہیں کر سکتا - I *cannot* help you. (Not *can not.*)

18. اگر تم بہتر نہ بنوگے تو میں تمہیں برخاست کر دونگا -
If you do not improve, I *shall* dismiss you. (Not *will.*)

19. اگر تم کام کروگے تو پاس ہو جاؤگے - If you *work* hard, you will pass. (Not *will work.*)

20. بہت سے آدمی بھوکے مر گئے ہیں - Many a mar *has* died of starvation. (Not *have.*)

6—Errors in the use of Adverbs.

1. وہ اکثر مجھے سکول میں ملتا ہے - He *often* meets me in the school.

2. وہ اکثر غیر حاضر رہتا ہے - He is *often* absent.

Note.—Adverbs of time such as *often*, *always*, *seldom*, *sometimes*, are placed *before* the verb they modify but *after* the verb '*to be*.'

3. صبح اُٹھنے سے کئی فوائد ھیں - اول اس سے صحت اچھی ھوتی ھے - دوم یہ دماغ کو تازہ کرتی ھے - There are many advantages of rising early. *First*, it improves health. *Secondly*, it refreshes mind. (Not ***firstly*** because ***first*** in itself is an adverb.)

4. اُس کا وھاں ھونا بڑی حیرانی کی بات تھی - It was very astonishing to find him there. (Not *much*)

5. اُس کو وھاں دیکھ کر میں بہت حیران ھوا - I was ***much*** surprised to find him there. (Not *very.*)

Note.—'*Very*' is used before Present Participles used as Adjectives and '*much*' before Past Participles. But a few Past Participles also take '*very*' before them.

6. میں کل اپنے پرانے دوست رام نراین کو ملکر بہت خوش ھوا - I was *very* pleased to see my old friend, Ram Narain, yesterday.

7. تم بہت تھکے ھوئے معلوم ھوتے ھو - You seem to be *very* tried.

8. آج بہت سردی ھے - It is *very* cold today. (Do not use *too.*)

9. جب تک تم محنت نہ کروگے تم ھرگز پاس نہیں ھو سکتے Unless you ***work*** hard you cannot pass. (Never say ***unless you do not work hard*** etc.)

10. اُسے رخصت سے آئے ہوئے دو ہفتہ ہو گئے ہیں - He *returned* from leave two weeks since. (Not *has returned* because *since* as an adverb is preceded by a verb in the past tense.)

11. میں یہاں بہت عرصہ ہوا آ گیا تھا - I came here *long ago*. (Not *long before*.)

7—Errors in the use of Prepositions,

1. وہ لاہور میں رہتا ہے He lives *at* Lahore. (Not *in*.)
2. براہ مہربانی اس کمرے میں آئیں - Come *into* this room, please. (Not *in*.)
3. میں چار دن میں اس کام کو ختم کر دونگا - I shall finish this work *in* four days. (Not *within*.)
4. میں اس کام کو چار دن تک ختم کرونگا - I shall finish this work *within* four days. (Not *in*.)
5. میں چار مہینے سے پہلے یہاں واپس نہیں آ سکونگا
I shall not be able to return here *for* four months. (Not *before*.)

Note.—*Before* refers to a *point of time* and *for* to a *period of time.*

6. موسم سرما میں سورج سات بجے تک نہیں نکلتا -
The Sun does not rise *before* 7 o'clock in winter. (Not *for*.)

7. یہ پرچے لڑکوں میں تقسیم کر دو - Distribute these papers *among* the boys. (Not *to*.)

8. میں آج انبالہ شہر پیدل گیا لیکن ریل سے واپس آیا -
I went to Ambala City *on* foot today but came back *by* train. (Not *on train.*)

9. ماسٹر صاحب نے ہم کو کہا اپنی کتابوں کا چھہ صفحہ کھولو - The teacher asked us to *open our books at the 6th page.* (Not *open the 6th page of our books.*)

10. اُس نے جانے پر اصرار کیا - He insisted *on* going. (Not *to go.*)

11. مسلمانوں کی عین فتوحات سے پہلے تم ہندو تہذیب کی بابت کیا جانتے ہو ؟ What do you know about the Hindu civilization *on the eve of* ~~Mohamma~~dan conquest ? (Not *at the eve of.*)
MUSLIM

12. وہ شکل میں اپنے بڑے بھائی سے بہت مشابہ ہے -
He closely *resembles his* elder brother in appearance. (Not *resembles to his* etc.)

13. دشمنوں نے ہم پر حملہ کیا - The enemies attacked us. (Not *attacked on us.*)

14. کسی نے اُس کی کوٹھی کو آگ لگا دی - Some one *set his kothi on fire.* (Not *set fire at his kothi.*)

15. شرارتوں سے ہمیشہ باز رہو - Always refrain *from* doing mischiefs. (Not *to do mischiefs.*)

16. س نے مجھے خطرے کی جگہ جانے سے روکا - He prevented me *from going* to the place of danger. (Not *to go.*)

17. باوجود تنبیہ کے وہ برائی کرنے پر ڈٹا رہا۔ In spite of warnings he persisted *in doing* evil. (Not *on doing.*)

18. میں نے اسکو وہاں جانے سے منع کیا لیکن اُس نے میری ایک نہ سنی۔ I prohibited him *from going* there but he did not listen *to* me. (Not *to go.*)

19. میں اُس قسم کے آدمیوں کا اعتبار نہیں کر سکتا۔ I cannot rely *upon* men like him. (Not *rely men.*)

20. وہ الزام سے بری کیا گیا ہے۔ He has been acquitted *of* the charge. (Not *from.*)

21. ہیڈ ماسٹر صاحب نے مجھے اپنی جماعت میں اول رہنے کی وجہ سے ایک کتاب دی The Head Master *presented me with a book* for my standing first in the class. (Avoid *presented me a book*)

22. اُسکے بڑے بھائی کی شادی مسٹر کرشن گوپال کی لڑکی کے ساتھہ ہوئی۔ His elder brother was married *to* the daughter of Mr. Krishan Gopal. (Not *with.*)

23. ایک شریف آدمی اپنے دشمنوں سے بھی انتقام نہیں لیتا۔ A gentleman never *revenges himself even on* his enemies. (Never say *revenges on his enemies.*)

24. جب اُس نے اپنے والد صاحب کی موت کی خبر سنی تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا - When he heard the news of his father's death he burst *into* tears. (Not *in*.)

25. اب مجھے جانے کی اجازت دیجئے - Now I shall *take leave of you*. (Not *take leave from you*.)

26. وہ پلیگ سے مر گیا - He died *of* plague. (Not *from*.)

27. جب وہ اپنی ماں سے جدا ہونے لگا وہ زار زار رویا - When he parted *from* his mother, he wept bitterly. (Not *with*.)

28. میں یہ کتاب نہیں دے سکتا - I cannot part *with* this book. (Not *from*.)

Note.—Part *from* 'persons' but part *with* 'things.'

29. کوئی مجھے میرے حق سے محروم نہیں کر سکتا - No one can deprive me *of* my rights. (Not *from*.)

30. انہوں نے انسپیکٹر صحب کے پاس میرے لئے سفارش کر دی ھے He has *recommended me* to the Inspector. (Not recommended *for me*.)

31. میں نے مینیجر صاحب کے پاس رخصت کے لئے درخواست دی ھے ۔ I have *applied to the Manager* for leave. (Not *applied the Manager*.)

8—Errors in the use of Conjunctions.

1. وہ ایسا آدمی ہے جو ہمیشہ دوسروں کی مدد کرتا ہے -
He is such a man *as* always helps others. (Not *who.*)

2 اُس نے ایسے ذرایع اختیار کئے کہ وہ کامیاب ہو گیا -
He adopted such means *that* he succeeded. (Not *as.*)

3. چونکہ آج چھٹی ہے - اس لئے میں سکول نہیں جاؤنگا -
As it is a holiday, I shall not go to school. (Not *so I shall not go to school.*)

4 جونہی میں نے اُس سے روپیہ کا مطالبہ کیا اُس نے ادا کر دیا - No *sooner* did I demand the money from him, *than* he paid it. (*No sooner...... than.*)

5. اگرچہ وہ غریب ہے لیکن وہ ایماندار ہے - *Though* he is poor *yet* he is honest. (Not *but.*)

6. اُس نے کہا کہ میں کل تک واپس آجاؤنگا - He said, "I shall come back by tomorrow." (Never use *that* before Direct Narration)

7. جب تک تم بری صحبت نہ چھوڑوگے تم ترقی نہیں کر سکتے
Unless you leave bad company, you cannot improve. (Not *unless you do not leave bad company.*)

8. ہم سٹیشن پر پہنچے بھی نہ تھے کہ گاڑی چل دی - We had *scarcely* reached the Railway Station *when* the train started. (Not *than.*)

9. اسکے والد صاحب کی جنگی خدمات کے سوائے اسکا اس آسامی پر اور کوئی حق نہیں ۔ He has no other claim to the post *than* his father's war services. (Not *but.*)

10. میں نے فیصلہ کر لیا کے میں نہ تو تمہاری مدد کرونگا نہ تمہارے دشمن کی - I have decided to help neither you *nor* your rival. (*Neither* is always followed by *nor* and not by *or.*)

11. وہ اپنے بھائی کی طرح بولتا ھے - He speaks as his brother *does* or He speaks *like* his brother. (Never say, *He speaks as his brother.*)

9—Miscellaneous.

1. مجھے معلوم نہیں کہ وہ کہاں گیا ھے - I do not know where he has gone. (Not *that where* he has gone.)
2. جو مکان اُس نے کرایہ پر لیا ھے وہ بہت ھوادار نہیں ھے - The house which he has rented is not very airy. (Never say, The house which he has rented *it* is not very airy.)
3. تمہارا پیارا بھائی - Your affectionate brother, or Yours affectionately. (Never say *your's.*)
4. کپڑے پہن کر وہ سکول چلا گیا - *Having put on* his clothes he went to school. (Avoid saying, *Putting on his clothes.*)

5. بات یہ ہے کہ وہ ہمیشہ ضد کرتا ہے ۔ *The fact is that* he is always obstinate. (Avoid, *The thing is this that.*)

6. دودھ کا تو ذکر ہی کیا وہاں تو پانی بھی پینے کو نہ ملا ۔ *Not to speak of* milk, we could not get even water to drink there. (Never say *What to speak of.*)

7. میں ایک آدھہ روپیہ ہر روز بطور خیرات دے دیتا ہوں۔ I give away *a rupee or so* everyday by way of charity. (Not *a half rupee.*)

8. وہ دو چار دن میں یہاں آ جائیگا ۔ He will come here in *three or four* days. (Not *two or four days.*)

9. میں مسٹر امر ناتھہ صاحب کو ملنے گیا ۔ I went to see *Mr. Amarnath.* (Not *Mr. Amarnath Esq.*)

10. وہ کل گھر گیا ۔ He *went home* yesterday. (Not *went to home.*)

11. میں درخواست کرتا ہوں کہ آپ براہ مہربانی مجھے دو ہفتہ کی رخصت دیں ۔ I request the favour of your kindly granting me two weeks' leave. (Never say, *I request your favour of granting me* etc.)

12- یہ ایسی اچھی چھڑی نہیں جیسی کے مجھے اُمید تھی
It is not *so good a stick* as I expected. (Never say *a so good stick.*)

Chapter XLI.

PROVERBS.

اردو ضرب المثال	English Parallels.
۱ - اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت -	It is useless to cry over spilt milk.
۲ - اپنا اپنا غیر غیر	Blood is thicker than water.
۳ - آپ برا جگ برا	Every thing looks pale to the jaundiced eye.
۴ - آپ مرے جگ پرلو -	Death day is a Doom's day.
۵ - اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے	A cock is always bold on its own dunghill.
۶ - اپنے منہ میاں مٹھو -	Self praise is no recommendation.
۷ - اتفاق میں بڑی طاقت ہے	Union is strength.
۸ - آج کا کام کل پہ مت ڈال	Never put off till tomorrow what you can do today.
۹ - آد برا سو انت برا	Evil beginnings have evil endings.
۱۰ - ادلے کا بدلہ	Tit for tat.
۱۱ - احمد کی پگڑی محمود کے سر پر	To rob Peter, to pay Paul.
۱۲ - آدمی اپنی صحبت سے جانا جاتا ہے -	A man is known by the company he keeps.
۱۳ - آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا	Out of the frying pan into the fire.

English Parallels.

۱۴- اشرفیاں لٹیں کوئلوں پر مہر یا گنوار گنا نہ دے بھیلی دے۔	Penny wise, pound foolish.
۱۵- اکیلا چنا بھاڑ کو نہیں پھاڑ سکتا۔	One swallow does not make a summer.
۱۶- انت بھلا سو بھلا	All is well that ends well.
۱۷- آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل	Out of sight, out of mind.
۱۸- اندھا کیا جانے بسنت کی بہار۔	A blind man is no judge of colours.
۱۹- اندھوں میں کانا راجہ	A figure among ciphers.
۲۰- اوروں کو نصیحت خود میاں فضیحت	Example is better than precept.
۲۱- اول خویش بعد درویش- اندھا بانٹے شرینی پھر پھر اپنوں کو دے۔	Charity begins at home.
۲۲- اونچی دکان پھیکا پکوان	Great cry, little wool.
۲۳- اوچھے کے پیٹ میں بات نہیں رہ سکتی۔	Children and fools tell the truth.
۲۴- ایک پنتھ دو کاج	To kill two birds with one stone.
۲۵- ایک میان میں دو تلواریں نہیں رہ سکتیں۔	Two of a trade seldom agree.
۲۶- ایک کریلا دوسرے نیم چڑھا	A pimple has grown upon an ulcer.
۲۷- الخاموشی نیم رضا	Silence is half consent.
۲۸- ایک مچھلی سارے پانی کو گندہ کر دیتی ہے۔	A single sinner sinks the boat.

English Parallels.

۲۹ - ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی -	It takes two to make a quarrel.
۳۰ - اُلٹے بانس بریلی کو	To carry coal to New Castle.
۳۱ - بُری صحبت سے آدمی اکیلا بھلا	Better alone than in bad company.
۳۲ - بغل میں چھُری منہ میں رام رام	A wolf in lamb's clothing.
۳۳ - بات کا بتنگڑ بنانا رائی کا پہاڑ بنانا)	To make a mountain of a mole-hill.
۳۴ - بوند بوند تالاب بھرتے ہیں	Penny and penny laid up will be many. Little drops make the ocean.
۳۵ - بھاگتے چور کی لنگوٹی سہی	From a bad pay master get what you can. Something is better than nothing. Half a loaf is better than none.
۳۶ - بچے کو مارو نہیں تو بگڑ جائیگا	Spare the rod and spoil the child.
۳۷ - بھینس کے آگے بین بجانا (اندھے آگے روئے اپنے نین کھوئے)	Casting pearls before swine.
۳۸ - بے تکلفی نفرت کا موجب ہے	Too much familiarity breeds contempt.
۳۹ - پانچوں اُنگلیاں گھی میں ہیں -	His bread is buttered on both sides.

English Parallels.

۴۰ - پہلے تولو پھر بولو۔	Think twice before you speak. Look before you leap.
۴۱ - پرہیز علاج سے بہتر ہے۔	Prevention is better than cure.
۴۲ - پیش از مرگ واویلا	It's crying before one is hurt.
۴۳ - تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو	Sweep before your own door.
۴۴ - تقدیر کے آگے تدبیر نہیں چلتی	It is no use fighting against destiny.
۴۵ - تندرستی ہزار نعمت ہے	Health is wealth.
۴۶ - تھوتھا چنا باجے گھنا	Empty vessels make much noise.
۴۷ - تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو۔	Cut your wisdom teeth. Let's see which way the wind blows.
۴۸ - جتنی چادر اتنے پاؤں پسارو	Cut your coat according to your cloth. Let your purse be your master.
۴۹ - جس کی لاٹھی اس کی بھینس	Might is right.
۵۰ - جہاں پھول وہاں کانٹا	No rose without a thorn.
۵۱ - جس کا کام اسی کو ساجے	Every man does his business best.
۵۲ - جو گرجتے ہیں سو برستے نہیں	Barking dogs seldom bite.
۵۳ - جہاں چاہ وہاں راہ	Where there is a will there is a way.

English Parallels.

۵۴ - جھوٹ کے پیر کہاں	A lie has no legs to stand upon.
۵۵ - جیسا دیس ویسا بھیس	While in Rome, do as the Romans do.
۵۶ - جیسا کروگے ویسا بھروگے	As you sow, so shall you reap.
۵۷ - جیسا باپ ویسا بیٹا	Like father like son.
۵۸ - جتنے منہ اتنی باتیں	As many mouths, as many tongues.
۵۹ - جس کی نہ پھوٹے بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی	No one knows the weight of another's burden.
۶۰ - جیت ہمت کے ہاتھ ہے	Fortune gives her hand to a bold man.
۶۱ - چار دن کی چاند پھر اندھیری رات -	Prettiness dies quickly.
۶۲ - چاہ کن را چاہ درپیش	He who digs a pit for another himself falls into it. A bad deed recoils on the head of the doer.
۶۳ - چراغ کے تلے اندھیرا	Nearer the church, farther from heaven.
۶۴ - چولھے سے نکلا بھاڑ گرا -	Out of the frying pan into the fire.
۶۵ - چور کی داڑھی میں تنکا	A guilty conscience needs no accuser.

English Parallels.

٦٦ - چپڑی اور دو دو	Blessing and in plenty.
٦٧ - خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔	When the old cock crows, the young cock learns.
٦٨ - خدا ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں (ہمت مرداں مدد خدا)	God helps those who help themselves.
٦٩ - خالی بیٹھے شیطان سوجھے	An idle brain is devil's workshop.
٧٠ - خیالی پلاؤ پکانا	To build castles in the air.
٧١ - دیر آید درست آید	Better late than never.
٧٢ - دوست وہ جو مصیبت کے وقت کام آئے	A friend in need is a friend indeed.
٧٣ - دام بنائے کام	Money makes the mare go.
٧٤ - دل کو دل سے راہ ہے	Love begets love.
٧٥ - دیانتداری سب سے بڑھ کر چیز ہے	Honesty is the best policy.
٧٦ - دو ملاؤں میں مرغی حرام	Too many cooks spoil the broth.
٧٧ - دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا۔	Between two stools one cometh to the ground
٧٨ - دال میں کچھ کالا ہے۔	There is something wrong at the bottom.
٧٩ - دور کے ڈھول سہانے	The hillocks look green that are far away.

۸۰ - دوسرے کے کپڑے بدن پر ٹھیک نہیں آتے۔ — Borrowed feathers never fit.

۸۱ - دیکھئے اونٹ کس طرف کروٹ بدلتا ہے۔ — Let's see which way the wind blows.

۸۲ - ڈانواں ڈول کی مٹی خراب — A rolling stone gathers no moss.

۸۳ - ڈوبتے کو تنکے کا سہارا — A drowning man will catch at a straw.

۸۴ - ڈائن بھی دس گھر چھوڑ دیتی ہے۔ — The fox preys farthest from his hole.

۸۵ - زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھو — The voice of people is the voice of God.

۸۶ - زبردست کا ٹھینگا سر پر — Might is right.

۸۷ - سہج پکے سو میٹھا ہو۔ — Slow and steady wins the race.

۸۸ - سیوا بن میوہ نہیں — No pains, no gains.

۸۹ - سارا جاتا دیکھئے آدھا دیجئے بانٹ — Better give the wool than the whole sheep.

۹۰ - سچی بات کڑوی لگتی ہے۔ — Truth is bitter.

۹۱ - سدا مہمان وبال جان — A constant guest is never welcome.

۹۲ - سخی سے سوم بھلا جو ترت دے جواب — He giveth twice that giveth in a trice.

۹۳ - سستا روئے بار بار مہنگا روئے ایک بار — A cheap buyer takes bad meat.

English Parallels.

۹۴ - شکر خورے کو خدا شکر ہی دیتا ہے۔	Spend and God will send.
۹۵ - صفائی پارسائی سے دوسرے درجہ پر ہے۔	Cleanliness is next to godliness.
۹۶ - ضرورت ایجاد کی ماں ہے	Necessity is the mother of invention.
۹۷ - طویلے کی بلا بندر کے سر پر	It is always the cat that did it.
۹۸ - عقلمند کو اشارہ کافی ہے	A word to the wise.
۹۹ - غرور کا سر نیچا	Pride hath a fall.
۱۰۰ - غریب کی عورت سب کی بھابی	A light purse is a heavy curse.
۱۰۱ - قدر کھو دیتا ہے ہر روز کا آنا جانا۔	Familiarity breeds contempt.
۱۰۲ - قناعت بڑی دولت ہے	Contentment is wealth.
۱۰۳ - قہر درویش بر جان درویش	What cannot be cured must be endured.
۱۰۴ - قطرہ قطرہ بہم شود دریا	Light gains make a heavy purse.
۱۰۵ - کام پیارا ہے نہ کہ چام	Handsome is that handsome does.
۱۰۶ - کام کو کام سکھاتا ہے۔	Practice makes a man perfect.
۱۰۷ - کتے کا کتا بیری	Two of a trade seldom agree.
۱۰۸ - کر بھلا ہو بھلا	Do well and have well.
۱۰۹ - کوٹھے والا روئے چھپر والا سوئے	Uneasy lies the head that wears the crown.

English Parallels.

۱۱۰ - کند ہم جنس با ہم جنس پرواز کبوتر با کبوتر باز با باز	Birds of a feather flock together.
۱۱۱ - کوئلوں کی دلالی میں منہ کالا	Better alone than in bad company.
۱۱۲ - کھودا پہاڑ نکلا چوہا	Great cry, little wool.
۱۱۳ - گذشتہ را صلوٰۃ آئندہ را احتیاط	Let bygones be bygones. Let the dead past bury its dead.
۱۱۴ - گھر کا جوگی جوگنا باہر کا جوگی سِدھ۔	A prophet is not honoured in his own land.
۱۱۵ - گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں	Time past can never be recalled.
۱۱۶ - گنوار گنا نہ دے بھیلی دے	Penny wise, pound foolish.
۱۱۷ - گدھے کو کھلایا نہ پُن نہ پاپ	Kindness is lost upon an ungrateful man.
۱۱۸ - لاکھ جائے پر ساکھ نہ جائے	A good name is better than bags of gold.
۱۱۹ - لوہے کو لوہا کاٹتا ہے۔	Diamond cuts diamond.
۱۲۰ - لڑائی کے بعد سب بہادر	In a calm sea every one is a pilot.
۱۲۱ - مال مفت دل بے رحم	Easy come, easy go.
۱۲۲ - مال حرام بود جائے حرام رفت	Ill got, ill spent.
۱۲۳ - موت کا دارو نہیں	Death defies the doctor.
۱۲۴ - موت کا کوئی اعتبار نہیں نہ جانے کس وقت آجائے	Death keeps no calendar.

English Parallels.

۱۲۵ - نظر سے دُور دل سے دُور	Out of sight out of mind.
۱۲۶ - نو نقد نہ تیرہ اُدھار	A bird in hand is worth two in the bush.
۱۲۷ - نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی -	If the sky falls we shall catch larks.
۱۲۸ - نیم حکیم خطرہ جان نیم ملاں خطرہ ایمان	A little knowledge is a dangerous thing.
۱۲۹ - ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا	A bad workman always quarrels with his tools.
۱۳۰ - نیکی مرنے کے بعد بھی یاد رہتی ہے	Virtue survives the grave.
۱۳۱ - نیکی کر دریا میں ڈال	Expect no good in return.
۱۳۲ - نہیں محتاج زیور کا جسے خوبی خدا نے دی	Beauty needs no ornaments.
۱۳۳ - وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دو -	Take time by the fore-lock. Strike the iron while it is hot. Make hay while the sun shines.
۱۳۴ - وہ ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں -	They are chips of the same block.
۱۳۵ - ہاتھی کے دانت کھانے کے اَور دکھانے کے اَور	All that glitters is not gold.
۱۳۶ - ہتھیلی پر سرسوں نہیں جمتی	Rome was not built in a day.
۱۳۷ ہر روز عید نیست کہ حلوہ خورد کسے -	Christmas comes but once a year Every day is not a sunday.
۱۳۸ - ہاتھ کنگن کو آرسی کیا -	It's as clear as the day.

۱۳۹- ہنوز دلی دور است — Reckon not your chickens before they are hatched.

۱۴۰- کانی کے بیاہ کو سو جوکھوں — There is many a slip between the cup and the lip.

۱۴۱- ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات — Coming events cast their shadows before.

PART II.

TESTING EXERCISES.

SKmasim (BA)
8/12/85

EXERCISE 1

1 — راجہ بکرماجیت کا نام تمام ہندوستان میں مشہور ہے - وہ مالوہ کے راجہ تھے - اور اجین ان کی راجدھانی تھی - پچاس برس کی عمر تک انہوں نے کوئی نام پیدا نہیں کیا - لیکن اس کے بعد وہ ایسے مشہور ہوئے کہ آج تک ان کا نام ہر چھوٹے بڑے کی زبان پر جاری ہے - وہ نہایت عقلمند تھے اور ان کو عقلمند اور گنی آدمیوں کی صحبت پسند تھی - انہوں نے اپنے دربار میں بڑے بڑے پنڈت اور گیانی جمع کئے تھے جو ان کی سبھا کے رتن کہلاتے تھے - مشہور کالی داس جنہوں نے شکنتلا ناٹک اور سنسکرت کی بہت سی اور کتابیں لکھی ہیں - انہیں کی سبھا کے رتن تھے -

ب - (۱) اس سکول کو کون چلاتا ہے ؟

(۲) یہ کوٹ مجھے ذرا ڈھیلا ہے -

(۳) یہ صندوق کس لکڑی کا بنا ہوا ہے ؟

(۴) اب وہاں جانے کا کوئی فائدہ نہیں -

(۵) دکن ہندوستان کے جنوب میں ہے -

(۶) کوہ ہمالیہ ہندوستان کے شمال میں ہے -

(۷) بحرِ ہند ہندوستان کے جنوب میں ہے -

(۸) میں نے کسی کا کچھ نہیں دینا ہے -

(۹) چراغ گل ہو گیا ہے -

(۱۰) اس معاملے میں آپ کی کیا رائے ہے ؟

EXERCISE 2.

ا - ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک کتا رات کو بہت بھونکا - مالک کی آنکھ کھل گئی اور وہ جھنجلایا - اس نے ایک لکڑی لی اور کتے کو بہت پیٹا - علے الصباح وہ جاگا - اس نے دیکھا کہ کتا غائب ہے - جب وہ اپنے کمرے میں گیا - تو کپڑے اور نقدی بھی نہ ملی - بات یہ تھی - کہ چور پچھلی رات مکان میں گھس آئے تھے اور کتا ان پر بھونک رہا تھا - تھوڑی دیر بعد کتا واپس آیا - اور اپنے آقا کو دامن سے کھینچ کر لے چلا - وہ بھی اس کے ساتھ ہولیا - اور اس جگہ پہنچا - جہاں چوروں نے اُس کا روپیہ گاڑ دیا تھا - وہ کتے سے بہت خوش ہوا ۔

ب - (۱) اس صندوق میں ہوا داخل نہیں ہوسکتی -

(۲) سکول کی گھڑی ایک دن میں دس منٹ آگے جاتی ہے -

(۳) صبح سے زور کی ہوا چل رہی ہے -

(۴) اس جماعت کے لڑکے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں -

(۵) یہ لڑکا تمہارا کیا لگتا ہے ؟

(۶) اُس کی آنکھیں دکھ رہی ہیں -

(۷) کیا تم گھڑی سے وقت دیکھنا جانتے ہو ؟

(۸) ان میں سے ڈاک خانہ کو کون سی سڑک جاتی ہے ؟

(۹) گدھا لدو جانور ہے -

(۱۰) جلدی سو جاؤ - تاکہ جلدی اٹھ جاؤ ۔

EXERCISE 3.

ا - خدا نے جب آدمی کو پیدا کیا تو اس کو زبان اور زبان کو بولنے کی طاقت دی۔ مگر ساتھ ہی اُس کو یہ بھی حکم دیا۔ کہ جھوٹ نہ بولے اور سخت بات نہ کہے۔ پیٹھ پیچھے کسی کی برائی نہ کرے اور قسم نہ کھائے۔ جب زبان کو بولنے کی طاقت حاصل ہو گئی تو لگی ڈینگ مارنے۔ تب خدا نے اس کو دانتوں کے بیچ میں قید کر کے منہ کی اندھیری کوٹھڑی میں بند کیا۔ اور دو کانوں کا پہرہ بٹھا دیا۔ کہ جو کچھ بولے۔ سُنتے رہیں۔ مگر پھر بھی زبان چپ نہ رہی۔

ب - (۱) ہمیں اتوار کو بھی سکول جانا پڑتا ہے۔

(۲) تمہارے والد صاحب کیا کام کرتے ہیں؟

(۳) اُس کے بھائی کا کیا نام ہے؟

(۴) ان لڑکیوں میں سے تمہاری بہن کونسی ہے؟

(۵) اس کمرے کی چھت ٹپکتی ہے۔

(۶) کلکتہ میل کے یہاں پہنچنے کا وقت دس بجے ہے۔

(۷) تمہاری گھڑی میں کیا وقت ہے؟ میری گھڑی میں تو دس بجے ہیں۔

(۸) ہمارا مالک مکان بہت شریف آدمی ہے۔

(۹) لیجئے۔ یہ آپ کا خط ہے۔

(۱۰) تم نے اس کے بیان کو ٹھیک سمجھ لیا۔

EXERCISE 4.

ا ۔ ورزش کئی طرح کی ہوتی ہے۔ کُشتی لڑنا ۔ مگدر ہلانا پرانے طریقہ کی ورزش میں داخل ہے۔ زمانہ حال میں سکولوں میں کرکٹ ۔ فٹ بال اور ہاکی کھیلنا سکھایا جاتا ہے ۔ یہ بھی ایک قسم کی ورزش ہے ۔ اور اس میں خوبی یہ ہے کہ کھیل کا کھیل ہے اور کسرت کی کسرت ہے۔ صبح کی ہوا خوری بھی طالب علموں کے لئے نہایت مفید ہے۔ صبح کی صاف اور تازہ ہوا کھانا اور چہل قدمی کرنا انسان کو دن بھر تازہ رکھتا ہے ۔

clubs

Buoyant

ب ۔ (۱) آج کئی روز سے بوندا باندی ہو رہی ہے ۔

(۲) تم پیدل جاؤ گے یا گاڑی سے ؟

(۳) میں نے اپنے دوست کو کہلا بھیجا کہ میں نہیں آؤنگا ۔

(۴) میں انبالہ کو لاہور پر ترجیح دیتا ہوں ۔

(۵) کیا آپ کل تشریف لائیں گے ؟

(۶) خبردار ۔ اب وہاں پھر مت جانا ۔

(۷) میرا نوکر مجھے ہر روز پانچ بجے جگا دیتا ہے ۔

(۸) مسٹر رام نارائن کے گھر لڑکا پیدا ہوا ۔

(۹) خاموش رہو ۔

(۱۰) میرا دوست قرضہ میں پھنس گیا ۔

Ran into debt

EXERCISE 5.

ا۔ قنوج فتح کرنے کے بعد شیر خاں نے شیر شاہ کا لقب اختیار کیا اور پھر پٹھان حکمران ہو گئے۔ تھوڑے عرصہ میں ہمایوں کی ساری سلطنت پر اُس نے قبضہ کر لیا اور اپنی حکومت کے پانچ برس کے اندر مالوہ اور چتوڑ فتح کر لیا۔ شیر شاہ نہایت عاقل۔ عادل اور رحمدل بادشاہ تھا۔ انصاف کرتے وقت وہ اپنی سب رعایا کے ساتھ یکساں سلوک کرتا تھا۔ اس نے بنگالہ سے پنجاب تک ایک سڑک بنوائی۔ جو اب تک موجود ہے۔ ہر دو سو کوس پر ایک سرائے تیار کرائی اور ڈیڑھ ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر کنوئیں کھدوائے۔ سڑک کے دونو طرف اُس نے سایہ دار درخت لگوائے تاکہ مسافر دھوپ سے محفوظ رہیں۔ اس کا حکم تھا کہ سراؤں میں بلا قید مذہب سرکاری خرچ سے مسافروں کی مہمانداری کی جائے۔

ب۔ (۱) یہ دوائی تمہیں فائدہ کریگی۔

(۲) بغاوت بہت جلد دبا دی گئی۔

(۳) میرے بڑے بھائی کو زکام ہو رہا ہے۔

(۴) جُوتے اُتار دو۔

(۵) تم خواہ مخواہ شور مچاتے ہو۔

(۶) ان کی شادی کو چار سال سے زیادہ عرصہ ہو گیا ہے۔

(۷) یہ پھل کھانے کے لائق نہیں ہیں۔

(۸) اگر کل چھٹی ہوئی تو ہم سیر کو چلیں گے۔

(۹) جو شور مچائیگا۔ اُسی کو سزا ملے گی۔

(۱۰) تم اس کہانی سے کیا سبق سیکھتے ہو؟

EXERCISE 6.

ا - گنگا ہندوستان کا سب سے مشہور دریا ہے - ہندو اس کو بہت متبرک مانتے ہیں اور اس کو گنگا جی یا گنگا ماتا کہہ کر پکارتے ہیں - یہ دریا ان لاکھوں آدمیوں کے بڑے کام کا ہے - جو اس کے کنارے گاؤں اور شہروں میں رہتے ہیں - ان کو اس سے گرمی اور جاڑوں میں کھیتوں کی آب پاشی کے لئے پانی ملتا ہے - ہزاروں برس سے یہ مال اور مسافروں کو ادھر اُدھر لے جانے کے لئے خاص سڑک رہا ہے ایک لاکھ سے زیادہ ناویں اس کے اُوپر چلتی ہیں - کچھ حصوں میں جہاں پانی زیادہ گہرا ہے اسٹیمر بھی چلتے ہیں ۔

ب - (۱) اس مکان کا کیا کرایہ ہے ؟

(۲) تم نے تانگا کا کیا کرایہ دیا ؟

(۳) یہاں سے لاہور کا ریل کا کرایہ تین روپیہ ہے ۔

(۴) کیا تم کو ہارمونیم بجانا آتا ہے ؟

(۵) آگ جلاؤ اور چائے تیار کرو ۔

(۶) ہمارے سٹیشن پر پہنچنے سے پہلے گاڑی روانہ ہو چکی تھی ۔

(۷) احتیاط سے چلو - ایسا نہ ہو کہ گر پڑو ۔

(۸) عورتوں کے گذرنے کے لئے راستہ چھوڑ دو ۔

(۹) یہ بچہ سبق پڑھنے میں خوب ہوشیار ہے ۔

(۱۰) مال روڈ شمالاً جنوباً واقع ہے ۔

EXERCISE 7.

ا - سرسید احمد خاں کی عمر ابھی بائیس برس کی تھی - کہ ان کے والد صاحب کا سایہ ان کے سر سے اٹھ گیا اور انہیں اپنا بوجھ آپ اٹھانا پڑا - لکھے پڑھے تو تھے ہی. جھٹ سرکاری نوکری کرلی - اور کچہری میں سررشتہ دار ہو گئے - والدین نے بچپن میں انہیں اچھی تعلیم دی تھی اور انہوں نے خود بھی بہت محنت کی تھی - اس لئے نوکری میں ان کی قابلیت کے جوہر چمکے اور وہ سررشتہ دار سے ترقی کرتے کرتے جج ہو گئے. دِلّی کی پرانی عمارتوں پر انہوں نے ایک ایسی دلچسپ اور کارآمد کتاب لکھی ہے - کہ جس کو بے حد پسند کیا گیا ہے -

ب - (۱) کیا تم مجھے ایک روپیہ کی ریزگاری دے سکتے ہو؟

(۲) وہ اپنی عمر کے لحاظ سے اچھا کھلاڑی ہے -

(۳) وہ اس قدر کمزور ہے کہ چل بھی نہیں سکتا -

(۴) اس نے مقدمہ بازی سے اپنے آپ کو تباہ کر لیا ہے -

(۵) کیا آج گاڑی لیٹ ہے ؟

(۶) جلدی کرو -

(۷) دودھ کھٹا ہو گیا ہے -

(۸) اس کے بال سفید ہو گئے ہیں -

(۹) بہتر ہے کہ اب تم یہاں سے چلے جاؤ -

(۱۰) میں نے تمام بچوں کو ٹیکا کروا دیا ہے -

Vaccinated

EXERCISE 8.

ا ۔ صحرائے اعظم دنیا کا سب سے بڑا ریگستان ہے ۔ اس کی آب و ہوا گرم خشک ہے ۔ بارش کبھی نام کو وہاں ہوتی ہے ۔ تفاوت درجہ حرارت بہت زیادہ ہوتا ہے ۔ چونکہ بارش بہت تھوڑی ہوتی ہے ۔ اس لئے یہاں نباتات کی قلت ہے ۔ البتہ بعض جگہوں پر جہاں تھوڑا بہت پانی میسر ہو جاتا ہے ۔ وہاں کھجور پیدا ہوتی ہے ۔ یہاں کی آبادی بہت کم ہے اور باشندے زیادہ تر خانہ بدوش ہیں ۔ وہ اونٹ بھیڑ بکری پالتے ہیں ۔ ان کو ساتھ لئے وہ گھاس اور پانی کی تلاش میں ادھر اُدھر پھرتے ہیں ۔ اگر کوئی حیوان ہمیں ریگستان سے پار کرا سکتا ہے تو وہ اونٹ ہی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اونٹ ریگستان کا جہاز کہلاتا ہے ۔

ب ۔ (۱) کرشن ہماری جماعت کے سب لڑکوں سے ہوشیار ہے ۔

(۲) اس برتن میں پانی نہیں ٹھہر سکتا ۔

(۳) یہاں سے اسٹیشن کا مشکل سے پندرہ منٹ کا راستہ ہے ۔

(۴) اگر پاس ہونا ہے تو دل لگا کر کام کرو ۔

(۵) اس کا مجھ سے کچھ تعلق نہیں ۔

(۶) میرے پاس اس وقت روپیہ نہیں ہے ۔

(۷) اس کے تمام کرایہ دار اس سے خوش ہیں ۔

(۸) میں چار بجے آپ کو ملنے آؤں گا ۔

(۹) وہ ہمیشہ چوکنا رہتا ہے ۔

(۱۰) مہربانی کر کے مجھے چھ کاغذ دے دو ۔

EXERCISE 9.

ا - ایک دفعہ ایک لڑکا کنوئیں پر بیٹھا رو رہا تھا - ایک آدمی اُدھر سے گذرا اور لڑکے سے رونے کا سبب پوچھا - لڑکے نے جواب دیا - میں اس کنوئیں پر پانی بھرنے آیا تھا - جونہی میں نے ڈول کنوئیں میں ڈالا - رسّی میرے ہاتھ سے چھوٹ گئی - جب میں رسّی کو پکڑنے کی کوشش کرنے لگا - تو میری طلائی ٹوپی بھی کنوئیں میں جا پڑی - آدمی تھا لالچی - فوراً کپڑے اتارے اور کنوئیں میں اُتر گیا - ڈول و ٹوپی کو ہر چند تلاش کیا - لیکن بے سُود - لاچار باہر نکلا - تو کیا دیکھتا ہے - کہ لڑکا اس کے کپڑے اٹھا کر بھاگ گیا ہے ۔

ب - (۱) اب وہ کس کا علاج کر رہا ہے ؟

(۲) میں آپ سے بیزار ہوں -

(۳) یہ پانچ روپے کا نوٹ ہے - اس کی ریزگاری لے آؤ -

(۴) مہربانی کر کے میری نبض دیکھئے -

(۵) وہ آج کل خوش حال ہے -

(۶) بچے کو دیکھ کر ماں کا دل باغ باغ ہو گیا -

(۷) اس کاروبار سے آج کل کوئی فائدہ نہیں -

(۸) تم مجھے خواہ مخواہ تنگ کرتے ہو -

EXERCISE 10.

ا ۔ رومیوں کے بعد جس قوم کا ستارہ چمکا ۔ وہ عرب تھے ۔ عرب شروع میں ایک نیم وحشی قوم ہوا کرتے تھے ۔ لوٹ مار اور جنگ وجدل ان کا رات دن کا کام تھا ۔ لیکن آج سے ۱۳۶۰ برس پہلے ان میں ایک ایسا انسان پیدا ہُوا ۔ جس نے ان سب کی کایا پلٹ دی ۔ وہ بُتوں کی پُوجا کرتے تھے ۔ اس نے ایک خدا کی پرستش کرنی سکھائی ۔ وہ قتل وخونریزی کے شائق تھے ۔ اس نے بھائی بھائی بنا دیا ۔ اور سب کو ایک جھنڈے کے تلے جمع کر کے ایک قوم بنا دیا ۔ جانتے ہو اس مہا پرش کا کیا نام تھا؟

ب ۔ (۱) خوف کے مارے اس کا چہرہ فق ہو گیا ۔

(۲) وہ روئے بغیر نہ رہ سکا ۔

(۳) بہت عرصہ سے آپ کے ملنے کا اتفاق ہی نہیں ہُوا ۔

(۴) مجھے اس سکول میں کام کرتے ہوئے دس سال ہو گئے ہیں ۔

(۵) کیا یہ مکان کرایہ کے لئے خالی ہے؟

(۶) اُسے تاش کھیلنے کا بہت شوق ہے ۔

(۷) آج کل نہایت سخت گرمی پڑ رہی ہے ۔

(۸) وہ کئی دن سے مجھے ٹال رہا ہے ۔

(۹) اُس نے بغیر تیاری کے تقریر کر دی ۔

(۱۰) آج کا کام کل پر نہ چھوڑو ۔

EXERCISE 11

ا - ایک کوّا پیاس کے مارے مرا جاتا تھا - جب اس نے ایک تنگ گردن کا گھڑا تھوڑے سے فاصلے پر دیکھا - تو اس کو بہت خوشی ہوئی - لیکن جب کوّے نے گھڑے کے اندر نظر ڈالی تو دیکھا کہ پانی گھڑے کے پیندے کے اتنا نزدیک ہے کہ چاہے وہ کتنا ہی جھکے وہ پانی تک نہیں پہنچ سکتا تھا - تب اُس نے گھڑے کو الٹا کرنے کی کوشش کی لیکن اس کی طاقت کافی نہیں ہوئی - تو بھی اس نے ہمت نہیں ہاری - کچھ پتھر کے ٹکڑے نزدیک پڑے ہوئے تھے - ایک ایک کر کے ان کو اس گھڑے کے اندر ڈالنے لگا - تھوڑا تھوڑا کر کے پانی کنارے تک آ گیا - اور آخر کار اس نے اپنی پیاس بجھائی - چند مرتبہ کوشش کرنے سے جہاں صرف طاقت سے کام نہیں چلتا - عقل اکثر کامیاب ہو جاتی ہے -

ب - (۱) گھڑی کو چابی دے دو -

(۲) اس کو اپنی جان کے لالے پڑے ہوئے ہیں -

(۳) آپ کتنا عرصہ یہاں ٹھہرینگے ؟

(۴) انبالہ کی ہوا مجھے موافق نہیں -

(۵) اس نے مجھ سے پُوچھا - کہ امتحان پاس کرنے کے بعد تمہارا کیا کرنے کا ارادہ ہے ؟

(۶) میں نے اس کو ست پر کاش سمجھا -

(۷) کیا یہ پانی پینے کے لائق ہے ؟

(۸) مانیٹر ہر ایک کام میں آگے ہوتا ہے -

EXERCISE 12.

ا - علم بڑی دولت ہے - اس کو نہ چور چرا سکتا ہے نہ ڈاکو زبردستی چھین سکتا ہے - جو آدمی علم حاصل کرتا ہے اس کی بڑی قدر ہوتی ہے - وہ حاکم کے ہاں کُرسی پاتا ہے - سب لوگ اس کی عزت کرتے ہیں - علم خرچ کرنے سے کم نہیں ہوتا بلکہ روز بروز بڑھتا ہے - اے لڑکو! تم کو چاہئے - کہ جس طرح ہو سکے محنت کرکے علم سیکھو - یہ تمہارے بڑے کام آئے گا - اس وقت تم کو پڑھنے لکھنے کے سوا اور کچھ فکر نہیں ہے - ایسا وقت پھر ہاتھ نہ آوے گا - پھر پچھتانے کے بنا اور کچھ نہ بن پڑے گا - ع

گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں

ب - (۱) اپنی کتاب کا اگلا صفحہ کھولو - اور پڑھنا شروع کرو -

(۲) دریائے گنگا کی گذرگاہ بیان کرو -

(۳) کالی داس ہندوستان کا شیکسپیئر ہے -

(۴) اگر آپ میری مدد کرینگے تو میں آپ کا نہایت مشکور ہونگا -

(۵) کل اس کو بخار چڑھ گیا - اس واسطے وہ سکول نہیں آیا -

(۶) مَیں نے اس سے پُوچھا کہ تم کب سے میری انتظار کر رہے ہو ؟

(۷) اس مکان کو کس نے آگ لگائی ہے ؟

(۸) ہفتہ میں ہم دو دفعہ بنک سے روپیہ نکلوا سکتے ہیں -

EXERCISE 13.

ا۔ سلطان محمود افغانستان کے مشہور شہر غزنی کا بادشاہ تھا۔ اس کے پاس ایاز نامی ایک غلام تھا۔ وہ جیسا خوبصورت تھا ویسا ہی خوش سیرت بھی تھا۔ سلطان نے اُسے دانشمند کارگذار دیکھ کر تمام مصاحبوں اور درباریوں سے بڑھا چڑھا دیا تھا۔ وہ سب اس سے حسد کرنے لگے اور ایاز کے دشمن ہو گئے۔ جب موقعہ پاتے سلطان سے اس کی چغلیاں کھایا کرتے تھے۔ سلطان بہتیرا ان کو سمجھاتا تھا۔ کہ ایاز اس عزت کا مستحق ہے جو ہم نے اس کو دے رکھی ہے۔ اس کی عقل اور کارگذاری کو تم میں سے کوئی نہیں پہنچ سکتا۔ اس کی بے جا شکایت نہ کیا کرو۔

ب۔ (۱) آگرہ کو گاڑی کس وقت جاتی ہے؟

(۲) لیمپ بجھادو۔

(۳) آپ کو انبالہ آئے ہوئے کتنا عرصہ ہوا ہے؟

(۴) آپ کب اس مکان کو سفیدی کرادینگے؟

(۵) آج سیر کا خوب مزہ آیا۔

(۶) تپ دق ایک مہلک بیماری ہے۔

(۷) آپ کے مزاج کیسے ہیں؟

(۸) مجھے اُسے ملے تین ہفتہ ہو چکے ہیں۔

(۹) اس درخت پر بہت سے پرندے رہتے ہیں۔

(۱۰) اس نے بابو سے پوچھا کہ گاڑی کب آئے گی؟

EXERCISE 14.

ا - دو عورتیں ایک بچے کے لئے جھگڑا کر رہی تھیں۔ لیکن اس بات میں اُن کا کوئی گواہ نہ تھا۔ دونوں قاضی کے پاس گئیں اور انصاف چاہا۔ قاضی نے جلّاد کو بلوا کر حکم دیا۔ کہ اس بچے کے دو برابر برابر ٹکڑے کر دو۔ اور ہر ایک کو اس کا ایک ایک ٹکڑا دے دو۔ ایک عورت نے جب یہ بات سُنی تو چپ ہو رہی۔ لیکن دوسری چلا کر بولی کہ خدا کے واسطے میرے بچے کو دو ٹکڑے نہ کرو۔ اگر انصاف ایسا ہی ہے تو بچے کے متعلق میں اپنا دعوےٰ چھوڑتی ہوں۔ تب قاضی نے یقیناً جان لیا۔ کہ بچے کی ماں یہی ہے۔ سو بچہ اس کے حوالے کیا گیا اور دوسری کو چابکیں مار کر نکلوا دیا +

ب - (۱) میری گھڑی ذرا آگے رہتی ہے۔

(۲) اس کے مقدمے کی پیشی چودہ ماہِ حال کو ہے۔

(۳) الیشور کرے کہ تم پھلو پھُولو۔

(۴) بچہ دانت نکال رہا ہے۔

(۵) کِسی کو معلوم نہیں کہ آگ کیسے لگی۔

(۶) اس نے غریبی کی وجہ سے فیس معافی کی درخواست دی ہے۔

(۷) کیا تم نے دوائی پی لی ہے ؟

(۸) جتنی چادر ہو۔ اتنے پاؤں پھیلاؤ۔

EXERCISE 15.

ا - آسمان پر بادل بہت زور شور سے گرج رہے ہیں - بجلی چمک رہی ہے بوندیں پڑ رہی ہیں - تالاب بھر گئے ہیں - ندی نالے اُمنڈ چلے ہیں - بن میں موروں نے شور مچا رکھا ہے - تالاب میں مینڈکوں کی آواز سے کان کے پردے پھٹے جاتے ہیں - رات کو کہیں کہیں جگنو بھی چمک رہے ہیں - کسان ہل بیل لئے اپنے کھیتوں میں جا رہے ہیں - کچے مکان اور جھونپڑیوں کی بُری گت ہو رہی ہے - کوئی گر رہا ہے - کوئی ٹپک رہا ہے - ہمارا کل دارو مدار برسات پر ہی ہے - اگر برسات نہ ہو تو قحط کے سامان نظر آنے لگیں - ساری زمین خشک ہو جائے اور کوئی فصل تیار نہ ہو +

ب - (۱) آپ کب سے اس کام پر لگے ہوئے ہیں ؟

(۲) اگر محنت کرتے تو کامیاب ہو جاتے -

(۳) کیا آپ میری گھڑی کی مرمت کرا دینگے ؟

(۴) کل ہم بیٹھے گھنٹوں باتیں کرتے رہے -

(۵) یہ کمرہ اس کمرے سے ذرا بڑا ہے -

(۶) آج کل ہمیں رات کو بڑی دیر تک جاگنا پڑتا ہے -

(۷) وہ غلطی پر تھا -

(۸) یہ اتنا مشکل نہیں ہے جتنا کہ تم خیال کرتے ہو -

EXERCISE 16.

ا - جب تیمور لنگ نے ہندوستان کو سر کیا - تو اُس نے گویوں کو بلوایا اور فرمایا - میں نے اکثر لوگوں کو کہتے سُنا ہے - کہ اس شہر میں لاثانی گویے ہیں - ایک اندھا گویا جو اُس وقت حاضر تھا - گانے لگا - اور اس نے ایسا گایا - کہ بادشاہ نہایت خوش ہوا - اور اس کا نام پوچھا - اس نے کہا کہ میرا نام دولت ہے - بادشاہ نے فرمایا - کہ دولت بھی اندھی ہوتی ہے - اندھے نے جواب دیا - کہ جہاں پناہ! دولت اندھی نہ ہوتی - تو لنگڑے کے گھر نہ آتی - بادشاہ اس لطیفے سے نہایت خوش ہوا - اور اس کو بہت سا انعام دیا -

ب - (۱) وہ کسی کی نہیں سُنتا -

(۲) پھر کیا ہوا؟

(۳) لفظ بلفظ ترجمہ مت کرو -

(۴) اگر تم وقت پر نہ پہنچے تو میں تمہیں نقصان کا ذمہ وار ٹھہراؤں گا -

(۵) وہ پکا نشانہ باز ہے -

(۶) وہ ایک نکما لڑکا ہے -

(۷) آپ کو یہ کام کرنا ہی پڑے گا -

(۸) اس کی بہن کے لڑکا پیدا ہوا ہے -

(۹) ہمارے سکول کے تمام کمرے ہوادار ہیں -

(۱۰) کتنی ہی کوشش کرو - تم اس کو نہیں ہرا سکتے -

EXERCISE 17

الف - سائبیریا کے مشہور دریا اوبے - ینسی اور لینا ہیں جو شمال کی طرف بہہ کر بحر منجمد شمالی میں گرتے ہیں - گو یہ دریا سُست رفتار ہیں - مگر سال کا اکثر حصہ منجمد رہنے اور بحر منجمد شمالی میں گرنے کے باعث جہاز رانی کے لئے مفید نہیں - موسمِ گرما میں ان کے بالائی حصوں میں جہاز رانی ہو سکتی ہے اور ان کو نہروں کے ذریعے باہم ملا دینے سے ایک اچھی شاہراہ بن جاتی ہے - جنوب مشرقی حصہ کا مشہور دریا امور ہے - جو سائبیریا اور منچوریا کی درمیانی حد پر بہتا ہے اور پھر شمال کی طرف مڑ کر بحیرہ اوکوٹسک میں گرتا ہے - یہ دریا صرف موسم گرما میں ہی جہاز رانی کے کام آتا ہے -

ب - (۱) میں اس کام کو بار بار کرتے تنگ آ گیا ہوں -

(۲) پولیس کے سپاہی چار چار کی قطار میں جا رہے تھے -

(۳) پچھلے سال میں اس دوکان سے سودا خریدا کرتا تھا -

(۴) آج کے لکچر میں بھاری حاضری ہوگی -

(۵) یہ ٹوپی تمہیں اچھی نہیں لگتی -

(۶) اس فقیر نے مجھ سے دو پیسے مانگے -

(۷) وہ اپنا ہی راگ الاپتا رہتا ہے -

(۸) ماسٹر صاحب نے میری غیر حاضری لگا دی -

EXERCISE 18.

ا۔ گذشتہ زمانے کے لوگ یہ خیال کرتے تھے۔ کہ زمین جس پر ہم تم رہتے ہیں ایک وسیع میدان ہے۔ اس پر کہیں کہیں پہاڑ و سلسلۂ کوہ واقع ہیں۔ اس کے اردگرد سمندر ہیں۔ اور آسمان ایک نیلا سا گنبد ہے۔ جو زمین کے اوپر واقع ہے۔ سُورج چاند اور تارے آسمان میں گردش کر رہے ہیں۔ اور زمین ان کے نیچے ساکن ہے۔ بظاہر ہم کو بھی ایسا ہی دکھائی دیتا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے۔ کہ زمین نارنگی کی مانند گول ہے۔ اور شمالی و جنوبی سروں پر سے قدرے چپٹی ہے۔ یہ ساکن نہیں ہے بلکہ سُورج کے گرد گردش کرتی ہے۔

ب۔ (۱) معلوم نہیں اس کی قسمت میں کیا لکھا ہے۔

(۲) وہ خوشی کے مارے جامے میں پھُولے نہ سماتے۔

(۳) ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آج بارش ہو گی۔

(۴) لڑکو! شرارت مت کرو۔ ورنہ سزا پاؤ گے۔

(۵) آئیے آگے چلیں۔

(۶) کیا آپ نے ناشتہ کر لیا ہے؟

(۷) دیکھنا انگلی میں سوئی نہ چبھو دینا۔

(۸) دال میں کچھ کالا کالا ہے۔

(۹) لاؤ سنترے کا چھلکا اتار دُوں۔

(۱۰) آج کیا دن ہے؟

EXERCISE 19.

ا - اکبر کی کامیابی کا راز یہ تھا - کہ اس نے ہندوستان کو اپنا وطن سمجھا اور سلطنت کا انتظام نہایت محبت اور ہمدردی کے اصولوں پر کیا - اکبر مسلمان تھا - مگر اس کا دل مذہبی تعصب سے بالکل خالی تھا - اور وہ اپنی ہندو مسلمان رعایا کو ایک نظر سے دیکھتا تھا وہ خوب سمجھتا تھا - کہ سلطنت کی جڑ کو مضبوط کرنے کے لئے سب سے ضروری بات یہ ہے کہ اُس کی انصاف پسندی اور رعایا پروری کا سکہ دلوں پر جاری رہے اور جب تک وہ زندہ رہا - اس نے اسی اصول پر عمل کیا -

ب - (۱) بہت عرصہ بیمار رہنے سے اس کا چہرہ اتر گیا ہے -

(۲) میرے لئے بستر لگا دو -

(۳) اس کی چغلی کھانے کی عادت ہے -

(۴) اس نے سب راز افشا کر دیا -

(۵) میں اپنے بھائی صاحب کو گاڑی پر سوار کرانے گیا تھا -

(۶) دال میں تھوڑا سا نمک ڈال دو - ذائقہ اچھا ہو جائیگا -

(۷) چار جون سوموار کو ہے -

(۸) اس حکم پر کل سے عمل درآمد ہوگا -

(۹) ایسا معلوم ہوتا ہے ۔ کہ موہن کو سردی لگ رہی ہے -

(۱۰) میں نے تمام کاغذات کلرک کے حوالے کر دئے تھے -

Rs 35/-

EXERCISE 20.

ا - کام کو ناگوار فرض مت خیال کرو - اور اس میں اپنا دل لگاؤ - خیال کرو کہ کام کے ذریعے سے اور لوگ کیسے خوشحال ہو سکتے ہیں - تب تم کو کام دلچسپ معلوم ہوگا - اور تم اپنے کام سے محبت کرنے لگو گے - اور اگر کام کو خوشی سے کرنے لگو گے - تو آسانی سے کرو گے - بے شک بعض آدمی اوروں کی نسبت بہت زیادہ ہوشیار ہوتے ہیں - لیکن فرض کرو - کہ دو آدمی اپنی زندگی میں کچھ کاروبار کریں - ان میں سے ایک بڑا عاقل لیکن بڑا لاپرواہ ہے اور دوسرا آہستہ رو لیکن محنتی ہے - آخر دوسرا پہلے پر سبقت لے جائیگا +

ب - (۱) اس کی شیخی کرکری ہو گئی -

(۲) قتل کے جرم میں جج نے اُسے موت کی سزا دی ہے -

(۳) دوسروں کو گالی دینا شریفوں کا کام نہیں -

(۴) تانگہ ایک مسافر سے ٹکرا گیا -

(۵) یہ دونوں بھائی ایک دوسرے سے شکل وشباہت میں بہت ملتے جلتے ہیں -

(۶) وہ ہمیشہ سچ بولتا ہے اور کبھی جھوٹ نہیں بولتا -

(۷) یہ ایک مسلّمہ سچائی ہے - کہ صحت مفت ملتی ہے اور بیماری ہم خریدتے ہیں -

(۸) سات بج چکے ہیں اور تم ابھی انگڑائیاں لے رہے ہو -

EXERCISE 21

ا - ایک شخص اپنے دوست کی ملاقات کو گیا - دروازے پر پہنچ کر دستک دی - نوکر اندر سے بولا - میاں گھر میں نہیں ہیں - پھر کر چلا آیا - مگر اس نے دوست کو باتیں کرتے ہوئے سن لیا تھا - کئی دن کے بعد وہ دوست ان کے گھر آئے اور دروازہ کھٹکھٹایا - انہوں نے اندر سے آواز دی - کہ جناب گھر میں نہیں ہیں - دوست نے کہا - واہ - کیا میں تمہاری آواز بھی نہیں پہچانتا - انہوں نے کہا - کیوں صاحب جب ہم آپ کے گھر گئے - تو آپ کے نوکر کے کہنے سے یقین کر لیا تھا - کہ آپ گھر میں نہیں ہیں - اب میں خود کہہ رہا ہوں - اور آپ کو یقین نہیں آتا -

ب - (۱) جاتے ہی میں اس تمام معاملے کو ختم کر دونگا -

(۲) اپنے برتنوں کو قلعی کرا لو -

(۳) یہ دوائی دو دو گھنٹے کے بعد پیو -

(۴) وہ موجودہ دسویں جماعت کے ساتھ نہیں چل سکتا -

(۵) کوئی قبض کشا دوائی لے لو - طبیعت ٹھیک ہو جائیگی -

(۶) تم یہاں کس مطلب سے آئے ہو ؟

(۷) میں نے یہ جوتا بنا بنایا لیا ہے -

(۸) اس نے اپنا کوٹ فرمائش سے بنوایا ہے -

(۹) مہاراجہ اشوک اپنی رعایا کو ایک نظر دیکھتا تھا -

(۱۰) سات سالہ لڑکے کو سکول میں بٹھا دینا چاہئے -

EXERCISE 22

ا - ایک فقیر روزی کمانے کے لئے کئی طریقے آزما چکا تھا۔ آخرکار اس کو یہ تجویز سوجھی۔ کہ وہ اپنے آپ کو گونگا ظاہر کرے۔ ایک شخص جو اس کو شکل سے پہچانتا تھا اس کے پاس سے گذرا۔ اچانک اس کے پاس جا کر پوچھا۔ کہ تم کتنے عرصے سے گونگے ہو۔ فقیر یہ سن کر ہکا بکا رہ گیا۔ اور اس بات کو بالکل بھول گیا۔ کہ اس نے اپنے آپ کو گونگا ظاہر کرنے کا فیصلہ کیا ہوا ہے۔ جھٹ جواب دیا۔ کہ میں بچپن سے ہی گونگا ہوں۔

ب۔(۱) اس کا اقبال ترقی پر ہے۔

(۲) کہنے اور کرنے میں زمین آسمان کا فرق ہے۔

(۳) مٹھائیوں کو دیکھ کر اس کے منہ میں پانی بھر آیا۔

(۴) کپڑے کس کام آتے ہیں؟

(۵) ابھی بہت کام بقایا پڑا ہے۔

(۶) دوسروں کے کام میں روڑا اٹکانا شرافت نہیں۔

(۷) اس علاقے میں طرح طرح کے پھل پیدا ہوتے ہیں۔

(۸) مریض کی حالت بہت ابتر ہو رہی ہے۔

(۹) میں آپ کا نیاز حاصل کر کے بہت خوش ہوں۔

(۱۰) دریائے برہم پتر کہاں سے نکلتا ہے؟

EXERCISE 23.

ا ۔ کچھ عرصہ ہوا ۔ کہ ایک کارخانہ دار اپنے دفتر میں کام کر رہا تھا کہ ایک لڑکا نوکری کی تلاش میں آیا ۔ مالک کارخانہ نے پوچھا ۔ کیا تم صاف لکھ سکتے ہو؟ لڑکے نے کہا ۔ ہاں ۔ مالک کارخانہ نے پھر پوچھا ۔ کیا تم حساب میں تیز ہو؟ لڑکے نے کہا ۔ ہاں ۔ مالک کارخانہ نے کہا ۔ بس کافی ہے ۔ مجھے تمہاری ضرورت نہیں ۔ جب لڑکا چلا گیا ۔ تو ایک شخص نے کہا ۔ میں اس لڑکے کو اچھی طرح جانتا ہوں ۔ یہ بہت محنتی اور ہوشیار ہے ۔ آپ نے اس کو کیوں نہ آزمایا ۔ مالک کارخانہ نے جواب دیا ۔ جب اس نے ہاں جناب ۔ نہیں جناب ہی کہنا نہیں سیکھا ۔ اور میری باتوں کا جواب اس طرح دیتا ہے ۔ جیسے کوئی گنوار دیتا ہو ۔ تو وہ میرے گاہکوں کو کس قسم کا جواب دیگا ۔

ب ۔ (۱) اگر آپ مجھے وقت پر اطلاع دیدوگے ۔ تو میں ضرور آپ کو سٹیشن پر ملنے آؤنگا ۔

(۲) اگر شرارت نہ کرتے تو سزا نہ پاتے ۔

(۳) اب شکایت کیوں کرتے ہو ۔

(۴) اس کو دیکھتے ہی اس کے مخالف کے چھکے چھوٹ گئے ۔

(۵) اس کو جوا کھیلنے کی عادت ہے ۔

(۶) بابو صاحب مہربانی کر کے میرا منی آرڈر جلدی کر دیں ۔

(۷) میری کوٹھی بن رہی ہے ۔

(۸) اس لڑکے کے سوٹ کو کتنا کپڑا لگے گا ؟

EXERCISE 24.

ا - ہولیوں کے دنوں میں بعض لڑکے دوسروں پر مٹی اور گوبر پھینکتے ہیں۔ یہ بات بہت بُری جا ہے۔ مٹی آنکھوں میں پڑ جاتی ہے تو آنکھیں دُکھنے لگتی ہیں۔ گوبر پڑ جانے سے کپڑے خراب ہو جاتے ہیں۔ ہولیاں ہنسنے کھیلنے کے لئے ہیں۔ رونے رولانے کے لئے نہیں۔ اس لئے ایسی حرکتوں سے پرہیز کرو۔ ہنسو۔ کھیلو۔ اُچھلو۔ کُودو۔ یاروں دوستوں سے مذاق کرو۔ لیکن ایسا مذاق نہ ہو۔ کہ ہنسی میں کھنسی ہو جائے۔

ب - (۱) کل رات اس کی ذرا بھی آنکھ نہ لگی۔

(۲) مسلمان عام طور پر ڈاڑھی رکھتے ہیں۔

(۳) میری اس سے کبھی نہیں بن سکتی۔

(۴) یہ شارع عام نہیں ہے۔ بغیر اجازت آنے والوں پر مقدمہ چلایا جائیگا۔

(۵) بارہ بجے سُورج ٹھیک سر پر ہوتا ہے۔

(۶) ہمارا مکان پل کے دوسری طرف ہے۔

(۷) وہ کسی نہ کسی طرح کامیاب ہو ہی گیا۔

(۸) کمر ہمّت کسو۔ اور خطرات کا ہمت سے مقابلہ کرو۔

(۹) اگر اس نے میرا روپیہ وقت پر ادا نہ کیا۔ تو مجھے اس کے برخلاف دعوےٰ کرنا پڑے گا۔

(۱۰) اس کے پاؤں میں کانٹا چبھ گیا۔

EXERCISE 25.

ا۔ ایک دفعہ ایک لومڑی نے انگوروں کا ایک عمدہ پکا ہوا گچھا بیل سے لٹکا ہوا دیکھا۔ وہ ان کی طرف کودی۔ لیکن ان تک نہ پہنچ سکی۔ بارہا کوشش کی۔ لیکن سب بے سود۔ آخر کار اس نے کوشش کرنی چھوڑ دی اور جاتے ہوئے کہنے لگی۔ مَیں بہت خوش ہوں۔ کہ یہ میری پہنچ سے باہر ہیں یہ بہت کھٹے ہیں۔ اگر میں ان کو حاصل کر لیتی۔ اور بے وقوفی سے کھا لیتی۔ تو مَیں بیمار پڑ جاتی +

ب۔(۱) یہ خبر سنتے ہی اس کا رنگ زرد پڑ گیا۔

(۲) اس نے مجھے بہت سمجھایا۔ لیکن میں نے ایک نہ مانی۔

(۳) رسد ختم ہو گئی ہے۔

(۴) مجھے تنگ نہ کرو۔ مجھے نیند آ رہی ہے۔

(۵) آج تارے دکھائی نہیں دے رہے ہیں۔

(۶) اس کا مال کِتنے کو بکا؟

(۷) سچ تو یہ ہے کہ مجھے اس کے متعلق کچھ علم نہیں۔

(۸) اس نے شراب پینا نہیں چھوڑا۔

EXERCISE 26.

ا - یہ نہیں کہا جاسکتا۔ کہ سوتی کپڑا پہلے پہل کب بنا۔ لیکن اتنا معلوم ہے۔ کہ یورپ میں دو سو برس سے بننے لگا ہے۔ ہندوستان میں سوتی کپڑے کا رواج بہت پرانا معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ ہندوؤں کی پرانی کتابوں میں بہت جگہ اس کا ذکر آیا ہے۔ چار سو برس ہوئے۔ جب کولمبس نے امریکہ دریافت کیا تھا تو اس نے وہاں بھی کپاس کے پیڑ دیکھے تھے۔ اور امریکہ کے لوگوں کو روئی کا کپڑا پہنے ہوتے پایا تھا۔ ہندوستان کی ململ اپنی صفائی اور خوبصورتی کے لئے ساری دُنیا میں مشہور تھی۔ دو سو برس ہوئے۔ ایک سیّاح نے لکھا تھا۔ کہ یہ ململ ایسی مہین ہوتی ہے کہ ہاتھ میں معلوم نہیں ہوتی۔ دوسرے سیّاح کا بیان ہے کہ اگر یہ کپڑا گھاس پر رکھ دیا جائے۔ اور اس پر اوس پڑ جائے۔ تو وہ نظر نہیں آتا۔

ب۔ (۱) ایک آنے میں چار پیسے ہوتے ہیں۔

(۲) مہربانی کر کے سوئی میں دھاگا ڈال دیجئے۔

(۳) یہ کتاب دھڑا دھڑ بک رہی ہے۔

(۴) جب میں اس کے مکان پر پہنچا۔ وہ سیر کو چلا گیا تھا۔

(۵) میں تمہارے حُسنِ اخلاق سے کمال خوش ہوں۔

(۶) جو لوگ سُنی سنائی بات پر یقین کرتے ہیں وہ ہمیشہ نقصان اٹھاتے ہیں۔

(۷) اگر مجھے فرصت ہوتی۔ تو میں ضرور تمہارے ساتھ چلتا۔

(۸) کیا تم اُسے اپنی رائے پر لا سکتے ہو؟

EXERCISE 27

ا - ایک شخص کہیں کو خط لکھ رہا تھا۔ ایک اجنبی اس کے پاس آ بیٹھا اور اس کے خط کو دیکھنے لگا۔ تب اس شخص نے خط میں لکھا۔ کہ بہت سی راز کی باتیں تھیں لیکن میں اس سبب سے نہیں لکھ سکتا۔ کہ ایک احمق میرے پاس بیٹھا ہے اور اس خط کو دیکھ رہا ہے۔ اس پر وہ اجنبی بولا۔ کہ تم اپنی راز کی باتیں کیوں نہیں لکھتے۔ میں نے تمہارے خط کو مطلق نہیں پڑھا۔ تب لکھنے والے نے جواب دیا۔ اگر تم نے اس خط کو نہیں پڑھا۔ تو تم کو یہ کس طرح معلوم ہو گیا۔ کہ میں نے اس میں یہ بات لکھی ہے۔ اس پر وہ اجنبی بہت شرمندہ ہوا۔ اور اٹھ کر وہاں سے چل دیا۔

ب۔ (۱) جمع کرنا تو درکنار میرا گذارہ مشکل سے ہوتا ہے۔

(۲) اس کا بڑا بھائی کئی خوبیوں کا مالک ہے۔

(۳) میں بال کٹوانا چاہتا ہوں۔

(۴) اس بڑھیا کا ایک دس سالہ لڑکا ہے۔

(۵) میرے بائیسکل کے پہیوں میں ہوا کم ہے۔

(۶) تم بے سود اس بات کے پیچھے پڑے ہوئے ہو۔

(۷) بے وقوف کوّے کو بھوکا رہنا پڑا۔

(۸) وہ سولہ آنے سپاہی نظر آتا ہے۔

EXERCISE 28.

ا بمبئی میں ایک سوداگر تھا۔ ایک دفعہ اس کا اسباب سے لدا ہوا جہاز آ رہا تھا۔ جب بمبئی کوئی میل بھر رہ گئی تو جہاز میں آگ لگ گئی۔ ملاحوں نے جوں توں کر کے اسے بمبئی تک پہنچایا۔ مسافر تو کشتیوں میں کود کود کر بڑی مشکل سے زندہ نکل آئے مگر اتنا اسباب کیونکر اتنی جلدی اتر سکتا تھا۔ جہاز ہی میں جلنے لگا۔ سوداگر کنارے پر کھڑا دیکھ رہا تھا۔ اس کو یہ مثل یاد آئی۔ سارا دھن جاتا دیکھئے تو آدھا دیجئے بانٹ۔ کنارے کے تمام ملاحوں سے کہا۔ جو کچھ نکالو۔ آدھوں آدھ۔ یہ سنتے ہی سارے ملّاح کشتیاں لے کر جہاز پر چڑھ گئے۔ اور بہت سا مال کشتیوں پر پھینک دیا۔ جب تک جہاز نہ ڈوبا برابر مال پھینکتے رہے اور ڈوب جانے کے بعد بھی بہت سا مال غوطے لگا کر نکال لائے۔ سوداگر نے وعدے کے مطابق آدھا مال ملاحوں کو دے دیا اور آدھا آپ لے لیا۔ ملاح مال کو کیا کرتے۔ سب نے اپنے اپنے حصے کا مال اسی سوداگر کے پاس اَونے پونے بیچ ڈالا۔ اور اس طرح سوداگر کو تھوڑا سا نقصان ہُوا۔

ب۔ (۱) گالیاں دینا اچھے لڑکوں کا شیوہ نہیں۔

(۲) کیا آپ ہیڈ ماسٹر صاحب کے پاس میری سفارش کرینگے؟

(۳) آج کل دودھ کس بھاؤ بکتا ہے؟

(۴) میں کل لاہور سے پونے دس بجے کی گاڑی سے واپس آیا۔

(۵) کپڑے اتار کر وہ میدان چلا گیا۔

(۶) وہ چند دنوں کا مہمان ہے۔

(۷) جوں ہی وہ صحتیاب ہوا وہ پہاڑ پر چلا گیا۔

EXERCISE 29.

ا - دنیا کے پہاڑوں میں سب سے اونچا پہاڑ ہمالیہ ہے۔ یہ ہندوستان کے شمال میں ہزاروں میل تک چلا گیا ہے۔ اس کی بلند چوٹیاں اور دل لبھانے والی وادیاں مشہور ہیں۔ ان وادیوں میں سب سے بڑی وادی کشمیر ہے۔ شاعر کشمیر کو جنتِ نظیر کہتے ہیں۔ یہ واقعی بہشت کا نمونہ ہے۔ جگہ جگہ پھولوں کی بہار ہے چپہ چپہ پر سبزہ زار اور جابجا چشمے اور آبشار ہیں۔ کشمیر میں اس قدر خوبیاں ہیں۔ کہ وہاں جا کر لوٹنے کو جی نہیں چاہتا۔ اس کی آب و ہوا صحت کے لئے بہت ہی اچھی ہے۔ ڈاکٹر لوگ گرمیوں کے دنوں میں مریضوں کو وہاں جانے کا مشورہ دیتے ہیں۔ لوگ سخت بیماری کی حالت میں جاتے ہیں اور شفا پا کر لوٹتے ہیں۔

ب۔ (۱) ایک طرف ہٹ جاؤ۔ میں باہر جانا چاہتا ہوں۔

(۲) ہندوستان میں بہت سے لوگوں کا گذارہ خیرات پر ہے۔

(۳) اس حلقے کے رائے دہندگان نے لالہ نند لال کو رائے دی۔

(۴) کل کتنی پرچیاں ڈالی گئیں؟

(۵) ایک شریف آدمی کبھی اپنا وعدہ نہیں توڑتا۔

(۶) معمولی سی بات پر بگڑ بیٹھنا عقلمندی نہیں۔

(۷) امید نہیں کہ تمہارا مکان اچھے داموں بک سکے۔

(۸) جتنی جلدی کام ختم کر لو۔ اتنا ہی اچھا ہے۔

EXERCISE 30

ا - انٹونیو نے قرضہ کا روپیہ بسینیو کے حوالے کیا اور اس سے کہا کہ تو اپنی شادی کی فکر کر۔ بسینیو نے انٹونیو کے روپیہ سے بہت سا ساز و سامان خریدا۔ اور رئیس بن کر پورشیا کے شہر کی طرف روانہ ہوا۔ پورشیا کا باپ مر چکا تھا۔ مگر وہ وصیت کے ذریعہ چند شرطیں مقرر کر گیا تھا۔ اور لکھ گیا تھا۔ کہ جو شخص ان شرطوں کو پورا کریگا۔ اسی کے ساتھ اس کی لڑکی شادی کریگی۔ بسینیو نے وہ تمام شرطیں پوری کیں اور پورشیا کے ساتھ بیاہ رچایا۔ پورشیا بسینیو کی شرافت اور محبت سے بہت خوش تھی اور دونوں آرام سے زندگی بسر کرنے لگے۔

ب۔ (۱) چین اور جاپان میں کسی وقت لڑائی چھڑ جانے کا امکان ہے۔

(۲) یہ کتا پاگل ہو گیا ہے۔

(۳) اس لڑکے کا خط بہت اچھا ہے۔

(۴) دو آنے کی سبزی لے آؤ۔

(۵) جونہی اس نے میرا ہاتھ چھوڑا وہ گر پڑا۔

(۶) میں یہ کام آج کرا دونگا۔

(۷) خوردہ فروش بہت نفع لگاتے ہیں۔

(۸) میں نے غلطی سے بیرنگ خط ڈال دیا۔

(۹) چپڑاسی کو کہو کہ پارسل چھڑا لائے۔

(۱۰) جب وہ یہاں آتا ہے ہمیشہ میرے پاس ٹھہرتا ہے۔

EXERCISE 31.

ا۔ وہ شخص بھی دوستی کے قابل نہیں۔ جو وقتِ عزیز لہو لعب میں برباد کرتے ہیں۔ ایسے لوگ نہ خود کام کرتے ہیں اور نہ دوسروں کو کچھ کرنے دیتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں۔ جو خود بھی ڈوبیں گے اور یار کو بھی لے ڈوبیں گے۔ دوستی کے لائق وہ لوگ ہیں جو اچھا چال چلن رکھتے ہیں۔ اور اپنی عزت کا خیال رکھتے ہیں۔ جو فہیم اور سنجیدہ ہیں۔ اور جو اپنے ہم مذاق و ہم پیشہ ہیں۔ ایسے لوگ نیک صلاح و مشورہ دینگے۔ بُری راہ جانے سے روکیں گے۔ اور ان کی ہم نشینی سے وہ کل مطالب حاصل ہونگے۔ جو دوستی کا مدعا ہیں۔

ب:۔ (۱) میں نے یہ کرسی محمد دین سے بنوائی ہے۔

(۲) میں نے اس سے پوچھا۔ کہ تم کب تک واپس آؤ گے؟

(۳) اس کا بڑا بھائی قدرے بہرہ ہے۔

(۴) ہم صبح سویرے ہواخوری کے لئے جاتے ہیں۔

(۵) ان کا اس بات میں مجھ سے اختلاف رائے ہے۔

(۶) یہ ریزولیشن اتفاق رائے سے پاس ہو گیا ہے۔

(۷) جو کچھ تم نے کہا ہے اس کا سر پیر نہیں ملتا۔

(۸) سورج گرہن کے موقعہ پر کورکشیتر میں ہیضہ پھوٹ پڑا۔

EXERCISE 32.

ا - ایک بادشاہ نے ایک نجومی سے دریافت کیا کہ اب میری عمر کے کَے برس باقی ہیں؟ نجومی نے جواب دیا۔ دس برس۔ بادشاہ بہت متفکر ہوا اور بیمار ہو کر بستر پر پڑ گیا۔ لیکن اس کا وزیر بہت عقلمند تھا۔ اس نے اس نجومی کو بادشاہ کے روبرو بلایا۔ اور اس نے دریافت کیا کہ اب تمہاری عمر کے کَے برس باقی ہیں؟ نجومی نے جواب دیا۔ بیس سال۔ وزیر نے فوراً بادشاہ کے سامنے اس نجومی کو قتل کر دیا اور بادشاہ سے کہنے لگا۔ دیکھئے حضور۔ ابھی اس نے کہا تھا کہ میں بیس سال اور جیونگا۔ لیکن ایک لمحہ میں مر گیا۔ بادشاہ وزیر کی حکمت سے بہت خوش ہوا۔ اور پھر کبھی نجومی کا اعتبار نہ کیا۔

ب - (۱) شکاری نے شیر پر نشانہ باندھا۔ لیکن وار خالی گیا۔

(۲) کیا کل آپ کے دشمنوں کی طبیعت علیل تھی؟

(۳) میری پتلون ایک انچ زیادہ لمبی ہے۔

(۴) جاؤ۔ اپنا کام کرو۔ میرا دماغ نہ کھاؤ۔

(۵) میں تمہارے بھائی کا نام تو جانتا ہوں۔ لیکن شکل سے واقف نہیں۔

(۶) آپ کے لڑکے کی تعلیمی حالت کیسی ہے؟

(۷) مجھے ٹھیک پتہ نہیں کہ وہ کہاں رہتا ہے۔

(۸) تمہارا اس معاملے سے کچھ تعلق نہیں۔

(۹) اس لڑکے نے صرف دو برس ہوئے انگریزی پڑھنی شروع کی ہے۔

(۱۰) ڈاک خانہ سے دریافت کر آؤ۔ کہ میرے نام کا کوئی پارسل تو نہیں؟

EXERCISE 33.

ا - جب بھوج کا باپ مرا - اُس وقت اس کی عمر سات برس کی تھی اور وہ راج کا کام سنبھالنے کے لائق نہ تھا - اس لئے وزیروں نے آپس میں مشورہ کر کے یہ فیصلہ کیا - کہ جب تک بھوج جوان نہ ہو جائے - راج کا کام اُس کے چچا منج کے سپرد کر دیا جائے - منج اس فیصلہ سے بہت خوش ہوا - اور بھوج کی طرف سے راج کرنے لگا - لیکن جوں جوں دن گذرتے گئے - اس کے دل میں بے ایمانی پیدا ہوتی گئی - وہ سوچتا تھا - کہ آج تو میں راج کر رہا ہوں لیکن جب بھوج جوان ہو جائے گا - اس وقت یہ تاج و تخت مجھ سے چھن جائیگا - اس لئے کوئی ایسی تدبیر کرنی چاہئے - کہ اس راج کا مالک میں ہی ہو جاؤں -

(۱) اس جماعت میں تین اوم پرکاش ہیں -

(۲) انگریزی مشکل زبان ہے -

(۳) اپنے گاؤں میں تو وہ امیر آدمی مانا جاتا ہے -

(۴) ہوشیار رہو - کہیں پاؤں نہ پھسل جائے -

(۵) لاہور جانے کے لئے وہ سامان باندھ رہا ہے -

(۶) فوج کا سامان رسد کم ہو رہا ہے -

(۷) بعض کپڑے دوسروں کی نسبت جلدی پھٹ جاتے ہیں -

(۸) اس میں کچھ چارہ نہیں -

EXERCISE 34.

ا - منج نے سوچ کر یہ تدبیر نکالی - کہ اگر بھوج کو مروا دیا جائے - تو پھر میں بے کھٹکے راج کر سکوں گا - اس کو یہ خیال نہ آیا - کہ بھوج میرے مرحوم بھائی کی نشانی ہے - راج کے لالچ نے اس کی آنکھیں بند کر دیں - چنانچہ اس نے وزیر سے مشورہ کر کے بھوج کو جلادوں کے حوالے کر دیا - مگر وزیر منج کی طرح لالچی اور بے ایمان نہ تھا - اس نے جلادوں سے کہا - کہ بھوج کو میرے محل میں چھوڑ جاؤ - اور منج سے کہہ دو - کہ ہم نے بھوج کو قتل کر دیا ہے - وزیر نے ایک رقعہ لکھ کر جلادوں کو دے دیا - کہ یہ بھی منج کو دے دینا - اور کہہ دینا - کہ بھوج نے مرتے وقت ان کو دیا تھا -

ب - (۱) اس کے مکان کو اچانک آگ لگ گئی -

(۲) نلکہ چل رہا ہے -

(۳) میرے پاس تین درجن کتابیں ہیں -

(۴) گھڑی بند ہو گئی ہے - اس کو چابی دے دو -

(۵) وہ روپیہ پیسہ سے تنگ ہے -

(۶) پریذیڈنٹ کا داخل ہونا تھا - کہ ہال تالیوں سے گونج اٹھا -

(۷) میرے والد صاحب عموماً سیکنڈ کلاس میں سفر کرتے ہیں -

(۸) یہاں کے پبلک نلکوں پر نہانا اور کپڑے دھونا سخت منع ہے -

EXERCISE 35.

ا - راجہ مایاداس کے پاس سونے چاندی کی کمی نہ تھی۔ لیکن وہ اتنا لالچی تھا۔ کہ دن رات سونا چاندی اکٹھا کرتا رہتا تھا۔ اس نے اپنے محل کے اندر ایک تہ خانہ بنوایا تھا۔ اپنی ساری دولت وہ اسی میں رکھتا تھا۔ اور کسی نوکر پر اعتبار نہ کرتا تھا۔ رات کو اسی تہ خانہ میں سوتا تھا اور اپنے سونے چاندی کے انبار کی خبرگیری کرتا تھا۔ لالچ نے اسے راجہ سے چوکیدار بنا دیا تھا۔ وہ جب سونے کی اشرفیوں اور چاندی کے روپوں کے ڈھیر کی طرف دیکھتا تھا۔ تو پھولا نہ سماتا تھا۔ مگر جب کبھی اسے یہ خیال آجاتا۔ کہ شاید کسی راجہ کے پاس اس سے بھی زیادہ روپیہ اور اشرفیاں ہوں۔ تو اس کا دل اُداس ہو جاتا تھا۔

ب - (۱) آپ نے حساب کے کتنے سوال کئے ہیں؟ اور کتنے باقی ہیں؟

(۲) اس کی یہاں سے تبدیلی ہو گئی ہے دو چار روز میں یہاں سے چلا جائیگا۔

(۳) ہم سیر کے لئے روانہ ہوتے ہی تھے کہ یکایک بادل امنڈ آئے۔

(۴) مجھے معلوم نہیں کہ وہ میرے کام میں کیوں مداخلت کرتا ہے۔

(۵) یہ خبر سنتے ہی اس کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔

(۶) اس سکول کے سولڑکوں نے پچھلے سال میٹریکولیشن کا امتحان دیا تھا۔

(۷) اس کی دردناک حالت دیکھ کر اس کے ساتھیوں کا دل بھر آیا۔

(۸) اب آپ تشریف لے جائیے پھر فرصت کے وقت آپ سے بات کرینگے۔

(۹) وہ ڈاکٹر نہال چند کے زیر علاج ہے۔ اب اس کی حالت بہت اچھی ہے

(۱۰) جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

EXERCISE 36.

ا- ذہین بچے اکثر صحت کے اچھے نہیں ہوتے۔ ایڈیسن بھی اس قاعدے سے مستثنیٰ نہ تھا۔ محض صحت کی خرابی کی وجہ سے وہ اچھی بڑی عمر میں سکول میں بھیجا گیا۔ اور اس پر طرہ یہ کہ استاد بھی قابل نہ ملے۔ ایڈیسن سوال کرتا۔ استادوں سے جواب نہ بن پڑتا۔ اور اُلٹا اُسے ہی ڈانٹ بتائی جاتی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اس کی والدہ نے جو خود بھی معلّمہ تھی ایڈیسن کو مدرسے سے اٹھالیا۔ اور خود تعلیم دینی شروع کی۔ ماں سے بڑھ کر اور ہمدرد استاد کہاں مل سکتا ہے۔ ادھر ایسا شفیق اُستاد۔ ادھر شاگرد ایڈیسن سا۔ بس سمجھ لو۔ چند ہی دنوں میں کہیں کا کہیں پہنچ گیا۔

ب۔ (۱) کیا آپ کے پاس ایک اٹھنّی ہے؟

(۲) جھوٹ بولنے کی وجہ سے وہ ہیڈ ماسٹر صاحب کی نظر میں گر گیا۔

(۳) گاڑی میں حقّہ پینا سخت منع ہے۔

(۴) مصیبت کے لئے کچھ بچاؤ۔

(۵) اس کی شاندار کامیابی پر میں نے اس کو مبارک باد دی۔

(۶) آخر کار سچائی غالب آتی ہے۔

(۷) میں لگاتار دس گھنٹے کام کر سکتا ہوں۔

(۸) میٹریکولیشن امتحان میں وظیفہ لینا خالہ جی کا گھر نہیں ہے۔

(۹) سفر میں نقد روپیہ رکھنا عقلمندی نہیں۔

(۱۰) جتنی چادر ہو اتنے پاؤں پھیلاؤ۔

EXERCISE 37.

۱ - ایک روز سکندر نے اپنے امیروں وزیروں سے کہا کہ میں نے کبھی کسی کو محروم نہیں رکھا - جو کچھ مجھ سے کسی نے مانگا - سو وہی میں نے اس کو دیا - ایک شخص نے اسی وقت یہ عرض کی - کہ حضور ! مجھے ایک درم درکار ہے مرحمت کیجئے - سکندر نے فرمایا - بادشاہوں سے ایسی چھوٹی چیز کے لئے درخواست کرنا بے ادبی ہے - اس نے عرض کی کہ اگر حضور عالی کو ایک درم دینے میں شرم آتی ہے تو کوئی صوبہ عنایت فرماویں - سکندر نے کہا کہ پہلا سوال جو تو نے کیا وہ میرے رتبہ سے کم تھا اور دوسرا تیرے مرتبہ سے زیادہ - بس تیرے دونوں سوال بے جا ہیں - وہ آدمی شرمندہ ہوا اور جواب میں کچھ نہ بولا -

(۱) میرا اور آپ کا کیا مقابلہ ؟

(۲) وہ اچھا سپاہی بنے گا -

(۳) لڑکا کان دبا کر چپکے سے کھسک گیا -

(۴) اگر مجھے معلوم ہوتا کہ وہ میری مدد نہیں کریگا تو میں ہرگز اس سے درخواست نہ کرتا -

(۵) وہ ایک ضدی شخص ہے - دوسرے کی کبھی نہیں سنتا - اس واسطے ہمیشہ نقصان اٹھاتا ہے -

(۶) لکڑی کو گھن لگ گیا ہے -

(۷) کیا آپ کو میرے لئے سفارش کی کوئی گنجائش نظر نہیں آتی ؟

(۸) دیر کے بعد اس نے محسوس کیا - کہ میں اس کو صرف ٹالنا چاہتا ہوں -

(۹) وہ باعزت طور پر بری کیا گیا ہے -

(۱۰) اس مکان میں بجلی نہیں لگی ہوئی ہے -

EXERCISE 38

۱۔ ذاتوں کی تقسیم کے ساتھ ساتھ برہمنوں کا اقتدار بھی بڑھتا گیا۔ اب برہمن لوگ اپنے ہر لفظ کو وحی سمجھتے اور حکم کی فوری تعمیل چاہتے تھے۔ کیونکہ وہ دُنیا میں اپنے آپ کو خدا کا نائب سمجھتے تھے اور جب برہمنوں کے دل میں یہ خیال پیدا ہو گیا۔ تو انھوں نے مذہبی رسومات کو اس قدر پیچیدہ اور گراں بنا دیا۔ کہ عوام اپنے آپ کو ان رسومات کے ادا کرنے کے قابل ہی نہ سمجھتے تھے۔ عوام کا تو کیا ذکر۔ بادشاہوں تک کو براہمنوں نے اپنے احکام پر چلانا شروع کر دیا۔ ایسے وقت میں ضروری تھا۔ کہ کوئی ایسی شخصیت پیدا ہو جو اس حالت کو تبدیل کرے۔ چنانچہ گوتم بدھ ظاہر ہوئے۔ اور انھوں نے برہمنوں کے اس عام وقار کو بہت کم کر دیا۔

۲۔ (۱) بھائی صاحب کیا بات ہے۔ آپ کا چہرہ اترا ہوا ہے۔

(۲) آپ کی بڑی مہربانی ہے کہ آپ تشریف لے آئے۔

(۳) اس مزدور کو کام پر لگا دو۔

(۴) میں تم کو ہر وقت کام میں لگا ہوا پاتا ہوں۔

(۵) اس رقم سے میرا کام نہیں چلے گا۔

(۶) یہ گلی آگے نہیں جاتی۔

(۷) اس ٹائم ٹیبل پر کب سے عمل درآمد ہوگا؟

(۸) دو میل تک سیدھے چلو۔

EXERCISE 39.

ا - ایک دفعہ ایک چھوٹی لڑکی کی گڑیا کھو گئی - اس نے ملکہ کو لکھ بھیجا کہ میری گڑیا کھو گئی ہے اور چونکہ زمین گھومتی ہے - اس لئے نہیں معلوم کہ اب وہ کہاں پہنچی ہو گی - وہ میرے ڈھونڈنے سے تو مجھے ملے گی نہیں - لیکن اگر آپ مہربانی سے اس کو تلاش کروا کے بھجوا دیں - تو آپ کی بڑی عنایت ہو - اور کسی کے پاس اس قسم کا خط پہنچتا - تو وہ اس کو پھاڑ کر ردّی کی ٹوکری میں پھینک دیتا - لیکن ملکہ وکٹوریہ ایک بچے تک کا دل دکھانا نہیں چاہتی تھیں - انہوں نے حکم دیا - کہ ایک اچھی گڑیا خرید کر اس لڑکی کے پاس بھجوا دی جائے - اور لکھ دیا جائے - کہ تمہاری گڑیا کا ملنا مشکل ہے - لیکن اس کے بدلے میں ایک دوسری گڑیا بھیجی جاتی ہے -

ب - (۱) فوج میں پانچ ہزار پیدل اور دس ہزار سوار تھے -

(۲) میاں مٹھو بننے سے کیا فائدہ -

(۳) ہمارے بورڈنگ ہوس میں سو لڑکوں کی گنجائش ہے -

(۴) اگر مجھے پتہ ہوتا - کہ آپ مجھے دھوکہ دینگے - تو میں ہرگز آپ پر اعتبار نہ کرتا -

(۵) اس نے میرے پاس ایک کھوٹا روپیہ چلا دیا -

(۶) درزی کو کہو - کہ اس قمیض کو چھوٹا کر دے -

(۷) وہ کامیابی سے دوکان چلا رہا ہے -

(۸) میں سخت محنت کر رہا ہوں -

EXERCISE 40.

و- جب امرکوٹ کے مقام پر اکبر کے پیدا ہونے کی خبر ہمایوں کو ملی تو اس نے اپنی جیب سے مشک نکال کر تھوڑی تھوڑی اپنے ساتھیوں میں بانٹ دی۔ اور یہ کہا۔ کہ اس وقت سفر کی پریشانی میں سوائے مشک کے میرے پاس اور کوئی ایسی چیز نہیں ہے۔ جو اس لڑکے کی پیدائش کی خوشی میں آپ لوگوں کے سامنے پیش کروں۔ ہمایوں کے ساتھیوں نے جھک کر سلام کیا اور یہ دعا دی کہ جس طرح اس وقت مشک کی خوشبو پھیلی ہے۔ اسی طرح دنیا میں اس بچے کا نام پھیلے۔ ہمایوں کے سچے خیر خواہوں کی دعا قبول ہوئی۔ اور یہ بچہ ایسا ہونہار نکلا۔ کہ جس کا نام آج ساری دنیا عزت اور محبت کے ساتھ یاد کرتی ہے۔

ب۔ (۱) تین دن کی مسافت کے بعد ہم شہر پہنچے۔

(۲) وہ راستہ بھول گیا۔

(۳) اس کی تمام امیدوں پر پانی پھر گیا۔

(۴) بارش ہو یا مطلع صاف۔ میں ہر حالت میں کل آپ کے پاس پہنچ جاؤنگا۔

(۵) یہ اصول ہر جگہ ٹھیک ہے۔

(۶) میری صحت گر گئی ہے۔

(۷) گھبراؤ نہیں جلدی طاقت ور ہو جاؤ گے۔

(۸) تاش کے پتوں کو ملا کر بانٹو۔

EXERCISE 41

۱ - یونان میں ایک دفعہ ایک مصوّر نے ایک آدمی کی جس کے ہاتھ میں انگوروں کا گچھا تھا تصویر بنائی - اور اس کو ایک موقعہ عام پر لٹکا دیا۔ تصویر اس قدر اصل کے مطابق تھی - کہ پرندے انگوروں کو اصلی سمجھ کر ان پر چونچ مارتے تھے - ہر جگہ غل پڑ گیا - اور لوگ چاروں طرف سے آکر مصوّر کو مبارکباد دینے لگے - لیکن مصوّر روتا تھا - کہ تصویر میں نقص رہ گیا - لوگوں نے حیرت سے پُوچھا - کہ اس سے بڑھ کر اور کیا کمال ہو سکتا ہے - مصور نے کہا - بے شک انگوروں کے گچھے کی تصویر بہت عمدہ ہے - لیکن جس آدمی کے ہاتھ میں انگوروں کا گچھا ہے - اس کی تصویر اچھی نہیں - ورنہ پرندے انگوروں کے گچھے پر ٹوٹنے کی جرأت نہ کرتے -

(۱) یہاں موٹر ٹھہرانا منع ہے -

(۲) جب اس کو بھوک لگے گی - تو سمجھیں گے کہ اس کا بخار اتر گیا ہے -

(۳) اس جیب کترے کو تین سال قید سخت کی سزا دی گئی ہے -

(۴) پیپل بنک کے ٹوٹ جانے سے کئی خاندان تباہ ہو گئے ہیں -

(۵) اس کی مخالفت نے میری تمام امیدوں پر پانی پھیر دیا ہے -

(۶) جتنا ہم اوپر جاتے ہیں - اتنی ہی سردی ہوتی جاتی ہے -

(۷) بارش نہ ہونے کی وجہ سے چارے کی کمی ہے -

(۸) مجسٹریٹ نے اس پر فرد جرم لگا دی -

EXERCISE 42.

ا - ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کوئی سوداگر ایک نادر گھوڑا فیلقوس کے پاس لایا۔ اور پچیس ہزار روپیہ اس کا مول بتایا۔ بادشاہ سکندر اور اپنے سرداروں کو ساتھ لے کر گھوڑے کے امتحان کے واسطے میدان میں گیا۔ مگر اس نے کسی کو پاس نہ آنے دیا۔ فیلقوس اس کی سرکشی اور بدرکابی دیکھ کر سوداگر پر بہت خفا ہوا۔ اس وقت سکندر کی زبان سے بے ساختہ یہ کلمہ نکلا کہ افسوس۔ کیسا عمدہ گھوڑا بے تمیزی سے کھوئے دیتے ہیں۔ فیلقوس اس کی بات خیال میں نہ لایا۔ مگر جب بار بار اس کو یہ کہتے سنا تو اس کی طرف مخاطب ہو کر کہنے لگا۔ تو بڑوں پر طعن کرتا ہے اور اپنے تئیں ان سے بہتر سمجھتا ہے۔ سکندر نے کہا۔ بے شک اس گھوڑے کو قابو کرنے کی لیاقت تو ان سے زیادہ رکھتا ہوں۔ فیلقوس نے کہا۔ کہ اگر تجھ سے اس گھوڑے پر نہ چڑھا گیا۔ تو بتا کیا ہاریگا۔ جواب دیا۔ اس گھوڑے کی قیمت۔ اس پر سب ہنس پڑے۔ مگر باپ بیٹے میں یہ شرط قرار پا گئی۔

ب۔ (۱) جاپان کی تجارت نے دن دوگنی رات چوگنی ترقی کی۔

(۲) کیا آپ آج شام کو چار بجے تک واپس نہیں آ جائینگے؟ نہیں ضرور آجاؤنگا۔

(۳) ہو سکتا ہے کہ تم وظیفہ لے جاؤ۔

(۴) اس میں ذرا بھی عقل نہیں ہے۔

(۵) اس گائے کو باندھ دو۔

(۶) درد کی وجہ سے اس نے تمام رات کروٹیں بدلنے میں گذاری۔

(۷) وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر بگڑ جاتا ہے۔

EXERCISE 43

ا - سکندر نے جھپٹ کر گھوڑے کی لگام پر ہاتھ ڈالا - اور اس کا مُنہ سُورج کے سامنے کر دیا - دراصل وہ گھوڑا اپنے سایے سے ڈرتا تھا - اور سکندر یہ بات تاڑ گیا تھا - جب تک گھوڑے کا مزاج درست نہ ہُوا - اسے دلاسا دیتا رہا - پھر یکایک اچک کر اُس کی پیٹھ پر جا بیٹھا - پہلے اسے قدم قدم چلایا - جب اس کا ڈر بالکل نکل گیا - تو ٹھکرا کر پویہ کیا - اور پھر سرپٹ ڈال دیا - اس وقت فیلقوس اور ارکانِ دولت سکتے کے عالم میں کھڑے سوار کی خیر منا رہے تھے - کہ اتنے میں سکندر گھوڑے کو پھیر کر لایا - سب نے بے اختیار تحسین و آفرین کی - اور اس کی شہسواری کی داد دی - فیلقوس کی آنکھوں میں خوشی سے آنسو بھر آئے - سکندر کی پیشانی پر بوسہ دے کر کہنے لگا - کہ بیٹا اپنے لئے کوئی اور سلطنت تلاش کر - مقدونیہ کی ریاست تیری شان کے لائق نہیں ہے -

ب - (۱) کرنال کو کونسی سڑک جاتی ہے ؟

(۲) دیکھو ٹھیک وقت پر پہنچ جانا -

(۳) چوروں نے مکان میں نقب لگائی اور جو کچھ ملا - اٹھا کر چمپت ہوئے -

(۴) تم نے انگریزی کا پرچہ (اے) کیسا کیا ہے ؟

(۵) آم سینکڑے کے حساب سے بکتے ہیں -

(۶) یہ ایک اچھی نظم ہے - اس کو زبانی یاد کر لو -

(۷) مدد کرنے کا تو ذکر ہی کیا - وہ میرا اپنا روپیہ بھی واپس نہیں کرتا -

(۸) دوست وہ ہے جو مشکل میں کام آئے -

EXERCISE 44.

۱ - سکھ مذہب کے بانی گورو نانک دیو جی تھے - یہ کالو نامی ایک کھتری کے ہاں تلونڈی گاؤں میں ۱۴۶۹ء میں پیدا ہوئے تھے - جب وہ بڑے ہوئے تو کالو نے ان سے سوداگری کرانی چاہی اور چالیس روپیہ دے کر کہیں تجارت کو بھیج دیا - اتفاقاً وہ راستے میں کئی فقیروں سے ملے اور ان سے کچھ گفتگو کی - انہوں نے سمجھایا کہ دنیا بالکل ناپائیدار ہے - اس سے دل نہ لگانا چاہئے - اور جہاں تک ہو سکے اس سے پرہیز کرنا چاہئے - گورو نانک کے دل پر اس گفتگو کا کچھ اثر ہو گیا اور وہ انہیں محتاج دیکھ کر چالیس روپیہ کا آٹا شہر سے خرید لائے - اور سب کو کھلا پلا کر خالی ہاتھ اپنے گھر چلے آئے - ان کا باپ یہ حال سن کر بہت ناراض ہوا - اور غصہ میں آکر چاہا - کہ انہیں خوب مارے کہ ایک مسلمان زمیندار نے اپنے پاس سے چالیس روپیہ دے کر انہیں بچایا -

(۱) وہ مجھ سے بگاڑ نہیں سکتا - کیونکہ اس کا سیاہ سفید میرے ہاتھ میں ہے -

(۲) چلنا پھرنا تو درکنار وہ ہل بھی نہیں سکتا -

(۳) استاد صاحب نے مانیٹر سے پوچھا کہ یہ کرسی کس نے توڑی ہے -

(۴) بیماری کے دنوں میں ڈاکٹروں کی چاندی ہوتی ہے -

(۵) میرے ساتھ اس کے گہرے تعلقات ہیں -

(۶) اس نے آج جلاب لیا ہے -

(۷) میں نے اس کی جھوٹ بولنے کی عادت چھڑا دی ہے -

(۸) پولیس کے سپاہیوں کو آتا دیکھ کر چور کافور ہو گئے -

EXERCISE 45.

ا - وکٹوریا کی تخت نشینی کے وقت لوگوں کی تعلیمی و تمدنی حالت نہایت ہی غیر تسلی بخش تھی - غریب لوگوں کے بچوں کی تعلیم کا کوئی انتظام نہ تھا - وہ اپنے بچوں کو تعلیم دلانے کی بجائے کارخانوں اور کانوں میں محنت مزدوری کرنے کے لئے بھیج دیتے تھے - کتابوں پر بہت لاگت آتی تھی - اور چونکہ ڈاک کا خرچ زیادہ تھا - اور کاغذ پر بھاری ٹیکس تھا - اس واسطے اخبار بھی بہت تھوڑے تھے - کارخانوں کے کھلنے سے سرمایہ دار تو زیادہ دولت مند ہو گئے تھے - لیکن عام لوگ غریب و خستہ حالت میں تھے - غلہ کی قیمت بہت زیادہ تھی - اور اجرت بہت کم - اس لئے مزدور پیشہ لوگوں کی حالت نہایت ہی خراب تھی -

ب - (۱) پولیس نے کئی آدمیوں کو شبہ میں گرفتار کر لیا ہے -

(۲) وہ چاروں شانے چت گرا -

(۳) تمہارے والد صاحب نوکری کرتے ہیں یا تجارت ؟

(۴) میں تبدیلی آب و ہوا کے لئے شملہ جا رہا ہوں -

(۵) سلائی سے کاٹ اچھی ہونی چاہیئے -

(۶) اناج سستا ہو گیا ہے - اس لئے زمینداروں کی حالت خراب ہے -

(۷) کل میچ برابر رہا -

(۸) کل مجھے یاد دلا دینا -

EXERCISE 46.

ا - کرامویل ۱۶۵۸ء میں اس جہان فانی سے راہی ملک بقا ہوا - یہ شخص کیا بحیثیت ایک سپاہی کے اور کیا بحیثیت ایک مدبّر کے اپنے عہد کا ایک بے نظیر شخص ہوا ہے - اس نے چارلس کے زمانے میں جو فتوحات حاصل کیں اور چارلس کی پھانسی کے بعد جس طرح سکاٹ لینڈ اور آئرلینڈ میں بغاوتوں کو فرو کیا - اور ولندیزوں اور سپین والوں کو شکستیں دیں - وہ اس کی سپاہیانہ قابلیت کا بدیہی ثبوت ہیں - وہ ایک فولادی قوتِ ارادی کا مالک تھا - اور اس کی کام کی طاقت لامحدود تھی - اس کا شمار انگلستان کے سب سے بڑے جرنیلوں میں ہوتا ہے - اس کے چال چلن کا سب سے روشن پہلو یہ تھا - کہ اس نے جہاں تک ہو سکا - بے غرضانہ طور پر اپنے ملک کی بہبودی کے لئے کام کیا -

ب - (۱) کتے کو کھلا مت چھوڑو -

(۲) کوئی ڈاکٹر اس کے مرض کی تشخیص نہیں کر سکا -

(۳) اس نے پیٹ بھر کر کھانا کھایا -

(۴) اس ہال میں دو ہزار آدمی آ سکتے ہیں -

(۵) مطلبی دوستوں سے خبردار رہو -

(۶) اس بازار میں خوب آمدورفت ہے -

EXERCISE 47.

ا- ایک دن ایسا اتفاق ہوا کہ رامچندر جی نے اپنے کسی دوست کی کمان کو ایسا کھینچا کہ اُس کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ اس وقت اس دوست نے ان سے کہا کہ آپ نے میری کمان کو توڑا تو کیا ہوا۔ ایسا ہی زور دکھانا ہے تو متھلا پوری میں جاؤ اور وہاں کے راجہ جنک کے ہاں جو کمان رکھی ہے اُس پہ زور آزماؤ۔ رامچندر جی نے پوچھا کہ وہ کمان کیسی ہے۔ اس نے جواب دیا کہ وہ کمان ایسی کڑی ہے کہ آج تک کسی سے نہیں کھنچی اور راجہ جنک نے جس کی بیٹی سیتا جی حسن و جمال میں اپنا نظیر نہیں رکھتی یہ عہد کیا ہے کہ جو شخص اس کمان کو توڑیگا اس کے ساتھ سیتا جی کی شادی ہوگی۔ اس بات کو رامچندر جی نے اپنے دل میں رکھا۔ مگر اس وقت اس دوست کو کچھ جواب نہ دیا۔

ب- (۱) ایسے آدمی کو نصیحت کرنے سے کیا فائدہ جو اس پر عمل نہ کرے۔

(۲) مقدمہ بازی نے بہت سے آدمیوں کو تباہ کر دیا ہے۔

(۳) بجلی جلا دو۔ میں نے ضروری کام کرنا ہے۔

(۴) مجھے دم لینے کی فرصت نہیں۔

(۵) معلوم ہوتا ہے کہ اس کے دماغ میں فتور ہے۔

(۶) جو لوگ دُنیا میں کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کو اپنے وقت کی قدر کرنی چاہئے۔

(۷) رنبیر کو کپڑے پہنا دو۔ میں اس کو ہوا خوری کے لئے لے جانا چاہتا ہوں۔

(۸) اگر تم میں کچھ ہمت ہے تو کچھ کر دکھاؤ۔ باتیں کون نہیں بنا سکتا۔

(۹) میں نے دھوپ میں بال سفید نہیں کئے۔

(۱۰) ظاہر میں کچھ اور کرنا اور پوشیدہ میں کچھ اور اچھی بات نہیں ہے۔

EXERCISE 48

ا - ایک دن بیربر جب دربار سے گھر کو جا رہا تھا۔ اس نے رستے میں دیکھا کہ ایک غریب لڑکا درخت کے نیچے بیٹھا ہے اور ایک ایک کرکے چنے چبا رہا ہے بیربر نے تعجّب سے پوچھا کہ یہ تم ایک ایک دانہ کیوں کھا رہے ہو۔ مٹھی بھر چنے ہیں - ایک دو دفعہ میں ختم کر ڈالو۔ لڑکا پہلے تو کچھ خاموش رہا۔ پھر آہستہ سے بولا۔ وزیر صاحب میں کئی دن کا بھوکا ہوں۔ یہ مٹھی بھر چنے میرے لئے ناکافی ہیں۔ اس لئے ایک ایک دانہ کھا رہا ہوں کہ شاید اس طرح کچھ تسلی ہو جائے۔ بیربر یہ جواب سُن کر بہت خوش ہوا - اور لڑکے کو اپنے گھر لے گیا۔ وہاں چند ہی دنوں میں اس کی حالت تبدیل ہو گئی - اور اس کے چہرے پر رونق آ گئی۔

(۱) آپ کا اِسمِ مبارک؟ خاکسار کو رام نارائن کہتے ہیں۔

(۲) کافی دیر ہو گئی ہے۔ اب چلنا چاہئے۔ ورنہ گاڑی سے رہ جائینگے۔

(۳) اس کے چال چلن کی جتنی تعریف کی جائے تھوڑی ہے۔

(۴) جلسہ اگلے ہفتہ پر ملتوی کر دیا گیا ہے۔

(۵) جوں جوں میں اس کی طرف بڑھا۔ توں توں وہ پرے ہٹتا گیا۔

(۶) بمبئی کے روئی کے کارخانوں میں مزدوروں نے ہڑتال کر دی ہے۔

(۷) اس ڈبہ میں اور گنجائش نہیں۔

(۸) میرا چھوٹا بھائی مجھ سے زیادہ ذہین ہے۔ لیکن صحت میں کمزور۔

EXERCISE 49.

ا - دایہ جانتی تھی - کہ اگر یہاں کوئی کنور کے قتل کے ارادے سے آئیگا - تو اس کے بچے کو ہنگوڑے میں لیٹا دیکھ کر اسے کنور سمجھے گا - اور قتل کر دے گا۔ مگر اس نے اس بات کی ذرا بھی پرواہ نہ کی اور اپنے آقا کے بچے کے مقابلے میں اپنے بچے کا قتل ہو جانا گوارا کیا - سپاہی میوے کا ٹوکرہ جس میں کنور اودے سنگھ پوشیدہ تھا لے کر نکلا ہی تھا - کہ خونی بیر سنگھ رانا کے خون سے ہاتھ لال کئے ہوئے کنور کو بھی تلوار کے گھاٹ اتارنے کے ارادے سے آن پہنچا - اور انّا سے پوچھا - اودے سنگھ کہاں ہے - اس مامتا کی ماری کے منہ سے کوئی بات تو نہ نکلی - صرف ہاتھ کے اشارے سے بتا دیا کہ وہ ہنگوڑے میں لیٹا ہے - ظالم بیر سنگھ نے اشارہ پاتے ہی انّا کے پیارے اور اکلوتے بچہ کا تلوار سے کام تمام کر دیا - وہ وفا شعار دیکھتی رہی - مگر اُف تک نہ کی - کہ مبادا راز فاش ہو جائے -

ب - (۱) اب وہاں جانے سے چنداں فائدہ نہ ہوگا -

(۲) راستے میں ہم کو کئی مسافر ملے -

(۳) بارش ہوئی کو دو مہینے ہو چکے ہیں -

(۴) بمبئی ایکسپریس آج تین گھنٹے لیٹ ہے -

(۵) کیا اس کام کے لئے آپ کی نظر میں کوئی آدمی ہے ؟

(۶) وہ کسی کا بندہ نہیں -

EXERCISE 50.

أ - ایک بڈھے آدمی کے تین جوان لڑکے تھے۔ ایک دن بڈھے باپ نے اپنے بیٹوں کو بلایا اور کہا۔ بیٹو! تم نے عمر بھر میں کوئی بہادری اور جوانمردی کا کام بھی کیا ہے؟ جو کچھ کیا ہو۔ مجھے سناؤ۔ جو سب سے بہادر نکلے گا اُسے ہزار روپیہ کی تھیلی انعام دونگا۔ سب سے بڑے لڑکے نے کہا۔ ابّا ایک دفعہ میں جنگل میں جا رہا تھا۔ کہ ایک بڑے شیر سے میرا سامنا ہو گیا۔ میں نے اس سے ذرا خوف نہ کھایا اور شیر کے پیچھے سے ہو کر ایسی تلوار ماری کہ اس کے صاف دو ٹکڑے کر دئے۔ باپ نے کہا۔ شاباش تم نے بہت دلیری کا کام کیا۔ منجھلے نے کہا۔ ابّا! ایک دفعہ میں سفر پر جا رہا تھا۔ کہ راستے میں مجھے ڈاکوؤں نے آلیا۔ پانچ بڑے بڑے جوان ڈاکو تھے اور میں اکیلا۔ لیکن سٹرک پر ڈٹ کر ایسا لڑا ہوں کہ تین کو تو وہیں کاٹ کر ڈال دیا۔ اور دو ڈر کر بھاگ گئے۔ باپ بولا۔ بہت خوب تم بھی بہت نڈر اور دلیر ہو۔

(۱) اپنے والد صاحب سے صلاح کر لو۔ پھر مجھے اطلاع دینا۔

(۲) ہم سب ایشور کے سامنے اپنے اعمال کے لئے جوابدہ ہیں۔

(۳) ناک صاف کر آؤ۔

(۴) تنخواہ میں کلرک نے مجھے دو کھوٹے روپے دے دئے۔

(۵) بمبئی ایکسپریس میں ہمیشہ بھیڑ ہوتی ہے۔

(۶) وہ موٹر کے نیچے آگیا۔ اور مر گیا۔

EXERCISE 51.

ا - اب سب سے چھوٹے کی باری تھی - اس نے یہ قصّہ سنایا کہ ایک دفعہ کا ذکر ہے - اندھیری رات تھی موسلا دھار مینہ برس رہا تھا - میں ایک پہاڑ پر جا رہا تھا - ایک جگہ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک آدمی پڑا کراہ رہا ہے - پوچھا کون ہے تو معلوم ہوا کہ ڈاکو اس کا سب کچھ چھین کر بھاگ گئے ہیں اور اسے مار مار کر ادھ مؤا کر گئے ہیں - مجھے بہت رحم آیا - اتنے میں بجلی جو چمکی تو میں نے دیکھا کہ وہ شخص تو میرا جانی دشمن ہے اور کئی دفعہ مجھے جان سے مار ڈالنے کی کوشش کر چکا ہے - اگر میں اس وقت بدلہ لینا چاہتا تو ایک اشارے میں اُسے پہاڑ سے نیچے پھینک دیتا - لیکن میرے جی نے گوارا نہ کیا - میں اسے اپنے کندھے پر اٹھا کر گھر لے آیا - اس کا علاج کیا اور روپیہ پیسہ سے بھی اس کی مدد کی - بڈھا باپ یہ قصہ سُن کر خوشی کے مارے اچھل پڑا - ہزار روپیہ کی تھیلی چھوٹے لڑکے کے ہاتھ میں دے دی - اور اس کا ماتھا چوما اور کہا کہ سچا بہادر اور جوانمرد وہی ہے جو اپنے دشمن پر قابو پا کر بدلہ نہ لے بلکہ اس سے نیکی ہی کرے -

۲ - (۱) پولیس نے اس کا چوری کے الزام میں چالان کر دیا تھا لیکن مجسٹریٹ نے اس کو بری کر دیا ہے -

(۲) تمہارا جواب مضمون بہت چھوٹا ہے -

(۳) تمہاری اس لڑکے سے کیسے دوستی ہوئی ؟

(۴) میری اس سے دل کھول کر باتیں ہوئیں -

(۵) میں اس پارسل کی رجسٹری کرانا چاہتا ہوں -

(۶) ولایتی ڈاک شکروار کو تقسیم ہوگی -

EXERCISE 52.

ا - شام کا وقت تھا۔کپل وستو کے شاہی محل میں دو لڑکے تیر کمان سے کھیل رہے تھے۔ان میں سے ایک کا نام دیودت تھا۔دوسرے کا سدھارتھ۔ دونو راجکمار تھے اور دونو کے چہروں سے شاہی شان وشوکت ظاہر ہوتی تھی۔یکایک دیودت نے تیر کمان میں جوڑا اور آسمان میں اڑنے والے راج ہنسوں پر چھوڑ دیا۔سدھارتھ رحمدل شہزادہ تھا۔اس کا کلیجہ دھڑکنے لگا۔مگر دیودت کو اس کی پروا نہ تھی۔اس کے ایک تیر نے ایک ہنس کو زخمی کر دیا اور وہ تڑپتا ہوا زمین پر گر پڑا۔سدھارتھ کی خوبصورت آنکھوں سے پانی کے قطرے بہنے لگے۔اور اس نے دوڑ کر ہنس کو گود میں لے لیا۔مگر وہ سخت زخمی تھا اور اس کے زندہ بچنے کی امید نہ تھی۔

ب۔(۱) کیا سکول پہنچنے کے لئے یہ سب سے چھوٹا راستہ ہے؟

(۲) بھیڑیئے نے آن کی آن میں بکری کا کام تمام کر دیا۔

(۳) میرا سر چکر کھا رہا ہے۔

(۴) وہ ایک بگڑا ہوا لڑکا ہے۔

(۵) وہ ایک حاضر جواب لڑکا ہے۔

(۶) کیا تم کبھی شملہ گئے ہو؟ ہاں میں کئی دفعہ ہو آیا ہوں۔

(۷) کافی دیر ہو گئی ہے۔اب مجھے اجازت دیجئے۔

(۸) وہ میمبر میونسپل کمیٹی منتخب ہو گیا ہے۔

(۹) اپنا بھلا سب چاہتے ہیں۔

(۱۰) چار معماروں کو یہ دیوار بنانے میں تین دن لگیں گے۔

EXERCISE 53.

ا - شاذ و نادر ہی دُنیا کی تاریخ میں فوجوں کو ایسی سخت مصائب کا سامنا کرنا پڑا ہوگا جیسا نپولین اور اس کی فوجوں کو ماسکو سے واپسی پر کرنا پڑا۔ سڑکیں برف سے مستور ہو کر پھسلنی ہو گئی تھیں۔ چلتے چلتے سپاہی برف پر گر کر لقمۂ اجل ہو جاتے تھے ہر رات سینکڑوں سپاہی جو آگ جلا کر اس کے ارد گرد بیٹھتے تھے صبح ہونے سے پہلے ہی مر جاتے تھے۔ اس پر طرّہ یہ کہ نہ ان کے پاس سردی سے بچاؤ کے لئے کپڑے تھے اور نہ کھانے کا سامان۔ کیونکہ راستے کے تمام دیہات کو کچھ تو روسیوں نے اور کچھ نپولین کی سپاہ نے جاتے وقت برباد کر دیا تھا۔ اس کے علاوہ روسی سپاہیوں نے ان کو آرام کے ساتھ واپس نہیں آنے دیا۔ وہ جنگلوں میں چھپے رہتے تھے اور وقتاً فوقتاً ان کو تباہ کرتے رہتے تھے۔ اس طرح سے نپولین کے پانچ لاکھ سے زیادہ سپاہیوں میں سے بمشکل ساٹھ ہزار آدمی جرمنی پہنچے۔ باقی تمام تباہ ہو گئے۔

ب - (۱) بائیبل عیسائیوں کی مقدس کتاب ہے۔

(۲) ہمیں غریبوں کی مدد کرنی چاہئے۔

(۳) کیا یہ بچہ گاڑی تمہارے اپنے کارخانے کی بنی ہوئی ہے۔

(۴) بس اب انتہا ہو چکی۔ زیادہ برداشت کی طاقت نہیں۔

(۵) پنجاب اور بنگال کی آب و ہوا کا مقابلہ کرو۔

(۶) خواہ آپ میٹنگ میں آئیں یا نہ آئیں میرے لئے ایک ہی بات ہے۔

(۷) مجھے سٹیشن تک سارا راستہ پیدل چلنا پڑا۔

(۸) دو اور دو مل کر چار ہوتے ہیں۔

EXERCISE 54.

ا - رام چندر جی فوراً راجہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کو نہایت غمگین اور اداس دیکھ کر کیکئی سے سبب دریافت کیا۔ اس نے کہا کہ راجہ نے مجھ سے قسم کھا کر دو باتوں کو پورا کرنے کا اقرار کیا تھا۔ اب جو وہ باتیں میں نے چاہیں تو بچھتاتا ہے۔ اور اپنے اقرار سے پھرا جاتا ہے۔ اگر تم چاہتے ہو۔ کہ تمہارے باپ کی قسم نہ ٹوٹے۔ تو آج ہی شہر سے نکل جاؤ۔ اور چودہ برس تک ڈنڈک بن میں رہو۔ اور بھرت کو راج کی اجازت دو۔ رام چندر جی نے کہا۔ باپ کا حکم بجالانے میں مجھے کیا عذر ہو سکتا ہے۔ ان کی اطاعت میں میری سعادت ہے۔ میں آج ہی بنوں کو چلا جاتا ہوں۔

ب (۱) میں موت کو بے عزتی پر ترجیح دیتا ہوں۔

(۲) انگریز امورِ سلطنت خوب سمجھتے ہیں۔

(۳) تولیا نچوڑ دو۔

(۴) تمہارا جماعت میں اوّل رہنے کا کوئی امکان نہیں۔

(۵) ہردوار جاتے ہوئے ہمیں تین جگہ گاڑی بدلنی پڑتی ہے۔

(۶) لاہور جاتے ہوئے میرا لدھیانہ اترنے کا ارادہ ہے۔

(۷) لڑکوں نے یہ سُریلا گیت مل کر گایا۔

(۸) کیا تم بھی ساتھ چلو گے ؟

EXERCISE 55

و۔ سنجو گتا کو جب اس واقعہ کی خبر لگی۔ تو وہ رائے کی دلیری پر فریفتہ ہو گئی اور اس کے سوا کسی کو پسند نہ کیا۔ باپ بہت ناراض ہوا اور محل سے نکال کر ایک جدا مکان میں نظر بند کر دیا۔ رائے کو بھی لوگوں نے یہ خبر پہنچا دی۔ فوراً راجپوتی خون جوش میں آیا اور سو سوار ساتھ لے کر یکایک قنوج پر ٹوٹ پڑا۔ اور دن دہاڑے سنجو گتا کو لے چلا۔ قنوج کے سورماؤں کی بھی رگِ حمیّت بھڑکی۔ انہوں نے تعاقب کر کے راہ میں جا لیا۔ رائے کے سب جان نثار کام آئے۔ مگر واہ رے دلاور۔ اس دُرِّ بے بہا کو ہاتھ سے نہ دیا۔ لڑتا بھڑتا دِلّی تک لے ہی پہنچا۔

ب۔ (۱) اگر اس نے میری مدد کی ہوتی۔ تو میں اپنے مدعے میں ضرور کامیاب ہو جاتا۔

(۲) آپ ہمیشہ اتنا تکلف کرتے ہیں۔

(۳) اس کا بال بال قرضہ میں بندھا ہوا ہے۔

(۴) ہنستے ہنستے میرے پیٹ میں بل پڑ گئے۔

(۵) بہت سے آدمی پچھلے سال پلیگ سے مر گئے۔

(۶) جب میں اس کے مکان پر پہنچا۔ تو وہ اپنا کام ختم کر چکا تھا۔

(۷) بارش نہ ہونے کی وجہ سے گیہوں کا بھاؤ چڑھ رہا ہے۔

(۸) گاڑی گھنٹہ بھر سے آئی ہوئی ہے۔

(۹) اس کاغذ سے میرا کام چل جائے گا۔

(۱۰) ہم آپ کی غیر حاضری کو بہت محسوس کرتے ہیں۔

EXERCISE 56.

ا - اگر بچے کو اچھی غذا - اچھی تعلیم اور اچھی صحبت ملتی ہے تو اس کی صحت بھی درست رہتی ہے ۔ وہ سمجھ دار اور ہوشیار بھی ہو جاتا ہے - اس میں ہمدردی - محبت اور نیک چلنی کے جوہر پیدا ہو جاتے ہیں - نہیں تو جس طرح اوسر زمین میں بیج نپنے نہیں پاتا - اسی طرح بلا مناسب تعلیم و پرورش کے انسان کی قدرتی قابلیتوں کی نشو ونما نہیں ہوتی - باغ میں وہی پودے پھلتے پھولتے ہیں جو اچھی زمین میں بوئے جاتے ہیں - اور جن پر مالی کافی ریاض کرتا ہے - اسی طرح دنیا کے انہیں انسانوں میں اعلٰے قسم کے دماغی - اخلاقی اور جسمانی جوہر پیدا ہوتے ہیں - جن کو اچھی تعلیم اور اچھی صحبت نصیب ہوتی ہے -

ب - (۱) مجھے صدر بازار میں اتار دینا -

(۲) اس کمرے کی چمنی میں سے دھواں اچھی طرح نہیں نکلتا -

(۳) میرا آپ سے کوئی واسطہ نہیں -

(۴) اس نے کتے کو بھیڑیا سمجھا اور بھاگ گیا -

(۵) آج کل میرا وقت بہت مشکل سے گذرتا ہے -

(۶) وہ ہمیشہ خیالی پلاؤ پکاتا ہے -

(۷) وہ اتنی عمر کا نظر نہیں آتا -

(۸) اپنے آپ کو بے قصور ثابت کرنے کے لئے اس نے ایک کہانی گھڑ لی -

EXERCISE 57.

ا ۔ جب بادشاہ اکبر کو فیضی کی لیاقت کا حال معلوم ہوا ۔ تو اس نے اس کو مکان سے بلوا بھیجا ۔ فیضی نے دربار میں آکر دو سو شعر کا ایک قصیدہ پڑھا ۔ بادشاہ بہت خوش ہوا ۔ اور اس کو اپنا مصاحب مقرر کیا ۔ فیضی نے جلدی ہی اپنی نیک مزاجی ۔ ملنساری اور خیر خواہی سے بڑا نام پیدا کر لیا ۔ بادشاہ اس سے چھوٹی چھوٹی باتوں میں بھی صلاح لیتا تھا ۔ یہاں تک کہ جب کوئی شہزادہ پڑھنے کے قابل ہوتا تھا ۔ تو وہ پہلے اس کے پاس پڑھنے کے لئے بٹھایا جاتا تھا ۔

ان سب باتوں پر بھی فیضی کا مزاج بہت سیدھا سادہ تھا ۔ گھمنڈ اور غصہ اس میں نام کو نہ تھا ۔ ہر ایک سے دوستانہ برتاؤ رکھتا تھا ۔ اور ہر ایک کی آؤ بھگت کرتا تھا ۔ اس کی سخاوت اور فیاضی مشہور ہے ۔ اکبر کو اس سے انتہا کی محبت تھی ۔ جب فیضی بیمار ہوا ۔ تو وہ آپ اُسے دیکھنے کو گیا ۔ اکبر نے آواز دی ۔ تو اُس نے آنکھیں کھول دیں ۔ اشارے سے سلام کیا مگر کچھ نہ کہہ سکا ۔ کچھ دن بعد مر گیا ۔

ب ۔ (۱) باوجود تمام مصیبتوں کے اس نے ہمت نہ ہاری ۔

(۲) ہمارے دیکھتے دیکھتے وہ لکھ پتی بن گیا ہے ۔

(۳) اگر مجھے اختیار ہوتا ۔ تو میں ضرور اس آسامی پر آپ کو مقرر کر دیتا ۔

(۴) جاؤ ۔ اس وقت دق نہ کرو ۔

(۵) ایسے روکھے پھیکے جواب کی مجھ کو آپ سے امید نہ تھی ۔

(۶) ڈاکٹر صاحب ! میرا دانت نکال دیجئے ۔

EXERCISE 58.

ا - چند سوداگروں نے شرکت میں کچھ مال خریدا تھا - جب اس کو بیچ ڈالا - تو ایک فقیر کی جھونپڑی کے پاس بیٹھ کر آپس میں روپیہ تقسیم کرنے لگے - فقیر نے کہا - بابا بہت کچھ کما کر لاتے ہو - ایک دونّی فقیر کو بھی مولا کی راہ پر دو - سوداگروں نے دھتکار دیا - بے چارہ چپ ہو کر بیٹھ گیا - خدا کی قدرت ان میں سے ایک سوداگر جاتے وقت ایک سو روپیہ کی تھیلی وہیں بھول گیا - فقیر نے اٹھا کر اپنی جھونپڑی میں رکھ لی - سوداگر نے جب گھر پہنچ کر دیکھا - تو ایک تھیلی کم پائی - دوڑا ہوا اسی جگہ آیا - فقیر سے پوچھا - شاہ صاحب کوئی تھیلی اٹھائی ہے - جھٹ جھونپڑی میں سے تھیلی لاکر اس کے سامنے رکھ دی -

(۱) گھوڑے کو پانی پلا دو -

(۲) آپ کو میری دیانت داری پر شک کرنے کا حق نہیں ہے -

(۳) یہ نوٹس نوٹس بورڈ پر چسپاں کر دو -

(۴) جو لوگ باقاعدہ ورزش نہیں کرتے ان کو عموماً قبض کی شکایت رہتی ہے -

(۵) رام اور شام پہلے جانی دشمن تھے - اب پکے دوست ہیں -

(۶) وہ اکثر سکول سے بھاگ جاتا ہے -

(۷) وقت کٹنے کے لئے میں اخبار لے بیٹھا -

(۸) تم کس قسم کے آدمی ہو؟

EXERCISE 59.

ا - سوداگر فقیر کی ایمانداری سے خوش ہو کر ایک روپیہ اس کو دینے لگا۔ فقیر نے لینے سے انکار کیا۔ سوداگر نے کہا۔ اُس وقت تو تُو ایک دوّنی مانگ رہا تھا اور اب ایک روپیہ نہیں لیتا۔ فقیر بولا۔ بابا! وہ دونی تو میں خدا کی راہ میں مانگتا تھا۔ اور یہ روپیہ تو مجھے ایمانداری کے بدلے میں دیتا ہے۔ اتنی بڑی چیز کو میں ایک روپے میں کیسے بیچوں۔ تو نے تو خدا کا خوف کر کے مجھے ایک دونی نہیں دی۔ میں نے خدا کے ڈر سے تجھے سو روپے دے دئے۔ اس کا عوض میں اسی سخی سے لوُں گا۔ جس کی خوشی کے لئے میں نے یہ دیانت داری اور ایمانداری کی ہے۔ یہ کہہ کر وہ اپنی جھونپڑی میں چلا گیا۔

ب۔ (۱) ہوا ہمارے موافق تھی۔

(۲) کسی تھوک فروش سے کپڑا خریدینگے۔

(۳) فلم 'مہاتما' لاہور میں کئی ہفتہ چلی۔

(۴) نوکر کوئیں سے پانی بھرنے گیا ہے۔

(۵) کون کہتا ہے کہ میں نے اس لڑکے کا کان پکڑا۔

(۶) وہ لڑکی روئے بغیر نہ رہ سکی۔

(۷) پُل سیلاب میں بہ گیا۔

(۸) سنائیے آپ کے کاروبار کا کیا حال ہے؟

EXERCISE 60

۱ - شاہجہان کی شادی ایک ایرانی خاتون مسماۃ ممتاز محل سے ہوئی تھی - جو نور جہاں کی بھتیجی تھی - ممتاز محل اپنے خاوند سے بڑی محبت کرتی تھی - چودہ سال کے سہاگ کے بعد جب اس کی موت کا وقت آیا - تو شاہ جہاں سے بولی - کہ اور شادی نہ کرنا - اور میری قبر پر ایک ایسی عمارت بنوانا - کہ دُنیا میں نام باقی رہ جائے - شاہ جہاں رو رہا تھا - کہ اس نے دونوں باتوں کا اقرار کیا - اور اپنے وعدوں کو پورا کیا - اس نے اور شادی نہ کی - اور ممتاز محل کی قبر پر تاج محل جیسی عالی شان عمارت بنوائی - جو دُنیا بھر کے مقبروں میں سب سے زیادہ قیمتی اور خوبصورت ہے - یہ آگرے میں دریائے جمنا کے کنارے پر واقع ہے -

۲ - (۱) اس نے جاپان جانے کے لئے وکٹوریا جہاز میں ٹکٹ خریدا ہے -

(۲) طالب علم عموماً ریاضی کو مشکل مضمون خیال کرتے ہیں -

(۳) ۱۸ جون کو کیتھل کے قریب دو ریل گاڑیوں کا تصادم ہو گیا -

(۴) گاڑی آج کھچا کھچ بھری ہوئی ہے -

(۵) میرا آپ کی تجویز سے اتفاق رائے نہیں ہے -

(۶) وہ تین ہفتہ سے تپ محرقہ سے بیمار ہے - لیکن اب وہ خطرے سے باہر ہے -

(۷) آپ مجھ سے اس کرسی کے کیا دام لو گے ؟

(۸) ہوا بالکل بند ہو گئی ہے -

EXERCISE 61.

ا - ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک اونٹ جنگل میں چر رہا تھا۔ اس کی نکیل اس کے ساتھ ساتھ زمین پر گھسٹ رہی تھی - ایک چوہے نے اس اونٹ کو دیکھا اور دل میں کہا کہ اگر میں اس رسّی کو پکڑ لوں - تو یہ اونٹ میرے قابو میں آجائیگا۔ اس نے رسّی کے سرے کو دانتوں میں اٹھالیا - اور اونٹ کے آگے آگے چلنے لگا۔ چوہا بڑی شان سے آگے آگے چلا اور کہنے لگا۔ میں پہلا چوہا ہوں۔ جس نے کبھی کسی اونٹ کو اپنے پیچھے لگایا ہے۔

ب۔(۱) کیا آپ کل شام کو مولوی عبدالمجید صاحب کے ہاں گئے تھے؟ ہاں میں گیا تو تھا۔ مگر وہ اپنے دولت خانہ پر تشریف نہ رکھتے تھے۔

(۲) تم تو کہتے ہو کہ تمہارا مدرسہ گھر سے پونے تین میل کے قریب ہے میں حیران ہوں کہ تم پیدل کس طرح وقت پر حاضر ہو سکتے ہو۔ پہلے تو میں پیدل جایا کرتا تھا۔ مگر پچھلے دنوں جب بارشیں ہوئیں۔ تو راستے میں اس قدر کیچڑ ہو گیا۔ کہ بائیسکل کا پہیّہ انچوں زمین میں دھس جاتا تھا۔ اس لئے اب تو میں ایک دوست کے ٹانگے پر جاتا ہوں۔

(۳) آج کل موسم خوشگوار ہے۔ مگر ہمارے ملک کی آب و ہوا ایسی عجیب ہے کہ موسم برسات میں تو خاص کر گھڑی میں ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے۔ گھڑی میں کڑاکے کی دھوپ لگ رہی ہے۔

(۴) آپ کا اِسم مبارک؟ خاکسار کو اکثر دوست خاں پکارتے ہیں۔

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۲۶ء)

EXERCISE 62.

ا- دو روز گذر گئے۔ گاؤں والے اپنے کام میں حسب معمول مشغول رہے۔
کسی قسم کی ہلچل نہ ہوئی۔ لیکن تیسرے روز صبح جب رام سنگھ دھرم سالہ کو
جا رہا تھا۔ تو اس نے دیکھا۔ ایک آدمی بڑے زور سے بھاگا گاؤں کی طرف
جا رہا ہے۔ چند لمحوں میں اس نے دوڑنے والے جوان کو پہچان لیا۔ وہ دھرموں
اس کے ملازموں میں سے تھا۔ دھرموں کا چہرہ لال۔ اس کا منہ کھلا ہوا۔ اس
کی آنکھوں سے وحشت کے نشان ظاہر تھے۔

ب- (۱) انتظار کرتے کرتے یہ وقت آگیا ہے۔ وہ ابھی بازار سے واپس ہی
نہیں آیا۔

(۲) عام طور پر میں نو بجے سکول چلا جایا کرتا ہوں۔ آج صبح ہمارے ہاں کچھ
مہمان آ گئے۔ ورنہ میں اب تک سکول پہنچ گیا ہوتا۔

(۳) صبح کو مطلع صاف اور خوب کھلی ہوئی دھوپ تھی۔ بارش کی وجہ سے ان
صاحبوں کا ارادہ تھا۔ کہ لاہور چلے جائیں۔ یہاں نہ ٹھیریں۔ مگر مینہ کے
کھل جانے کی وجہ سے ارادہ کو بدل کر گرد و نواح میں مندروں وغیرہ
کو دیکھنے چلے گئے۔

(۴) بمبئی کی بندرگاہ پر روشنی کا ایک مینار جہازوں کو اس طرف جانے سے
روکنے کے لئے بنا ہوا ہے۔

(۵) غالباً میں کل تک شملہ چلا جاؤں گا۔

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۲۷ء)

EXERCISE 63

ا - بشیر! اگر تم چار پانچ برس لگ لپٹ کر محنت کر ڈالو - تو کچھ بات نہیں پھر انشاءاللہ ساری عمر اس محنت کا فائدہ اٹھایا کرو گے - میں نے جس بے سروسامانی سے پڑھا - تمہاری ماں اس کی گواہ ہیں - انہیں سے پوچھو - کہ مجھے اطمینان سے سونا حرام تھا - یہ محنت ایک حیلہ ہو گئی - اور خدا نے مجھ کو افلاس کے عذاب سے نجات دی -

ب - (۱) ہم لوگوں میں سے بہت کم انگریزوں کی طرح محنت اور ایمانداری سے کام کر سکتے ہیں -

(۲) وہ پرسوں ہی ولایت سے واپس آئے ہیں - بمبئی اترتے ہی ہماری ان سے بہت باتیں ہوئیں -

(۳) فی الحال تو میں یہیں ہوں - جب میرا ارادہ لاہور جانے کا ہو گا - تو میں آپ سے ضرور عرض کرونگا -

(۴) وہ بھلامانس آدمی معلوم ہوتا ہے - کیا آپ اُسے اچھی طرح جانتے ہیں؟ نہیں صاحب - یہی دو چار دفعہ ملنے کا اتفاق ہوا ہے -

(۵) بھئی انگریزی راج کے کیا کہنے - شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں - امن و عافیت سے سب کی زندگی بسر ہوتی ہے -

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۲۸ء)

EXERCISE 64.

ا - چھوٹے بھائی اور اس کے دوستوں کو اس کمینہ پن پر بہت غصہ آیا - مگر بھوک بہت لگی ہوئی تھی - اس لئے چپ ہو رہے - آخر روپیہ دے کر آٹا اور ترکاریاں خریدیں - اور اپنی جان بچائی - اسی طرح ہر روز خوراک خرید کر گذارہ کرتے رہے - یہاں تک کہ ایک مہینے کے بعد ان کے پاس ایک پیسہ تک بھی باقی نہ رہا -

ب - (۱) ان حالات میں میرا وہاں جانا مناسب نہ تھا - اگر چلا بھی جاتا - تو سوائے مایوسی کے اور کیا حاصل ہو سکتا تھا -

(۲) یہ الفاظ روزمرّہ کی بول چال میں نہیں آتے - خاص خاص موقعوں پر بھی کم ہی استعمال ہوتے ہیں -

(۳) ہمارے ملک میں اکثر پھل کھانا کھانے کے بعد کھلائے جاتے ہیں مگر یورپ میں بعض لوگ صبح کا ناشتہ پھلوں سے ہی شروع کرتے ہیں -

(۴) جب آپ جلسہ کے موقعہ پر تشریف لائیں تو میری کتاب ضرور لیتے آئیے گا دیکھنا ہرگز نہ چُوکنا -

(۵) کیا آپ اپنے ماموں کو ریل پر سوار کر آئے؟ کہئے - گاڑی کس وقت چُھوٹی؟ مسافر بہت تو نہ تھے؟

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۲۹ء)

EXERCISE 65.

ا - لاہور کی آبادی کوئی تین لاکھ کے قریب ہوگی - گو مسلمان زیادہ ہیں - مگر پھر بھی ہر قوم و ملت کے لوگ بستے ہیں - ہندو - سکھ اور عیسائی بھی ہیں - اور انگریزی دوکانوں پر کہیں کہیں فرانسیسی - جرمنی اور امریکن تجار بھی دیکھنے میں آتے ہیں - یہ شہر پنجاب بھر میں آبادی و تعلیم کے لحاظ سے بڑا گنا جاتا ہے مگر تجارت کے لحاظ سے امرت سر کی وقعت زیادہ ہے - اس شہر میں بہت سی عظیم الشان عمارتیں ہیں - جن میں گورنمنٹ کالج - ہائی کورٹ - بڑا ڈاک خانہ - عجائب گھر - سرکاری ہسپتال وغیرہ قابل دید ہیں - اور یہاں کا سٹیشن بھی پنجاب بھر کے سٹیشنوں سے اعلےٰ ہے -

ب - (۱) تم کو ہر وقت سیر و تفریح چاہیے - تم کو کام سے کیا کام -

(۲) تم ہزار قناعت کے فائدے بتاؤ - میں تو اس کو اخلاقی موت ہی تصوّر کرتا ہوں -

(۳) میں پھر کہے دیتا ہوں - کہ اس بے جا ضد کا انجام اچھا نہ ہوگا - دانا آدمی ہمیشہ آئندہ کا خیال رکھتے ہیں -

(۴) کہتے ہیں - ہمت کا حامی خدا - تم نے کچھ کر دکھایا تو یہ انعام پایا -

(۵) اس بھکارنی نے بڑی عاجزی سے مجھ سے ایک پیسہ مانگا -

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۰ء)

EXERCISE 66.

ا - بورڈونگ ہوس کی زندگی میں ایک اندیشہ ہے ۔ کہ بعض طلبا ایک دوسرے کے ساتھ مل کر بہت سا وقت ضائع کر دیتے ہیں ۔ ایسے لڑکوں کو پڑھنے پڑھانے کا شوق بالکل نہیں رہتا ۔ اور دن بدن نئی شرارتیں سوجھتی رہتی ہیں ۔ جس سے تھوڑے ہی دن میں بورڈنگ ہوس میں نکو بن جاتے ہیں ۔ ہر جگہ ان کی شکایت ہوتی ہے ۔ لیکن ان کے کانوں پر جوں نہیں رینگتی ۔ آخر نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ زندگی کا قیمتی سال مفت کھو دیتے ہیں ۔ پس اپنے وقت کا پورا پورا فائدہ اٹھاؤ ۔ کیونکہ مصرع

گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں

ب - (۱) غصہ ایک قسم کا جنون ہوتا ہے ۔ جب آتا ہے ۔ تو انسان کی عقل زائل ہو جاتی ہے ۔

(۲) میاں ۔ خدا نے پانچوں اُنگلیاں یکساں نہیں بنائیں ۔ دُنیا میں بھلے لوگ بھی ہیں اور بُرے بھی ۔

(۳) واہ ! تمہارا کوٹ تو خوب ہے ۔ بنا بنایا لیا ۔ یا فرمائش سے بنوایا ۔

(۴) کیا تم اپنے بھائی کو ریل پر سوار کرا آئے ؟ اسباب تلوانا تو نہیں پڑا ؟

(۵) بھئی آج کل وکالت میں کیا رکھا ہے ۔ تھوڑے چین سے رہتے ہیں ۔ زیادہ فاقہ کرتے ہیں ۔

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۱ء)

EXERCISE 67.

ا- کتابیں بھی عجیب نعمت ہیں۔ جب رنج و الم کے بادل ہماری زندگی کو تاریک کر دیتے ہیں۔ تو یہ ایک سچے دوست کی طرح شیریں الفاظ سے ہماری ڈھارس باندھتی ہیں۔ جب احباب و رشتہ دار ہماری بدبختی کی وجہ سے منہ موڑ لیتے ہیں۔ تو یہ ہمارا ساتھ نہیں چھوڑتیں۔ یہ انسان کے ہزاروں سال کے دانائی و تجربے کا نچوڑ ہیں اور ان کا سب سے بیش قیمت ورثہ۔ یہ درست ہے کہ تمام کتابیں اچھی نہیں ہوتیں۔ بعض تو سانپ سے زیادہ زہریلی اور بچھو سے زیادہ خطرناک ہیں۔ ان سے بچنا واجب ہے۔ کتابوں کے انتخاب میں عقل و احتیاط سے کام لینا چاہئے۔

ب-(۱) میں نے سمجھایا بجھایا بہت۔ لیکن اس پر خاک اثر نہ ہُوا۔

(۲) میں سٹیشن پر دیر سے پہنچا۔ گاڑی پہلے چل چکی تھی۔

(۳) سوال یہ ہے کہ کالجوں کی تعلیم ہم کو روٹی کمانے کے قابل بناتی ہے کہ نہیں میں تو اس کا جواب نفی میں دُونگا۔

(۴) وہ بھی زمانہ تھا۔ جب مڈل پاس کی قدر تھی۔ آج کل بی۔اے کو کوئی نہیں پُوچھتا۔

(۵) کیوں بھئی! تم نے امتحان میں پرچے کیسے کئے؟ میرا تو سر ہی چکراتا رہا۔

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۲ء)

EXERCISE 68.

ا - ان ہی دنوں ایک بوڑھے فوجی افسر نے جو اپنی عمر کے چالیس سال جنوب مغربی افریقہ میں گذار چکا تھا افریقہ کے متعلق ایک کتاب لکھی ہے۔ جس میں اس نے بعض نہایت دلچسپ باتیں بیان کی ہیں۔ جنوبی افریقہ کے ایک علاقے میں سات وحشی قبیلے رہتے ہیں۔ جن پر گورے رنگ کی عورت حکمران ہے۔ بوڑھے لوگوں کی زبانی سُنا گیا ہے کہ اس عورت کی عمر کوئی دو سو سال ہوگی۔ وہ ایک غار میں رہتی ہے۔ عام لوگوں نے تو اس کو کبھی نہیں دیکھا۔ البتہ قبیلوں کے سردار اس کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں اور حکم بجا لاتے ہیں۔ کتاب کے مصنف کو غار کے دیکھنے کا شوق ہوا۔ لوگوں نے اپنے ساتھ لے جانے کا وعدہ کیا۔ جب رات ہوئی تو اسے لیتے آئے۔ غار میں داخل ہوئے۔ تو لوگوں نے ڈھول بجانا شروع کیا اور ڈھول کی آواز پر ناچنے لگے۔

ب - (۱) موم بتی کو پھونک مار کر بجھا دو + (۲) آج ہوا بند ہے۔

(۳) میں نے کوٹ کھونٹی پر لٹکا دیا + (۴) وہ بال کٹوانے گیا ہے۔

(۵) کل رات بھر بارش ہوتی رہی۔

(۶) سنتری چوک کے درمیان کھڑا تھا۔

(۷) اس نے اپنی قمیص اتار دی۔

(۸) وہ گاڑی کے نیچے آ گیا ہے۔

(۹) میں اب بھی وہاں روزانہ جایا کرتا ہوں۔

(۱۰) میں ایک پتھر سے ٹھوکر کھا کر گرا۔

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۳ء)

EXERCISE 69.

ا - تھوڑا ہی عرصہ گذرا تھا - کہ رشیدہ کے گھر سے اس کا نوکر نورخاں آیا - اس نے اندر اطلاع کر کے رشیدہ کی خدمتگار کو بلایا - نورخاں کی آواز سنتے ہی وہ گھبرائی - اور جھبٹ دروازے پر آئی - نورخاں بولا - میں ایک خوش خبری لایا ہوں - بیگم صاحبہ سے کہہ دو - ابھی آپ کے بھائی صاحب آتے ہیں - جلدی سے آپ کو بلایا ہے - گھوڑے پر سے اترتے ہی مجھے ادھر بھیجا ہے - آپ نوکروں چاکروں سے اسباب اتروا رہے ہیں -

ب - (۱) وہ درختوں کو کاٹ کاٹ کر گرا رہے ہیں -

(۲) وہ فرش پر لیٹ گیا -

(۳) اگلے پہیے میں ہوا تھوڑی ہے -

(۴) میں انگریزی کا امتحان دے رہا ہوں -

(۵) غل مت مچاؤ -

(۶) وہ ہفتہ بھر سے بیمار ہے -

(۷) کل تم میں سے کون کون حاضر تھا ؟

(۸) مجھے امرت سر کا ٹکٹ چاہئے -

(۹) اناج کی قیمت بڑھ گئی ہے -

(۱۰) یہ سب کپڑے نچوڑ دو -

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۴ء)

EXERCISE 70.

ا۔ ایک سپاہی سانڈنی پر سوار کہیں جا رہا تھا۔ راستے میں دیکھا کہ ایک جھاڑی میں آگ لگ رہی ہے اور ایک کالے ناگ کو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہے۔ جب سوار پر سانپ کی نظر پڑی۔ تو اس نے کہا۔ کہ اے بہادر۔ میں اس وقت سخت ناچار ہوں۔ رحم کیجئے اور اس بلا سے بچا لیجئے۔ سانڈنی سوار رحم دل تھا۔ اُسے یہ خیال نہ آیا۔ کہ سانپ آدمی کا دشمن ہے۔ اور کبھی وار کرنے سے نہیں چوکتا۔ اس نے سانپ کی مدد کی۔ اور اس کی جان بچا لی۔

ب۔ (۱) یہ عرصہ کی بات ہے۔

(۲) خدا کا شکر ہے۔

(۳) اُس نے کبوتر پال رکھے ہیں۔

(۴) میری بات تو تم سنتے ہی نہیں۔

(۵) پھول توڑنا منع ہے۔

(۶) میرے سر میں درد ہے۔

(۷) کل بخار اتر جائے گا۔

(۸) اس کا کچھ اعتبار نہیں۔

(۹) اس نے مجھے آواز دی۔

(۱۰) وہ ابھی چلنے پھرنے کے قابل نہیں ہوا ہے۔

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۵ء)

EXERCISE 71.

ا - ایک دریا کے قریب ایک گاؤں تھا - وہاں ایک گھسیارا رہا کرتا تھا ایک دن گھسیارے کا لڑکا جنگل میں گائیں چرا رہا تھا - گائیں تو چرتی رہیں - لڑکا اِدھر اُدھر پھرنے لگا - جی میں آیا - کہ دریا پر چلو - وہاں ریل کا پُل ہے - تھوڑی دیر میں ریل آتی ہو گی - اس کا تماشا دیکھیں گے - وہاں پہنچا - تو کیا دیکھا - کہ پل میں آگ لگی ہوئی ہے -

ب - (۱) مجھے نیند آ رہی ہے -

(۲) دو اور دو چار ہوتے ہیں -

(۳) میرے پاؤں کے انگوٹھے میں چوٹ آئی -

(۴) وہ سر کے بل کھڑا ہے -

(۵) میرا حساب چُکا دو -

(۶) اُس نے میری ناک پر مُکا مارا -

(۷) دھوپ بہت تیز ہے -

(۸) اس نے دو کتابیں منگوا بھیجی ہیں -

(۹) اس نے مجھے گالیاں دیں -

(۱۰) وہ اور میں آپس میں بھائی بھائی ہیں -

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۶ء)

EXERCISE 72.

ا - اصغر اپنی جماعت میں سب سے لائق گنا جاتا تھا۔ یوں تو وہ خاصہ ہوشیار اور عقلمند تھا۔ مگر بُری صحبت میں رہ کر اور تمام دن خراب اور شریر لڑکوں کے ساتھ گلی کوچوں میں پھر پھر کر وہ کسی کام کا نہ رہا تھا۔ اس کا باپ اس کو بارہا سمجھا چکا تھا۔ کہ یہ شریفوں کا کام نہیں ہے۔ انجام پر پچھتاؤ گے۔ مگر اصغر پر باپ کی نصیحت کا کوئی اثر نہ ہوتا تھا۔

ب۔ (۱) غلامی بُری بلا ہے۔

(۲) تم بہت فضول آدمی ہو۔

(۳) آج غضب کی سردی پڑ رہی ہے۔

(۴) میز پر طرح طرح کی مٹھائیاں رکھی ہیں۔

(۵) اصغر غصے سے لال ہو گیا۔

(۶) ذرا دیکھو تو کیا وقت ہو گیا ہے۔

(۷) اس نے میرا ناک میں دم کر رکھا ہے۔

(۸) آؤ۔ مزے کریں۔

(۹) مجھے گھونگروالے بال اچھے لگتے ہیں۔

(۱۰) دیکھنا کہیں تم کو چوٹ نہ لگ جائے۔

(پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۷ء)

Haramzada

EXERCISE 73.

ا—دوپہر کے بعد انگریزی فوجوں نے دھاوا کیا - نواب اور اُس کے سپاھی لڑائی کے میدان سے پہلے ھی بھاگ کھڑے ھوئے تھے - سراج الدولہ کو ایک آدمی نے جس کی اُس نے کسی وقت ناک کاٹ ڈالی تھی - پکڑ کر میر جعفر کے بیٹے کے سپرد کر دیا - اُس نے اسکو فوراً قتل کروا دیا - میر جعفر بنگال کا نواب بن گیا چودہ پرگنہ کا علاقہ جو کلکتہ کے پاس ھے اُس نے کمپنی کو دیدیا -

ب—(1) کل شام کو ابر ھوا - اور رات کو موسلا دھار بارش ھوئی -

(2) آج کل شہر میں کھانسی اور زکلم بہت پھیل رھا ھے -

(3) تم چاھے آؤ یا نہ آؤ - میں تو ضرور جاؤنگا -

(4) ھر روز ورزش کرو - تو پھر بیمار نہ ھوگے -

(5) ان دنوں میں نوکری نہایت مشکل سے ملتی ھے -

(دھلی یونیورسٹی ۱۹۳۰)

EXERCISE 74.

ا—جہانگیر کی وفات کے بعد نور جہاں کئی سال تک زندہ رہی اور ۱۶۴۱ میں وفات پائی جب تک وہ زندہ رہی - شاہ جہاں اُس کے ساتھہ بڑے ادب اور عزت سے پیش آیا - اور ۲۵ لاکھہ روپے سالانہ وظیفہ مقرر کر دیا - جہانگیر کی وفات کے بعد نور جہاں کبھی باہر نہ نکلی - اور نہ کبھی رنگین لباس پہنا ۔

ب—(1) آج کل لندن میں ایک بڑی مجلس فراہم ہے -

(2) اس مجلس میں انگریزي اور هندوستاني دونو شامل هیں ۔

(3) لوگوں کو اس مجلس پر بہت کچھ امید ہے -

(4) خدا کرے اُس کا نتیجہ بھلا ہو -

(5) اُس کي کامیابي پر ملک کا بہت کچھ دارومدار ہے -

(دهلي یونیورسٹي ۱۹۳۱)

EXERCISE 75.

ا—نادر شاہ کہتا تھا - کہ اگر مجھے بہت سا روپیہ مل جائیگا - تو شہر کو نہ اُجاڑونگا - مگر رات کے وقت دهلي کے لوگوں نے نادر شاہ کے کچھہ سوتے ہوئے سپاهی مار دئے- نادر شاہ نے جب صبح کو یہ حال دیکھا - اُس کے تن بدن میں آگ لگ گئی - حکم دیا کہ شہر کو لوٹ لو ۔ اور جو سامنے آئے اُسے قتل کر دو -

ب—(1) ڈوپلے کو یورپ کی فوجي تنظیم کي بر تری پر بڑا بھروسہ تھا -

(2) گرو گوبند سنگھہ جي نے گرو کي گدی کا جان نشین کسی کو مقرر نہ کیا -

(3) زراعت ملک کے لئے آمدني کا ذریعہ ھے ۔

(4) یہ بھی کوشش کی جا رہی ھے - کہ قحط کی مصیبتوں سے لوگوں کو بچایا جائے -

(5) جس شکل میں رامائن کی کتاب اب موجود ھے وہ بعد کے زمانہ کي تصنیف ھے -

(دهلی یونیورسٹی ۱۹۳۲)

EXERCISE 76.

ا—ہندو اور مسلمان دونوں اکبر کے دوست تھے۔ مسلمانوں میں سے اُسکے دو بڑے دوست تھے۔ ایک فیضی دوسرا ابوالفضل۔ یہ دونوں بڑے عالم تھے۔ اعلےا خیالات رکھتے تھے۔ فیضی اچھا شاعر تھا۔ فارسی میں خوب شاعری کرتا تھا۔ وہ سنسکرت بھی جانتا تھا۔ ابوالفضل سلطنت کے کاموں میں ہوشیار تھا۔ اس وجہ سے وہ وزیر بن گیا۔

ب—(1) ان تمام باتوں کے باوجود وال پول لڑائی کے خلاف تھا۔

(2) فرانس کے باغی ہر ایک ملک میں آزاد حکومت قائم کرنا چاہتے تھے۔

(3) ہندوستان کی ترقی میں ذات پات کا فرق ایک رکاوٹ ہے۔

(4) آریوں کا اصلی وطن کہاں تھا. یہ کوئی ٹھیک نہیں بتا سکتا۔

(5) تجارت پر محصول غلہ کی شکل میں لیا جاتا ہے۔

(دہلی یونیورسٹی ۱۹۳۳)

EXERCISE 77.

ا—اس زمانے میں ایک زبردست سکھہ سردار پنجاب میں حکومت کرتا تھا - جس کا نام رنجیت سنگھہ تھا - وہ سن ۱۷۸۳ میں پیدا ہوا تھا - ۱۹ سال کی عمر میں ھی شاہ زماں کو پنجاب پر حملہ کرنے میں مدد دی تھی • جس نے اُسے لاھور کا راجہ بنا دیا تھا - ۱۸۰۲ میں وہ امرتسر پر قابض ھو گیا • اور آھستہ آھستہ ستلج کے مغرب کے سب راجاؤں کو اپنے قابو میں کرکے پنجاب کا اور کشمیر کا راجہ بن بیٹھا -

ب—(1) ھو صبح آفتاب مشرق سے طلوع ھو کر شام کو مغرب کی طرف غروب ھو جاتا ھے -

(2) تاریخی واقعات کا بھی آبادی پر اثر ھوتا ھے -

(3) اورنگ زیب کو بیس سال تک مرھٹوں سے لڑنے کے بعد بھی کوئی کامیابی نصیب نہ ھوئی -

(4) یورپ کا ھندوستان کے ساتھہ عہد قدیم سے تجارتی تعلق تھا -

(5) بادشاہ کو شاعری نا پسند تھی - اور وہ کہتا تھا - کہ شاعروں کے کلام میں مبالغہ اور جھوٹ کے سوا اور کچھہ نہیں ھوتا -

(دھلی یونیورسٹی ۱۹۳۴)

EXERCISE 78.

ا—یہ کواں میرے باپ نے بنوایا تھا۔ پاس ہی گاؤں ہے۔ اس کے رہنے والے اس کنوئیں کا پانی پیتے ہیں - پانی بھی خدا کی عجیب نعمت ہے۔ پانی نہ ہوتا - تو ہم پیاس کے مارے مر جاتے - کھیتیاں سوکھہ جاتیں - درخت مرجھا جاتے آؤ ذرا بیٹھہ کر آرام کریں - اس ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے مزے لیں - پانی کے بغیر تو کچھہ دیر زندہ بھی رہ سکتے ہیں - مگر ہوا کے بغیر تو دم بھر بھی گزارہ نہیں ہو سکتا -

(ب) (1) آؤ لڑکو کھیل کے میدان میں چلیں -

(2) بھلا بتاؤ اس نشان سے اس درخت تک کتنے قدم کا فاصلہ ہوا۔

(3) ہمت رکھو اتنے مایوس کیوں ہو گئے ہو -

(4) اب خوب ابر چھا گیا۔ بوندیں پڑنے لگیں - قدم اُٹھا کر چلو۔

(5) اب رہنے بھی دو - پھر گل دیکھی جائیگی -

(دہلی یونیورسٹی ۱۹۳۵)

EXERCISE 79.

ا—ورزش کرنے سے آدمی کے بدن میں قوت آتی ھے - اور تندرست رھتا ھے - مدرسوں کے لڑکے کئی طرح کی ورزش کرتے ہیں - قواعد کے گھنٹے میں قواعد کرتے ھیں - آج کل کرکٹ کا رواج بھی زیادہ ھوتا جا رھا ھے - کرکٹ کا میدان صاف اور ھموار ھونا چاھئے - تا کہ گیند اُچھل اُچھل کر کھیلنے والوں کو زخمی نہ کرے -

ب—(1) آج ھوا بند ھے -

(2) وہ بال کٹوانے گیا ھے -

(3) ایک اور ایک دو ھوتے ھیں -

(4) میں تمھیں سیدھا کر دونگا -

(5) چلتے بنو -

(6) یہ شارع عام نہیں ھے -

(7) میرا جی متلا رھا ھے -

(8) اندر آنا منع ھے -

(9) میرا سر چکراتا ھے -

(10) وہ فضول خرچ ھے -

(11) غوطہ مارو -

(12) وہ سر کے بل گرا -

(13) یہ گپ نہیں ھے -

(14) وہ آدمی رات کو آیا -

(15) وہ ٹھوکر کھا کر گر پڑا -

(دھلی یونیورسٹی ۱۹۳۶)

———

EXERCISE 80.

ا—دنیا میں خدا نے بہت سی دھاتیں پیدا کی ہیں - سونا - چاندی - لوھا - تانبا وغیرہ - ان سب دھاتوں میں نہایت کار آمد دھات لوھا ھے - لوھا ھر ملک اور خطے میں زمین سے نکلتا ھے - لیکن صاف حالت میں نہیں ملتا - اس کے ساتھہ اور بہت سی چیزیں ملی ہوئی ہوتی ہیں - اس حالت میں اسے فلز آھنی (لوھے کی کچی دھات) کہتے ہیں - فلز کو ایک بڑی بھٹی میں رکھتے ہیں - لوھے کو ڈھال کر بہت سی چیزیں بنا لیتے ہیں - ڈھلے ہوئے لوھے میں یہ نقص ھے کہ تھوڑے سے صدمے سے ٹوٹ جاتا ھے -

ب—(1) میرے پاؤں کی اُنگلی پر پھوڑا ھو گیا ھے -
(2) آمدم بسر مطلب -
(3) موم بتی کو پھونک مار کے بجھا دو -
(4) اگلے پہیے میں ہوا بالکل نہیں رھی -
(5) میوا سر مت کھاؤ -
(6) گیلے کپڑوں کو نچوڑ کے ٹانگ دو -
(7) اُس کی باتوں میں نہ آ جانا -
(8) میرا اُس سے کیا مقابلہ -
(9) وہ سانپ کی طرح ہوشیار ھے -
(10) میں تمھیرے تھیرے اُکتا گیا -

(دھلی یونیورسٹی ۱۹۳۷)

PART III.

TYPICAL ESSAYS, STORIES, LETTERS & DIALOGUES FOR TRANSLATION.

EXERCISE 1.

My Best Friend.

میرا گہرا دوست رام کشن ہے - وہ نزدیک کے گاؤں کے ایک مشہور متمول اور با رسوخ زمیندار چودھری دین دیال کا لڑکا ہے - اس کی عمر سولہ سال کی ہے - رام کشن میرا ہم جماعت ہے - اس کا رنگ گندمی اور چہرہ سرخ اور خوبصورت ہے -

رام کشن نے اپنے گاؤں کے سکول سے پرائمری کا امتحان پاس کیا - اور لیاقتی وظیفہ حاصل کیا - اس کے والد نے اُسے سیکنڈری ایجوکیشن کے لئے بنارسی داس ہائی سکول انبالہ میں داخل کرا دیا - چونکہ اس کے لئے ہر روز گاؤں میں جانا تکلیف دہ تھا - اس لئے وہ بورڈنگ ہاؤس میں داخل ہو گیا - میں پہلے ہی بورڈنگ ہاؤس میں رہتا تھا - اتفاق سے اس کو میرے کمرے میں جگہ دے دی گئی - اس طرح ہم ایک دوسرے کے واقف ہو گئے - یہ واقفیت بڑھتے بڑھتے گہری دوستی تک پہنچ گئی -

رام کشن ایک محنتی اور با قاعدہ کام کرنے والا لڑکا ہے - اگرچہ وہ انگریزی میں مجھ سے قدرے کمزور رہا - لیکن اور مضامین میں وہ جماعت میں اول اور میں دوئم رہتے رہے - ہم دونوں نے ورنیکلر فائینل کا امتحان دیا - وہ ضلع بھر میں اول رہا - اور میں چہارم - اور خوش قسمتی سے ہم دونوں نے وظائف حاصل کئے - تعلیمی طور پر ہوشیار ہونے کے علاوہ وہ ایک خوش اطوار اور نیک چلن لڑکا ہے - کھیلوں میں بھی اس کی دلچسپی تعلیمی شوق سے کچھ کم نہیں - وہ فٹ بال ٹیم کا متواتر تین سال سے کیپٹن ہے - اس کی ان خوبیوں کی وجہ سے سکول کے استاد صاحبان اور لڑکے اس سے محبت کرتے ہیں - میرے ساتھ اس کا سلوک ہمیشہ برادرانہ رہا ہے - بلاشبہ ایسے دوست کا ہونا میری خوش قسمتی ہے +

EXERCISE 2.

Ranjit Singh.

رنجیت سنگھ ۲ نومبر ۱۷۸۰ء کو گوجرانوالہ میں پیدا ہوا۔ وہ سکھر چکیہ مثل کے سردار مہاں سنگھ کا بیٹا تھا۔ بارہ سال کی عمر میں ہی والد کا سایہ اُس کے سر سے اٹھ گیا تھا لیکن وہ بچپن میں ہی اپنے والد کے ساتھ لوٹ مار کے کئی دھاووں میں شریک ہو چکا تھا۔ اور ان میں اس نے اپنی بہادری اور ہوشیاری کا ثبوت دیا تھا۔

باپ کی وفات کے بعد رنجیت سنگھ نے پنجاب کی دیگر سکھ مثلوں کو زیر کیا اور اس طرح ایک زبردست سکھ سلطنت کی بنیاد ڈالی۔ شاہ زماں نے اس کو لاہور کا گورنر تسلیم کر لیا۔ کیونکہ رنجیت سنگھ نے اس کی آٹھ توپیں دریائے جہلم سے نکلوا کر کابل بھجوا دی تھیں۔ اس کے بعد اس نے اپنی سلطنت کو اور بڑھایا۔ اور ستلج کے مغرب کے تمام علاقے کو زیر کر لیا۔ اس کے بعد اس نے مہاراجہ کا لقب اختیار کیا۔ جب اس نے ستلج کے مشرق کی ریاستوں پر قبضہ کرنا چاہا۔ تو لارڈ منٹو نے ۱۸۰۹ء میں امرت سر کے مقام پر اس کے ساتھ ایک عہد نامہ کیا۔ جس کی رُو سے دریائے ستلج اس کی سلطنت کی مشرقی حد قرار پائی۔ اور اس کے انگریزوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم ہو گئے۔ اس کے بعد رنجیت سنگھ نے کشمیر، ہزارہ اور پشاور کو فتح کیا۔ اس کی وفات ۱۸۳۹ء میں ہوئی۔ جب کہ اس کا اقبال عین عروج پر تھا۔

رنجیت سنگھ تلوار کا دھنی اور ایک اعلےٰ شہسوار تھا۔ اگرچہ وہ ان پڑھ تھا۔ لیکن کمال درجہ کا دانشمند اور دُور اندیش مدبر تھا۔ بطور ایک حکمران کے وہ نہایت ہی کامیاب ثابت ہوا۔ وہ قومی اور مذہبی تعصبات سے بالاتر تھا۔ اس میں مختلف عہدوں کے لئے موزوں آدمیوں کے چننے کی خاص قابلیت تھی۔ وہ لائق آدمیوں کو ملازم رکھتا تھا اور ان پہ اعتبار کرتا تھا۔ اس نے اپنی فوج کی درستی میں خوب کوشش کی۔ اس کو قواعد اور آلات حرب کا استعمال سکھانے کے لئے فرانسیسی اور اطالوی جرنیل رکھے اور اس طرح یورپین طرز کی سکھ فوج تیار کی گئی۔ الغرض رنجیت سنگھ میں وہ تمام صفات موجود تھیں۔ جو ایک اعلےٰ اور کامیاب حکمران کے لئے ضروری ہیں۔ اس طرح وہ بجا طور پر شیر پنجاب کے لقب کا مستحق تھا۔

EXERCISE 3.

Scene in the School in the Recess Period.

سکول کے ریسیس کے پیریڈ میں بہت رونق اور چہل پہل ہوتی ہے۔ جونہی گھنٹہ بجتا ہے۔ لڑکے بے تحاشہ کمروں سے نکلتے ہیں۔ وہ بڑے بشاش اور چست نظر آتے ہیں کیونکہ تقریباً آدھ گھنٹے کے لئے وہ استاد صاحبان کی جھڑکیوں اور جماعت کے کمرے کی سنجیدگی سے آزاد ہو جاتے ہیں اور خوب ہنستے کھیلتے ہیں۔

جو لڑکے سکول کے آس پاس رہتے ہیں وہ اپنے اپنے گھروں کو جاتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ وہاں کچھ کھاتے پیتے ہیں۔ اور باقی وقت کے لئے کتابیں و دیگر سامان لاتے ہیں۔ جو لڑکے دیہات اور شہر کے دور حصوں سے آتے ہیں وہ سکول کے حلوائی کی دکان کے گرد منڈلانے لگتے ہیں۔ یہاں پر منظر نہایت ہی دلکش ہوتا ہے۔ وہ اپنا تمام جیب خرچ اس وقت صرف کر دیتے ہیں۔ غریب کسانوں اور مزدور آدمیوں کے لڑکے حسرت بھری نگاہوں سے اپنے آسودہ ہم جماعتوں کی طرف دیکھتے ہیں۔ یہ موقعہ ہے جب کہ وہ اپنی غریبی کے دکھ کو بہت محسوس کرتے ہیں۔ سکول کے احاطہ میں لڑکے جگہ جگہ ٹولیاں بنائے گپوں میں مشغول نظر آتے ہیں۔ غالباً وہ اپنی آپ بیتی کا تذکرہ کر رہے ہوتے ہیں۔ چند سست لڑکے جو کام سے جی چراتے ہیں۔ چپکے سے جماعت کے کمرے میں گھس جاتے ہیں اور اپنے ہوشیار ہم جماعتوں کی کاپیاں نکال کر سوالات نقل کرنے لگتے ہیں۔ بعض اوقات جب استاد صاحبان اچانک ان کو پکڑ لیتے ہیں تو وہ بہت ہی شرمندگی محسوس کرتے ہیں۔

اس شور و غل کے درمیان سکول کا گھنٹہ بجتا ہے اور لڑکے اپنی اپنی کتابیں بغل میں دبائے بڑی بے دلی سے جماعت کے کمروں کی طرف جاتے ہوئے نظر آتے ہیں سکول کے اندر باہر اور حلوائی کی دکان پر جہاں چند منٹ پہلے چہل پہل اور شور و غل تھا۔ خاموشی کا عالم طاری ہو جاتا ہے۔ اور سکول کا کام حسب معمول شروع ہو جاتا ہے۔

EXERCISE 4.

Scene at the Railway Station.

کئی اشخاص یہ خیال کرتے ہیں۔ کہ ریلوے سٹیشن ایک بے رونق جگہ ہے لیکن وہ غلطی پر ہیں۔ ریلوے سٹیشن جیسی بارونق اور دلکش جگہ شاید ہی اور کوئی ہوگی۔ ریلوے سٹیشن کا نظارہ خاص طور پر گاڑی کی آمد پر نہایت ہی پُرلطف ہوتا ہے۔ وہاں پر مختلف رنگوں۔ مختلف لباس اور مختلف نسلوں کے لوگ دیکھنے میں آتے ہیں۔

گاڑی کی انتظار میں پلیٹ فارم پر خوب بھیڑ بھاڑ ہوتی ہے۔ کئی مسافر اپنے بستروں اور ٹرنکوں پر بیٹھے ہوئے باتوں میں مشغول نظر آتے ہیں اور کئی جو قلی وغیرہ نہیں کر سکتے۔ اپنے اسباب کو سروں پر رکھے ہوئے گاڑی کی انتظار میں کھڑے ہوتے ہیں۔ درجہ اوّل و دوم کے مسافر سگرٹ منہ میں لئے پلیٹ فارم پر ٹہلتے نظر آتے ہیں۔ بہت سے اخبار پڑھنے میں مصروف ہوتے ہیں۔ خوانچے والے پلیٹ فارم پر جگہ جگہ موجود ہوتے ہیں۔ قلی اپنی وردی پہنے پلیٹ فارم کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک گاڑی کا انتظار کر رہے ہوتے ہیں۔

گاڑی کے سٹیشن پر پہنچتے ہی ایک شور برپا ہو جاتا ہے۔ گاڑی میں بیٹھے ہوئے مسافر قلی قلی پکارنا شروع کر دیتے ہیں۔ پلیٹ فارم پر بیٹھے ہوئے مسافر جگہ کی تلاش میں ایک ڈبہ سے دوسرے ڈبہ میں جھانکتے پھرتے ہیں۔ خوانچے والے اپنے سامان مٹھائی۔ پھل۔ روٹی۔ دودھ چائے وغیرہ کی صدائیں بلند کرتے ہیں۔ اخبار والے اپنے اخباروں کا نام لے کر مسافروں کی توجہ اپنی طرف کھینچتے ہیں۔ قلی مسافروں کو گاڑی میں چڑھانے کے لئے ادھر اُدھر دوڑتے پھرتے ہیں۔ یا امیر مسافروں کا سامان اٹھا کر باہر کھڑے ہوئے ٹانگوں اور موٹروں میں لیجاتے ہیں۔ اس شور و غل کے درمیان یکایک گھنٹی کی آواز سنائی دیتی ہے جو مسافر پلیٹ فارم پر ٹہل رہے ہوتے ہیں وہ اپنی اپنی گاڑیوں کی طرف دوڑتے ہیں پھر انجن کی سیٹی سنائی دیتی ہے۔ اور گاڑی چل پڑتی ہے۔ چند منٹ کے بعد پلیٹ فارم پر سوائے چند ریلوے ملازمین کے اور کوئی نظر نہیں آتا۔ اور وہ جگہ جہاں چند منٹ پہلے شور و غل اور چہل پہل تھی۔ کچھ وقت کے لئے ویران سی نظر آنے لگتی ہے۔

EXERCISE 5

A House on Fire

گذشتہ ماہ جنوری میں پونے گیارہ بجے کا وقت تھا۔ یہ ہمارا انگریزی پڑھنے کا پیریڈ تھا۔ کہ یکایک آگ بجھانے کے انجن کی آواز ہمارے کانوں میں پڑی۔ ہم اس آواز کے سنتے ہی سمجھ گئے کہ شہر کے کسی مکان میں آگ لگ گئی ہے۔ اتنے میں ہمارے سکاؤٹ ماسٹر صاحب نے سیٹی دی۔ جسے سنتے ہی سکول کے تمام سکاؤٹس احاطہ سکول میں جمع ہو گئے۔ اور فوراً سکاؤٹ ماسٹر صاحب کی سرکردگی میں اس طرف دوڑے۔ جدھر باقی لوگ بے تحاشا دوڑے جا رہے تھے۔ راستے میں ہی ہمیں معلوم ہو گیا کہ آگ رائے صاحب لالہ جوتی پرشاد رئیس شہر کے عالیشان مکان میں لگی ہے۔ ہم فوراً موقعہ پر پہنچ گئے۔ ہمارے جانے سے پہلے وہاں بڑی خلقت جمع تھی جس میں زیادہ تر تماش بین تھے۔ چند ہمدرد لوگ سامان نکلوانے میں مصروف تھے۔ فائر انجن آگ پر قابو پانے میں لگا ہوا تھا۔ اور بہادر رضا کار نل کے ذریعے شعلوں کو بجھا رہے تھے۔ ظالم آگ نے بلڈنگ کا تقریباً آدھا حصہ گھیر لیا تھا۔ شعلے آسمان سے باتیں کرتے تھے۔ مالک مکان غم کی صورت بنائے دیکھ رہے تھے کہ ان کی سالہا سال کی کمائی آگ کی نذر ہو رہی ہے۔ ان کے گھرانے کے دوسرے چھوٹے بڑے ممبر زار زار رو رہے تھے۔ لیکن رائے صاحب کا اپنا صبر قابل تعریف تھا۔ وہ بڑے استقلال سے اپنے مکان کے اس حصہ سے جہاں ابھی آگ نہیں پہنچی تھی قیمتی اشیاء نکلوا رہے تھے۔ ہمارے سکول کے سکاؤٹس کو دیکھ کر انہیں اور ڈھارس ہوئی۔ انہوں نے ہم سب کو سامان نکالنے کا اشارہ کیا۔ ہمارے چار پانچ سکاؤٹس نے جان کی پروا نہ کرتے ہوئے کمرے سے اس بکس کو نکالا۔ جس میں رائے صاحب کے نہایت ضروری کاغذات تھے۔ اس کے علاوہ وہ ان کے ایک چھوٹے بچے کو جو کہ وہاں سوتا رہ گیا تھا نکال لائے۔ والدین بچے کو صحیح سلامت دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور انہوں نے سکاؤٹس کی بے غرض خدمات کی بڑی تعریف کی۔ تین گھنٹہ کی سر توڑ کوشش کے بعد آگ قابو میں آئی۔

تحقیقات سے معلوم ہوا کہ آگ لگنے کی وجہ بہت معمولی تھی۔ مالک مکان کا ایک نوکر بھوسہ نکالنے کے لئے کوٹھڑی میں گیا۔ پیچھے سے رائے صاحب نے اس کو آواز دی۔ اس نے ڈر سے اپنی سلگتی ہوئی سگریٹ کو وہیں پھینک دیا۔ اور باہر آ گیا۔ اس سے بھوسہ میں آگ لگ گئی۔ اور تمام مکان میں پھیل گئی +

EXERCISE 6.

A Wrestling Match.

ہمارے شہر میں بیساکھی کا میلہ خوب رونق سے ہوتا ہے۔ اس موقعہ پر شام کے وقت باہر والے وسیع میدان میں علاقے کے مشہور پہلوانوں کی کشتیاں بھی ہوتی ہیں۔ پچھلے سال علاقے کے مشہور پہلوانوں شیر سنگھ اور کریم کے درمیان کشتی ہوئی۔ اگرچہ کشتی کا وقت چار بجے شام مقرر کیا گیا تھا۔ مگر لوگ ایک بجے سے ہی میدانِ کشتی کی طرف جوق در جوق جانے شروع ہو گئے۔ میں بھی اپنے چند دوستوں کے ہمراہ پونے تین بجے وہاں پہنچ گیا۔

میدان کے چاروں طرف ایک عارضی جنگلہ تیار کیا گیا تھا۔ تماشائیوں کے بیٹھنے کا انتظام جنگلے کے چاروں طرف تھا۔ جنگلے کے اندر ایک طرف معززین اور حکام شہر کے بیٹھنے کے لئے ایک پلیٹ فارم تیار کیا گیا تھا۔ اکھاڑہ جنگلہ کے عین وسط میں تھا۔

ٹھیک چار بجے شیر سنگھ اور کریم لنگوٹ کسے اکھاڑہ میں داخل ہوئے۔ تماشائیوں نے تالیوں سے ان کا خیر مقدم کیا۔ جس کے جواب میں دونوں پہلوان مسکرا اٹھے۔ ان کے جسم فولاد کی طرح مضبوط اور شکل دیو کی مانند تھی۔ ریفری کے اشارے پر دونوں پہلوان بالمقابل ڈٹ گئے۔ انہوں نے مصافحہ کیا اور کشتی شروع ہوئی۔ کبھی کریم شیر سنگھ کو ریلتا اور کبھی شیر سنگھ کریم کو دھکیلتا تھا۔ کریم نے پھرتی سے ہاتھ پھیلایا۔ شیر سنگھ کا لنگوٹ پکڑ لیا۔ اور اسے نیچے گرانے کی کوشش کی۔ مگر شیر سنگھ نے بڑی چستی سے اپنے آپ کو سنبھالا۔ اور ایک ایسا داؤں کھیلا۔ کہ آن کی آن میں کریم کو چت زمین پر گرا دیا۔ "شیر سنگھ کی فتح" واہگورو جی کی فتح اور ست سری اکال کے نعروں سے آسمان گونج اٹھا۔ کریم اپنے حریف کے ساتھ ہاتھ ملا کر اکھاڑے سے چلا گیا۔ تحصیلدار صاحب نے سو روپیہ اور ایک ریشمی لنگی شیر سنگھ کو بطور انعام دی۔ شیر سنگھ کے ساتھیوں نے شیر سنگھ کو کندھے پر اٹھا کر جلوس کی صورت میں تمام شہر میں پھرایا۔

EXERCISE 7.

A Journey by Train.

ہمارا اسکول گرمیوں کی رخصت کے لئے ۱۶ جولائی کو بند ہوا۔ میں نے اپنے والد صاحب سے ان رخصتوں کو شملہ میں گزارنے کی اجازت حاصل کر لی تھی۔ چنانچہ سکول بند ہوتے ہی میں نے اپنا اسباب باندھا اور تانگے میں ریلوے سٹیشن پر پہنچ گیا۔ جب میں سٹیشن پر پہنچا۔ شملہ کی طرف جانے والی گاڑی روانہ ہونے کو تھی۔ میں نے تیسرے درجہ کا ٹکٹ خریدا اور گاڑی میں سوار ہو گیا۔

گاڑی کے جس خانہ میں مَیں سوار ہوا۔ وہ کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ اس میں مختلف فرقوں اور مختلف مزاجوں کے لوگ سوار تھے۔ اس روز غیر معمولی بھیڑ تھی۔ لیکن مجھے بیٹھنے کے لئے کافی آرام دہ جگہ مل گئی۔ وقت کٹی کے لئے میں اخبار پڑھنے میں مشغول ہو گیا۔

صبح کے سوا چھ بجے گاڑی کالکا پہنچی۔ وہاں میں نے شملہ کے لئے گاڑی بدلی۔ یہ چھوٹی پٹڑی کی گاڑی تھی۔ اس کے ڈبے بہت چھوٹے چھوٹے تھے۔ انجن کو دیکھا۔ تو کھلونا معلوم ہوتا تھا۔ تھوڑی دیر کے بعد انجن نے خوب زور سے سیٹی دی اور گاڑی روانہ ہوئی کالکا سے شملہ کا سفر بہت دلچسپ تھا۔ گاڑی کبھی پہاڑ کے اوپر چڑھتی تھی۔ اور کبھی نیچے اترتی تھی۔ اور کہیں کہیں اُس کو سُرنگ میں سے گذرنا پڑتا تھا۔ پہاڑوں کی ڈھلوانوں پر بھیڑ بکریاں چر رہی تھیں۔ کہیں دھان اور مکی کے کھیت دکھائی دیتے تھے۔ اور کہیں لمبے لمبے درخت آسمان سے باتیں کر رہے تھے۔ گاڑی میں بیٹھے ہوئے چھوٹے چھوٹے پہاڑی گاؤں نہایت ہی خوبصورت نظر آتے تھے۔ اس نظارہ کو دیکھنے میں میں اس قدر محو تھا۔ کہ مجھے وقت گذرنے کا ذرا بھی احساس نہ ہوا۔ آخر کار گاڑی ایک بڑی سُرنگ کو پار کر کے شملہ کے سٹیشن پر جا ٹھہری۔ میں گاڑی سے اُترا۔ اور میں نے بے ساختہ قدرت پر انسان کی فتح کی تعریف کی۔

EXERCISE 8.

The Dewali

دیوالی ہندوؤں کا سب سے مشہور تہوار ہے۔ یہ اس دن کی یادگار میں منایا جاتا ہے جبکہ رام چندر جی چودہ سال کے بن باس کے بعد اجودھیا واپس آئے تھے۔ یہ تہوار دسہرے کے بیس دن کے بعد ماہ اکتوبر کے آخیر یا نومبر کے شروع میں منایا جاتا ہے۔

اس تہوار کے دن سے کئی ہفتے پہلے غریب و امیر ہندو اپنے اپنے مکانات کی صفائی مرمت اور سفیدی کرانا شروع کر دیتے ہیں۔ اور دیوالی کے قریب سب لوگ اپنے مکانات کو تصویروں۔ جھنڈیوں اور قندیلوں وغیرہ سے سجاتے ہیں۔ دیوالی کی رات کو اپنے رہنے کی جگہوں اور دکانوں پر لیمپوں اور دیوں سے روشنی کرتے ہیں اور لکشمی دیوی کی پرستش کرتے ہیں۔ اس موقعہ پر لوگ اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کے پاس مٹھائی کھلونے وغیرہ بھیجتے ہیں۔ غرضیکہ اس دن تمام ہندو خوب خوشی مناتے ہیں۔ بعض لوگ دیوالی کی رات کو جؤا کھیلنا مذہبی فرض سمجھتے ہیں یہ ان کی غلطی ہے۔

یہ تہوار ہندوؤں میں اپنے قومی بزرگوں کی تعظیم و تکریم کی سپرٹ پیدا کرتا ہے اور چونکہ یہ برسات کے بعد آتا ہے۔ جبکہ مکانات کی صفائی اور مرمت وغیرہ ضروری ہوتی ہے۔ اس لئے اس موقعہ پر ہندوؤں کے مکانات کی مرمت اور صفائی ہر سال خود بخود ہو جاتی ہے۔ اور وہ سردی کے موسم میں رہنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔

یوں تو ہندوستان کے ہر ایک گاؤں قصبے اور شہر میں جہاں ہندوؤں کی آبادی ہے۔ دیوالی کی روشنی ہوتی ہے۔ مگر بمبئی۔ بنارس اور امرت سر کے مقامات پر دیوالی کی رات کو نظارہ خاص طور پر قابل دید ہوتا ہے۔ امرت سر میں دربار صاحب کی روشنی بہت عمدہ اور لطف خیز ہوتی ہے ÷

EXERCISE 9.

The Muharram.

محرم شیعہ مسلمانوں کا سب سے بڑا تیوہار ہے۔ یہ حضرت محمد صاحب کے دو نواسوں حسن اور حسین کی شہادت کی یادگار میں منایا جاتا ہے۔ حضرت حسن کو زہر دے کر ان کی زندگی کا خاتمہ کر دیا گیا۔ ان کے بعد ان کے دشمنوں نے حضرت حسین کو طرح طرح کی اذیتیں پہنچائیں۔ اور آخر کار وہ کربلا کے میدان میں زخمی ہوئے۔ ان کو کئی روز تک بھوکا اور پیاسا رکھا گیا۔ یہاں تک کہ دس دن کے بعد ان کا انتقال ہو گیا۔

یہ تہوار ماہ محرم کی یکم تاریخ سے شروع ہو کر دس دن تک منایا جاتا ہے۔ یہ دن شیعہ مسلمانوں کے لئے ماتم کے ہوتے ہیں۔ ان شیعہ مسلمانوں میں سے اکثر دن کو روزہ رکھتے ہیں۔ اور رات کو مرثیہ خوانی کرتے ہیں۔ اس موقعہ پر حضرت امام حسین کے مقبرے واقع کربلا کے نمونے پر تعزئے بنائے جاتے ہیں۔ یہ تعزئے بانس وغیرہ کے ڈھانچے پر رنگین اور سنہری خوبصورت کاغذ لگا کر تیار کئے جاتے ہیں۔ دسویں دن ان تعزیوں کے ساتھ ماتمی جلوس کی شکل میں وہ لوگ بازاروں اور گلیوں میں سے گزرتے ہیں۔ مرثیے پڑھتے اور حضرت امام حسین کو یاد کر کے چھاتی پیٹتے ہیں۔ اور شہر سے باہر کسی کھلے میدان میں لے جا کر دفن کر دیتے ہیں۔ یا اگر کوئی دریا قریب ہو۔ تو اس میں ڈال دیتے ہیں۔

اس تہوار سے مسلمانوں کے دلوں میں امام حسین کی شہادت اور قربانی کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ لیکن بعض شہروں میں شیعہ اور سُنی مسلمانوں یا ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان بلوے ہو جاتے ہیں۔ اور امن قائم رکھنے کے لئے گورنمنٹ کو خاص انتظامات کرنے پڑتے ہیں۔ اس قسم کے بلوؤں کو روکنے کا بہتر اور موثر طریقہ یہ ہے کہ ہم اپنے اندر مذہبی رواداری کا جذبہ پیدا کریں۔

EXERCISE 10

Prize Distribution of our School.

ہمارے سکول کا تقسیم انعام کا گذشتہ جلسہ پچھلے سال تین جون کو ہوا۔ جناب وزیر تعلیم صاحب نے کمال مہربانی سے اس جلسہ کا صدر بننا اور انعام تقسیم کرنا منظور فرمالیا تھا۔ تاریخ جلسہ سے کئی روز پہلے تیاریاں شروع ہو گئیں۔ سکول کو جھنڈیاں اور ماٹو لگا کر خوب آراستہ کیا گیا۔ سکول کے کمپونڈ کے عین مرکز میں ایک شاندار شامیانہ لگایا گیا۔

تقسیم انعام کے وقت سے ایک گھنٹہ پہلے ہی ہم کو جماعت وار شامیانے میں بٹھا دیا گیا۔ سب سے آگے ان لڑکوں کو جگہ دی گئی جنہیں انعامات ملنے تھے۔ آنریبل وزیر تعلیم جناب انسپکٹر صاحب مدارس کے ہمراہ پونے چار بجے تشریف لائے۔ سکول کے دروازے پر ہمارے سکول کی مینجنگ کمیٹی کے ممبران اور ہیڈ ماسٹر صاحب نے ان کا استقبال کیا اور سکول کے سکاؤٹ اور بینڈ نے ان کا خیر مقدم کیا۔ جب وہ شامیانے میں تشریف لائے تو طلبا۔ استاد و دیگر حاضرین بطور تعظیم کھڑے ہو گئے۔

کارروائی جلسہ ایک دعائیہ گانے سے شروع ہوئی۔ یہ گانا ہمارے سکول کی پانچویں جماعت کے طلبا نے مل کر گایا۔ بعد ازاں اور جماعت کے لڑکوں نے مکالمے۔ ڈرامے وغیرہ بڑی عمدگی سے کئے۔ اس کے بعد ہیڈ ماسٹر صاحب نے سکول کی سالانہ رپورٹ پڑھی۔ جس میں انہوں نے ترقی تعداد طلبا اور متواتر شاندار یونیورسٹی نتائج وغیرہ سے یہ ظاہر کیا۔ کہ ہمارا سکول ڈویژن بھر میں ہر لحاظ سے اوّل نمبر پر ہے۔ اور صوبے کے چند چوٹی کے سکولوں میں سے ایک ہے۔ بعد ازاں صدر صاحب نے انعامات تقسیم کئے۔ اور پھر انہوں نے ایک مختصر اور عمدہ تقریر کی۔ اور طالب علموں کو چند ایک نصیحتیں کیں۔ اس کے بعد مینیجر صاحب سکول نے صاحبِ صدر اور دیگر حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ اور تالیوں کے درمیان جلسے کی کارروائی ختم ہوئی +

EXERCISE 11

The Taj Mahal.

آگرہ میں شاہانِ مغلیہ کے عہد کی کئی عمدہ اور خوشنما عمارتیں ہیں۔ لیکن روضۂ تاج محل جو دریائے جمنا کے کنارے واقع ہے۔ ہر لحاظ سے سب میں بڑھا ہوا ہے۔ یہ دنیا کے سات عجائبات میں سے ایک ہے۔ اور نہایت مشہور ہے۔

یہ خوبصورت اور لاثانی مقبرہ شاہجہان نے اپنی چاہتی بیوی ممتاز محل کی قبر پر بنوایا تھا۔ کہتے ہیں۔ کہ اس کی تعمیر میں بیس ہزار آدمی تقریباً بیس سال تک مصروف رہے اور اس پر پانچ کروڑ سے زیادہ روپیہ صرف آیا۔ داخل ہونے سے پہلے اُس کے خوشنما اور شاندار دروازہ پر نظر پڑتی ہے۔ جو سُرخ پتھر کا بنا ہوُا ہے۔ اور اس پر جا بجا قرآن کی آیتوں کی منبت کاری ہے۔

داخل ہوتے ہی ہم ایک خوشنما باغ میں قدم رکھتے ہیں۔ جس کے درمیان میں ایک نہر ہے اور نہر کے کناروں پر خوشنما پودے اور درخت کھڑے ہیں۔ اس سے گذر کر ہم چند سیڑھیوں سے سفید اور سُرخ سنگ مرمر کے بڑے چبوترے پر چڑھتے ہیں اس کے چاروں کونوں پر چار خوبصورت مینار ہیں۔ یہ سفید سنگ مرمر کے بنے ہوئے ہیں اور ان پر چڑھنے کے لئے سیڑھیاں ہیں۔ ان کے اوپر سے تمام شہرِ آگرے کا عجب منظر دکھائی دیتا ہے۔ چبوترے کے بیچوں بیچ روضہ کا عالی شان گنبد ہے۔ یہ گنبد 275 فٹ بلند ہے اور بالکل سفید سنگ مرمر کا بنا ہوُا ہے۔ چاند کی چاندنی میں مثل برف کے چمکتا ہے۔ روضہ کے در و دیوار اور طاق و محراب میں بیش قیمت جواہرات جڑے ہوئے ہیں۔ اس کے ہر ایک ٹکڑے سے ممتاز محل کے لئے شاہجہان کی محبت ٹپکتی ہے۔ مؤرخوں اور غیر ملکی سیاحوں نے اس روضے کی بے حد تعریف کی ہے۔

EXERCISE 12.

The Census.

آج کل ہر تہذیب یافتہ ملک کی گورنمنٹ ایک معین عرصہ کے بعد اپنی رعایا کی گنتی کرتی ہے۔ یہ گنتی عموماً ہر دس سال کے بعد کی جاتی ہے۔ اس گنتی کو مردم شماری کہتے ہیں۔ انگلستان میں پہلی مردم شماری سنہ ۱۸۰۱ء میں اور ہندوستان میں سنہ ۱۸۷۲ء میں ہوئی اور اس غرض سے کہ سلطنت برطانیہ کے تمام ممالک میں مردم شماری ایک ہی وقت پر ہو۔ ہندوستان کی دوسری مردم شماری سنہ ۱۸۸۲ء کی بجائے سنہ ۱۸۸۱ء میں کی گئی۔

مردم شماری کے کام کو سرانجام دینے کے لئے گورنمنٹ آنریری افسر اور شمار کنندگان مقرر کرتی ہے۔ ان کے علاوہ اپنے ملازمین میں سے بھی ضرورت کے مطابق کئی ایک کو اس کام پر تعینات کرتی ہے۔ شمار کنندگان ہر چھوٹی بڑی جائے رہائش پر جا کر نمبر لگاتے ہیں۔ جس کو خانہ شماری کہتے ہیں۔ اس کے بعد وہ اپنے کاغذات میں ہر ایک باشندے کا نام۔ جنس۔ مذہب۔ ذات۔ تعلیم۔ زبان۔ پیشہ وغیرہ درج کرتے ہیں۔ پھر ایک خاص دن شمار کنندگان کے کام کی پڑتال اور آخری گنتی کے لئے مقرر کیا جاتا ہے۔ گورنمنٹ ان تمام اعداد و شمار کو ترتیب دے کر عوام کی آگاہی کے لئے شائع کر دیتی ہے۔

مردم شماری سے بہت سے فائدے ہیں۔ اول اس سے کسی ملک کی گورنمنٹ اور رعایا کو پچھلے دس سال میں ملک کی آبادی کی کمی بیشی کا پتہ لگ جاتا ہے۔ دوسرے اس سے لوگوں کی مذہبی۔ مجلسی اور تمدنی حالت کا پتہ چلتا ہے۔ تیسرے مردم شماری کے اعداد و شمار سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مختلف پیشہ وروں کی صحت پر ان کے پیشوں کا کیا اثر ہوتا ہے۔ چوتھے سیاسی معاملات میں بھی مردم شماری کے اعداد و شمار کافی مدد دیتے ہیں۔ غرضیکہ مردم شماری یہ ظاہر کرتی ہے۔ کہ کسی ملک کے لوگوں نے گذشتہ دس سال میں مختلف پہلوؤں میں کس قدر ترقی یا تنزل کیا ہے۔

EXERCISE 13.

The Postman

چھٹی رساں محکمہ ڈاک کا ایک ادنٰے لیکن نہایت ہی مفید ملازم ہے۔ خاکی پگڑی خاکی کوٹ اور خاکی پاجامہ اس کی وردی ہے۔ جو اس کو محکمہ کی طرف سے بلاقیمت ملتی ہے جب وہ اپنے کام پر جاتا ہے۔ اس کے پاس ایک چمڑے کا تھیلا بھی ہوتا ہے۔ اس تھیلے میں چٹھیاں۔ منی آرڈر وغیرہ ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ چھٹی رساں ایک جالی کا تھیلا بھی رکھتا ہے۔ جس میں پارسل اور پیکیٹ لئے ہوتا ہے۔ خاکی وردی اور تھیلے کو دیکھ کر ہر چھوٹا بڑا پہچان لیتا ہے کہ یہ چھٹی رساں ہے۔

اس کے فرائض سادہ مگر اہم ہیں۔ وہ ڈاک خانہ پہنچتا ہے اور ڈاک لیتا ہے۔ اور اس کو ہر کوچہ و بازار کے لحاظ سے ترتیب دیتا ہے۔ بعد ازاں وہ ان کوچوں اور بازاروں میں گشت کرتا ہوا ڈاک تقسیم کرتا ہے۔ وہ اپنے وقت کا بڑا پابند ہے۔ اپنے فرائض کی ادائیگی میں موسلادھار بارش۔ سخت گرمی اور کڑاکے کی سردی کی ذرا پروا نہیں کرتا۔ لوگ بڑی بے صبری سے ہر صبح اس کا انتظار کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ باہر سے ہر قسم کی اچھی یا بُری خبر پہنچانے کا ذریعہ ہے۔

باوجود مندرجہ بالا سخت اور مختلف فرائض کے چھٹی رساں کی تنخواہ بہت قلیل ہوتی ہے۔ وہ پندرہ بیس روپے سے ملازمت شروع کرتا ہے اور تیس چالیس پر ختم کر دیتا ہے۔ تنخواہ کے علاوہ اس کو تھوڑی سی آمدنی ایک اور ذریعہ سے بھی ہو جاتی ہے۔ تہوار یا کوئی خوشخبری لانے کے موقعہ پر بیوپاری و دیگر معززین اُسے کچھ رقم بطور بخشیش دے دیتے ہیں۔ لیکن اس غرض سے کہ وہ اپنی زندگی آرام سے گذار سکے۔ محکمہ ڈاک کو اس کی تنخواہ بڑھا دینی چاہئے۔

EXERCISE 14.

The Patwari.

پٹواری گاؤں میں بڑا بارسوخ اور معزز ملازم گورنمنٹ خیال کیا جاتا ہے۔ اس کے فرائض کئی قسم کے ہیں۔ وہ اپنے حلقے کی مزروعہ وغیر مزروعہ زمینوں کے نقشے اور حق ملکیت کے متعلق کاغذات رکھتا ہے۔ زمینداروں سے واجب الوصول معاملہ زمین کی فہرستیں تیار کرتا ہے۔ اور اپنے حلقہ میں اس غرض سے گرداوری کرتا ہے کہ وہ فصلوں کی حالت دیکھ کر کاغذات میں اس کا اندراج کرے۔ پٹواری کے حلقہ میں زمین کی خرید و فروخت کے لئے سب سے پہلے یہ ضروری ہے۔ کہ فریقین متعلقہ اس کے دروازے پر دستک دیں۔ ان فرائضِ منصبی کے علاوہ پٹواری کو کئی اور کام بلا معاوضہ سرانجام دینے پڑتے ہیں۔ وہ مردم شماری کے موقعہ پہ گورنمنٹ کی خاصی مدد کرتا ہے۔ ڈسٹرکٹ بورڈ اور کونسلوں کے انتخاب کے لئے رائے دہندگان کی فہرستیں تیار کرتا ہے۔ جنگ کے دنوں میں سپاہیوں کی بھرتی کرانے میں کافی حصہ لیتا ہے۔ اور جب کوئی سرکاری افسر اس کے حلقے میں دورہ پر جاتا ہے۔ اس کے لئے سامانِ رسد اور دیگر ضروریات مہیا کرتا ہے۔ وہ انڈین سول سروس اور پراونشل سول سروس کے نئے افسروں کو مال کا کام سکھانے میں بڑی مدد دیتا ہے۔ غرضیکہ پٹواری کے فرائض نہایت اہم اور وسیع ہیں۔ اور وہ گورنمنٹ اور رعایا کے نقطہ نگاہ سے ایک بہت ہی مفید شخص ہے۔

اگرچہ پٹواری کے فرائض اہم ہیں۔ لیکن اس کی تنخواہ بہت قلیل ہوتی ہے۔ وہ پندرہ بیس روپیہ سے ملازمت شروع کرکے تیس روپے پر ختم کر دیتا ہے۔ لیکن باوجود اس قلیل تنخواہ کے وہ ایک آرام کی زندگی بسر کرتا ہے۔ کیونکہ گاؤں کے فیاض زمیندار اس کی بہت سی ضروریاتِ زندگی مثلاً غلہ۔ گھی۔ دودھ وغیرہ بلاقیمت مہیا کر دیتے ہیں۔

EXERCISE 15.

The Student Life.

زمانہ طالب علمی انسان کی زندگی کا ایک سنہری حصہ ہے ۔اس زمانے میں جو کچھ ہم بوتے ہیں۔ وہ بڑے ہو کر کاٹتے ہیں۔ لیکن افسوس کی بات ہے کہ بہت سے نوجوان اس زمانے کو غیر ذمہ دارانہ اور احمقانہ طور پر گذار دیتے ہیں۔ ایک طالب علم کا اولین فرض یہ ہے۔ کہ وہ اپنے اندر اچھی عادات پیدا کرے اور بُری عادات سے بچا رہے۔ انسان عادات کا مجموعہ ہے۔ جو اچھی یا بُری عادات زمانہ طالب علمی میں بن جاتی ہیں۔ وہ ساری عمر اس کے ساتھ رہتی ہیں۔ اور انہیں پر اُس کی آئندہ زندگی کی کامیابی اور ناکامیابی کا دارومدار ہے۔

ایک طالب علم کا دوسرا فرض یہ ہے کہ وہ اپنے بزرگوں کی عزت کرنا اور جو کچھ وہ کہیں اس پر عمل کرنا سیکھے۔ کیونکہ طالب علم ناتجربہ کار ہونے کے باعث اپنے بھلے بُرے کو ایسی اچھی طرح نہیں سمجھ سکتا۔ جس طرح کہ اس کے بزرگ اور اُستاد سمجھتے ہیں۔

تیسری بات جو ایک طالب علم کے لئے ضروری ہے۔ وہ یہ ہے کہ وہ ہمیشہ اچھے لڑکوں سے دوستی پیدا کرے۔ اور سُست اور شریر لڑکوں کی صحبت سے پرہیز کرے۔

طالب علم کی چوتھی ذمہ واری یہ ہے کہ وہ سخت محنت کا عادی بنے۔ اگر یہ کہا جائے۔ کہ محنت کی عادت باقی تمام خوبیوں کی بنیاد ہے۔ تو کوئی مبالغہ نہ ہوگا۔ دُنیا کی جدوجہد میں محنت کی عادت معجزہ کر دکھاتی ہے۔ علاوہ ازیں طالب علم کا یہ بھی فرض ہے۔ کہ زمانہ طالب علمی سے ہی اپنے اندر بنی نوع انسان کی بے غرضانہ خدمت کی عادت پیدا کرے۔

EXERCISE 16.

Adventures of a Rupee.

عرصہ تین سال کا ہوا - کہ میں سکے کی شکل میں ٹکسال سے نکلا - اور میرے بہت سے ہم جنسوں کے ساتھ جو میری طرح چمکیلے - گول اور سفید تھے - مجھے تھیلی میں بند کر کے سرکاری خزانہ میں بھیج دیا گیا - وہاں میں چند روز قید رہا - خزانچی نے مجھے تنخواہ میں ایک کلرک کے حوالے کر دیا - یہ کلرک بڑا فضول خرچ تھا - میں اس کے بٹوے میں صرف تین گھنٹے بند رہا - دفتر سے فارغ ہوتے ہی وہ کلرک بازار پہنچا - حلوائی کی دکان سے مٹھائی خریدی - اور مجھے اس کے سپرد کر دیا - حلوائی نے مجھے اپنی صندوقچی میں ڈال دیا - اور میں قریباً ایک ماہ وہاں رہا - ایک روز حلوائی نے ایک زمیندار سے گائے خریدی - جس کی قیمت ادا کرنے میں اس نے مجھے بھی اس زمیندار کے حوالے کر دیا - میرے لئے یہ تبدیلی نہایت ہی دردناک تھی - کیونکہ زمیندار نے مجھے لیتے ہی میرا کھوٹا کھرا پرکھنے کے لئے مجھے کئی دفعہ پتھر پر دے دے مارا - اور میری خوبصورت اور چمکیلی شکل پر ذرا بھی رحم نہ کھایا - جب اس نے اچھی طرح تسلی کر لی تو اپنی میلی کچیلی پگڑی کے پلے میں مجھے خوب کس کر باندھ دیا - اور گھر جا کر اپنی بیوی کے حوالے کر دیا - اس نے مجھے ایک کپڑے کی چند تہوں میں لپیٹ کر ایک تاریک گوشے میں رکھ دیا - جہاں میں دو سال قید رہا - جون کا مہینہ تھا - اور گرمی کی شدت سے میرا دل ہر وقت باہر نکلنے کو چاہتا تھا - میری خوش قسمتی سے میرے آزاد ہونے کا ایک وسیلہ نکل آیا - زمیندار کو سرکاری معاملہ ادا کرنا تھا - اور اسے روپے کی اشد ضرورت تھی - جب وہ کسی اور طرح روپیہ حاصل نہ کر سکا - تو اس نے اپنی بیوی سے امداد چاہی - اس عورت نے مجھے اپنے خاوند کے حوالے کیا - اور زمیندار نے مجھے معاملہ زمین کے طور پر ادا کر دیا - اس طرح میں پھر سرکاری خزانے میں واپس آ گیا - جہاں میں اس وقت بند ہوں - اور اس انتظار میں ہوں - کہ دیکھئے اب قسمت مجھے کہاں پہنچاتی ہے +

EXERCISE 17.

Disobedience Punished.

ایک دفعہ پرشیا کا بادشاہ فریڈرک اعظم فرانسیسوں کے ساتھ جنگ میں مصروف تھا۔ اس نے حکم دے رکھا تھا۔ کہ ایک خاص وقت سے پہلے کیمپ کی تمام بتیاں بجھادی جائیں۔ جو شخص اس حکم کی خلاف ورزی کرے گا اس کو سزائے موت دی جائیگی۔ بعض اوقات یہ دیکھنے کے لئے کہ اس کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے کہ نہیں۔ وہ کیمپ میں گشت کیا کرتا تھا۔ ایک رات اس نے دیکھا کہ ایک خیمہ میں بتی جل رہی ہے۔ وہ اس میں داخل ہوا۔ کیا دیکھتا ہے کہ ایک افسر اپنی میز پر بیٹھے ہوئے خط لکھ رہا ہے۔ بادشاہ نے اس سے پوچھا کہ تمہیں کس طرح میری حکم عدولی کی جرأت ہوئی ہے؟ اس افسر نے جواب دیا۔ کہ میں اپنی بیوی کو خط لکھ رہا ہوں۔ اس پر بادشاہ نے اس کو حکم دیا۔ کہ خط کو کھولو۔ اور اس میں یہ الفاظ بڑھادو کہ تمہارے پاس اس خط کے پہنچنے سے پہلے مجھے بادشاہ کے حکم کی تعمیل نہ کرنے کے جرم میں گولی سے اڑا دیا جائے گا۔

EXERCISE 18.

Ungratefulness Punished.

سردی کا موسم تھا۔ ایک کسان نے ایک جھاڑی کے نیچے ایک سانپ کو نیم مردہ حالت میں دیکھا۔ اس کو غریب سانپ کی حالت پر رحم آیا۔ کسان اس کو لکڑی پر اٹھا کر گھر لے گیا۔ اور اس کو انگیٹھی کے قریب رکھ دیا۔ جونہی سانپ کو گرمی پہنچی۔ وہ ادھر ادھر ہلنے لگا۔ تھوڑی دیر بعد اس نے آنکھیں کھولیں اور اپنی عادت سے مجبور ہو کر کسان کے بچوں میں سے ایک پر حملہ کرنے کے لئے اچھلا۔ کسان اُس کی ناشکر گذاری کو دیکھ کر بہت غصے ہوا۔ اور اُس نے اپنے بھاری ڈنڈے کی ایک ہی ضرب سے اس کا کام تمام کر دیا۔ سانپ نے شکر گذار ہونے کی بجائے کسان کے لڑکے کو ایذا پہنچانے کی کوشش کی۔ اور اس طرح اس کو اپنی ناشکر گذاری کی قرار واقعی سزا مل گئی۔

ناشکر گذار لوگ ہمیشہ دکھ اٹھاتے ہیں۔

EXERCISE 19.

The Foolish Crow.

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی درخت پر ایک کوّا بیٹھا ہوا تھا۔ اس کی چونچ میں گوشت کی ایک بوٹی تھی۔ اتفاق سے ایک لومڑی بھی وہاں آنکلی۔ کوّے کی چونچ میں بوٹی دیکھ کر اس کا جی للچایا۔ کہ کسی طرح اسے اُڑا لے۔ تھوڑی دیر دل میں سوچ کر بولی۔ میاں کوّے! خدا نے تمہاری صورت کیا اچھی بنائی ہے۔ تمہارے کالے کالے چمک دار پر۔ سڈول جسم اور خوبصورت چونچ کیسی بھلی معلوم ہوتی ہے۔ ایسی صورت پر یقین ہے۔ کہ آواز بھی نہایت سُریلی ہوگی۔ دل چاہتا ہے کہ تمہارا گانا سنوں اور خوش ہوں۔

لومڑی کی یہ باتیں سُن کر بے وقوف کوّا دھوکے میں آگیا۔ اور جھٹ چونچ کھول کر کائیں کائیں کرنے لگا۔ چونچ کا کُھلنا تھا۔ کہ بوٹی زمین پر گر پڑی۔ لومڑی نے جھٹ اٹھالی۔ اور چلتی بنی۔ چلتے ہوئے کہہ گئی۔ کہ میاں کوّے آج تمہارا گلا بیٹھا ہوا ہے۔ زیادہ تکلیف نہ اٹھاؤ۔ کبھی فرصت میں آکر گانا سنونگی۔

کوّا اپنی بے وقوفی پر بہت شرمندہ ہوا۔ اور اس نے اپنے دل میں عہد کر لیا۔ کہ پھر کبھی خوشامدی کی بات نہ سُنے گا +

EXERCISE 20.

The Goose that laid a Golden Egg.

کسی شہر میں ایک شخص کے پاس ایک بطخ تھی - وہ اُسے بہت عزیز رکھتا تھا - کیونکہ وہ عجیب و غریب بطخ روزمرہ سونے کا انڈا دیتی تھی - وہ انڈوں کو ایک لوہے کے صندوق میں بڑی حفاظت سے قفل لگا کر رکھتا تھا - صبح ہوتے ہی بطخ کے ڈربے میں سے ایک سونے کا چمکدار انڈا نکال لاتا - اور صندوق میں بند کر دیتا - صندوق میں روز بروز انڈوں کی بڑھتی ہوئی دولت کو دیکھ کر وہ پھولا نہ سماتا تھا - اور دل ہی دل میں کہتا تھا - کہ جس دن یہ صندوق سونے کے انڈوں سے بھر جائے گا - اس دن دُنیا بھر میں میرے برابر کوئی امیر نہ ہوگا - ایک روز اس کے دل میں یہ خیال آیا - کہ ایک ایک انڈا جمع کرنے سے تو صندوق بہت دنوں میں بھرے گا - کوئی ایسی تدبیر کروں - جس سے سارا سونا ایک ہی دفعہ ہاتھ آجائے غرض اس لالچ میں آکر اس نے ایک روز اس بطخ کو جان سے مار ڈالا - مگر جب پیٹ چاک کر کے دیکھا - تو ایک بھی انڈا نہ نکلا - کیسا بے وقوف آدمی تھا - کہ لالچ میں آکر ایسی عجیب و غریب بطخ کو ہاتھ سے کھو بیٹھا - جو روز سونے کا انڈا دیا کرتی تھی +

EXERCISE 21

Union is Strength.

ایک بوڑھا برہمن بیمار ہؤا - اس کے سات لڑکے تھے - جو آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے تھے - جب برہمن کا آخری وقت قریب آیا - تو اس نے سب لڑکوں کو اپنے پاس بلایا - اور ان کے سامنے لکڑیوں کا ایک گٹھا رکھوا دیا - برہمن نے لڑکوں سے کہا - کہ ہر ایک باری باری اس گٹھے کو توڑے - پہلے سب سے چھوٹے لڑکے نے اُسے توڑنے کی کوشش کی - لیکن بہت کوشش کے بعد اُسے ماننا پڑا - کہ وہ اسے توڑنے کے ناقابل ہے - اب دوسرا لڑکا کوشش کرنے لگا - مگر بالکل بے سود - غرضیکہ سب نے باری باری اس گٹھے کو توڑنے میں پوری طاقت لگائی - مگر بے فائدہ - جب سب اپنی طاقت آزمائی کر چکے - تو بوڑھے باپ نے کہا - میرے بیٹو! اب تم اس بنڈل کو کھول دو - اور ہر ایک لکڑی کو علیحدہ علیحدہ توڑنے کی کوشش کرو - نوجوان لڑکوں نے اپنے باپ کے حکم کی تعمیل کی اور تھوڑی دیر میں تمام لکڑیوں کو بآسانی توڑ ڈالا - اس پر بوڑھے آدمی نے کہا - تمہیں اس سے سبق سیکھنا چاہئے - اگر تم بھی ان کی طرح مل کر رہو گے - تو تمہیں کوئی تکلیف نہ پہنچا سکے گا - لیکن اگر تم الگ الگ ہو جاؤ گے - تو تمہیں ہر ایک آسانی سے نیچا دکھاتے گا -

EXERCISE 22

As you sow so shall you reap.

لقمان بڑا مشہور حکیم ہو گذرا ہے۔ وہ کسی وقت غلام تھا۔ اور اس کا مالک بڑا ظالم اور جاہل تھا۔ کہتے ہیں۔ ایک دفعہ اس کے آقا نے اُسے حکم دیا۔ کہ جاؤ فلاں کھیت میں خوب ہل چلاؤ۔ جب زمین اچھی طرح نرم ہو جائے۔ اس میں گیہوں بو دینا۔ لقمان اپنے مالک کا حکم پاکر کھیت پر گیا۔ اور کئی دفعہ ہل چلاکر گیہوں کی بجائے جَو بو آیا۔ ایک دن مالک کھیت کو دیکھنے گیا۔ جب وہ وہاں پہنچا۔ تو گیہوں کی جگہ جَو اُگے ہوئے پائے۔ آپے سے باہر ہو کر لقمان کو بہت بُرا بھلا کہنے لگا۔ کہ میں نے تجھے گیہوں بونے کا حکم دیا تھا۔ تو نے جَو کیوں بوئے۔ لقمان نے عاجزی سے جواب دیا۔ کہ جناب! میں نے جان بوجھ کر گیہوں کی بجائے جَو بوئے ہیں۔ اور مجھے امید ہے۔ کہ جب کھیت پک جائیگا ہم جَو کی بجائے گیہوں کاٹیں گے۔ مالک کو غصّہ آیا۔ اور کڑک کر بولا۔ جاہل! ہم نے بوئے تو جَو ہیں۔ گیہوں کیونکر کاٹیں گے۔ لقمان نے عرض کی۔ کہ حضور اگر ہم جَو بو کر گیہوں نہیں کاٹ سکتے۔ تو آپ بدی کر کے نیکی کا پھل کیسے پا سکتے ہیں۔ دُنیا کا تو یہ معمول ہے۔ کہ "جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے"۔

EXERCISE 23.

Honesty is the best Policy.

ایک غریب لکڑہارا ہر روز لکڑیوں کا ایک گٹھا جنگل سے کاٹ کر لاتا تھا اور اس کو بیچ کر اپنی روزی کمایا کرتا تھا۔ ایک دن وہ دریا کے کنارے ایک درخت کاٹ رہا تھا۔ کہ اچانک اس کی کلہاڑی دریا میں گر پڑی۔ بیچارہ لکڑہارا زار زار رونے لگا۔ وہ اس قدر غریب تھا۔ کہ وہ نئی کلہاڑی نہیں خرید سکتا تھا۔

اس کی گریہ وزاری سن کر مرکری دیوتا ظاہر ہُوا۔ اور اس سے رونے کا سبب پوچھا۔ لکڑہارے نے اس کو اپنی سرگذشت سنائی۔ دیوتا نے دریا میں ایک ڈبکی لگائی۔ اور ایک سنہری کلہاڑی باہر نکال لایا۔ اس نے لکڑہارے سے دریافت کیا۔ کیا یہ کلہاڑی تمہاری ہے؟ لکڑہارے نے جواب دیا کہ یہ میری نہیں ہے۔ دیوتا نے پھر ایک اور غوطہ لگایا۔ اور اس دفعہ ایک چاندی کی کلہاڑی نکال لایا۔ اور لکڑہارے کو دینی چاہی۔ لیکن اس نے یہ کہہ کر لینے سے انکار کر دیا۔ کہ یہ کلہاڑی بھی میری نہیں ہے۔ مرکری دیوتا نے تیسری بار دریا میں غوطہ لگایا۔ اور ایک لوہے کی کلہاڑی نکال کر لکڑہارے کو پیش کی۔ اس کو دیکھتے ہی لکڑہارا خوشی سے چلا اٹھا۔ اور کہنے لگا۔ کہ یہی میری کلہاڑی ہے۔ دیوتا اس کی دیانت داری سے بہت خوش ہوا۔ اور اُس کو اس کی دیانت داری کے صلہ میں تینوں کلہاڑیاں دے کر غائب ہو گیا۔

EXERCISE 24.

A Kind Turn.

شہد کی ایک مکھّی اپنی خوراک، اور پھولوں کا رس جمع کرنے میں مشغول تھی۔ وہ تھک کر چور، اور پیاس سے بیتاب ہوگئی۔ قریب ہی ایک ندی تھی۔ مکھی نے ندی کا رُخ کیا۔ اُس نے اپنا منہ پانی کے قریب پہنچایا ہی تھا۔ کہ بے قابو ہو کر پانی میں جاگری۔ مکھی نے بہت ہاتھ پاؤں مارے۔ لیکن وہ پانی سے نہ نکل سکی۔

ایک کبوتر مکھی کی اس دردناک حالت کو دیکھ رہا تھا۔ اس کو مکھی کی بے بسی پر رحم آیا۔ اس نے درخت سے ایک پتا توڑا۔ اور مکھّی کے قریب پانی میں چھوڑ دیا۔ مکھی نے پتا دیکھا۔ تو اس کی جان میں جان آئی۔ وہ پتے پر بیٹھ گئی۔ جب ہوش ٹھکانے آئے۔ تو اس کو اپنے بچانے والے کا خیال آیا۔ وہ ادھر ادھر دیکھ رہی تھی۔ اس نے اچانک ایک کبوتر دیکھا۔ اس نے اپنے محسن کو پہچان لیا۔ سوچا کہ کبوتر کا شکریہ ادا کرے۔ لیکن کبوتر اڑ گیا۔ اور اس کی خواہش پوری نہ ہوئی۔

مکھی ایک روز اپنے کام میں مشغول تھی۔ کہ اس نے دیکھا کہ ایک شکاری کبوتر کو نشانہ بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ مکھی نے دل میں خیال کیا۔ کہ اب نیکی کا بدلہ دینے کا وقت ہے۔ وہ فوراً اڑی۔ اور شکاری کے قریب پہنچی۔ وہ اس وقت لبلبی دبانے کو تھا۔ مکھی نے جاتے ہی شکاری کے ہاتھ پر ڈنک مارا۔ جس سے شکاری کا نشانہ خطا ہوگیا۔ بندوق کی آواز ہوئی۔ تو کبوتر اڑ کر ایک اور محفوظ جگہ پر جا بیٹھا۔ کبوتر کو معلوم بھی نہ ہوا۔ کہ اس کی جان اُس مکھّی نے بچائی ہے۔

EXERCISE 25

To the Father from a son asking permission to join the Law College.

گورنمنٹ کالج لاہور
15 ر فروری ۱۹۳۵ء

جناب والد صاحب! آداب۔

میں آپ کے عنایت نامہ مورخہ 13/2/35 کے لئے بہت مشکور ہوں۔ میرے امتحان میں اب صرف ڈیڑھ ماہ باقی ہے۔ مگر میں شروع سے ہی محنت کرتا رہا ہوں اور میں نے اپنی تمام کتابوں کو اچھی طرح دُہرا لیا ہے۔ اس لئے مجھے قوی امید ہے کہ امتحان میں اچھا نتیجہ دکھاؤنگا۔

میں اس بات پر غور کرتا رہا ہوں۔ کہ میں بی۔اے پاس کرنے کے بعد کیا کروں۔ اس کے متعلق میں نے اپنے دوستوں سے بھی مشورہ کیا ہے اور آخر اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ مجھے بی۔اے کا امتحان پاس کرنے کے بعد لا کالج میں داخل ہو جانا چاہئے اور ایل۔ایل بی پاس کرکے وکالت شروع کردینی چاہئے۔ میرے اس فیصلے پر پہنچنے کی وجوہات یہ ہیں۔ اول اس پیشے میں ایک قابل شخص کے لئے باوجود سخت مقابلے کے دولتمند بننے کا بڑا موقع ہے۔ اگر اس پیشے کو ایک فی الحقیقت لائق آدمی کے لئے سونے کی کان کہا جائے تو بجا ہے۔ اس پیشے کو اختیار کرکے سینکڑوں آدمی معمولی حیثیت سے لکھ پتی بن گئے۔ مثلاً لالہ لاجپت رائے۔ مسٹر سی۔آر۔داس وغیرہ۔ دوم یہ ایک معزز پیشہ ہے۔ اور پبلک میں اس کی کافی عزت ہے۔ سوم۔ اس پیشے میں آدمی کو عوام کی خدمت کا اچھا موقعہ ملتا ہے۔ چہارم۔ وکالت ایک آزاد پیشہ ہے۔ مجلسی اور ملکی تحریکوں کے لیڈر زیادہ تر وکیل ہی ہیں۔

مجھے امید ہے کہ آپ میری وجوہات پر غور کرکے مجھے لا کالج میں داخل ہونے اور وکالت کا پیشہ اختیار کرنے کی اجازت دینگے۔ اس مہربانی کے لئے میں آپ کا بہت مشکور ہونگا۔

آپ کا پیارا بیٹا
روشن لال

EXERCISE 26

To a Friend apologizing for not having kept an appointment made with him.

انبالہ
16/1/35

مائی ڈیر جگدیش متر!

مجھے بہت افسوس ہے کہ میں اپنے وعدے کے مطابق کل آپ کے ساتھ کھانے میں شریک نہیں ہو سکا۔ آپ میری نسبت خیال کرتے ہونگے کہ میں ایک ایسا بے پرواہ شخص ہوں جسے اپنے وعدے کا کوئی پاس نہیں۔ لیکن مجھے یقین ہے کہ جب آپ کو یہ پتہ لگیگا۔ کہ کھانے میں شریک نہ ہو سکنے کی میری کیا وجہ تھی۔ تو آپ مجھے ضرور معاف فرمائینگے۔

آپ کے مکان پر آنے کے لئے میں ساڑھے سات بجے شام گھر سے کار میں روانہ ہؤا۔ جب ہماری کار۔ بڑے پُل کے موڑ پر پہنچی۔ تو سٹیشن کی طرف سے ایک سائیکل سوار اچانک کار کے سامنے آ گیا۔ وہ بڑی تیزی سے آ رہا تھا۔ موڑ کی وجہ سے اس نے ہماری کار کو نہ دیکھا رات اندھیری تھی۔ اور اس کے پاس لیمپ نہیں تھا۔ میرے ڈرائیور نے ہارن دیا اور اس کو بچانے کی بہت کوشش کی۔ مگر سائیکل سوار گھبرا گیا۔ اور بچ نہ سکا۔ موٹر اس کے سائیکل کے پچھلے پہیئے سے ٹکرا گئی۔ سائیکل سوار ایک طرف نیچے جا پڑا۔ مگر خیر یہ ہوئی۔ کہ موٹر کے سامنے نہیں گرا۔ ہم نے موٹر کو وہیں روکا۔ دیکھنے سے معلوم ہؤا۔ کہ اس آدمی کو سخت چوٹ آئی۔ وہ بالکل بے ہوش تھا۔ میں نے اس کو اپنی موٹر میں فوراً ہسپتال میں پہنچایا۔ جہاں ڈاکٹر صاحب نے اس کا علاج کیا۔ میں بارہ بجے رات تک جب کہ وہ ہوش میں آیا وہیں ٹھیرا۔ لیکن ڈاکٹر صاحب سے یہ معلوم کر کے مجھے خوشی ہوئی۔ کہ اُس کی زندگی خطرے سے باہر ہے۔ وہ دو چار روز میں اچھا ہو جائیگا۔

مجھے امید ہے کہ میری غیر حاضری میں آپ کو انتظام دعوت میں کوئی خاص دقّت پیش نہ آئی ہوگی۔

آپ کا صادق
کرتار سنگھ

EXERCISE 27.

A personal Letter from a student to his Headmaster asking for a Letter of Recommendation.

59 مال روڈ - لاہور

5 . 12 . 34

جناب ہیڈ ماسٹر صاحب !

آداب عرض -

میں آپ کی خدمت میں ایک پرائیویٹ مقصد کے لئے لکھ رہا ہوں مجھے پوری اُمید ہے کہ آپ مہربانی کر کے میری اس درخواست کو منظور فرمائیں گے -

میں نے کمشنر صاحب انکم ٹیکس کی خدمت میں انسپکٹر انکم ٹیکس کی آسامی کے لئے درخواست دی ہے - میں نہایت مشکور ہونگا - اگر آپ کمال مہربانی سے ان کی خدمت میں میری سفارش کرینگے -

صاحب موصوف کا اسم شریف مسٹر ایم - اے میکڈونلڈ ہے اور مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہ آپ کے گہرے دوست ہیں -

مجھے یہ لکھنے کی ضرورت نہیں - کہ میں نے آپ کے سکول سے امتحان میٹریکولیشن اول درجے میں 1931ء میں پاس کیا تھا - جناب اور دیگر استاد صاحبان کی رائے میرے متعلق ہمیشہ بہت اعلےٰ رہی - میں جناب کے ملاحظہ کے لئے اس سرٹیفکیٹ کی نقل بھیج رہا ہوں - جو آپ نے امتحان پاس کرنے پر مجھے عنایت فرمایا تھا -

آپ کا تابعدار

منوہر لال تھرڈ ایر مشن کالج - لاہور

EXERCISE 28.

Application for the Post of a Clerk.

بخدمت جناب مینجر صاحب پنجاب نیشنل بنک لاہور

جناب عالی!

بحوالہ آپ کے اشتہار مطبوعہ ٹریبون مورخہ ۱۵ر جولائی ۱۹۳۶ء کہ آپ کو اپنے بنک کے لئے ٹائپ جاننے والے کلرک کی ضرورت ہے۔ میں نہایت ادب کے ساتھ اپنے آپ کو بطور ایک امیدوار پیش کرتا ہوں۔

میں نے سن ۱۹۳۰ء میں بنارسی داس ہائی سکول انبالہ چھاؤنی سے امتحان میٹریکولیشن اوّل درجہ میں پاس کیا۔ اور گورنمنٹ سکول لدھیانہ سے ۱۹۳۲ء میں پوسٹ میٹرک کلاس کا امتحان پاس کیا۔ میں اپنی جماعت میں اوّل رہا۔ اس وقت سے میں انبالہ کمرشل بنک میں بطور ٹائپسٹ کے کام کر رہا ہوں۔ اس وقت میری ٹائپ کرنے کی رفتار ۴۵ الفاظ فی منٹ ہے۔ مینجر صاحب میرے کام سے نہایت ہی مطمئن ہیں۔ میری موجودہ آسامی کو چھوڑنے کی خاص وجہ یہ ہے۔ کہ اس بنک میں میری آئندہ ترقی کا زیادہ موقعہ نہیں ہے۔ اس وقت میں ساٹھ روپے ماہوار تنخواہ لے رہا ہوں۔

میں اپنی سندات متعلقہ تعلیم۔ چال چلن اور کارکردگی کی نقول آپ کے ملاحظہ کے لئے درخواست ہذا کے ساتھ بھیج رہا ہوں۔

مورخہ ۱۶ر جولائی ۱۹۳۶ء

عرضے

فدوی نند لال کلرک، انبالہ کمرشل بنک، انبالہ چھاؤنی

EXERCISE 29.

Between a Father and his son on a bad report from the Headmaster.

باپ - منوہر! ادھر آؤ - میں تم سے کچھ بات چیت کرنا چاہتا ہوں۔

منوہر - ابا جان - وہ کیا بات ہے؟

باپ - مجھے ابھی تمہارے ہیڈ ماسٹر صاحب کی طرف سے یہ نتیجہ امتحان موصول ہوا ہے - اور مجھے یہ دیکھ کر بہت افسوس ہوا ہے - کہ یہ نہایت ہی غیر تسلی بخش ہے - ایسی خراب رپورٹ کی کیا وجہ ہے؟

منوہر - ابّا جان! میرے کلاس ماسٹر صاحب ہمیشہ مجھ سے کدورت رکھتے ہیں - انگریزی اور حساب کے پرچے انہوں نے دیکھے ہیں - اور مجھے بہت کم نمبر دیتے ہیں - مگر باقی مضامین میں میں نے پاس ہونے کے نمبر حاصل کر لئے ہیں -

باپ - یہ کیا بے ہودہ بات ہے - میں تمہارے کلاس ماسٹر مسٹر امرناتھ کو ذاتی طور پر جانتا ہوں - وہ ایک شریف اور منصف مزاج شخص ہیں - اگر تم انگریزی اور حساب میں پاس نہیں ہوئے - تو یہ تمہارا قصور ہے -

منوہر - کم نمبر لگانے کے علاوہ اس امتحان کے انگریزی اور حساب کے پرچے بھی تو غیر معمولی طور پر مشکل تھے - سو لڑکوں کی جماعت میں سے انگریزی میں صرف 40 اور حساب میں صرف 50 پاس ہوئے ہیں -

باپ۔ یہ محض بہانے ہیں۔ وہ چالیس پچاس لڑکے بھی تو جو اِن مضامین میں پاس ہیں۔ کسی لحاظ سے تم سے اچھے نہیں ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ تم اچھے دماغ کے لڑکے ہو۔ میری رائے میں تمہارے فیل ہو جانے کی وجہ محض تمہاری سستی اور بے قاعدہ عادات ہیں۔

منوہر۔ ہاں باپ۔ یہ ٹھیک ہے۔ کہ میری بے قاعدہ عادات میری ناکامیابی کی ذمہ وار ہیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آئندہ باقاعدہ محنت کرونگا۔ اور اگلے امتحان میں نہایت تسلی بخش نتیجہ دکھاؤنگا۔

باپ۔ میں صرف امتحان کا نتیجہ ہی تسلی بخش نہیں چاہتا۔ میری زبردست خواہش ہے۔ کہ تم ایک مؤدب لڑکے بنو۔ اور اپنے استاد صاحبان کو کسی قسم کی شکایت کا موقعہ نہ دو۔

منوہر۔ اباجان۔ میں آپ کی نصیحت پر لفظ بلفظ عمل کروں گا۔

EXERCISE 30

Between a Doctor and a Patient.

بیمار۔ ڈاکٹر صاحب! آداب عرض۔ دیکھئے میری کیا حالت ہو گئی ہے۔

ڈاکٹر۔ کہئے کیا تکلیف ہے؟

بیمار۔ عرصہ دو ماہ ہوئے۔ مجھے پہلے بخار ہوا تھا۔ لیکن وہ صرف تین دن رہا۔ اب میں شام کو ہلکا ہلکا بخار محسوس کرتا ہوں۔ طبیعت سست رہتی ہے۔ اور کام کو جی نہیں چاہتا۔

ڈاکٹر۔ کبھی آپ نے اپنا درجہ حرارت لیا ہے۔ اور کیا آپ کو پاخانہ باقاعدہ آتا ہے؟

بیمار۔ پرسوں شام کو 5 بجے میرا درجہ حرارت 99.5 تھا۔ اگرچہ پاخانہ ہر روز آتا ہے۔ لیکن کچھ قبض کی شکایت ضرور ہے۔

ڈاکٹر۔ آپ ذرا لیٹ جائیں۔ میں آپ کے پھیپھڑوں۔ دل اور جگر کا معائنہ کروں۔

بیمار۔ بہت اچھا۔ لیجئے۔

ڈاکٹر۔ آپ کے پھیپھڑے اور دل بالکل ٹھیک ہیں۔ مگر جگر کچھ کمزور ہے۔ اور ٹھیک کام نہیں کرتا۔ میری رائے میں آپ کو پرانا موسمی بخار ہے۔ تسلی رکھیں۔ آپ چند روز میں بالکل تندرست ہو جائیں گے۔

بیمار۔ بہت اچھا۔ کوئی عمدہ سی دوائی تجویز کیجئے۔

ڈاکٹر۔ بہت اچھا۔ یہ لیجئے نسخہ۔ اس کو ایک ہفتہ استعمال کر کے پھر مجھے دکھانا۔

بیمار۔ اور خوراک وغیرہ کے متعلق کیا ارشاد ہے؟

ڈاکٹر۔ کم از کم اس ہفتے آپ دودھ کے سوا کوئی دوسری چیز استعمال نہ کریں۔

یاد رکھیں۔ اگر آپ خوراک کے متعلق بے اعتدالی کرینگے۔ تو پھر سخت تکلیف ہوگی۔ اب تو آپ جلدی تندرست ہو جائیں گے۔ مگر پھر مہینوں علاج کرنا پڑے گا۔

بیمار۔ میں بالکل آپ کی ہدایت کے مطابق عمل کرونگا۔ اچھا ڈاکٹر صاحب! کیا مجھے تبدیلی آب و ہوا سے کچھ فائدہ ہوگا؟

ڈاکٹر۔ ہاں ضرور ہوگا۔ آپ کو کم از کم دو ماہ کے لئے کسی صحت بخش مقام پر چلا جانا چاہیئے۔

بیمار۔ آپ کی رائے میں کونسا مقام اچھا ہوگا؟

ڈاکٹر۔ میری رائے میں سولن سب سے اچھا رہے گا۔

VOCABULARY.

Part II.

EXERCISE 1.

A. Capital, to make one's mark, household, word company, wise and gifted men, scholars, learned men, jewels, well known, the Sakuntala.

B. **1**. Run. **2**. A bit loose. **3**. Make of. **4**. It is no use. **5**. In the south of. **6**. On the north of. **7**. To the south of. **8**. Owe. **9**. To go out. **10**. What do you say in this matter ?

EXERCISE 2.

A. Bark, annoyed, early in the morning, missing cash, the fact was, break into, before long, to catch hold of, lead, bury, very pleased.

B. **1**. Air tight. **2**. Gains ten minutes a day. **3**. To blow a gale. **4**. One another. **5** What relation has this boy to you ? **6**. His eyes are sore. **7**. Can you tell the time by a watch ? **8**. Which of these roads leads to the Post Office ? **9**, Beast of burden. **10**. Go to bed, get up.

EXERCISE 3.

A. Create, power of speech, at the same time, tell a lie, utter, harsh words, backbite, swear, boast, imprison, dark chamber, guard, in spite of, keep quiet.

B. **2**. What is your father ? **3**. Who is his brother ? **4**. Which of these girls is your sister ? **5**. Leak. **6**. The Calcutta Mail, due. **7**. By your watch, quarter to ten. **8**. Landlord. **9**. Here is a letter for you. **10**. Take, statement.

EXERCISE 4.

A. Various, wrestling, clubs, belong, system, advantage, it is at once play and exercise, morning walk, highly beneficial, pure and fresh, stroll, buoyant.

B. 1. Drizzle. **2.** On foot or by train. **3.** Send word. **4** Prefer to. **6.** Mind that you do not go there again. **7.** Call up or wake. **8.** Beget. **9.** Hold your tongue. **10.** Run into debt.

EXERCISE 5.

A. Conquest, assume, title, capture, rule, wise just, merciful, impartial, administer justice, exist, either side, shady, protection, irrespective of, on State expenses, entertained.

B. 1. Do good. **2.** Revolt, put down. **3.** Suffer from cold. **4.** Put off. **5.** Make a noise, for nothing. **6.** They have been married more than four years. **7.** Good to eat. **10.** Moral, derive,

EXERCISE 6.

A. The Ganges, the Hindus, sacred, mother Ganges, useful, irrigate, great highway, goods, passengers, boats, ply, sail.

B. 1. Rent. **2.** Tonga hire. **3.** Fare. **4.** Play upon, **5.** Light a fire, prepare tea. **6.** Leave. **7.** Lest you should fall. **8.** Make way for ladies to pass. **9.** Clever, in getting his lessons. **10.** Runs north and south.

EXERCISE 7.

A. Die, shoulder one's responsibility, maintain, educated, enter, reader, show off, rise, popular.

B. 1. Change. **2.** For his age. **4.** Litigation, ruin. **6.** Make haste, look sharp. **7.** Turn.

sour. **8.** Turn grey. **9.** You had better go. **10.** Vaccinated.

EXERCISE 8.

A. The Sahra, desert, climate, seldom, range of temperature, deficient, scarcity of vegetation, available, dates, grow, sparse, inhabitants, mostly, nomadic, rear, in search of, beast, carry across, ship of the desert.

B. **2.** Vessel, hold. **3.** It is hardly fifteen minutes' walk. **4.** Heart and soul. **5.** He has nothing to do with me. **6.** Cash, in hand **7.** Tenants, satisfied. **8.** ~~Call~~ at. **9.** He is always on the alert. **10.** Six sheets of paper.

EXERCISE 9.

A. Reason, draw, bucket, slip, catch hold of, embroidered, greedy as the man was, put off, search for, helpless, to make off with.

B. **1.** Under whose treatment is he now ? **2.** Sick of. **3.** Here is a five-rupee note, change. **4.** Feel my pulse, please. **5.** Well off. **6.** Exceedingly delighted. **7.** Business, pay. **8.** Worry, for nothing.

EXERCISE 10.

A. The Arabs, the Romans, rise to greatness, almost savage, plunder, war, occupation, transform, idol, worship, fond of, murder, bloodshed, create feelings of common brotherhood, collect, banner, great man.

B. **1.** He turned pale on account of fear. **2.** Could not but weep. **3.** Chance, to see. **5.** Is this house to let ? **6.** Fond of playing cards **7.** Intensely hot. **8.** Putt off. **9.** Off hand. **10.** Never put off till to-morrow what you can do to-day.

EXERCISE 11.

A. Dying of thirst or feeling extremely thirsty, narrow-necked, pitcher, look into, bottom, turn upside

down, equal to the task, lose heart, pebbles, rise, quench, fail, intelligence, succeed.

B. **1.** Wind. **2.** He feels his life in danger. **3.** How long, put up. **4.** Climate, suit. **5.** Intend. **6.** Take for. **7.** Is this water good to drink? **8.** Take the lead.

EXERCISE 12.

